[3] والصواب محمود دیکھو فہرست برٹش میوزیم طبع ۱۸۴۶ء ص ۲۰۴ جہاں لکھا ہے: شمس الدین علی بن نصیرالدین محمود، نیز فہرست گوتھا ص ۵۴ جہاں لکھا ہے: شمس الدین ابوالحسن علی بن نصیرالدین محمود بن منظفر

تعلق حاصل تھا جس کے نام پر اس نے التبصرہ وغیرہ[1] لکھا (جو ذیل میں مذکور ہیں) الخرقی[2] ۵۳۳ھ میں مرو میں فوت ہوا۔ بقول بیہقی اس کو مسائل فلسفیہ اور ہیئت میں بہت توغل رہتا تھا۔

انہوں نے احوال عالم پر دو کتابیں لکھیں جن کے بہت نسخے ملتے ہیں، ایک مختصر یعنی التبصرہ فی علم الہیئۃ جس کا موضوع صرف ہیئت ہے۔ ایک مفصل یعنی منتہی الادراک فی تقسیم الافلاک (دیکھو حاجی خلیفہ نمبر ۱۳۱۲۴) جس میں مصنف نے ہیئت ارضی پر بھی لکھا ہے[3] (اس کے بعد ویڈمان نے ان کتابوں کے مضمون پر گفتگو کی ہے جس کو ہم نظرانداز کرتے ہیں)۔

اس ترجمہ کے آخر میں ویڈمان نے اپنے مآخذ میں کتب ذیل کو شمار کیا ہے:

۱۔ تاریخ حکماء الاسلام[4] لظہیرالدین زید[5] (کذا) البیہقی (ویڈمان کے مضمون "چند تراجم جو بیہقی سے ماخوذ ہیں"[6] ص ۷۲ کا حوالہ بھی اس کے ساتھ دیا گیا ہے)

۲۔ سوٹر کی کتاب ریاضی و ہیئت دانان عرب ترجمہ نمبر ۲۷۶

۳۔ کول کا مضمون ابن الہیثم اور ہیئت عالم پر

---

[1] اس وغیرہ کی سند ہم کو معلوم نہیں۔ منتہی الادراک کے متعلق یہ کہیں نظر نہیں آیا کہ وہ بھی شمس الدین مذکور کے نام پر لکھی گئی

[2] محمد بن احمد الخرقی بقول سبکی خراق میں فوت ہوا۔

[3] برلین کی فہرست ج ۵ ص ۱۰۱ پر دونوں کتابوں کی فہرست مضامین دی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں کتابوں کا موضوع ایک ہی ہے، فرق صرف یہ ہے کہ منتہی مفصل ہے اور تبصرہ مجمل۔

[4] کتاب کا صحیح نام تتمہ صوان الحکمہ ہے گو برلین کے نسخہ پر "تاریخ حکماء الاسلام" ہی لکھا ہے۔

[5] یہ غلط ہے، مصنف کا نام ظہیرالدین علی بن زید ہے دیکھو معجم الادباء ج ۵ ص ۲۰۸۔

[6] یہ مضمون ارلانگن کے رسالہ S.P.M.S (۱۹۱۰ء) میں ص ۵۹ تا ۱۰۰ پر ہے خرقی کا ترجمہ ص ۷۲ پر ہے۔

اب ہم ان کتابوں کی طرف رجوع کرتے ہیں تاکہ معلوم ہو کہ ویڈمان نے جو کچھ بیان کیا ہے اس کا ثبوت کیا ہے۔

ویڈمان نے 'تراجم' کے ص ۲۰ پر تو تتمہ ہی سے لے کر خرقی کا ترجمہ دیا ہے اس کو ہم چھوڑتے ہیں، کوں کا مضمون ہمارے سامنے نہیں ہے۔ تتمہ دیا "تاریخ حکماء اسلام" اور سوٹر کی کتاب موجود ہے۔ آیئے ہم دیکھیں کہ ان کتابوں میں کیا لکھا ہے۔

۱۔ الخَرَقی کا ترجمہ تاریخ حکماء الاسلام میں

بیہقی نے جو کچھ لکھا ہے اس کا ترجمہ یہ ہے:

"الفیلسوف بہاءالدین ابو محمد الخَرَقی حکماء مرو سے تھا، اس نے علم ہیئت اور معقولات پر کتابیں لکھی ہیں، بادشاہ عالم عادل خوارزم شاہ[۱] اس کو استفادے کے لیے خوارزم لے گیا، "تاریخ پر بھی اس نے کتابیں لکھیں' اس کے اخلاق بہت اچھے تھے" (اس کے بعد مصنف نے اس کے اقوال نقل کیے ہیں۔ جن کو ہم نظر انداز کرتے ہیں)۔

تاریخ کامل ج ۱۱ ص ۴۰ سے بیہقی کے بیان کی تائید ہوتی ہے۔ ابن الاثیر نے ۵۳۶ھ کے حوادث کی ذیل میں لکھا ہے کہ خوارزم شاہ اتسز نے ۱۷ ربیع الاول سنہ مذکور کو مرو الشاہجان فتح کیا اور شہر میں داخل ہوکر بہت لوگوں کو قتل کیا۔۔۔۔ پھر وہ خوارزم کو واپس لوٹا "واستصحب معہ علماء کثیراً من اھلھا منھم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ و ابو محمد الخرقی الفیلسوف"

۲۔ الخرقی کا ترجمہ سوٹر کی کتاب میں

محمد بن ابی بشر ابوبکر بہاءالدین الخرقی مرو میں ۵۳۳ھ (= ۳۹-۱۱۳۸ء) میں فوت ہوا۔

---

[۱] یعنی اتسز

مُصنّفات:- ۱- التبصرہ ہیئت پر، اس کے نسخے- گوتھا (۱۳۸۴)، لیڈن (۱۰۴۳)، برٹش میوزیم (۱۳۳۹-۲)، آکسفورڈ (۱: ۹۱۱، ۹۲۱ و ۹۶۷)، برلین (۵۶۷۰) اور اسکوریال (۹۵۰) میں ہیں۔ ایک شرح[1] جس پر مصنّف کا نام نہیں کُتب (یا صوفیہ قسطنطنیہ میں ہے (۲۵۶۸-۸۱)

۲- منتہی الادراک در تقسیم افلاک پیرس (۲۴۹۹)، اور برلین (۵۶۶۹) میں ہے، دونوں نسخوں میں مصنف کا نام غلط طور پر یوں لکھا ہے: ابومحمد عبدالجبار بن عبدالجبار الخرقی' التبصرہ جو منتہی کا ملخص ہے، وزیر ابوالحسین علی بن نصیرالدین[2] (یا نصرالدین) کے نام پر لکھا گیا [حاجی خلیفہ ۲: ۱۸۰]

۳- الرسالۃ الشاملۃ حساب پر ہے [حاجی خلیفہ ۳: ۶۳]

التبصرہ اور منتہی دونوں کے متن میں مصنف کا نام درج نہیں مگر منتہی کے جو دو نسخے معلوم ہیں ان میں سے ایک پیرس میں ہے اور ایک برلین میں۔ دونوں کے شروع میں مصنف کا نام لکھا ہوا ہے۔ پیرس[3] کے نسخہ میں وہ نام یوں درج ہے: ابومحمد عبد الجبار بن عبد الجبار بن محمد الثابتی الخرقی: مولف فہرست نے لکھا ہے کہ نسخہ پر تو یہ نام درج ہے مگر حاجی خلیفہ نے محمد بن احمد کو مصنف قرار دیا ہے۔ قریباً اسی طرح مصنف کا نام برلین والے نسخہ[4] پر درج ہے یعنی: عبدالجبار بن عبدالجبار بن محمد الثابتی الخرقی[5] ابی محمد' اور اہل وارث مرتب فہرست نے اسی کو مصنف تسلیم کیا ہے۔

---

[1] حاجی خلیفہ نے بذیل التبصرہ شارح کا نام احمد بن عثمان بن صبیح (م- ۷۴۴) دیا ہے۔ مگر معلوم نہیں شرح مذکورہ اس کی ہے یا نہیں [2] نصیرالدین محمود بن المظفر بن عبدالملک بن ابی توبۃ المروزی الکبیر ابوالقاسم (المتوفی ۵۰۳) مراد ہے جو سلطان سنجر سلجوقی کا وزیر تھا [3] فہرست پیرس (مطبوعہ ۹۵-۱۸۸۳) ج ۲ ص ۴۲۳ [4] فہرست برلین جلد ۵ (مطبوعہ ۱۸۹۳) ص ۱۵۵ [5] درست نسبت الخرقی ہے۔

موّرخ نے ہم کو یہ نہیں بتایا کہ ابو محمد عبدالجبار کو منتہی کا مصنف کیوں نہ تسلیم کیا جائے اور کتاب کو کیوں محمد بن ابی بشر ابوبکر بہاء الدین کی طرف منسوب کیا جائے مگر یہ یقینی بات ہے کہ وہ **کشف الظنون** کے تتبع میں ایسا لکھ رہا ہے اور کشف ہی سے فہرست برٹش میوزیم (ص ۶۲۰) اور فہرست گوتھا (ص ۴۵) میں جو میرے سامنے ہیں استناد کیا گیا ہے۔ ان کے علاوہ مرتب فہرست پیرس اور مرتب فہرست برلین دونوں کشف ہی کا حوالہ دے رہے ہیں[۱]۔

صاحبِ کشف الظنون کا بیان

تبصرۃ فی الہیئۃ کی نسبت حاجی خلیفہ[۲] نے لکھا ہے:

للامام شمس الدین ابی بکر محمد بن احمد بن ابی بشر المروزی المعروف بالخرقی[۳] المتوفی بہا (مرو) سنہ ۵۳۳ھ پھر منتہی الادراک کی نسبت لکھا[۴] ہے: للامام محمد بن احمد الحسینی الخرقی المتکلم المتوفی سنہ ۵۳۳ امام محمد بن احمد الحسینی سے مراد امام شمس الدین ابوبکر محمد بن احمد الخرقی ہی ہے۔

اس میں کچھ شک نہیں کہ انہی بیانات سے تمام مغالطہ پیدا ہوا، حاجی خلیفہ نے ہمارے علم میں سب سے پہلے ان کتابوں کو محمد بن احمد الخرقی کی طرف منسوب کیا۔

امام محمد بن احمد بن ابی بشر ابوبکر بہاء الدین الخرقی کون تھے؟

امام موصوف کے حالات سمعانی، یاقوت اور سبکی نے لکھے ہیں ان کو ہم درج ذیل کرتے ہیں۔

---

[۱] ان سب میں سے صرف مرتب فہرست برلین نے حاشیہ میں لکھا ہے کہ حاجی خلیفہ نے اس کتاب کو محمد بن احمد الحسینی الخرقی کی طرف منسوب کر دیا ہے۔ بظاہر اس کی غلطی ہے [۲] کشف الظنون طبع یورپ ۲: ۱۸۰ [۳] درست نسبت الخرقی ہے۔
[۴] کشف الظنون ۶: ۱۶۰

(ا) امام ابوسعید سمعانی امام محمد کے شاگرد تھے وہ لکھتے ہیں:

فقیہ فاضل متکلم یعرف الاصول اقام بنیسابور مدۃ سمع ابابکر احمد بن علی بن خلف الشیرازی و ابالحسن علی بن احمد بن محمد المدینی سمعت منہ بقریۃ خرق و توفی سنۃ نیف[1] وثلاثین وخمسمائۃ (کتاب الانساب ورق ۵۵ بذیل الخرقی)

(ب) یاقوت نے معجم البلدان ۲ : ۴۲۵ میں الخرق کی ذیل میں لکھا ہے:

و ممن ینسب الیہ ابوبکر محمد بن احمد بن [ابی] بشر الخرقی کان فقیہاً فاضلاً متکلماً یعرف الاصول اقام مدۃ بنیسابور فسمع احمد بن خلف الشیرازی ذکرہ ابوسعد [والصواب ابوسعید یعنی السمعانی] فی معجم شیوخہ و قال توفی سنۃ نیف[1] وثلاثین وخمسمایۃ۔

(ج) السبکی نے لکھا ہے:

محمد بن احمد بن الحسین بن ابی بشر الخرقی من اھل خرق احدی قری مرو وھو الامام ابوبکر المروزی ولد بقریۃ خرق فیما ذکر صاحبہ ابن السمعانی بعد ۴۷۰م[2] تقدیرا ورحل الی نیسابور و تفقہ بھا فقھا و اصولا وکلاما واشتھر بعلم الکلام و سمع من ابی بکر بن خلف الشیرازی وجماعۃ روی عنہ ابن السمعانی وقال فقیہ فاضل متکلم عاد الی قریتہ وکان یعظ فی القری وبقریۃ خرق مات فی شوال او ذی القعدۃ سنہ ۵۳۳[1] (طبقات الشافعیۃ ۴ : ۶۱)

ان تینوں تراجم کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ امام محمد بن احمد الخرقی فقیہ و متکلم تھے نہ کہ ہیئت دان، معقولی اور مؤرخ، ان کی تاریخ وفات بقول سمعانی ۵۲۰ھ سے کچھ

---

[1] قال ابوالعباس الذی حصّلناہ من أقاویل حذّاق البصریین والکوفیین ان النیف من واحدۃ الی ثلاث ... وکل ما زاد علی العقد فنیف ... حتی یبلغ العقد الثانی" ابن سیدہ (لسان العرب ۱۱ : ۲۵۷) [2] اصل میں یہ سن لفظوں میں دیا ہے۔

اوپر اور بقول سبکی ۵۳۳ھ تھی اور حاجی خلیفہ نے اور اس کے متبعین نے ۵۳۴ھ ہی کو اختیار کیا ہے۔

امام محمد بن احمد الخرقی کی طرف کیوں تبصرہ اور منتہی کو منسوب نہیں کر سکتے ؟

اول اس لیے کہ السمعانی امام موصوف کے شاگرد نے ان کو صرف فقیہ اور متکلم لکھا ہے اور ان کی ہیئت دانی وغیرہ کا کوئی ذکر نہیں کیا اور یاقوت اور سبکی بھی ان کو فقط فقیہ و متکلم و واعظ ہی کی حیثیت سے جانتے ہیں۔

دوم اس لیے کہ بہاء الدین ابو محمد الخرقی جن کو بیہقی ہیئت دان معقولی اور مؤرخ بتا رہا ہے وہ ۵۳۶ھ میں موجود تھے اور اسی سن میں ان کو خوارزم شاہ استفادہ کے لیے خوارزم لے گیا حالانکہ امام محمد بن احمد الخرقی کی تاریخ وفات بقولے ۵۳۰ سے کچھ اوپر اور بقولے ۵۳۳ تھی۔

سوم اس لیے کہ منتہی الادراک کے موجودہ دونوں نسخوں پر مصنف کا نام ابو محمد عبدالجبار بن عبدالجبار بن محمد الثابتی الخرقی لکھا ہے۔

ابو محمد عبدالجبار بن عبدالجبار بن محمد الثابتی الخرقی کا ترجمہ

خوش قسمتی سے سبکی نے ان کا ترجمہ بھی طبقات الشافعیہ (ج ۴ ص ۲۶۲) میں دیا ہے اور وہ یہ ہے:

عبدالجبار بن عبدالجبار بن محمد بن ثابت بن احمد ابو احمد الثابتی الخرقی من اهل مرو.... ولد بها فی ۲۸ من شهر ربیع الاول ۴۷۴ھ[1] قال ابن السمعانی فی التحبیر: کان

---

[1] اصل میں یہ تاریخیں لفظوں میں دی ہیں

نقیہا فاضلا تفقہ علی والدہ ولازمہ وقرأ المذہب علی ابراہیم المرورذی ثم اشتغل بالحساب والمقابلۃ وحصل بہا طرفۃ صالحا وتجاوزہما الی العلوم المہجورۃ من الفلسفۃ وغیرہا وکان حسن الصلاۃ نظیف الثیاب اشتغل بالحدیث مدۃ وسمع الکثیر وجمع تاریخ غیر مسند ذکر فیہا احوال المحدثین والعلماء استحسنہ ...... سمعت منہ انتہی قال وتوفی بمرو صباح یوم الفطر وہو یوم الاحد سنۃ ۵۲۲ء

ظن غالب ہے کہ یہی وہ شخص ہے جس کا نام منتہی کے نسخوں پر بطور مصنف کے درج ہے۔ دونوں کا نسب ایک ہے البتہ کنیت میں فرق ہے، سبکی نے اس کو ابو احمد کہا ہے اور مذکورہ نسخوں پر اور بیہقی اور ابن الاثیر کے ہاں وہ ابو محمد ہے۔ شاید اس کی دو کنیتیں ہوں یا سبکی کو مغالطہ ہوا ہو۔ بہرحال سبکی نے لکھا ہے کہ وہ حساب دان اور فلسفی تھا، تاریخ پر بھی اس نے ایک کتاب لکھی تھی۔ اس کے حسن صلاۃ اور نظافت ثیاب کا بھی ذکر ہے۔ یہ سب بیانات فی الجملہ بیہقی کے بیانات سے مطابقت رکھتے ہیں۔ اور چونکہ اس کی تاریخ وفات ۵۵۲ھ ہے لہذا وہ اشکال بھی رفع ہوگیا جو امام محمد بن احمد کے ۵۲۲ میں فوت ہونے سے پیدا ہوتا تھا۔ تتمہ بیہقی میں ایک مقام پر سنہ ۵۵۵ھ مذکور ہے مگر اس کے بعد کی کوئی تاریخ مذکور نہیں۔ اس لیے قرین قیاس ہے کہ تتمہ اسی زمانے میں تصنیف ہوا اور اسی لیے مصنف، خرقی کی وفات کا ذکر اس میں نہ کرسکا۔

حاصل کلام

مختصر یہ کہ ہماری رائے میں اغلب ہے کہ منتہی اور تبصرہ کا مصنف ابو محمد عبد الجبار الخرقی ہی تھا جیسا کہ منتہی کے موجودہ نسخوں پر درج ہے اور ان کتابوں کو امام محمد بن احمد الخرقی کی طرف منسوب کرنا درست نہیں۔ اس صورت میں وڈیمان نے الخرقی کے ترجمے میں جو کچھ باتیں ابو محمد عبد الجبار کی لکھدی ہیں وہ بجائے امام محمد بن احمد کی


ـــــــــــــــــــــــــــــــ

ے تاریخ حکماء صفحہ ۵ صحیح نام۔

لفظ کوکبہ کی تحقیق

دربارِ مغلیہ میں اس اصطلاح سے کیا مراد تھی

آئینِ اکبری[1] میں بذیل "آئینِ شکوہ سلطنت" لکھا ہے کہ چند کوکبے پیش گاہ محفل میں لٹکاتے تھے "کوکبہ! چندی در پیشگاہ محفل آویزند" پھر یہ بھی لکھا ہے کہ اورنگ، چتر سایبان[2] اور کوکبہ بجز بادشاہ کے اور کوئی استعمال نہیں کرسکتا، اسی کتاب[3] میں کوکبہ کی تصویر اس طرح سے دی ہے:



برہانِ قاطع[4] میں ہے:

کوکبہ.... چوب بلند سرکجی باشد باگوی فولادی صیقل کردہ ازان آویختہ و آن نیز مانند چتر از لوازم پادشاہی است و آن را پیشاپیش پادشاہان برند۔

---

[1] مرتبہ سرسید احمد خان مرحوم طبع دہلی ۱۲۷۲ھ ج ۱ ص ۳۵ [2] اس سے مشہور معنی مراد نہیں یہ ایک خاص چیز ہے بیضوی شکل۔ ہاں بلند چتر کی طرح اس کے دستے پر زربفت وغیرہ لگاتے تھے۔ نوکر دھوپ سے بچانے کے لیے اس کو بادشاہ کے سامنے رکھتے تھے۔ آفتاب گیر بھی اسی کا نام تھا۔ اس کی تصویر بھی آئین میں ص ۴۴ کے مقابل میں دی ہے [3] آئین ص ۴۴ [4] تصنیف ۱۰۶۲ھ

[5] نیز دیکھو اردن کی کتاب دی آرمی آف دی انڈین مغلز ص ۳۳-۳۲

کوکبہ اور کوکب دراصل عربی لفظ ہیں، خود عربی میں کوکب عبرانی سے آیا ہے (لین) اور کوکبہ اسی کا مرادف ہے۔ البتہ بعض اہل لغت کہتے ہیں کہ کوکبہ کا اطلاق صرف زہرہ پر ہوتا ہے اور باقی اجرام کے لیے کوکب کا لفظ استعمال میں آتا ہے۔ مگر صحیح یہ ہے کہ زہرہ کو بھی الکوکب کہتے ہیں،

الکواکب کی تعریف کتاب التعریفات میں علامہ جرجانی نے یوں دی ہے: "الکواکب اجسام بسیطۃ مرکوزۃ فی الافلاک کالفص فی الخاتم مضیئۃ بذواتہا الا القمر۔"

علامہ تھانوی نے مصطلحات الفنون ج ۲ ص ۱۲۴۵ پہ اس بارے میں مزید روشنی ڈالی ہے اس کے لیے مصطلحات کی طرف رجوع کرنا چاہیے، علامہ موصوف نے یہ بھی بتایا ہے کہ کواکب کی دو قسمیں ہیں: سیارہ اور ثوابت،

پس ظاہر ہے کہ اہل تنجیم کے نزدیک سورج، چاند، زحل، مشتری وغیرہ روشن کرّوں کو کوکب یا کوکبہ کہتے تھے اور اسی معنی کو مدنظر رکھ کر کوکبہ کا اطلاق ان صیقل شدہ فولادی کرّوں پر کیا گیا جن کو شاہان مغلیہ استعمال کرتے تھے، چمک دمک کا مفہوم خود لفظ کوکب میں شامل ہے چنانچہ معانی ذیل اسی سے پیدا ہوئے:

کوکب = (۱) پانی (۲) لوہے کی چمک (۳) تلوار (۴) طلق یعنی ابرق۔

جاھی کے اس شعر میں کوکبہ سے وہی معنی مراد ہیں جن کی تشریح اوپر کی گئی ہے ؎

شاعر شاہ همایونم و خاک درگہ
می زند کوکبۂ شاعریم طعنہ بمہ

دیوان ص ۲۴۷

عہدِ شیر شاہی کے دو فرامین

جن دو فرامین کے عکس اس کتاب میں شائع کیے جا رہے ہیں وہ میر منفعت حسین صاحب عباسی بی۔اے کے قبضے میں ہیں اور بعض اساتذہ اورینٹل کالج اور خود میر صاحب کی عنایت سے ہم تک پہنچے۔ ان کی غیر معمولی دلچسپی کی وجہ سے ان کو شائع کیا جا رہا ہے۔

یہ تحریریں بادشاہی مہروں سے مسجل نہیں ہیں۔ بلکہ ایک شیخ کی مہر ان پر ہے اس لیے ان کو فرمان کہنا ایک گونہ تسامح ہے مگر ان کو فرمان کہنے کی جہت یہ ہے کہ اندازِ عبارت سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ تحریریں بادشاہ کے حکم سے لکھی گئیں۔

تاریخ شیر شاہی (ایلیٹ ۴: ۴۲۳) میں ہے کہ سلطان ابراہیم لودھی کے وقت میں بہت سی زمینیں علما، وغیرہم نے عاملوں کو رشوت دے کر لے لیں، اس لیے شیر شاہ نے خود تحقیق کر کے جو سند زمین درست اور ثابت تھی قائم رکھی اور غیر ثابت منسوخ کر دی۔ پھر از روی احتیاط فرامین سطار حق داروں کو نہ دیے بلکہ منشیوں کو حکم دیا کہ ہر پرگنے کے جملہ فرامین مرتب کریں۔ ان فرامین کو اس نے غلافوں میں سربمہر کر کے اپنے معتبروں کے ہاتھ شقداروں کو بھیجا جنہوں نے اُن کو حقداروں کے حوالے کیا۔ جن زمینوں کا ذکر زیرِ بحث تحریروں میں ہے وہ لودھیوں کے وقت سے چلی آ رہی تھیں۔ اس لیے عجیب نہیں کہ یہ بھی زیرِ تحقیقات آئی ہوں اور ان کے متعلق اسی طریق سے فرامین جاری کیے گئے ہوں۔

مختصر یہ کہ یہ دو فرمان ہیں۔ ان میں سے ایک فرمان ۹۵۰ھ میں جاری ہوا دو

دوسرا ۹۵۱ھ میں، چونکہ ۹۵۰ھ والا فرمان زیادہ اچھی حالت میں ہے اور صاف پڑھا جاتا ہے۔ اس کو مقدم رکھا گیا ہے اور دوسرے کو مؤخر، دونوں فرامین عہد شیرشاہ (۹۴۶ تا ۹۵۲ھ) سے تعلق رکھتے ہیں، اور ان میں یہ عجیب خصوصیت پائی جاتی ہے کہ پہلے سارا فرمان فارسی میں لکھا گیا ہے پھر اس کے نیچے ہندی حروف مگر فارسی زبان میں اسی عبارت کو دہرایا گیا ہے، چنانچہ فارسی عبارت میں اسما، مواقع کے تلفظ اور مشتبہات کی توضیح کے لیے ہندی حروف کی تحریر سے بہت مدد ملی ہے۔[1]

یہ خصوصیت جس کا ذکر ہوا ہے سوریوں کے سکوں میں بھی پائی جاتی ہے۔ ان پر بادشاہ کا نام فارسی حرفوں کے علاوہ ناگری حرفوں میں بھی لکھا ہے۔ لیکن یہ طریقہ شیرشاہ کی ایجاد نہ تھا۔ کچھ عرصہ ہوا ایک فرمان ابراہیم بن سکندر لودھی (۹۲۳ تا ۹۳۰ھ) کے عہد کا نظر سے گذرا جو ۹۲۰ کی تحریر تھا اور جس میں بعینہٖ ان فرمانوں کی طرح صفحہ کے اوپر کے (قریباً دو تہائی) حصے میں فارسی تحریر تھی اور نچلے حصے میں اسی عبارت کو ناگری حروف میں لکھا گیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ سوریوں کے فرامین بالکل اسی طرز اور اسی نمونہ پر لکھے جاتے تھے جس پر لودھیوں کے فرامین لکھے جاتے تھے، آخری سطر کی تحریر سے یہ بات اور بھی نمایاں ہوتی ہے۔ لودھیوں کے فرمان کی سطر آخر میں عبارت تین ٹکڑوں میں لکھی گئی ہے اور بیچ بیچ میں جگہ خالی ہے۔ پہلے ٹکڑے میں دن اور مہینہ، دوسرے میں سال اور تیسرے میں کچھ عبارت

---

[1] ہم لالہ جگن ناتھ صاحب اگروال، ڈاکٹر بنارسی داس صاحب جین (اورینٹل کالج) اور ڈاکٹر رگھوویرا (سناتن دھرم کالج) کے بدل ممنون ہیں کہ انہوں نے فارسی عبارت کو ہندی عبارت سے تطبیق دینے میں بہت قیمتی امداد دی اور اس پر بہت سا وقت صرف کیا۔ ان کی امداد کے بغیر فارسی عبارت کے بعض الفاظ سے اشتباہ کا رفع کرنا ناممکن ہوتا۔

ہے جس کو میں وثوق کے ساتھ نہیں پڑھ سکا۔ شاید وہ یہ ہے:

انشارت بحضور ح

سوریوں کے فرمانوں میں قریباً اسی طرح عبارت کے تین ٹکڑے ہیں، پہلے میں "تاریخ" دوسرے میں مہینہ اور سال" تیسرے میں وہی مشتبہ الفاظ انشارت بحضور یا باشارت حضور اور ایک طغرا جس میں سہ کی طرح کا حرف ہے"

خط کے اعتبار سے لودھیوں کا فرمان عمدہ ہندوستانی تعلیق میں لکھا ہے مگر سوریوں کے فرامین کا خط نستعلیق سے بہت قریب آگیا ہے۔

دونوں فرامین کا متن درج کرنے سے پہلے ان کے متعلق چند قابل ذکر باتوں کو پیش کیا جاتا ہے۔ حوالہ کی سہولت کے لیے سطور ذیل میں ۹۵۰ والے فرمان کو نمبر ۱ اور ۹۴۸ والے کو نمبر۲ کہا جائے گا"

دونوں فرمانوں کا کاغذ بھورے رنگ کا ہے اور پتلا ہے اس کو دبیز بنانے کے لیے ویسا ہی کاغذ اس کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے۔ مگر دونوں فرامین کا زیریں حصہ اکہرا ہے" نمبر۱ میں یہ حصہ زیادہ ہے نمبر۲ میں کم" تحریر سے پہلے اس کاغذ میں شکن ڈال کر ربع اول کو حاشیے کے لیے خاص کر لیا گیا ہے۔ اور بعد میں اس میں "صحیح" درج کی گئی ہے۔ فرمان نمبر۱ جو زیادہ احتیاط سے لکھا گیا ہے اس میں فارسی اور ہندی دونوں کی سطریں ربع ثانی میں ایک ہی سیدھ میں شروع ہوتی ہیں۔ مگر نمبر۲ میں ہندی کی تحریر فارسی سے آگے نکل ہوئی ہے۔

۲۔ دونوں فرامین میں تحریر کی پہلی سطر سے اوپر ربع ثانی کے آغاز میں ایک مربع[۱] مہر لگی ہے۔ جس پر لکھا ہے: بندۂ درگاہ سبحانی خلیل خاص سلطانی" فرمان نمبر۲ میں

---

[۱] اس مربع کے چاروں کونے گول کر دیئے گئے ہیں۔

اس مہر کا اوپر کا حصّہ کٹ گیا ہے۔

یہ خلیل خاص سلطانی کون ہے؟ ممکن ہے یہ وہی شیخ خلیل ہو جس کی نسبت جوہر آفتابچی ہم کو بتاتا ہے کہ وہ شیخ فرید شکر گنج کی اولاد سے تھا[1] اس کو ہمایوں نے ۹۴۶ھ میں چونسہ سے شیر شاہ کے پاس شرائطِ صلح طے کرنے کے لیے بھیجا اور وہ شیخ شیر شاہ کے دربار ہی میں ٹھہر گیا، اور اس کا مقرب بن گیا۔ چنانچہ ۹۵۲ھ میں جب شیر شاہ کالنجر کے

---

[1] تاریخ شیر شاہی میں ہے کہ وہ قطب زمان شیخ فرید شکر گنج رحہ کا فرزند تھا مگر تاریخ خان جہان میں ہے کہ وہ آپ کا نبیرہ تھا۔ تاریخ خان جہان میں یہ بھی ہے کہ وہ شیر شاہ کا پیر تھا اور شیر شاہ نے اس کو ہمایوں کے پاس بھیجا تھا نہ بالعکس، اور یہی قول احمد یادگار اور فرشتہ کا ہے (تاریخ ہند از ایلیٹ ج ۴- ص ۳۷۱ ح ۱۲) بداؤنی نے ۱:۳۵۱ پر تو یہ لکھا ہے "شیخ خلیل ...... از جملہ اولاد مخدوم شیخ فرید گنج شکر قدس اللہ روحہ کہ پیر و مرشد خان بود...." مگر ص ۲۰۲ پر کہا ہے کہ شیخ خلیل شیر شاہ کا پیرزادہ تھا۔ فرید کوٹ میں حضرت بابا فرید صاحبؒ کا چلّہ ہے۔ وہاں کے سجادہ نشین صاحب حضرت بابا صاحب کی اولاد میں سے ہیں۔ ان کے پاس ایک شجرہ نسب اولاد حضرت گنج شکر رحہ کا موجود ہے اس میں خلیل شاہ، شیخ جلال شاہ، اور شیخ محمد براہیم شاہ تین بیٹے شہاب الدین شاہ المتوفی ۹۱۷ھ کے دیئے ہیں۔ ان میں سے براہیم شاہ ۹۵۹ھ میں فوت ہوا (اصل میں صرف سن ۹۱۷ اور ۹۵۹ دیا ہے مگر غالب یہ سنین وفات ہی ہیں) زمانہ کے لحاظ سے یہ خلیل شاہ شیر شاہ کا معاصر ہے اور شاید یہی شخص ہو جس کا ذکر بداؤنی وغیرہ نے کیا ہے۔ اس کا نسب نامہ حسب ذیل ہے:

خلیل شاہ بن شہاب الدین شاہ (۹۱۷ھ) بن شیخ عطاء اللہ شاہ (۸۹۰) بن شیخ احمد شاہ (۸۶۶) بن شیخ محمد یونس بن شیخ بہاء الدین شاہ (۸۴۲) بن شیخ منور شاہ بن شیخ محمد فضایل شاہ (۷۵۶) بن شیخ معز الدین شاہ (۷۴۹) بن شیخ علاء الدین موج دریا (۷۲۴ھ) بن شیخ محمد بدر الدین شاہ (۶۶۹) بن بابا فرید (رجب ۶۶۴ میں فوت ہوئے)

محاصرہ میں بم کے پھٹنے سے مہلک طور پر زخمی ہوا تو شیخ خلیل بھی اس کے ہمراہ تھا اور وہ بھی زخمی ہوا (شیرشاہ ص ۱۹۱ بعد و ۳۳۹)۔

۴۔ فرمان کی سطر ۳ سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین عہد سلطان سکندر شاہ لودھی سے قاضی عبدالحلیم، ان کے بھائیوں اور ان کی اولاد کے نام چلی آرہی ہے۔ بابر اور ہمایوں نے زمین اور عہدۂ قضا برقرار رکھا، پھر شیرشاہ نے بھی اس عطیہ کی تجدید کی، چند فرامین کی نقول راہوں کے بعض شرفاء کے پاس موجود ہیں جن سے اس معاملے پر مزید روشنی پڑتی ہے۔ اصل ہمارے سامنے نہیں ہیں۔ صرف نقول ہیں۔ ان کو ہم بجنسہ درج ذیل کرتے ہیں:

نقل فرمان محمد ظہیرالدین بابر بادشاہ

امراء نامدار و وزراء کفایت شعار و متصدیان اعمال و مباشران امور و اشغال و متکفلان مہمات سرکار تاتار خان وغیرہ

بدانند درینوقت فرمان جہان مطاع واجب الاتباع در کمن عواطف بادشاہی شرف نفاذ یافت کہ مواضع و اراضی و وظیفہ مذکور فی الضمن را کہ بر حسب سند سلطان ابراہیم و بموجب توقیع سلطان سکندر تعلق جناب فضائل مآب قاضی عبدالحلیم ولد قاضی عبدالصمد و برادران قاضی مذکور و ابناء ایشان می دارد و بہمان دستور من ابتدار فرمان مفوض و ارزانی فرمودیم کہ حاصلات آن را بموجب تفصیل ضمن کردہ در وجہ معاش خود صرف نمایند و بجہتہ توفیر دعشرو دروغگانہ و شقداران مزاحمت نرسانندہ ے باید کہ مقرر داشتہ بتقدیم رسانند و بعلت مالوجہات و اخراجات و کل تکالیف دیوانی و لوازم سلطانی معاف دارند و بہیچ آفریدہ مدخل نماید و بتصرف مشارٌ الیہم گذارند و سال بہ سال بفرمان و پروانچہ مجدد محتاج ندارند۔ و چون توقیع رفیع وقیع اشرف اعلیٰ برسد اعتماد نمایند   تحریراً شہر المحرم المکرم بدارالخلافۃ آگرہ

(پشت فرمان ہذا پر تفصیل اراضی دی ہے جس کو حذف کیا جاتا ہے)

نقل فرمان حضرت ہمایون بادشاہ

الله اکبر

فرمان عالی شان - از قرار بتاریخ ۲۷ شہر ذی القعدہ سنہ ۹۰۹[1] آنکہ برادران سلیمان خصال سکندر سگال و فرزندان ہمایون فال کامروان و امرائے ظفر قرین نصرت قران و صدور منیع القدر رفیع الشان و وزراء کفایت نشان و اعمال و مباشران امور و اشتغال و متصدیان قصبہ مچھی واڑہ و واروک سرکار تاتارخان بدانند کہ درین وقت فرمان واجب الاذعان کہ مصدر از کمن الطاف بادشاہانہ و مہبط اعطاف خسروانہ شرف اصدار و عز نفاذ یافت کہ امر قضا و خطابت قصبہ مذکورہ تعلق بمولانا الاعظم جامع الفضایل و الحکم قاضی بہاءالدین ولد قاضی الہداد و فضایل سرشت تقوی شعار دیانت دثار قاضی عبدالحلیم ولد قاضی عبدالصمد داشتہ باشند کہ من ابتداے تاریخ بدین امر عظیم و شغل جسیم کما ینبغی قیام و اقدام[2] نمایند و آنچہ براہ قدیم از امر منیع تعلق و مخصوص ایشان است دست تعدی ایشان را درین امر قوی و مطلق دانند و از سخن صواب دیدہ ایشان کہ موافق شریعت غرا و ملت زہرا خواہد بود ہیچ آفریدہ عدول و انحراف ننماید و امر والا را بالاستقلال مفوض بدیشان داشتہ کتابت صکوک و سجلات و قسمت ترکات و ضبط اموال ایتام و تعہد عقود انکحہ مع الولی و بلا ولی را برای جناب ایشان تفویض فرمودیم باید کہ بدین واجب مقرر دانستہ بتقدیم رسانند و تغییر و تبدیل بقواعد آن راہ ندہند مشار الیہما بدانند کہ

---

[1] مراد ۹۴۰ سے ہے [2] منقول عنہ : اقتدام

باتفاق یکدگر بدین امر خطیر از خطوط و قبایل دقیقہ از دقایق نامرعی نگذارند و ہریک خود را مجاز در استخلات دیگرے داند و بنوعی بدین امر قیام و اقدام[2] نماید کہ یوم یقوم الحساب از عہدۂ جواب بیرون تواند آمد برین جملہ بروند و چون توقیع وقیع منیع اشرف اعلیٰ موشح و موضح و محلّے گردد اعتماد نمایند و ہر سال فرمان و پروانچہ مجدد نطلبند در عہدہ دانستہ درین باب تقصیر ننمایند

بدار الخلافہ آگرہ　　　　بمقام چہار باغ

تعلیقہ

بمہر مرحوم نواب بیرم خان در باب امر قضا باسم قاضی مجدالدین و قاضی عماد از قرار تاریخ ۱۴ شہر شوال سنہ ۹۶۰[1] آنکہ فرمان عالیشان صادر شد کہ چون قاضی مجدالدین در امر قضا پرگنہ دار روک اسناد سابقہ ظاہر نمودہ در تیولا امر قضا بقاضی مجدالدین و قاضی عماد مقرر کردیم فرمان نویسند کہ آنچہ معاملات شرعیہ بودہ باشد بموی الیہما رجوع نمایند


(۱)

فرمان تحریر ۹۵۵ھ (عہد شیر شاہی)

اوپر سے تقریباً ۲½ انچ جگہ چھوڑ کر دوسرے طولانی ربع کے سرے پر مہر لگی ہے۔ پھر ۱۴ سطروں میں فارسی میں فرمان تحریر ہوا ہے۔ اس کے بعد ۲۲ سطروں میں وہی فرمان ہندی حروف میں لکھا ہے۔ پھر حاشیے پر فارسی اور ہندی میں 'صحیح' لکھی ہے اور تاریخ ڈالی گئی ہے۔ خط ہندوستانی تعلیق اور نستعلیق کے بین بین ہے

---

[1] مراد ۹۶۰ سے ہے　　[2] منقول عنہ: اقتدام



متن فرمان نمبرا

مہر: بندۂ درگاہ سبحانی خلیل خاص سلطانی

سطر ا۔ چاہی شغدار حال و عاملان استقبال پرگنہ ڈھکڈہار از شعیب سلطانی

سطر ۲۔ مقرر دانند چہارصد بیگہ زمین مزروع و افتادہ تعیین موضع ماگیانہ مزرعہ

سطر ۳۔ دودہالہ اعمال پرگنہ مذکور چنانچ از عہد سلطان سکندر مرحوم در وجہ

سطر ۴۔ ملک مؤبّد و مخلّد باسم قاضی قطب با برادران ابنار قاضی عبد الحلیم تعین

می آید۔

سطر ۵۔ ہم بران جملہ بر حکم فرمان عُظام بندگی حضرت سلیمانی خلّد اللہ ملکہ از استقبال

سنہ ۹۵۰ھ

سطر ۶۔ مقرر و مستقیم داشتہ شدہ است، بگز شیر شاہی بپیمودہ بدہند ۴۰۰ بیگہ

سطر ۷۔ ۸	مزروعہ	افتادہ
	مابیگہ	سمابیگہ

سطر ۹۔ می باید کہ چنانچ شرط ہادرہ ، ماندن و بودن ایمگان مذکور درج فرمان عظام

صادر است ہمچنان نمایندؔ ازان

۱۰۔ تجاوز نکنند و چنانچ قسمت واری خوردہ آمدہ اند ازان نیز تجاوز بکنند و بدعل

۱۱۔ د تصرف مذکورین و ابناء ایشان باز گذارند و من کل الوجوہ خارج و بے طلب و

معاف دانند درین باب زیادت تاکید نطلبند

۱۲۔ نطلبند

۱۳۔ الخامس و العشرین شہر جمادی الاخرہ سنہ ۹۵۰ھ اشارت بحضور عجب

حاشیہ پر عبارت ذیل ثبت ہے:

صحیح شد مورخا ۲۵ ماہ جمادی الآخرہ سنہ ۹۵۰ھ

حواشی

سطر۱۔ چاھی، اگر یہ شقدار کا نام ہے تو نہایت غیر معروف نام ہے۔ دوسرے فرمان میں چ کے نقطے نہیں ہیں۔ ناگری حرفوں میں دونوں جگہ اس کو "چاھے" لکھا ہے۔ بقول عباس سروانی شیر شاہ اپنے پرانے وفادار اور تجربہ کار نوکروں کو ذمہ داری کے عہدے دیا کرتا تھا۔ (دیکھو ایلیٹ ۴: ۴۱۴) مثلاً ٹانڈہ اور ملہو کا شقدار اس کا غلام مُسکھا تھا[1] (ایلیٹ ۴: ۳۲۸) ممکن ہے اسی طرح کا یہ نام بھی ہو۔

ع اصل میں یہاں ایک طغرا سا ہے

[1] عباس نے بیرک نیازی کا بھی ذکر کیا ہے جو قنوج کا شقدار تھا (ایلیٹ ۴: ۳۲۸)۔

شقدار بقول عباس شیرشاہ نے اپنی سلطنت کو پرگنوں[1] میں تقسیم کرکے ہر پرگنہ میں ذیل کے عہدہ دار مقرر کیے تھے۔ ایک امین[2]، ایک شق دار، ایک فوطہ دار یا خزانچی ایک کارکن ہندی نویس، ایک کارکن فارسی نویس (ایلیٹ ۴ : ۴۱۳)، شق دار فوجی افسر تھا اور امین سویلین، شقدار کا فرض تھا کہ شاہی فرامین کی تعمیل کرے علاقہ میں امن قائم رکھے اور امین کو جو مالیہ کی تعیین اور فراہمی کے لیے ذمہ دار تھا حسب ضرورت فوجی مدد بہم پہنچاتے (شیرشاہ ص ۳۵۲ بعد)۔

پرگنہ ڈھکڈہار کے لیے دیکھو ضلع جالندھر کا گزیٹیر (طبع ۱۹۰۴ء) ص ۲۴۷ و ۳۰۳، آئین ۱ : ۲۸۹ پر اس کو داردک لکھا ہے، بقول صاحب گزیٹیر اس محال نے ڈھاک کے اس جنگل کی وجہ سے یہ نام پایا جو اس علاقے میں تھا۔ عہد اکبری میں پرگنہ داردک کی دو طرفیں تھیں، طرف راھول اور طرف پھلور، ایک سند منصب قضا عہد محمد شاہی کی نظر سے گذری جو دیوان الصدر العلیہ العالیہ سے "عبید خان ترخان صدر الصدور فدوی راسخ الاعتقاد محمد شاہ بادشاہ غازی" کی مہر کے ساتھ ۲۹ سنہ جلوس محمد شاہی میں جاری ہوئی جو اس طرح سے شروع ہوتی ہے:

کماشتہای جاگیرداران و کروریان و جمہور سکنہ پرگنہ داردک عرف راھون مضاف پنجاب اعلام آنکہ الخ"

یعنی اس زمانے میں پرگنہ داردک اور راھول دونوں ایک ہی تھے،

شعیب سلطانی یہی لفظ دوسرے فرمان میں شعب الخ پڑھا جاتا ہے مگر ناگری حروف میں دونوں جگہ "سعب الخ" ہے۔ اس کا مطلب واضح نہیں ہے صبح الاعشی ۲ : ۴۰۲

---

[1] پرگنے کا ذکر فرمان ابراہیم سور میں بھی ہے

[2] بظاہر امین کو عامل بھی کہتے تھے (دیکھو شیرشاہ ص ۳۵۱ نوٹ)

سے ظاہر ہے کہ شعب کا لفظ جغرافیائی اصطلاح کے طور پر استعمال ہوتا تھا، مثلاً قلقشندی کہتا ہے کہ قاہرہ سے مصبِّ نیل تک کے علاقے میں ۴ شُعَب اور ۷ اعمال ہیں مگر یہ نہیں کہا جاسکتا کہ شعیب یہاں عَلَم ہے یا شعب کی تصغیر ہے۔

سطر۲۔ بیگہ: اس لفظ کے لیے دیکھو آئین اکبری طبع دہلی (۱: ۲۳۸) عہد اکبری میں بیگہ یا جریب کا رقبہ ۳۶۰۰ مربع گز تھا۔

سطر۶۔ گز شیر شاہی: یہ در اصل سکندر شاہ لودھی کا گز ہے، اس کا طول ۳۲ انگل تھا دیکھو آئین اکبری طبع دہلی (۱: ۲۳۸)۔


سطر۹۔ ایمگان: ایمہ وہ زمین ہے جو بادشاہ برائے نام لگان پر کسی کو عطا کرے، جاگیر۔ وہ زمینیں جو بمد خیرات دی جائیں، جن کے پاس ایسی زمینیں ہوں ان کو ایمہ دار کہتے ہیں۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ ایمہ بمعنی ایمہ دار بھی آتا ہے۔ چنانچہ بداؤنی (طبع کلکتہ) ۲: ۲۰۴ پر ہے: حکم فرمودند کہ ایمہ جمیع ممالک محروسہ تا فرامین مدد معاش و اوقاف و ادارات خویش بامضای صدر نرسانند کروریاں مجری ندہند' پھر بداؤنی ص ۳۴۳ پر "ایمہ مقطوع الاراضی" کا ذکر کرتا ہے اور اسی صفحہ پر کہتا ہے۔" و آن زمین ہمانطور مسکن وحوش و ھوام و سوام شد نہ از ایمہ نہ از رعیت'

غرض ایمگان فرمان میں بمعنی ایمہ داران ہے۔

سطر۱۱۔ خارج و بے طلب و معاف: شیر شاہ نے اکثر زاید ٹیکس زمینداروں کو معاف کر رکھے تھے۔ صرف تین قسم کے ٹیکس باقی رکھے تھے یعنی جریبانہ' محصلانہ اور خوراک محصلان' ان کی تفصیل کے لیے دیکھو شیر شاہ ص ۲۷۵۔

حاشیۂ صحیح شد۔ یہ قدیم اصطلاح ہے۔ دیکھو خاقانی ؎

توقیع خاقان از برش از صح ذلک زیورش
گوئی زجود شہ برش گنجیست پیدا ریختہ



فرمان نمبر ۲

نسبتاً زیادہ خستہ حالت میں ہے۔ جابجا کاغذ کٹ گیا ہے اور بائیں طرف سے بعض حروف گر گئے ہیں، بخلاف فرمان نمبر ۱ اس فرمان کی پشت پر بھی بعض عبارتیں درج ہیں۔ اس فرمان کی تقطیع ½۱۶" × ¾۴" ہے۔

صفحہ اول: اس صفحہ پر فارسی تحریر کی سطور ۱۴ ہیں اور ناگری کی ۲۳، اس کے علاوہ حاشیہ پر فارسی اور ناگری حرفوں میں "صحیح" درج ہے ترتیب تحریر بھی قریباً وہی ہے جو فرمان اول میں ہے۔ مہر بھی شروع میں تھی مگر اس مہر کا بالائی حصہ کٹ گیا ہے، حاشیہ فرمان نمبر ۱ کی طرح باقاعدہ نہیں ہے کیونکہ ناگری تحریر فارسی تحریر سے پہلی چند سطروں میں آگے نکلی ہوئی ہے۔ خط وہی جو فرمان نمبر ۱ کا ہے۔ ناگری تحریر اس فرمان کی اتنی مضبوط نہیں ہے جتنی فرمان اول کی ہے۔

صفحہ دوم: اس صفحہ پر مختلف حصہ داروں کے حصے دیئے ہیں۔ حاشیہ نہیں چھوڑا گیا، اوپر کے حصّے سے بعض سطریں اور بعض الفاظ مٹ گئے ہیں۔ اس صفحہ پر قریباً ۲۱ سطریں ہیں۔ ناگری تحریر اس صفحہ پر نہیں ہے، بعض سطروں کے مٹ جانے کے سبب سے بیگھوں کی میزان کے حساب کا پورا پتہ نہیں لگتا۔ اب ہم متن فرمان درج کرتے ہیں۔

متن فرمان نمبر ۲ صفحہ ۱

مہر نیم مقطوع، مثل فرمان نمبر ۱

سطر ۱۔ حامی [چاهی] شقدار حال و عاملان استقبال پرگنہ دهکدہا از شعب [کذا]

سلطانی [دانند شش صد ـــ از روی ناگری]

سطر۲۔ بیگہ زمین مزروعہ و افتادہ تعیین موضع سوتبانہ اعمال پرگنہ مذکور چنانچہ عمل معمورہ از عہد

سطر۳۔ سلطان سکندر مرحوم در وجہ ملک موبد و مخلد باسم قاضی عبد الحلیم بن عبدالصمد در وجہ[1] *

سطر۴۔ قاضی مجدالدین خطیب و قاضی عماد حافظ کلام ربانی بودہ می آید ہم بران جملہ بر حکم

سطر۵۔ فرمان بندگی حضرت سلیمانی از استقبال سنہ ۹۴۹[2] مقرر و مستقیم داشتہ شدہ است بگو

شبر شاہی بمودہ بدہند [۶۰۰ بیگھہ ـــ از روی تحریر ناگری]

سطر۶ و ۷۔ مزروعہ افتادہ


سماییگھہ سماییکه

سطر۸۔ می باید کہ چنانچ شرطہار ماندن و بودن ایمگان مذکورین درج فرمان صادر است

---

[1] اوپر کے حصے ان لفظوں کے مٹ گئے ہیں، مگر ناگری میں یہ لفظ ہیں،

[2] ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پہلے ۹۴۷ لکھا تھا پھر اس کو بدل کر ۹۴۹ بنایا گیا۔ اسی طرح ناگری تحریر میں بھی ہوا ہے،



ہمچنان نمایند ازان،

سطر۹۔ تجاوز نکنند و بدانچ ایمگان مذکورین تا حال [؟] قسمت داری خوردہ آمدہ

[اند ازان نیز تجاوز] نکنند۔ از روی تحریر ناگری]

سطر۱۰۔ فاما محال (؟) دیدہ زمین مذکور تسلیم نمایند زمین غیر حاضر امانت بدارند از استقبال[1] ....

سطر۱۱۔ تحریر سند از مذکور مردی راندہند و بحال آن خالی بگذارند من کل الوجوہ

سطر۱۲۔ بے طلب معاف دارند درین باب مزید تاکید

سطر۱۳۔ نطلبـــند

سطر۱۴۔ الرابع والعشرین من شہر رجب مرجب سنہ ۹۴۸ مورخ شد باشارت[2] حضور[3]. . .

حاشیہ۔ صحیح شد، مورخ ۱۲ (؟) ماہ رجب مرجب سنہ ۹۴۸،

صفحہ۲

مزروعہ	[ا] وفادہ
ـــ	ـــ

---

[1] یہاں سے ایک آدھ لفظ مٹ گیا ہے از استقبال سے بگذارند تک بعض لفظ ناگری کے ساتھ مطابقت نہیں کھاتے۔

[2] اس لفظ کی قرات یقینی نہیں صورت اس کی یہ ہے ـــ

[3] یہاں طغرا سا ہے جو مٹ گیا ہے۔

. . . . [باسم] باسم

. . . . باسم

... ومناکحت وقاضی مجدالدین [۲] و امثال [عمال معموره] موضع نحوزاله اعال شیخ اسما..

خطیب وقاضی عماد حافظ [۱۱] سکه پرگنهٔ مذکور عمل معموره . . . .

[کلام] ربانی منجمله موضع سوتبانه مزروعه افتاده [۱۱] بیکه منجمله پرگنه مذکو[ر]..

[مزروعه] افتاده ما سکه ما سکه مزروعه [افتاده] افتاده [مزروعه؟]

اسما سکه لما سکه ما صه بکیه ما صه سکه ما صه سکه ما س[ـه] سکه]

باسم باسم باسم باسم

قاضی . . . . کرو منجمله شیخ رزق الله وفتح الله ابنا قاضی ولی الله بن بید عبدا . . . .

موضع اعمال . . معضافات پسر شیخ . . . . عبدالرحیم منجمله موضع

. . . . بابو وجبین وجلال و سرلالی مرلالی

پرگنه مذکوره عمل معموره امان الله وحمزه [حمزه؟] اعمال پرگنه مذکوره عمل معموره

ما سکه ویوسف وعثمان با سما سکه مزرو[عه] . . . .

مزروعه افتاده شرکا تم منجمله موضع مزروعه افتاده . . . .

[ما] سکه ما سکه سیبابوره (؟) ما صه سکه ما صه سکه

اعمال پرگنه مذکوره

اسما سکه

مزروعه افتاده

ما سکه ما سکه

۱؎ نچلا حصہ ان الفاظ کا کٹ گیا ہے۔

باسم
مولانا ادھو پسر الطف
مجملہ موضع سلکھن پور
اعمال
[پرگنہ مذکور] عمل معمورہ
ماسکہ
مزروعہ افتادہ
[ما]سکہ ماسکہ

باسم
شیخ عبدالرحیم اوصل
باشرکائہم مجملہ موضع
درابپو [ر ؟]
مزرعہ بھوری [؟] اعمال
پرگنہ مذکور
عمل معمورہ ماسکہ
مزروعہ افتادہ
ماسکہ ماسکہ

باسم
مولانا اسحاق و بہوہ
پسران عبدالحمید باشرکائہم
موضع حاکمزرعہ (؟)
ماسہ سکہ
مزر[و]عہ افتادہ
ساسکہ ساسکہ

باسم
مولانا عبد.....
باشرکائہم........
عمل معمو[رہ].......
مزروعہ........
ماسہ سکہ

باسم
مولانا الیاس کلالی
مجملہ موضع نزالو اعمال پرگنہ
مذکور ابتدا ... (؟)
سماسکہ
مزروعہ افتادہ
ماسہ سکہ ماسہ سکہ

باید کہ تشخص نمایندہ اگر زمین عمل
معمورہ از عہد سلطان سکندر.....
بودہ می آید بعدہ ہیچ در صدر مستور
[مسطور] است معین دانیدہ [کذا]
و بجے....
از جمیع جہوبات معاف و بے طلب دانند
و اگر از عہد سلطا[ن].........
معمورہ در قبض و تصرف نباشد.......
معین نہ سازند و ندہند..... باب بی(؟) در
پرگنہ دھکدھار آبادان و متوطن شوند و پنج وقت نماز در مسجد بگزارند و بعد از
نماز ظہر دہ دہ تیر باندازند و اگر مفسدی پیدا شود و شقدار بدا.......
شود اسامیان مذکورین نیز برابر شقدار بمدد و تسلیم زمین مزروع[1] در سال ۹۴۷ھ

---

[1] اصل: مذروع

بدہند السالع من شہر ذی الحجہ سنہ سبع و اربعین و تسعمایہ   پروانگی سلخ بجا......

از مقام خطہ سہرندہ   متعلق ملک......

حواشی

بعد از نماز ظہر دہ دہ تیر بانداختند

احادیث شریفہ میں رمی کے متعلق بہت تاکید آئی ہے۔ ابن عبد ربہ نے العقد (طبع ۱۳۲۱) ج ۱ ص ۵۶ میں النزع بالقوس کے عنوان سے ان احادیث کو جمع کیا ہے۔ مثلاً:

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ارکبوا و ارموا و ان ترموا احب الی من ان ترکبوا'

و روی عن عقبۃ بن عامر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول وھو قائم علی المنبر واعدوا لھم ما استطعتم من قوۃ الا ان القوۃ الرمی الا ان القوۃ الرمی الا ان القوۃ الرمی'

علماء نے اس بارے میں جو اہتمام کیا اس کی ایک عمدہ مثال بداؤنی نے جلد ا ص ۵۰۔۵۱۹ پر دی ہے' مولانا زین الدین محمود کمان گر بہدانی "ختم مشائخ نقشبندیہ" سے بیرم خان نے ہمایوں کی ملاقات قندھار میں کرائی' ان کے حالات میں بداؤنی لکھتا ہے:

و خوارق عادات ازیشان منقول است و پارہ ازان شیخ معین الدین بنیرۂ مولانا معین واعظ کہ چند گاہ بحکم خلیفۃ الزمانی قاضی لاہور بود در جزوی علیحدہ مسطور ساختہ و ازان جملہ این را نوشتہ کہ در وقت تیراندازی بر خلاف عادت خویش ہر روز دیر بپای نشانہ می آمدند و تعلیم تیراندازی می نمودند۔

شرح
حال
رشیدالدین وطواط (م ۵۷۳)

از خریدۃ القصر مولفہ عماد اصفہانی (م ۵۹۷)

رشیدالدین وطواط کا حال حدائق السحر (طبع طہران ۱۳۰۸ھ) کے دیباچہ میں فاضل مرتب نے مفصل درج کیا ہے اور اس کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ البتہ وطواط کے عربی کلام کے متعلق بہت کم لکھا ہے۔ اور بظاہر دیباچہ نگار کے سامنے وطواط کا عربی دیوان نہ تھا، خریدۃ القصر سے ذیل کا اقتباس زیادہ تر اس کمی کو پورا کرنے کے لیے درج کیا جاتا ہے۔

خریدۃ القصر و جریدۃ اہل العصر عماد الدین محمد بن محمد الکاتب الاصبہانی کی تالیف ہے اور بقول ابن خلکان (وفیات ج ۲ ص ۸۵) مولف نے اس کو دس جلدوں میں مرتب کیا، اس میں ان شعراء کا کلام درج کیا جو ۵۰۰ھ کے بعد سے ۵۷۲ھ[1] تک ہوگذرے ہیں (الشعراء الذین کانوا بعد المائۃ الخامسۃ الی سنۃ اثنتین و سبعین وخمسمائۃ)، مگر فہرست تراجم سے جو فہرست لیڈن طبع ثانی ج ۲ حصہ ا (لیڈن ۱۹۰۷ء) ص ۱۹۷ بعد میں درج ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ کتاب میں بہت سے شعراء ایسے بھی مذکور ہیں جو ۵۰۰ھ سے پہلے فوت ہوئے[3]۔ چنانچہ پہلا ہی ترجمہ القائم بامر اللہ

[1] مگر فہرست لیڈن ص ۲۴۹ پر کتاب کے ایک مقام سے یہ عبارت درج ہوئی ہے: تم الجزء الحادی عشر من کتاب الخریدہ تیلوہ فی الجزء الثانی عشر شعر الخ [2] کشف الظنون ۲ : ۷۵۸ پر ۵۹۲ لکھا ہے جو غالباً غلط ہے۔
[3] خود مولف کہتا ہے: قد ذکرت اہل عصری و اہل عصر آبائی و اعمامی۔

م ۴۶۷ھ کا ہے، اور فہرست مذکورہ کے ص ۲۱۳ و ۲۱۵ پر دو اشخاص کی نسبت لکھا ہے کہ وہ ۵۷۰ھ کے بعد مرے، ہاں ص ۲۵۲ پر یہ عبارت موجود ہے:

"وھذا اٰخر ما وقع الیّ من شعراء الیمن الی اٰخر سنہ ۵۷۲" پس معلوم ہونا چاہیئے کہ علامہ ابن خلکان کا بیان صرف قریب قریب زمانے کے لیے درست ہے[1]

صاحب وفیات کے قول کے مطابق خریدۃ القصر و جریدۃ العصر ذیل ہے زینۃ دمیۃ الدھر (مولفہ ابوالمعالی سعد بن علی الوراق الخطیری[2]) کا، اور زینۃ ذیل ہے دمیۃ القصر و عصرۃ اھل العصر (للباخرزی) کا، اور دمیۃ ذیل ہے یتیمۃ الدھر فی محاسن اھل العصر (للثعالبی) کا، اور یتیمۃ ذیل ہے کتاب البارع (لہارون بن علی المنجم) کا۔

---

[1] دیکھو وفیات الاعیان ۱: ۲۰۴

[2] ان کتابوں کا ذکر کشف الظنون طبع استنبول ج ۲ ص ۷۵۸ (بذیل یتیمۃ الدھر) پر بظاہر وفیات ہی سے لے کر دیا ہے۔ مگر کچھ اختلاف بھی ہے بقول حاجی خلیفہ:

کتاب البارع فی شعراء المولدین کو ہارون بن علی المنجم (م ۲۸۸) نے تالیف کیا، اس کا ذیل ہے یتیمۃ الدھر فی محاسن اہل العصر۔ یتیمۃ الدہر کو امام ابو منصور عبد الملک بن محمد الثعالبی (م ۴۳۰) نے تالیف کیا اور خود اس کا ذیل لکھا جس کا نام ہے تتمۃ الیتیمۃ، یتیمۃ الدہر کے دو ذیل ہیں (۱) دمیۃ القصر و عصرۃ اہل العصر جس کو ابوالحسن علی بن الحسن الباخرزی (م ۴۶۷) نے مرتب کیا اور (۲) خریدۃ القصر و جریدۃ اہل العصر جس کو عماد الدین محمد بن محمد[؟] الکاتب الاصبہانی (م ۵۹۷) نے مرتب کیا۔ اسی طرح تتمۃ الیتیمۃ کا بھی ایک ذیل ہے جس کو حسن بن المظفر النیسابوری (م ۴۴۳) نے تالیف کیا،

یتیمہ کی طرح دمیۃ القصر کے بھی دو ذیل ہیں (۱) وشاح الدمیۃ جس کو ابوالحسن علی بن زید البیہقی (م ۵۶۵) نے تالیف کیا [پھر اس کا تکملہ بنام درۃ الوشاح یا تتمہ وشاح دمیۃ القصر لکھا] اور (باقی صفحہ ۱۴۲ پر)

وطواط کا ترجمہ خریدۃ القصر کے دو نسخوں سے لیا گیا ہے۔ جن کا ذکر فہرست برلن مذکورہ بالا کے ص ۱۹۷ پر آیا ہے (ترجمہ وطواط کا ذکر اس فہرست کے ص ۲۱۹ پر ہے)، یہ دونوں نسخے مغربی خط میں ہیں، ایک نسخہ کا نمبر 348 warn ہے۔ اس کی علامت میں نے حواشی میں آ قرار دی ہے۔ دوسرے نسخہ کا نمبر 21 b Gol ہے۔ اس کی علامت میں نے بؔ قرار دی ہے، صحت کے اعتبار سے یہ نسخے صرف اوسط ہیں مگر آ کی نسبت بؔ کا متن بہتر ہے گو سہولت قرآت کے لحاظ سے آ بہتر ہے، تصحیح کے لیے مجموعہ رسایل رشید الدین الوطواط (طبع مصر ۱۳۱۵ھ) اور دیوان وطواط کا ایک قدیم خطی نسخہ بھی استعمال کیا گیا ہے، مگر سوء اتفاق سے دیوان کا نسخہ جو میرے پاس ہے متعدد مقامات سے ناقص ہے۔

الرَّشِیدُ وَطوَاط

ص ۲۰۸ [ص ۲۰۸]

وهو محمد بن محمد بن عبد الجليل العمرى من ولد عمر بن الخطاب [رضى الله عنه] من اهل بلخ و مقامه بخوارزم كاتب الحضرة الخوارزمشاهيّة وله براعة و بلاغة تامّة في النظم والنثر فارسية لا يُفَلّ غِرارُه وَلا يُشَقّ غبارُه وله نظم بالعربيه صنيع و معنى بديع فمن ذلك قوله اذا اتت بقعة

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۴۲ (۲) زینۃ الدہر جس کو ابوالمعالی سعد بن علی الوراق الحظیری (م ۔ ۵۶۸) نے تالیف کیا، [معجم الادباء ۲ : ۱۸۲ پر اسامہ بن منقذ (م ۔ ۵۸۴) کی نسبت لکھا ہے کہ اس نے بھی ذیل یتیمۃ الدہر لکھا ۔ نیز دیکھو کشف ۱ : ۲۸۴ بذیل حدیقۃ فی شعراء اندلس]

لہ الورد ی بؔ ۔

تدلاح بوجّيها[1]، و[2] رفعة* فاح ريّا وردها فيها فالورد يصلح وجها
في...[3]. والنرجس الغضّ عينا[4] كى يلاقيها ديوانه في الشعر موجود و
ايوانه في الفخر ممدود وكيوانه للقران عال و ميدانه من الاقران
ص٢٠٩ خال [ص ٢٠٩] مضاهى له ولا مباهى، فضله دواء الدواهى، ساح[5] في
كتابة ملوك خواس[6]زهم و انضى الفكر و امضى العزم اذا اعرب في
انشاء العربيّة[7] اعيا [اغيى؟] على المعرّى و بُزّ سنائ السّنائى وكُسيت[8]
فردوس الفردوسى و اذا انشا انتنشت الالباب من آدابه[9] و انشعت
الاراء من ارآبه[10]...... [بلّغ[11] البلغاء حيرة الحيرة] و وقفوا في
العناية دون الغاية فما اصنع كلامه وانصع[12] نظامه وابرع نطقه
او اوسع نطاقه واشد[13] (كذا) وثوبه* و اشد (كذا) وثاقه قد برا
[برا؟] بغربه[14] و شرقه* وحدا برعده [و] برقه و جلا بنوره افقه
و علا بتحت[15] اخمصه من المجد فوقه ؛ فلا حوى خواس‌زهر من
محكمه[16] [بحكمه؟] ولا هوى بها نجم نثره و نظمه طالعت مصنّفا
له قد اودعه من قصائده العربية والفارسية وكذلك من مقطوعاته

---

[1] ب : بوجنيها [2] د س قصه كے اوپر ب میں بخط جدید لکھا ہے : وعرقه
[3] بیاض در آ، ب : مخده [4] ب : كى لا (بجاى كى) [5] كذا در ہردو نسخ و لعل اللفظ:
شاخ [6] آ : العرب، تصحیح از روى ب [7] آ : العجمية ب : العربية، اس كے بعد كى چند
سطریں اضطراب سے خالی نہیں اور دونوں نسخے اس اعتبار سے ناقص ہیں [8] آ ، نسيب، تصحیح از روى ب،
[9] آ، ادابه، ب : اذآبه، [10] بیاض در ہردو نسخ [11] از روى ب [12] ب : اصنع [13] ب
اشد و توبه [14] ب : بشرقه و غربه [15] آ : بتحت، [16] ب : تحكمه-

و رسایله عشرا عشرا غدت لاموات الفضایل و مطویاتها نشورا[1] و نشرا فمن جملة نثره العربي و درّه الادبي من رسالة انشاها[2] الى امیرالمؤمنین المقتفی بامرالله[3] عن خوارزم شاه یشیر فیها بالرضی عن السلطان محمد شاه:

مواقف سیدنا و مولانا امیرالمؤمنین[4] لازالت مکنونة بالجلال محفوفة بالاقبال منابع الشرف الجمّ و مطالع المجد الاشمّ[5] بها الـدین مشدود النطاق و الشرع ممدود الرواق والعز ملتمع الشعاع والمجد مرتفع الشراع و الحلم راسخ البنیان و العلم شامخ الارکان والعدل لاحِج المراسم والفضل واضح المباسم[6]........

العبد[7] خالص الطویّة صادق النیّة فی موالاة[8] جانبها و معاداة مجانبها[9] [و ابلاء شعار] خدمتها و اعلاء منار دعوتها و الذبّ عن حوزتها بالید و اللسان و المحاماة عن بیضتها بالسیف والسنان و لولا اشتغال العبد بحفظ خوارزم التی هی ثغر مشهور من ثغور الاسلام[10] [لا] بل قصر معمور من قصور الشرایع

---

[1] ب: مطویاتها نشور [2] اس رسالہ کے لیے دیکھو مجموعہ رسایل ج ۱ ص ۲۰ یہاں یہ بتا دینا ضروری ہے کہ صاحب خریدۃ نے بعض جاونیں اصل رسایل میں سے حذف کردی ہیں [3] کذا در ہردو نسخ مجموعہ: لامر [4] بجای 'امیرالمومنین' مجموعہ میں ہے: الامام المقتفی لامر الله امیرالمؤمنین خلیفة رسول ربّ العالمین [5] بعدش زیادات در مجموعہ [6] مجموعہ: فیها [7] بعدش زیادات در مجموعہ [8] مجموعہ: ثابت الرای صادق النیة راسخ القدم خالص الطویة فی موالاة الخ [9] آ: مجانبها تصحیح از روی ب و مجموعہ [10] در آ و ب نمارد از روی مجموعہ [11] بعدش زیادات دارد در مجموعہ.

و الاحكام[1] و توجيهه[2] كل سنة* الى مجاهدة اعداء الدين ومناهدة[3] احزاب الشياطين و توغله فى صميم بلاد الشرك ونجبوحة ديار الترك يفض[4] قبايلهم[5] و يهد* معاقلهم و يسبى اطفالهم ونسوانهم و يردى ابطالهم و شجعانهم و يصون مواطن المسلمين من مكايد شرهم و مساكن المؤمنين[6] من مصايد غدرهم لطار الى تلك المواقف المقدسة المعظمة[7] والمفار المشرفة المكرمة[8] باجنحة[9] الطاعة بذل[10] فى عبوديتها غاية الاستطاعة[11]۔

ومنها[12]

ايامه[13] موقوفة و اوقاته مقصورة على تقديم ما يعود لى اتساع اكناف تلك الدولة و ارتفاع اعلام تلك الدعوة و خاصة فى هذا الزمان الذى اججت فيه الفتن نارها وارهجت (ص ۲۱۰) غبارها و ضربت فيه المحن فسطاطها و نصبت ص۲۱۰
اشراطها[14] و تدناب[15] خطة خراسان التى هى سرة بلاد [ايران][16] من استيلاء العصاة ماناب و اصاب بقعة ماوراء النهر التى

---

[1] فقط آ: الاحكام [2] مجموعہ: توجيهه كل سنة باخوانه و اولاده و اعوانه واجناده [3] آ ب: مجاهدة، تصحیح از روی مجموعہ [4] آ: بعض، تصحیح از روی ب و مجموعہ [5] فقط آ: فيهد [6] فقط آ: المسلمين تصحیح از روی ب و مجموعہ [7] مجموعہ: والمكرمه قدسها الله وكرمها، [8] مجموعہ: المعظمة شرفها الله و عظمها [9] فقط آ: فاجنحت [10] مجموعہ: بدل [11] مجموعہ: الاقتدار والاستطاعة [12] دیکھو مجموعہ رسائل ج ۱ ص ۲۱ سطر ۱۱ [13] مجموعہ: قد جعل ايامه، [14] ب: اشراطها، آ و مجموعہ مثل متن [15] آ: تاب، ب و مجموعہ مثل متن، [16] از روی مجموعہ۔

هی غرة دیار توران من استعلاء الطغاة ما اصاب، عذب فیهما
الراکع والساجد وخرب المدارس والمساجد و سفکت الدماء المحرمة
و اهلکت النفوس المکرمة فالدین مالت دعامته والملک شالت
نعامته[1] و لو لم تصرف اعنة العنایات الامامیة[2] الی تدارک [هذا][3]
الامر و اطفاء هذا الجمر لاتصل شرره باقطار العراق بل طبق
ضرره جمیع امصار الآفاق و لن یحصل هذا التدارک علی وفق ما
یقتضیه[4] وموجب ما یرتضیه[5] الآراء* النبویة الامامیة[6] الا بتوافق
کافة المسلمین و تطابق عامة المومنین تحت رایة ملک[7] طاهر[8] اعتقاده
ظاهر اجتهاده ممتثل امره فی الرعایا نافذ حکمه علی البرایا،
والسلطان[9] الاعظم غیاث الدنیا والدین ابو شجاع محمد بن محمود بن
محمد بن ملک شاه[10] معین من بین الملوک[11] فی دهره وسلاطین
عصره لکفایة هذا المهم و تدارک هذا الملم لما اتاه الله
تعالی[12] من صحة الدین و قوة الیقین و جلالة الاصل و جزالة
الفضل و ثبات الحزم و اصابة العزم و تکثر العدد و توفر العُدد

---

[1] بعدش زیادات دارد در مجموعه [2] مجموعه: الکبریة المولویة الامامیة (و بعدش زیادات دارد)

[3] بیاض در آ، ب: سپس، تصحیح از روی مجموعه [4] مجموعه: تقتضیه [5] آ: یرتضیه الارا، مجموعه: توتقضیه الاراء المشرقة [6] مجموعه: ملک من ملوک هذه الملة و سلطان من سلاطین هذا الامر، ب: ملک،

[8] آ: ظاهر، ب و مجموعه مثل متن

[9] فقط در مجموعه ندارد [10] مجموعه: ملک شاه قسیم امیر المؤمنین اعلی الله شانه و اظهر برهانه [11] مجموعه: ملوک

[12] بعدش زیادات دارد در مجموعه.

و قد وصل الى العبد فى هذه المدة انّ الآراء المشرفة النبوية[1]
قد عدلت فى حقه عن لطفها[2] المعهود و صفاءها المالوف حتى
تنسمت منها رائحة تغير و توسمت فيها[3] شايبة تكدر و
العبد ليس يعرف سبب ذلك فان كانّ[4] من جهة السلطانّ[4]
فالعبد هو فى ضمان طىّ صحائف استزادته[5] و اعادته الى [ما][6]
حمد من لطائف عادته واستنزاله من حزون الانقطاع الى سهول
الاجتماع و من شواهق الامتناع الى حدائق الاتباع ورده فى طاعة
المواقف المقدّسة[7] الى المنهج الاقدم و المذهب الاقوم الذى
سلك آباؤه الزهر و اسلافه الغرّ[7] و ان كان منشأها[8] من جهة
[اصحاب] الاغراض[9] من الذين وجدوا مجال* التخليط و التضريب و
تمكنوا من اختراع الاباطيل و ابتداع الاكاذيب فذلك[10] امرٌ
يرجى من عواطف سيدنا و مولانا[7] دفع آفته واستيصال شافته
فان تنفّر[11] مثل ذلك السلطان بن السلطانّ[12] من الطاعة[7]
ليس بامر يحمّل[11] ان يتساهل فيه او يتقاعد[12] عن تداركه[13] و

---

[1] فقط مجموعه المشرقة، و بعد نقش زيادات دارد در مجموعه ب و مجموعه: لطفها، فقط آ: لفظها [3] فقط ب: منها

[4] فقط آ: استزادته [5] از روى ب و مجموعه [6] آ: منسوبًا، ب: منشوها، مجموعه: منشأوها [7] ب: الا، آ ندارد، از روى مجموعه درج شد [8] ب: الاعراض من الدين وجدوا مجال، آ: الاغراض من الذين وجدوا مجال، مجموعه: الاغراض الذين اوجدوا عند خدم المواقف المقدسة قد سماها الله مجال [9] مجموعه: فذلك [10] آ: سمى، ب: ينفر

[11] آ ب: يحمل، مجموعه: يجمل [12] ب: يتقاعد، [13] فقط در مجموعه

نلافيه و على الخصوص فى هذا الوقت الذى ينتظر المسلمون من نهضته[1] صلاح[2] اعمالهم و نجاح[3] آمالهم و تسكين[4] نائرة[5] الفتن بعدالتهابها وتبعيد دابرة المحن غبّ اقتوابها[6] و الطاف[7] مولانا امير المؤمنين اوفر من ان يرضى[8] باهمال هذا الخبر[9] و اغفال هذا الامر[10]

وله[11] من رسالة كتبها عن خوارزمشاه الى بعض الاكابر ببغداد*

[ص٢١١]الشيخ الامام[12] مخصوص منا بسلام طيب كاعراقه و تحية فائحة كاخلاقه و [نحن][13] ان كنا لم نكتحل بلقياه و لم نشاهد بهجة محياه فقد[14] عرفنا الطاف شمائله و سمعنا اوصاف فضائله ورأينا من مصنفاته الرائقة و مولفاته الفائقة ما شحذ اذهان الخلق و نفض الغبار عن اعطاف الحق و سهل الطرق الى حل[15] المشكلات و كشف الاغطية عن وجوه المغضلات و قام برهانا قاطعا و تبيانا ساطعا على انه[16] ص ٢١١

---

[1] ب : نهضة، مجموعة : نهضة السلطان الاعظم قرنها الله بالفتح والظفر وصانها من الخوف والخطر

[2] فقط در مجموعه : اصلاح [3] فقط در مجموعه : انجاح [4] ب : تسكن۔

[5] فقط مجموعه : ثايرة [6] بعدش زيادات در مجموعه [7] مجموعه : توضى

[8] فقط ب : الخير [9] بجائے اس کہ مجموعہ : ج ا ص ٢٤ پر ہے : الى الحكيم العالم ابى البركات الطبيب البغدادى من الحضرة الخوارزمشاهية

[10] بعدش زيادات دارد در مجموعه [11] از روى مجموعه [12] آ ب : وقد

[13] فقط ب : حد [14] بعدش زيادات دارد در مجموعه۔

جبل فی العلوم شامخ و طود فی الحلوم[1] راسخ لا یشق المفلقون غبارہ[2] و لا یمسح المتفنّون[3] عذارہ [و] من کان ربیب المواقف المقدسة[4] و صنیع المقار[5] الامامیة المعظمة لم یستبدع ان یضرب فی الفضائل[6] بالقدح المعلی و لم یستبعد[7] ان یجل[8] بالمناقب فی* المنظر الا علی فللّٰه درّ بغداذ [اذ][9] نشأ فیها ذلك البحر الخضمّ و الطود الاشمّ.

وله[10] من اخری

الاجل العالم ادام اللّٰه بهجته و حرس مهجته نسیج وحدہ و فرید عصرہ[11] و نادر قرانه* و واسطة عقد اقرانه والعلم المشار الیه و المتفق[12] فی جمیع العلوم خاصّة فی علم الطبّ علیه* فانه

---

[1] کذا در ا ب، مجموعه: الفنون [2] تصحیح از روی مجموعه؛ ا: المعنون، ب: المعثر [3] از روی مجموعه [4] مجموعة: المقدسة النبویة [5] مجموعه: المقار المعظمة [6] ا ب: بالفضایل فی القدح، تصحیح از روی مجموعه؛ یستغرب

[7] ب: یستبدع، مجموعه: یستغرب، [8] ا: یجل بالمناقب فی ب: تحل بالمناقب فی، مجموعه: یجل من المناقب، [9] از روی ب، مجموعه: ان [10] اس خط کا عنوان مجموعه میں اس طرح دیا ہے: کتاب الی طبیب العالم ابی الحسن التلمیذ من الحضرة الخوارزمشاهیه اور آغاز یوں ہے: لا یخفی علی ارباب الالباب و اصحاب الآداب من ذوی الآراء الصائبة والخواطر الثاقبة ان الامام الاجل الخ

[11] فقط مجموعه: عصرہ [12] ب: نادر اقرانه، مجموعه: نادرة قرانه،

[13] فقط مجموعه: والعلم المتفق علیه فی جمیع العلوم وخاصّة فی علم الطبّ

ابن بجدته و طلاع انجدته و صاحب آیاته و سباق غایاته والعارف [بدقائقه][1] وجلائله والمطلع علی براهینه و دلائله[2] لاتثنی الخناصر الا علیه ولا تزجی رکائب المستفیدین الا الیه[3] [و] قد عرف ادام الله فضله ان خوارزم کان محط رحال الفضلاء[4] و ملتقی عصی العلماء و مناخ رواحل[6] الحکماء یسکنها نحاریر کل علم ویقیم بها مشاهیر کل فن [منهم][8] ابو مضر[7] الضبی والسید[9] شرف السادة اسمعیل الجرجانی[10] الذی مصنفاته البدیعة[11] ومولفاته اللطیفة سارت[12] مسیر الشمس فی اکناف الشرق والغرب وهبت هبوب الریح فی اطراف البر و البحر وغیرهما من کبار المفلقین و فحولة[13] المحققین و منذ انقضت مدة اولئک البدور الزاهرة و انقضت ایام اولئک البحور الزاخرة عادت عرصة خوارزم من[15] هذا العلم خالیة بعد ما کانت بجواهر علومهم وزواهر نجومهم حالیة

---

[1] از روی مجموعه بیاض در آ و ب   [2] بعدش زیادت دارد در مجموعه

[3] از روی مجموعه   [4] فقط مجموعه: کانت فی جمیع الاوقات محط

[5] فقط مجموعه: العلماء ابحاب الفضلاء،   [6] در مجموعه ندارد   [7] آ: رواجل؛ ب: رواحل؛ مجموعه: رواحل   [8] از روی ب و مجموعه، بعدش زیادتی دارد در مجموعه

[9] آ و ب: نص تصحیح از روی مجموعه   [10] ب: الصبی، شرف السادة، مجموعه: السید الفاضل شرف السادات   [11] مجموعه: الشریفة بجای البدیعة،

[12] فقط مجموعه: صارت مصیر،   [13] فقط مجموعه: فحول   [14] فقط مجموعه: انقرضت

[15] فقط مجموعه: من هذا النوع من العلم.

الان اهل خوارزم مفتقرون الى طبيب ماهر و نطاسى حاذق ينتفعون بعلمه و ينزّلون[1] فى معالجة اهل العلل* و الامراض على حكمه و المتوقّع[2] من شفقته* ان يختار من تلامذه[3] واقفاً على اسرار الطب عارفاً بغوامض الحكمة* مصيبا فى ابواب المعالجة مشهوراً بحسن الضريبة معروفاً بيمن النقيبة و يبعثه الى خوارزم يكون[4] منتظماً فى سلك خدمتنا و عقد* حضرتنا،

وله[5] من اخرى كتبها الى عمر البسطامى ببلخ*

كتبتُ اطال الله بقاء سيدنا فى دولة ممدودة الرواق و النعمة
مشدودة النطاق و فى ملتقى الاهداب عبرات تتسكب و فى ص ٢١٢
منحنى الاضلاع جمرات تلتهب شوقا الى لقياه و نزاعا الى محيّاه و لو جريت[6] على حكم الوداد و قضية الاعتقاد لكانت كتب خدمتى و صحائف مدحتى نظماً و نثراً الى مجلسه[7] متتابعة الافواج متدافعة الامواج و لكنى التزم[8] مذهب التعظيم و الاجلال و اجتنب موقف التصديع و الاملال[9] و اصون

---

[1] مجموعه: يعولون فى معالجة مايعتريهم من العلل [2] مجموعه: فالمتوقع من شفقة فلان ادام الله فضله، [3] مجموعه: تلامذته المنتمين اليه القارئين عليه انسانا فاضلا على اسرار الطب واقفا و بغوامض الحكمة عارفا [4] مجموعه: ليكون منخرطا فى سلك خدمتنا منتظما فى عقد، [5] مجموعه: كتاب الى الشيخ الامام عمر البسطامى الذى كان ببلخ، [6] مجموعه: جريت فى هذا المدة [7] بعدش زيادتى دارد در مجموعه [8] مجموعه: كنت التزم [9] آ ب: الابدال، تصحيح از روى مجموعه

خاطره الشريف الذى هو ابدا مشغول[1] بكشف المشكلات و رفع المعضلات وتجديل معالم الزهد و التقوى و احياء مراسم [الدرس[2] و الفتوى] من مطالعة مكتوباتى التى لا طايل فيها ولا فايدة فى مطاويها.

فلست بالباطل المردود[3] اشغله فانه بانتاص الحق مشغول

فلان[4] اقام[5] بخوارزم[4] موسلا اعنه لسانه مطلقا ازمة بيانه فى ذكر[6] خصائص سيدنا[4] والمفاخر التى هى[7] لعين المعالى قرة و المآثر التى هى فى وجه الليالى غرة والآن راجع الى بلخ مسقط هامته[4] بالغا قاصية[8] الفلاح مالكا ناصية النجاح و المرجو[9] من مكارم سيدنا[4] ان يتلقى مقدمه بالاعزاز و الاكرام ملبسه[10] اردية الافضال و الانعام و يقربه الى مجلسه الذى سعادة الدين و الدنيا بقربة منوطة[11] و كرامة الاخرة و الاولے بجواره[12] مربوطة

ومن[13] اخرى

الى الامام محمد البغدادى ختن عمر* وصل[14] خطابه العزيز*

---

[1] فقط مجموعه: مشتغل، [2] بیاض در آ، ب: الدروس وا— تصحیح از روی مجموعه.
[3] فقط آ، المودود [4] بعدش زیادتی دارد در مجموعه [5] مجموعه: اقام فی صحبتی،
[6] آ، ب: دار، تصحیح از روی مجموعه [7] در مجموعه ندارد [8] قاضیة، تصحیح از روی ب و مجموعه [9] فقط مجموعه: فارجو [10] فقط مجموعه: ویلبسه [11] ب: منظومة، تصحیح از روی ب و مجموعه [12] آ: نحوایزه، تصحیح از روی ب و مجموعه [13] ب میں آخر میں "الخیامی" بھی ہے، مجموعہ (۱: ۷۰): کتاب الی الامام محمد البغدادی ختن الشیخ الامام عمر الخیامی بنیسابور [14] زیادات در مجموعه: پیش ازیں بعد ازیں.

فشاهدت من كلامه الحر روضة الفصاحة متشقّةً[1] الازهار و عاينت من معانيه الغرّ حديقة البلاغة متفتحةً[2] الانوار و عرضته على الحاضر و البادي و هززت به عطفي [في] المحاضر والنوادي و شكرت الله على سلامة شخصه الذي بخصاله[3] نظام الخيرات معقود وبحاله قوام الحسنات مشدّود[4] و امّا ما ذكر من اعراضه عن الدنيا و اشغالها و مفارقته[5] رحمة امورها و اعمالها[6] فمن شخصت عيناً همته الى [ابتناء امر من] الامور الدينية و اتنناء علم من العلوم [اليقينية] لم ينظر الى الدنيابعين أكبرها الّا بعين[7] الاستحقار و لم يذكر ما فيها من الزخارف الّا بلسان الاستصغار[8] و امّا ما التمسه[9] من حسن المناب عنه[10] في مجلس الملك[11] فهو من الواجبات التي الزمتها الانسانية في عنقي و ذمتي و ناطته المروة و الدين بمطامح همتي[12]

و[13] له من رسالة اخرى الى بعض الاكابر في حق شاعر

كتبتُ اطال الله بقاء سيدنا في نعمة مضيئة الكواكب و دولة

ص ۱۱۳ ضخمة المناكب في معنى فلان | وهو شاعر بليغ ولد بسرة

---

[1] فقط مجموعہ: متنشقة [2] آ ب: مفتحة [3] از روى مجموعہ [4] بعدش زیادتی در مجموعہ، آئندہ اس کی علامت (+) ہو گی [5] ب: بخالصة، تصحیح از روى مجموعہ و آ [6] فقط آ: مفارقه [7] از روى مجموعہ، بیاض در آ و ب [8] آ ب: من، تصحیح از روى مجموعہ [9] آ: لما، تصحیح از روى ب و مجموعہ [10] آ: التمسه من بحسن مناز عنه، ب: التمسه من حسن مقارعته، مجموعہ: التمس من تقرير امره و شرح حاله و حسن المناب عنه، تصحیح قیاسی ہے [11] مجموعہ ج ۲ ص ۹۹ [12] اس علامت سے مراد یہ ہے کہ مجموعہ میں اس لفظ کے بعد کوئی لفظ یا عبارت زائد ہے۔

البطاء ونشأ بين اظهر العرب العرباء واختص بالنوبية والترشيح في منابت القيصوم والشيح ونضا برد شبابه باكناف البادية شاربا من ينابيعها[1] اكلا من يرابيعها[1] ضاربا في قبائلها واحياءها ملتقطا فقر امواتها[1] و احياءها وقد[2] تطبع* بطباع اهل الوبر وسلم لسانه من سقطات ساكنة المدر وله شعر متقن اللفظ و المعنى محكم الاساس و المبنى يقطر منه ماء البراعة و يعجز عن مثله ارباب الصناعة و الآن عطف اعناق ركائبه وصرف ازمة نجائبه الى ذالك الجناب المعشب و الفناء[3] المخصب و رؤس امانيه راقصة و عيون آماله[4] شاخصة* و[5] المنتظر* من كرم سيدنا[6] ان ينزله [في[7] رياض] قبوله و تمكينه و يغمره بلطائف احسانه و تحسينه و ينعم عليه بتنعيم باله و يظهر اثر هذه الوسيلة على صفحات احواله[8]

وله[9] من رسالة اخرى في حق شاعر*

[1] حاجی خلیفہ نے سخاوی کی فہرست میں چند نام بڑھائے ہیں مثلاً تاریخ ابی اسحاق احمد بن محمد بن یوسف البزار الحافظ، تاریخ ابی روح عیسیٰ الھروی م ۴۴۵ھ، روضات الجنات لمعین الدین الزمجی تالیف ۸۹۷ھ، اس کے ہاں ایک ابو نصر عبد الرحمن بن عبد الجبار التقیسی الحافظ بھی مذکور ہے مگر غالباً یہ الشیخ ثقۃ الدین عبد الرحمن (بن عبد الجبار) الفامی ہی ہے اور بظاہر حاجی نے ایک کے دو مصنف بنا دیئے ہیں، اس کے علاوہ اس نے نور الدین عبد الرحمن بن احمد الجامی م ۸۹۸ھ کو بھی مؤرخین ہرات میں شمار کیا ہے حالانکہ کوئی تاریخ ہرات مولانا جامی کی طرف منسوب نہیں، حاجی مذکور کے ہاں ایک اور نام بھی مسخ ہوا ہے، اس نے الحداد کو "احمد بن محمد سعید الحداد" لکھا ہے بجائے احمد بن محمد بن یاسین الحداد۔

الشیخ ثقۃ الدین عبد الرحمٰن الفامی وھو اوّل من صنّف فیہ

مگر پروفیسر محمد زبیر صدیقی نے (دیباچہ تاریخ نامۂ ہرات ص ۱ پر) معین الدین اسفزاری کی عبارت کی رو سے لکھا ہے کہ فامی نے فلاں مطالب تالیف حداد سے اقتباس کیے، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حداد کی تالیف فامی سے اقدم تھی، گو حداد کی تالیف کا صدیوں سے کہیں نشان نہیں ملتا مگر فامی کی تاریخ ہرات اقلاً آٹھویں صدی تک ملتی تھی'

علامہ سبکی (م ۔ ۷۷۱ھ) نے ابو نصر الفامی 'مؤرخ ہرات' کا ترجمہ طبقات الشافعیہ ۴ : ۲۸۵ پر دیا ہے اور اس کا نام و نسب یوں لکھا ہے :

عبد الرحمٰن بن عبد الرحمٰن[1] بن عثمان بن منصور بن عثمان المعدل الھروی' اور کہا ہے کہ وہ ۴۷۲ھ میں ہرات میں پیدا ہوا، حافظ و ادیب اور ملقب بہ ثقۃ الدین ہے' اس نے حدیث نجیب بن میمون الواسطی اور فلاں و فلاں سے سنی اور بغداد میں فلاں سے اور اس سے آخری روایت کرنے والے حافظ ابن عساکر' ابو روح الھروی اور ابو سعد ابن السمعانی تھے، سمعانی نے لکھا ہے کہ وہ حافظ' فاضل' محدثین ہرات کے مقدّم تھے' حدیث و ادب کو جاننے والے، کثیر الصدقہ، کثیر الصلوٰۃ اور دائم الذکر تھے' مجھ سے ذیل جو آٹھ جلد میں ہے لکھا اور مجھ کو پڑھ کر سنایا، شب پنج شنبہ ۲۵ ذی الحجہ ۵۴۶ھ کو ہرات میں فوت ہوئے'

سمعانی کی یہ عبارت کتاب الانساب میں نہیں ہے ان کی کسی اور تصنیف میں ہو گی۔ کتاب الانساب (ورق ۴۱۸ ب) میں فقط یہ ہے کہ ابو النصر عبد الرحمٰن بن عبد الجبار بن عثمان الحافظ الفامی اہل ہرات میں سے اور اہل علم و فضل میں سے تھے' انہوں نے بہت حدیث سنی اور اپنے خط سے لکھی اور اصل نسخے حاصل کیے اور فلاں اور فلاں[2] سے حدیث سنی' میں نے ان سے بہت حدیث ہرات اور فوشنج میں سنی'

براکلمن (تکملہ ۱ : ۵۷۱) پر ان کا مختصر سا ترجمہ دیا ہے اس میں ان کو ابو نصر عبد الرحمٰن بن عبد الجبار الفامی

---

[1] غالباً عبد الجبار چاہیے۔ دیکھیں کتاب الانساب سمعانی (۴۱۸ ب) اور براکلمن تکملہ ۱ : ۵۷۱
[2] بڑھائے ہیں؛ یہ نام وہی ہیں جو سبکی نے دیے ہیں البتہ سبکی نے کچھ نام اور بھی بڑھائے ہیں۔

لکھا ہے درست الفامی ہے اور براکلمن کو اس باب میں یقیناً التباس ہوا[1] ہے، (دیکھیں سمعانی ورق ۴۱۸ب بذیل الفامی)

"تاریخ ھرات فامی اب نایاب ہے، مگر اس کے بعض اقتباسات ملتے ہیں، سیفی کی تاریخ نامۂ ھرات ص ۲۵ و ۲۶ تا ۴۴ میں اس کتاب کے حوالے سے بناء ھرات پر مفصل گفتگو کی ہے۔ ظاہر اصل عربی کو سیفی نے فارسی میں بیان کیا ہے، قرائن کی دلالت یہ ہے کہ فامی کی کتاب عربی میں تھی"

معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب علامہ سبکی صاحب طبقات الشافعیہ کے سامنے تھی۔ اس لیے کہ انھوں نے چند مقامات پر اس نایاب کتاب کے اقتباسات دیئے ہیں مثلاً ۴ : ۱۵ پر اس میں الناصرتی داعی فاطمیہ مصر کے محمود غزنوی کے پاس آنے اور اس کے قتل اور اس کی سواری کے عجیب و غریب خچر کا ذکر ہے جس کا رنگ ساعت بساعت بدلتا تھا"

اسی طرح ۴ : ۱۸ بعد پر اسی کتاب میں محمود کے ان حملوں کا حال تفصیل سے دیا ہے جو اس نے ہندوستان پر کیے،

اسی طرح جلد ۲ص ۵۸ س ۱۲[2] پر "احمد بن عبد اللہ بن محمد" الشیخ الجلیل ابو محمد المزنی المغفلی الھروی الملقب بالباز الابیض" کے ترجمہ میں سبکی نے تقریباً دو سطر کی عبارت "تاریخ ہرات" سے نقل کی ہے۔ عجب نہیں کہ سبکی نے بعض اور تراجم میں بھی اس کتاب کے اقتباسات دیئے ہوں ان کو ڈھونڈنا چاہیئے

بظاہر علامہ ذہبی کے سامنے بھی یہ کتاب تھی اس لیے کہ سبکی نے ان کی یہ رائے نقل کی ہے:

ولیس تاریخه بمستوعب

(طبقات الشافعیۃ ۴ : ۲۴۵)

---

[1] بظاہر اس لیے کہ طبقات الشافعیہ ۲ : ۵۸ س ۱۲ میں مطبعی غلطی سے یہ نسبت الشامی چھپ گئی ہے،

[2] سبکی نے عبارت کو یوں شروع کیا ہے: "ذکرہ ابو النصر الفاضی [یہ بھی الفامی کی تصحیف ہے] فی تاریخ ھراۃ ولیس ھو ابو النصر العتبی ذلک ادیب متقدم مصنف الکتاب الیمینی..... وھذا محدث متاخر من اقران ابن السمعانی لہ تاریخ ھراۃ"

[3] براکلمن نے غلطی سے سطر ۱۸ لکھا ہے،

کلمۂ مجوس

الرسالۃ القشیریۃ فی علم التصوف تصنیف امام ابوالقاسم عبدالکریم ابن ہوازن القشیری (م۔ ۴۶۵ھ) طبع مصر ۱۳۱۹ھ ص ۱۱۲ میں آیا ہے کہ کسی نے ایک صوفی سے پوچھا کہ فتوت کس کو کہتے ہیں، اس نے جواب دیا (فتوت) یہ ہے (کہ ایک شخص اس میں تمیز نہ کرے کہ اس کے دسترخوان پر ولی (کھانا) کھا رہا ہے یا کافر، پھر مزید وضاحت کے لیے مصنّف نے ایک قصہ دیا ہے۔" میں نے ایک عالم سے سنا کہ ایک مجوسی نے ابراہیم خلیل علیہ السلام سے ضیافت چاہی، آپ نے فرمایا اس شرط پر کہ تم اسلام لاؤ، اس پر مجوسی چلا گیا، اللہ تعالےٰ نے ان پر وحی بھیجی کہ اس کے کفر کے باوجود پچاس برس سے ہم اس کو روزی دے رہے ہیں کاش تم بھی اس کو دین کے بدلنے کے مطالبہ کے بغیر ایک لقمہ دے دیتے، ابراہیم علیہ السلام اس کو ڈھونڈنے نکلے اور اس کے مل جانے پر اس سے معذرت چاہی، اس نے معذرت خواہی کا سبب پوچھا اور آپ نے سبب بتایا تو مجوسی اسلام لے آیا؟

ایک صاحب نے اس قصہ پر اعتراض کیا ہے کہ مجوسیت (یعنی مذہب زرتشت) کا زمانہ ابراہیم علیہ السلام سے بعد کا ہے، اس لیے اس بیان میں "تاریخی غلطی" (anachronism) ہے،

قصہ سے مقصود صرف ایک سبق سکھانا ہے، اس لیے شاید اس کو تاریخی چھان بین کا محل نہ بنانا چاہیئے، تاہم ہوسکتا ہے کہ مجوسی سے مراد یہاں زرتشتی نہ ہو، چنانچہ محیط المحیط (ج ۲ ص ۱۹۵۰) میں ہے کہ مجوسی کا اطلاق کبھی ساحر، حکیم اور فلسفی پر بھی کرتے ہیں:

وربما اطلق المجوسی علی الساحر والحکیم والفیلسوف کالمجوس الذین اتوا من فارس الی الیہودیۃ عند ولادت المسیح،

انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ج ۳ ص ۱۰۱ پر ہے کہ لفظ مجوس سے جو بمعنٰی "کفار، آتش پرست" ہے معرب

اور اندلس کے مؤرخ بیکنڈے نیویا کے بحری لصوص (Pirates) مراد لیتے ہیں جن کو انگریزی میں "نورتھ مین" (Norsemen) Northmen کہتے ہیں، اور فرانس کے نارمنوں پر بھی اس کلمہ کا اطلاق کرتے ہیں، نورتھ مین کا پہلا حملہ اندلس میں ۲۳۰ھ میں ہوا۔ ڈوزی نے تکملہ لغات عرب میں مجوسیت کے معنی Paganism دیئے ہیں یعنی بت پرستی "مشرک"[1]

قشیری نے جو قصہ دیا ہے اس کو بوستان (کلیات طبع بمبئی ۱۲۶۷ھ/ص ۲۸) میں سعدی علیہ الرحمۃ نے ذرا پھیلا کر بیان کیا ہے اور اس میں اس "مجوسی" کو بے شک زندتشتی بنا دیا ہے۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کہتا ہے:

بگفتا نگیرم طریقت بدست — که نشنیدم از پیر آذر پرست
بدانست پیغمبر نیک فال — که گبر است پیر تبه بوده حال...
گر او می برد پیش آتش سجود — تو واپس چرا می بری دست جود

لیکن یہ جو بات قشیری کے ہاں نہیں ہیں، ممکن ہے شیخ کا مأخذ اور ہو اور یا انہوں نے شاعری کی ہو، جس طرح سومنات والے قصے میں، وہاں فرماتے ہیں (بوستان طبع مذکور ص ۹۶)

بنرمی بپرسیدم اے برهمن — عجب دارم از کار این بقعه من..
مغان را خبر کرد پیران دیر — ندیدم در آن انجمن روی خیر

---

[1] مثلاً نویری نے لکھا ہے: ذکر خروج المشرکین الی بلاد الاسلام بالاندلس قال و فی سنة ۲۳۰ خرج المجوس فی اقاصی بلاد الاندلس الی بلاد المسلمین Dozy Recherches sur l'Histoire... de L'Espagne 2nd Edn Leyde 1860, P LXXXII

یہی مصنف نے ابن حیان کی عبارت نقل کی ہے: اسرته المجوس الخارجون بساحل الاندلس الغربی ایام الامیر محمد (P. LXXXVIII)

نفح الطیب (طبع لیدن) ۱: ۱۰۴ پر ہے: و منها (ای من البحر المحیط) تخرج قوم بنال (؟) فی سفوی (؟)، ۲پر

فتادند گبران پازند خوان ۔ چو سگ در من از بر آن استخوان..
مین برهمن سا ستودم بلند ۔ که ای پیر تفسیر استاد زند..
شبی هم چو روز قیامت دراز ۔ مغان گرد من بی وضو در نماز
کشیشان هرگز نیازرده آب
بغل ها چون مردار در آفتاب

بقیہ حاشیہ ص ۲۴۲ : لهم المجوس علی النصاری اولها جزیرة بوطانیة وهی بوسط البحر المحیط' ص ۴۳۱ پر الغزال کے ملکۂ مجوس (Northmen) کے ہاں جانے کا ذکر ہے اور اس کا شعر دیا ہے:

انی تعلقت مجوسیة
تابی لشمس الحسن ان تغربا

آٹھویں صدی ہجری میں سُلطان کس کو کہتے تھے ؟

تاج الدین ابونصر عبدالوہاب بن تقی الدین السبکی متوفی ۷۷۱ھ نے طبقات الشافعیۃ الکبریٰ (طبع اول مصر) ج ۴ ص ۱۲ پر لکھا ہے :

دارباب، دول کی اصطلاح میں سلطان وہ ہے جو دو یا زیادہ اقلیموں کا مالک ہو' اگر ایک ہی اقلیم کا مالک ہو تو اس کا ملک کہتے ہیں' اگر اس کی حکومت فقط ایک ہی شہر میں محدود ہو تو اس کو نہ سلطان کہتے ہیں نہ ملک، وہ امیر بلد یا صاحب بلد کہلاتا ہے، اس سے ہمارے زمانے کے بعض منشیوں کی غلطی ظاہر ہوتی ہے کہ وہ صاحب حماۃ کو سلطان کہتے ہیں' اس کو نہ سلطان کہہ سکتے ہیں نہ ملک' اس لیے کہ اس کی حکومت حماۃ کے حدود سے متجاوز نہیں ہے' پس گویا یہ منشی مقررہ اصطلاح سے متجاوز ہو رہے ہیں' سلطان کے لیے یہ بھی شرط ہے کہ اس کے اوپر کوئی حاکم نہ ہو' یہی صورت ملک کی بھی ہے' مگر صاحب بلدۃ کی یہ صورت نہیں اس لیے کہ وہ سلطان کے زیر حکم ہوتا ہے' ہاں سلطان کی حکومت یا عدم حکومت کسی ملک پر سلطان کی قوت اور ضعف کے لحاظ سے اختلاف پذیر ہوتی رہتی ہے' جب صلاح الدین نے مصر فتح کیا تو نور الدین کے لیے منابر دیار مصر میں خطبہ پڑھا گیا اور تب نور الدین سلطان کہلایا، اس وقت کسی نے اس کی مدح میں کہا :

و ملکت اقلیمین ثمت ثالثا

فدعیت بعد الملک بالسلطان

(ترجمہ)

آپ دو اقلیموں کے مالک ہوئے' پھر تیسری اقلیم پر قبضہ کیا' ملک کہلاتے کے بعد (تب) آپ سلطان کہلائے ۔

قاہرہ کی وجہ تسمیہ

ناصر خسرو نے لکھا ہے (سفرنامۂ حکیم ناصر خسرو طبع برلین ۱۳۴۱ ص ۶۰) کہ المعز کا لشکر جو تیس ہزار سوار پر مشتمل تھا وہاں پہنچا جہاں آج قاہرہ آباد ہے اور دریای نیل کو عبور کیا'۱ یہ ۳۶۲ھ کا واقعہ ہے اور سلطان خود کشتی کے راستے سے یہاں پہنچا' سلطان کے ہمراہ کل سات کشتیاں تھیں، خود ناصر خسرو نے جو ۴۴۱ھ میں قاہرہ پہنچا یہ کشتیاں قاہرہ کے نزدیک خشکی پر پڑی دیکھیں' پھر وہ لکھتا ہے :

"جس وقت المعزلدین اللہ آیا خلیفہ بغداد کا سپہ سالار جو مصر میں تھا معز کی خدمت میں طاعت گذاری کے لیے حاضر ہوا اور معز لشکر کے ہمراہ اس مقام پر جہاں اب قاہرہ آباد ہے فرد کش ہوا اور اس لشکر گاہ کا نام قاہرہ رکھا گیا" "آنچہ (کذا در نسخ، ظن مصحح : چہ) آن لشکر آنجا را قہر کرد" (سفرنامہ مذکور) یعنی "اس لیے کہ وہ لشکر اس جگہ پر غالب آیا" بظاہر یہ قدیم ترین وجہ تسمیہ قاہرہ کی ہے جو ہم تک پہنچی ہے' ناصر خسرو جو خود دعوت فاطمیہ سے تعلق رکھتا تھا. قاہرہ کے آباد ہونے سے تقریباً ۸۰ برس بعد وہاں پہنچا ہے اور اس وجہ تسمیہ سے ہم کو اطلاع دیتا ہے.

وقائع سیر و سیاحت ڈاکٹر برنیر گلزار ابراہیم پریس' مراد آباد ۱۸۸۸ء ص ا کے حاشیہ میں خلیفہ سید محمد حسین نے کہا ہے : "اس شہر کو (یعنی قاہرہ کو) ۳۵۸ ہجری[۲] مطابق ۹۶۱ء میں المعزلدین اللہ خلیفہ

---

[۱] ناصر خسرو نے فاطمیہ کے عبور نیل کی تاریخ ۳۶۲ دی ہے مگر کتب تاریخ میں یہ ۳۵۸ ہے یعنی وہی تاریخ جو خلیفہ سید محمد حسین نے درج کی ہے۔ البتہ نزہتہ القلوب ص ۲۵۲ پہ قاہرہ کی تاریخ بنا ۳۶۳ دی ہے' غالباً صحیح صورت وہ ہے جو ابن خلکان کی وفیات (طبع مصر سنہ ۱۳۱۰ ۱/۹۱) پہ ہے کہ شعبان ۳۵۸ میں قائد جوہر نے مصر فتح کیا اور موضع قاہرہ کا اختطاط کیا یعنی زمین (باقی صفحہ ۲۴۷ پر)

فاطمی معزبی کے سپہ سالار جوہر نے آباد کیا تھا اور مصر کو قہر و غلبہ سے فتح کرنے کی وجہ سے قاہرہ نام رکھا تھا"

ایک دوسری روایت وجہ تسمیہ کے متعلق مقریزی نے خطط (طبع بولاق ۱۲۷۰ سنہ ج اص ۳۷۷) پہ دی ہے[1]، انسائیکلوپیڈیا آف اسلام میں (۱ : ۸۲۱ پہ) ہے کہ جب جوہر کی فوج ۱۸ شعبان ۳۵۸ کو اس کے پاس جمع ہوگئی تو اس نے ایک نئے شہر کی تخطیط کا حکم دیا، منجمین کے مشورے سے ساعت سعید اختیار کیے بغیر ان دنوں میں اتنا اہم کام سرانجام نہ پا سکتا تھا چنانچہ مؤرخ ہم کو بتاتے ہیں کہ ایک مناسب جگہ کی تخطیط کی گئی اور اس کے زیادہ دور کے حصّوں کو رسیوں کے ذریعہ ملا دیا گیا ان رسیوں پر گھنٹیاں لٹکا دی گئیں، غرض یہ تھی کہ جونہی منجّم اشارہ کریں ایک ہی ساعت میں سب مقامات پر کام شروع ہوجائے، اتفاق سے ایک کوّے نے مقررہ ساعت سعید سے پہلے گھنٹی والی رسی کھینچ دی اور تعمیر اسی وقت شروع ہوئی جب مریخ[2] قاہر الفلک طالع تھا، اس سوء اتفاق کا علاج ہو نہ سکتا تھا مگر اس کی نحوست کم کرنے کے لیے نئے شہر کا نام منصوریہ[3] رکھا گیا، واقعہ یہی ہے کہ معز کے مصر آنے تک بظاہر قاہرہ کو منصوریہ ہی کہتے تھے، معز نے زیچ کا معاینہ کیا تو طلوع مریخ میں نحس کی بجائے سعد کو دخیل پایا اس طرح اس نئے شہر کا نام القاہرہ المعزیہ قرار دیا گیا۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۴۶) پر محلوں اور عمارات وغیرہ کے نشان لگائے اور رمضان ۳۶۱ھ میں جامع قاہرہ (الازہر) کی تعمیر ختم کی اور اس کے ۲ سال ۲۰ دن بعد معز قاہرہ پہنچا، وفیات ۲ : ۱۰۲ پہ ہے کہ معز قاہرہ میں سنہ ۳۶۲ میں داخل ہوا،

[1] افسوس ہے کہ یہ ایڈیشن اس وقت مل نہیں سکا اس لیے مجبوراً انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ۱ : ۸۲۱ سے مقریزی کا بیان منقول ہوا،

[2] Lane نے القاهر کے معنی مریخ کے لکھے ہیں،

[3] المعز ابو تمیم معد کا باپ اسماعیل الملقب بالمنصور تھا (معجم البلدان طبع لیپزک ۴ : ۲۲)

قلۂ کوہ دماوند پر ایک اکتشافی ارسالیہ (مہم)

تیسری صدی ہجری میں

دماوند نواحی رے میں ایک پہاڑ ہے اس کی چوٹی بلند ہے اور اس کا اوپر کا حصہ گرمی سردی میں برف سے ڈھکا رہتا ہے، مسعر بن مہلہل شاعر نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے کہ اس کی چوٹی پر کوئی انسان چڑھ نہیں سکتا بلکہ اس کے قریب تک بھی نہیں پہنچ سکتا، یہ چوٹی مرج القلعہ اور عقبۂ همدان سے نظر آتی ہے[1] اور رے سے اس کی طرف دیکھنے والے کو یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ چوٹی اس کے سر پر کھڑی ہے اور یہ کہ وہ دو تین فرسخ کے فاصلے پر ہے[2] دماوند آتش خیز پہاڑ ہے، اس میں سے آگ اور دھواں اٹھتا نظر آتا ہے۔ مسعر کہتا ہے کہ میں شدید مشقت اٹھا کر اور جان کو خطرے میں ڈال کر اس پہاڑ کی نصف بلندی تک پہنچا، اور مجھ کو گمان نہیں ہے کہ کوئی شخص اس پہاڑ پر اس سے زیادہ اونچا یا اتنا اونچا بھی چڑھا ہو۔


ابن الفقیہ (یعنی احمد بن محمد الہمدانی) نے کتاب البلدان (طبع لیدن ۱۳۰۲ھ) ص ۲۷۹ پر علی بن ربن کاتب مازیار (متوفی بعد ۲۳۶ھ) کا بیان دیا ہے جو معجم البلدان طبع لیپزگ ۲ : ۶۰۷ پر بھی نقل ہوا ہے، اس کا

---

[1] یاقوت نے علی بن ربن کی زبانی کہا ہے کہ کوہ دماوند سو فرسخ سے نظر آتا ہے، ہمدانی کا مطبوعہ نسخہ اصل کتاب کا اختصار ہے، یاقوت کے ہاں ابن ربن کا بیان مفصل تر ہے۔

[2] اس حکیم کا حال تتمہ صوان الحکمۃ (طبع لاہور) ص ۹ اور ۱۴۷ پر دیکھیں، معجم البلدان ۲ : ۶۰۸ پر ہے: کان حکیما محصلا ولہ تصانیف فی فنون عدۃ (عدیدۃ؟)

حاصل یہ ہے کہ علی بن ربن نے دیلمی اور طبری لوگوں کی ایک جماعت کوہ دنباوند کا حال معلوم کرنے کے لیے بھیجی، انھوں نے واپس آکر بیان کیا کہ وہ دو دن اور دو راتیں [یاقوت نے پانچ دن اور پانچ راتیں لکھا ہے] پہاڑ پر چڑھتے رہے اور تیسرے دن کا کچھ حصہ چلنے کے بعد [یاقوت میں اس کا کوئی ذکر نہیں ہے] پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے، چوٹی کی پیمائش تقریباً تیس [یاقوت: ۱۰۰] جریب تھی گو دور سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ چوٹی مخروطی شکل کا ایک قبہ ہے، اس چوٹی پر ریت پڑی ہے جس میں پاؤں دھنستے ہیں، وہاں کوئی چوپایہ نظر نہ آیا، سردی کی شدت اور تیز ہواؤں کی وجہ سے وہاں پرندوں اور حیوانوں کا گذر تک نہیں ہوتا، چوٹی پر انھوں نے تیس [یاقوت: ستر] سوراخ پائے جن میں سے کبریتی دھواں نکلتا ہے، سوراخوں کے اطراف میں زرد گندھک پڑی تھی جیسے سونا، یہ لوگ اس کی تھیلیاں بھر کر ہمارے پاس لائے، ان لوگوں کا بیان ہے کہ آس پاس کے پہاڑ وہاں سے ٹیلوں کی طرح نظر آتے ہیں، انھوں نے بحر خزر کی جانب دیکھا تو گمان کیا کہ وہ ایک چھوٹا سا دریا ہے، دماوند سے یہ بحر ۲۰ فرسنگ سے زیادہ دور ہے،



Principal **A. C. WOOLNER**, M. A., D. LITT., C. I. E., F. A. S. B
Vice-Chancellor, University of the Panjab.

Born. May 13, 1878 *Died. January 7, 1936.*

MANOHAR ELECTRIC PRESS, LAHORE

مرحوم ڈاکٹر اے سی وُلنر

قارئین کرام کو نہایت افسوس سے اطلاع دی جاتی ہے کہ ۷ جنوری ۱۹۳۶ء کو قریباً ۳ ہفتہ کی علالت کے بعد ڈاکٹر اے سی وُلنر ایم۔اے سی۔آئی۔ای پرنسپل اورنٹیل کالج اور وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی فوت ہو گئے۔ موصوف ۳۲ سال اور چند ماہ اس کالج کے پرنسپل رہے۔ پنجاب یونیورسٹی کی مجلس منتظمہ (سنڈیکیٹ) نے ۱۰ جنوری ۱۹۳۶ء کو ایک قرارداد تعزیت منظور کی۔ صاحب وائس چانسلر نے اس موقعہ پر مرحوم ڈاکٹر وُلنر کے بعض حالات مجلس کے سامنے پیش کیے۔ ان کا ترجمہ ذیل میں پیش کیا جاتا ہے:

اپنا ریزولیوشن پیش کرتے وقت صاحب وائس چانسلر نے فرمایا کہ ڈاکٹر وُلنر ۱۹ اپریل ۱۹۰۳ء کو پنجاب یونیورسٹی کی خدمت پر بحیثیت مسجّل (رجسٹرار) یونیورسٹی و پرنسپل اورنٹیل کالج لاہور تشریف لائے اور جنوری ۱۹۲۱ء میں یونیورسٹی تعلیمات کے پہلے ڈین بنے۔ فروری ۱۹۲۳ء میں ان کو یونیورسٹی کا زبان سنسکرت کا پروفیسر مقرر کیا گیا اور اکتوبر ۱۹۲۸ء میں وہ وائس چانسلر کے منصبِ جلیلہ پر فائز ہوئے۔

۱۹۰۴ء سے ڈاکٹر وُلنر برابر یونیورسٹی کے فیلو اور سنڈیکیٹ کے رکن بنتے چلے آئے۔ ۱۹۲۸ء میں ان کی خدمات مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی ہیئتِ تنظیمی کی اصلاح و درستی کی غرض سے گورنمنٹ آف انڈیا نے دو ماہ کے واسطے مستعار لی تھیں۔ ایک عرصہ دراز تک یونیورسٹی کے کتب خانہ کے ناظم اور یونیورسٹی کی تقرریوں[1] کے بورڈ کے معتمد۔ محکمہ[2] اطلاعات خارجہ

---

[1] University Appiontment Board [2] Foreign Information Bureau

کے مہتمم اور یونیورسٹی کی ڈیل کمپنی کے ایجنٹین کے طور پر کام کرتے رہے۔

ان کے عہد میں یونیورسٹی نے ایک قابل حیرت توسیع پائی ہے جس کا اندازہ اس بیان سے ہوسکتا ہے کہ ۱۹۰۳ء میں صرف سینٹ ہال یونیورسٹی کی واحد جائداد تھا۔ اٹھارہ کالج اس کے ساتھ ملحق تھے۔ تیرہ ہزار چار سو اٹھتر طلبہ شریک امتحانات اور دو لاکھ دس ہزار چار سو سینتالیس روپے سالانہ آمدنی تھی۔ اس کے مقابلہ میں ۱۹۳۵-۳۶ء میں یونیورسٹی ایک بیش بہا جائداد کی مالک ہے جس میں عمارات کتب خانہ، سینٹ ہال، ہیلی ہال، لاکالج، اورینٹل کالج، ڈی مونٹ مورنسی ہال، یونیورسٹی کیمیائی معمل، ہیلی کالج تجارت، رصدگاہ، میچوں اور کھیلوں کا میدان، لاکالج کے کھیلوں کی زمین اور یونین کلب کی عمارت وغیرہ شامل ہیں۔ ملحق شدہ کالجوں کی تعداد چوّن ہے اور ۱۹۳۵ء میں شریک امتحانات امیدواروں کی تعداد سینتیس ہزار چھ سو ترسیٹھ اور ۱۹۳۵-۳۶ء کی آمدنی کی رقم مبلغ پندرہ لاکھ دس ہزار اور آٹھ روپے تک پہنچ گئی ہے

ترقیاں

ان کی وائس چانسلری کے زمانہ میں شعبۂ تاریخ و طبیعیات آنرز اسکولز کا افتتاح ہوا۔ فلسفے کی ڈاکٹریٹ، صنعت و حرفت میں ماسٹر آف سائنس اور دندان سازی میں بیچلر شپ کی ڈگریاں دی جانے لگیں۔ اسی طرح لانگولوجی اور آڈٹولوجی کا ڈپلومہ دیا جانا شروع ہوا۔ یونیورسٹی توسیعی لیکچرز کے سلسلہ کی تاسیس ہوئی۔ اس کے علاوہ دیگر امور متعلقہ امتحانات میں مختلف قسم کی اصلاحات عمل میں آئیں۔ طلبہ کے افادے کی غرض سے پبلک سروس کے امتحانات کا درجہ کھولا گیا۔ طلبہ[1] کی نگرانی کے نظام کی تدریج ہوئی اور یونین سوسائٹی اور

---

[1] Proctorial System

کلب کی بنیاد رکھی گئی اور کلب کے واسطے معقول عمارت تیار کرنے کے لیے ضروری اقدام کیا گیا۔ ایک مفصلاتی بورڈ اس مقصد سے وجود میں لایا گیا کہ وہ مفصلات کے کالجوں اور ان کی تعلیمی مشکلات کے متعلق یونیورسٹی کی متعلقہ جماعتوں کو مفید مشورے دیتا رہے۔ مشرقی "تالیفات کے ایک فنڈ کی بنیاد ڈالی گئی۔ ڈاکٹر وولنر کی تصنیفات ذیل اسی سلسلہ میں طبع ہو چکی ہیں

۱۔ مدخل پراکرت

۲۔ کیتات اشوک، متن و فرہنگ

۳۔ بھاس سے منسوب ناٹکوں کا ترجمہ (بشراکت ڈاکٹر سروپ)

۴۔ کنڈ مالا کا ترجمہ

یونیورسٹی تعلیمات کے ڈین کی حیثیت سے انہوں نے یونیورسٹی آنرز اور بی۔اے سے بالائی تعلیمات کو بالکل مرتب و منظم کر دیا اور بتدریج مگر استقلال کے ساتھ اس کی تعلیمی تحریکات کو توسیع دی اور یہ بیان مبالغہ کے شائبہ سے بری سمجھا جائے کہ پنجاب یونیورسٹی جس حالت میں کہ آج ہم اسے دیکھتے ہیں آنجہانی موصوف کی ان طویل خدمات کا نتیجہ ہے جو انہوں نے اس صوبہ کی اعلیٰ تعلیم کے واسطے انجام دیں۔

ہر وہ شخص جس کے ساتھ بحیثیت استاد و شریک کار و ناظم امور، ان کا واسطہ پڑتا تھا ان کے علمی تبحر، شرافت طبع اور پاک سیرتی کے اوصاف کی بنا پر ان کے ساتھ محبت و عقیدت و احترام کے جذبات محسوس کرنے لگتا تھا۔ آیندہ نسلوں کے واسطے ان کی یہی باقیات ہی جو ان کی بیش قیمت یادگار کا کام دیں گی۔

اقتباس از

آداب الحرب والشجاعۃ للمروالروذی

کتاب آداب الحرب و الشجاعۃ جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے علم حرب پر ایک تصنیف ہے جس کا مصنف شریف محمد بن منصور ملقب بمبارک شاہ معروف بفخر مدبّر[1] قریشی ہے، باپ کی طرف سے اس کا شجرۂ نسب حضرت ابوبکر صدیق رضہ سے ملتا ہے اور ماں کی طرف سے امیر بلکاتگین سے جو حاجب کبیر الپتگین کے بعد غزنین میں تخت نشین ہوا[2]، شریف محمد نے آداب الحرب کو سلطان شمس الدین التمش کے نام پر معنون کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ کتاب ۶۰۷ھ اور ۶۳۳ھ کے درمیان لکھی گئی جو التمش کی حکومت کا زمانہ ہے، اسی مصنف کی تاریخ مبارک شاہی بھی موجود ہے اور چھپ چکی ہے اس کے دیباچہ میں مصنّف نے اپنا اور اپنے خاندان کا حال مفصل بیان کیا ہے، کتاب آداب الحرب ابھی تک طبع نہیں ہوئی۔ ریو نے فہرست مخطوطات موزہ برطانیہ ص ۴۸۷ بعد پر اس کا حال مفصل دیا ہے وہاں دیکھنا چاہیئے۔ آیندہ صفحات پر اس کتاب کے گیارھویں باب کا اکثر حصہ درج کیا جاتا ہے۔ اس سے کتاب کے مضامین اور مصنف کی طرز تحریر کا اندازہ ہوجائے گا۔ مصنف نے بہت سے مصطلحات فن حرب کا استعمال کیا ہے جو کتب لغت میں نہیں ملتے اسی طرح وہ پنجاب و سرحدی صوبہ کے

---

[1] اس مصنف کی بعض تصنیفوں میں بظاہر مدیر بجائے مدبر لکھا ہے۔

[2] اس کے سن میں اختلاف ہے، قول معتبر یہ ہے کہ وہ ۳۵۵ سے ۳۶۲ تک حکمران رہا۔

متعدد جغرافیائی مقامات کا ذکر کرتا ہے جو ساتویں صدی میں موجود تھے مگر ان کا ذکر جغرافیائی، ادبی یا تاریخی کتب میں ہم تک نہیں پہنچا، متن برٹش میوزیم کے نسخہ پر مبنی ہے، اس کو حواشی میں "آ" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے، یہ نسخہ غالباً سولھویں صدی میں لکھا گیا تھا۔ اچھا نسخہ ہے مگر اغلاط اس میں بہت ہیں، مقابلہ کے لیے ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کا نسخہ استعمال ہوا ہے جو "ب" کے نام سے حواشی میں مذکور ہے۔ اس نسخہ کا مفصل حال آیوناف کی فہرست ص ۴۹۴، نمبر ۱۶۰۸ میں دیا ہے، اس نسخہ میں بھی اغلاط بہت ہیں مگر دونوں نسخوں کے مقابلہ سے بعض عبارتوں کی تصحیح ممکن ہوسکی گو بعض مقامات دونوں میں مخدوش ہیں۔ ایک تیسرا نسخہ انڈیا آفس کے کتاب خانہ میں ہے مگر تا دم تحریر اس نسخہ تک رسائی نہیں ہوسکی،

باب یازدهم

۹۶ب اندر فضیلت و خاصیت هر سلاحی و ثواب کاربستن آن که هر یک چه جای بکار آید و خاصیت هر یک چیست،

و هیچ سلاح را آن خاصیت و فضیلت نیست که تیراندختن را از
۹۷ب بهر آنکه جمله سلاحها[1] تا دشمن نباشد (۹۷ب) کار نتوان بست مگر تیر انداختن که بر دشمن[2] توان انداخت و بر شکاری و بر پرنده و بر هدف و بر[3] جاس و بر هرچه خواهی بتوان زد و در هیچ حال بیکار و مهمل نیست و خصم را از

---

[1] آ: با، تصحیح از روی ب [2] آ: بر خاس، تصحیح از روی ب [3] از روی ب

{دور[1]} دفع نتوان کرد و بزد و در حصارها و قلعه‌ها و جنگ جایها این سلاح بکار شود و
تیر ناوک و غذرک[2] و ملخک و آفتک[3] و دانگسنگ و نیم وانگ سنگ
و **جوال دوز و نیم جوال دوز** همه بابت حصار است و درین جایگاها بکار شود،
و سقراط گوید: اگر تیر انداختن و چوگان زدن هیچ هنر نیست[4] همین بس کند[5]
که اندامها نرم کند و بندها را بکشاید و گوشت تن مردم را سخت کند و بیفزاید
و چشم را روشن کند و دست و پای را راست دارد[6] و جنگ را بیاموزد و گرفتگی
را بکشاید و مردم را دلیر کند و آنده‌ها و شبوتها را برانگیزد و همت را بزرگ کند،
و[7] روا باشد که تیر را تقدیر خوانند، و کمان را تدبیر، و پیکان را مرگ پران
و در فشان،

و هرجائی و هرجنگی را تیر از نوعی[8] باید و پیکان از نوعی دیگر تا کاری
گر آید و اگر نه ضایع و باطل باشد تیراندا‌ختن، و درین معنی استادان در تیراندازی
کتابها کرده اند و شرح آن باز گفته. چنانکه تیر زره را پیکان ماهی پشت و
غوله باید، و ازان جوشن را همین پیکانها باید، و ازان **سپر چوبین و سپر شوشک[9]
و سپر نی[10] نیزه و سپر چچ[11] و سپر کرگ و سپر خدنگ**(۱۹۸) را **پیکان مودودی**

---

[1] از روی ب
[2] ب: غدرک [3] آ: افنک ب: رفیک، مشکوک است، [4] ب: نیستی، [5] آ: کنند، ب مثل متن [6] آ: آرد، تصحیح از روی
ب [7] آ: او را، تصحیح از روی ب، [8] ب: نوعی دیگر

[9] فرہنگ آنندراج میں بمعنی (۱) سانپ چہار تارہ و (۲) نیفہ دیا ہے، اور قریباً یہی معنی سٹائن گاس نے دیئے ہیں مگر
معلوم نہیں سپر نے یہ نام کیوں پایا، سٹائن گاس نے لکھا ہے کہ اس چہار تارہ کا پیٹ بڑا اور گردن لمبی ہوتی ہے
شاید کچھ ایسی ہی خصوصیتیں اس ڈھال میں بھی ہوتی ہوں گی [10] در ب ندارد [11] آ: جح، ب: چچ بر چخ چوبی باشد پنج شاخه مانند
پنجۂ دست و دسته هم دارد که غله کوفته را باآن بباد دهند و غربالی را نیز گفته اند که بدان غله پاک کنند، فرہنگ آنندراج، سٹائن گاس
نے اس کو چچ بھی لکھا ہے،

باید، و تیر پرتابی و حصار را پیکان غوله و ماهی پشت و سه سو باید و تیر خفتان و بغلطاک[1] و برگستوان جاگی را پیکان بیلک[2] پیاتاخی و برگ[3] بید و تتماجی[4] و بط پای باید، و پوشیده را و برگستوان آهنین را نیز خدنگ و یا ککک و پیکان بیلک درشت پر باید، و

کمان

بر چند نوعست:

چاچی و خوارزمی و پروانچی و غزنیچی و لوهوری[5] و کروری و هندوی و کوهی

امّا **کمان چاچی** تیز[6] آید و اهل ماوراء النهر بدان کار کنند **کمان خوارزمی** کوتاه خانه و دراز گوشه باشد و زه از پوست اسپ کنند و تا تافته گره زنند و زه سطبر باشد، و تیر خدنگ هم سطبر بود و پیکان خرد[7] زخم نیک نیاید و تیر لرزان رود بسبب سبکی[8] پیکان و گرانی تیر، و **کمان پروانچی و غزنیچی و لوهوری و کروری** بابت تیراندازان اختیار ست، و کمان کوهی در کوه پایه[9] شیری[10] (؟) و انباران (؟) و بهروج و پنجه[11] گیر کنند و تمامت از شاخ نخچیر و بز کوهی کنند و هیچ چوب نباشد و نیک آینده باشد، و کمان هندوی از نی نیزه باشد و زه کمان هم از پوست نی نیزه باشد و تیر نیک دور نرود اما از نزدیک زخم سخت آید، و تیر هندوی را بیشتر شاخها باشد که در کزه[12] (؟) و

---

[1] ب: بغلطاق' = زرهی و برگستوان ریشمی که در روز جنگ می پوشیده اند و بر اسپ نیز برای حفظ می افگنده اند

[2] ب: بیلکر [3] ب: بیل [4] تتماج vermicelli [5] آ: لوهوری، ب متن [6] آ: تیرآمد، ب متن، [7] آ: خورد، [8] آ: بیکی، ب متن، [9] آ: کوهیانه، ب: کوهپایه، [10] آب: شیری،

[11] آ: پنجگر، ب: پنجه گیر [12] آ: کره، ب: کره، یه لفظ مشکوک ہے، کزہ: یعنی کمان (باقی صفحه ۲۹۳ پر)

جنبان[1]، (۴) اگر کسی ازان زخم یابد چون تیر بکشند بیشتر پیکان لسبب شاخها بماند و در کشیدن آن نیک رنج بینند و بیشتر زهر آلود[2] کنند، و پیکان اهل کوهیانه[3] هندوستان بیشتر از (۹۸ب) استخوان باشد و آن چنان باشند که هر استخوان[4] که یابند از (۹۸ب)
گاو و گاومیش و درازه گوش از استخوان ساق از مردار وکشتار[5] آن را در کیز و مزبلهاء تباه[6] بپرورند و هر استخوان که چرب باشد زهرناک باشد [چون[7]] مدتی برآید ازان بر مثل پیکان بتراشند و در کزه[8] نهند و هرگاه که بخواهند انداخت سر آن بر جایی زنند تا قطرهٔ ازان جدا شود چون کسی ازان زخم یابد و ازان استخوان اگر در آدمی بماند بر مثل زهرمار باشد زخم را پاره کنند و بجویند تا اندک چیزی اگرچه بر مثل کالی[9] باشد بیرون بکشند، آنگاه بجا باشد که آن را ان جرّی[10] خوانند، اگر کسی را بدست شود بخورد زود به شود اما هر سال بدان وقت که زخم خورده باشد بازان باو بشورد و آنکس را نیک برنجاند و اگر در آن وقت که زخم خورده باشد از مجامعت[11] کردن و جزات و سیر[12] خوردن نگاه ندارد[13] هلاک شود، و تا دندان آدمی و استخوان او بیاه نشده است امید ست که علاج کنند و جرّی[14] دهند نیک شود و هرگاه که بیاه شد آن کس هلاک شود و

(حاشیہ بقیہ صفحہ ۲۹۲) خشک چوب درخمیدگی و چرخ تنگ سخت آواز (فرہنگ آنند راج) ہے شاید وہ مراد ہو، اگلی سطروں میں مدکرہ و نہادن اور تیر ما کزہ شاندن بھی آیا ہے شاید گزہ ہو جس کی نسبت فرہنگ آنند راج میں ہے - زہمی از تیر و پیکان باشد [1] کذا در ہر دو نسخ، معلوم نہیں یہ کیا لفظ ہے جنبیدن بمعنی جنبش و خیز کردن و گرفتن ہے مگر یہاں جنبان بظاہر کسی قبیلے کا نام ہے [2] ب: زہر آلودہ [3] آ: کوہیانہ، ب: کوہپایہ، [4] ب: استخوانی [5] آ: کشتار آن، ب: کشتار آن، کشتار بمعنی کشتہ و مذبوح [6] آ میں یہ لفظ کٹ گیا ہے - صرف بت باقی ہے - تصحیح از روی ب [7] از روی ب [8] ب: کرہ [9] ب: کنجدی، کال بمعنی برنج ناپختہ و گندنا ہے [10] کذا در آ بالحرکات، ب: جری، بظاہر یہ ہندی لفظ جڑی ہے کسی خاص جڑی بوٹی کا نام نہیں ہے [11] ب: معالجت [12] ب: شیر [13] ب: دار [14] ب: جیری

آن پیکان را هرهانی [هرهانی] خوانند،

و تیرها، ماوراءالنهر و خراسان و عراق بیشتر **خدنگ** باشد، و بید و **خدنگ** نیک دور نرود بسبب گرانی اما نام‌دار باشد، و **تیر بید** بسبب سبکی راست رود نازک
۱۹۹ا باشد اگر زخمی سخت تر رسد تیر (۱۹۹ا) بشکند، هیچ تیری دور [اد][۱] تر و سبک تر و کاری تر از **کلک** نباشد اما نیک پخته و جوشیده باید و کالبد[۲] زده تاب کشیده، اگر تیرانداز نیک باشد و کمان بلند و شست بهرام بداند و بر پیل آهنین و خود پولاد زند بگذرد، و

پر تیر

از ذنب کرگس و عقاب نیک آید و اگر نیاید[۳] پر چرغ و شاهین و موش خوار و لک‌لک و کلنگ و سرخاب و خروس و بط و غلیواژ و بوتیمار و شترمرغ[۴] هم روا باشد، و **تیری** را که بر پرنده که بر درخت باشد پیکان [دو][۵] بیلک* دو شاخ باید تا[۶] در شاخ باریک سخت نشود و اگر بر شاخ رسد شاخ را ببرد، و تیرانداز باید که این دقایق را بداند و در این باب شاگردی کرده باشد. و بیاموخته و استاد گشته که اگر جایی تیرگر و کمان گر نباشد تیر را کژه[۷] براند [نشاند]* و سوراخ داند کرد و پیکان نهاد[۸] و تیر را پر[۹] کرد و تاب کشید، و اگر کمان را گوشه بگردد و یا خانه بالیند. با در آید آتش دادن و بازبستن بداند، و زه بستن و پیوند کردن بداند، و چهار بند بستن بداند، و اگر جایی خزه(؟) و درز کند بداند بست،

---

[۱] از روی ب [۲] ب. قالب [۳] آ: نیاید، ب مثل متن [۴] آ: شترمرغ تصحیح از روی ب [۵] آ: پلک، ب مثل متن [۶] در ب ندارد [۷] آ: کره بداند، ب مثل متن [۸] ب: داند نهاد [۹] ب: بر

و استادان بر کمانی را دو زه و بر زهی را دو انگشتوانه نهاده اند اگر یکی خطا افتد دیگری[1] بجای او بایستد، و

انگشت وانه

چند نوعست غازی وار و تبری[2] وار و ترکی وار، اما بهترین غازی وار باشد تا سر انگشت نزند که بر کسی تیر اندازی [استاد][3] نباشد،

[تیر]

و اگر بر دده[4] (۹۹ب) اندازد زینهار بر گرگ نیندازد که یا زه بگسلد و یا کمان بشکرد[5] (د) یا خلل افتد، و اگر تیراندازی خواهد که بر تیراندازان کید کند زه کمان خود از پوست گرگ سازد هرگاه که تیر از کمان[6] که زه از پوست گرگ باشد بیرون فرستند چون آواز[7] آن[8] کمان بهر کمانی که رسد که از پوست گوزن و پیله گاو و[9] اسب باشد جمله بگسلد[10]، ۹۹ب

و اگر تیر پرتاب بگرد اندازد دران کوشد تا گر تیر خصم را بنوعی چرب[11] تواند کرد تا دور نرود و مبلغی از تیرها دیگر پس ماند،

و تیر آماج را پیکان مدوری بلیسیده و چهار پر باید و اندازهٔ نه مشت تیر انداز باید و بقول بعض از استادان از زیر بغل تا سر انگشت بهابه باید و بقول بعضی

---

[1] آ: باره/ب: باز [2] ب: خیره [3] فقط در ب [4] یعنی جانوران درنده [5] آ: بشکرد، ب: لبشکند؛ [6] کذا در هر دو نسخ، بجای کمانی کرد، [7] بتقدیم و تاخیر در ب [8] آ: پرست، ب: مثل متن [9] در ب نداد و [10] دمیری (حیاة الحیوان طبع سنة ۱۳۲۰ھ، ۱: ۴۵۰) پر ہے: و اذا علق وتر من ذنبه ای ذنب الذئب علی شیء من الملاهی وضرب بها تقطعت جمیع اوتار النغم التی تکون علی الملاهی ولم یسمع لها صوت . . . و ان اتخذ طبل من جلده وضرب به بین طبول تشققت الطبول کلها [11] آ: جرب ب: حرب

از سر کتف تا سر انگشت میانگی، و بقول بعضی هر دو مشت پیش گیرد و سر بر سر نهد از سر آرنج راست تا سر آرنج چپ به پیمایند[۱]* اندازهٔ تیر آن قدر باشد، و حکم اندازان[۲] بیک چوبه تیر خصم ملک را کشته و مصاف را بشکسته اند چنانچه امیر بلکاتگین[۳] که از پس حاجب بزرگ الپتگین پادشاه غزنین شد و چهار سال ملک بود و خسر سلطان یمین الدوله محمود[۴] غازی نور الله قبرهما که کاتب و مؤلف کتاب را جد مادرگان باشد برفت و قلعت گردیز را محصر می کرد و موفق[۵] را بشار داد (؟) چنانکه عادت روزگار است ترکان دران جنگ آهستگی می کردند امیر بلکاتگین (۱۰۰ الف) از خشم لشکر پیاده شد، سپر[۶] چپی در پیش او می داشتند و خود پیش حصار رفت و جنگی قوی کرد و نزدیک آمد که حصار بگیرند، حکم اندازی تیر ناوکی بینداخت، بر جای شهید شد و لشکر بی مراد از آنجا باز گشت، (ص ۱۰۰ الف)

وقتی امیر ایاز بهندوستان بغزا رفت حصاری را در پیچیده لشکریان بیشتر بقلعه رفتند چنانکه لشکرگاه خالی شد، کافران از قلعه تاختن آوردند، امیر ایاز بدر حصار شد تا ایشان را از بیرون آمدن باز دارد[۷] پیلی سپید بیرون آمد و در عقب او سوار بسیار، تیر اندازی بود بلند کمان، قادر دست، حکم انداز، او را علی بخاری گفتندی امیر ایاز او را گفت: یکی تیر لشکر شکن توانی انداخت. گفت: توانم، آینه پیشی بود بزرگ بر پیشانی پیل آویخته، بخاری تیری پیکان سه سوی پولادی آب داده بزد

---

[۱] آ: بنماید؛ تصحیح از روی ب [۲] فقط ب: حکم تیر اندازان [۳] لین پول نے بلکاتگین کا سال جلوس ۳۵۵ اور سال وفات ۳۶۲ دیا ہے۔ اس حساب سے اس کی حکومت ۷ برس رہی۔ مگر ڈاکٹر ناظم نے اس کا سال وفات ۳۶۴ دیا ہے اور مدت حکومت دس سال (سلطان محمود ص ۲۷)؛ الپتگین ۳۵۲ میں فوت ہوا اس کے بعد ابو اسحاق ابراہیم بادشاہ ہوا پھر بلکاتگین [۴] فقط ب: مسعود [۵] ب: موفق؛ جملہ کا مطلب واضح نہیں ہے [۶] آ: چپی، ب: مثل متن [۷] ب: دارند

بر آیینهٔ پیل، آیینه پاره پاره شد؛ بانگ آیینه بفرسنگی برفت، پیل بترسید، تیر دیگر بگشاد بزد بر چشم پیل، نیمهٔ تیر بسر پیل در رفت؛ پیل از درد آن زخم باز گشت و خلقی را زیر پای بکشت و دیگر لشکر هزیمت شد و بحصار رفتند مسلمانان دل شکسته بودند هر یکی چون خیری گشتند و خلقی را بکشتند،

حکایت

وقتی سمرقندیان عاصی شدند، فایق[1] بیامد به ایشان جنگ کرد. کیمخت گری بود حکم انداز. بوقی را بزد. بوق در دهانش در رفت و از پس قفا بیرون شد؛ فایق گفت : زهی باریک (۱۰۰ب) انداز؛ جوشن پوشی دیگر را بزد، بدیگر سو بیرون شد؛ ص ۱۰۰ب
فایق گفت : زهی نیک انداز؛ علم بکند، باز به بخارا رفت، امیر خراسان را گفت این شهر بجنگ نتوان گرفت[2] [امیر گفت] دروغ می گویی، فایق گفت راست می گویم و دو گواه دارم، یکی تیری که بوقی را زدند دیگر تیری که جوشن پوش را زدند. علما درمیان شدند زد) میان امیر و سمرقندیان آشتی دادند، باز پس از چند سال سمرقندیان عاصی شدند. فایق بیامد جنگ آغاز کرد، تیری بیامد از دامن قبای او فرود[3] آویخت*. فایق گفت : ای فرزندان مژده مر شما را که مردان بردند زنان تیر می اندازند، هلّا[4] حمله کنید. سپاه فایق دل یافتند حمله کردند در حال شارستان[5] بستدند، ازین گفتیم که بد اندازی گناهست،

---

[1] امرای سامانیہ میں سے تھا - اس کا حال دیکھو سلطان محمود ص ۱۸۲ بعد پر [2] از روی ب

[3] ب : بر آویخت [4] ب : هلا

[5] مخفف شهرستان و آن حصاریست که بر گرداگرد شهر بزرگ بکشند (فرهنگ آنند راج)

حکایت

امیر طغرل[۱] بک و چغر بیگ گفتندی که ما بسبب یک چوبه تیر بهزیمت بخراسان[۲] آمدیم و آبخان بود که بخارا دیهی است که آن را خرامیتن[۳] گویند و آن دیه از ان تیراندازانست، غزان را بران دیه حرب افتاد، استادی بود تیرانداز که او را عبدالصمد کمانگر گفتندی، غزان غلبه کردند. نزدیک آمد که دروازه بستانند و غارت کنند. ترکمانی بود جوشن پوشیده در باغی بکنده بود و سپر کرده و امیر طغرل و چغری در پیش او ایستاده، تیری بزد ازین در بگذشت. جوشن پوش را بر سینه

(ص ۱۰۱ا) آمد بپشت بیرون شد ترکمان بیفتاد، طغرل و چغری (۱۰۱ او) بگریختند، چغری گفت: هرکه وی را زنده یا کشته بر من آرد او را بیست هزار درم بدهم، خواجه امام شومانی[۴] گفت: این استاد را ازین حال بپرسیدم گفت: بران در سوراخی بود آفتاب بر پشت ترکمان بود از آن سوراخ در افتاد من باریک اندازی کردم تیر

---

۱ ب: بیک ۲ سلجوقی ماوراء النہر سے خراسان میں ۴۲۵ھ میں آئے (انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ۱: ۲۹۰ ب) اس لیے واقعہ مندرجہ متن ۴۲۵ھ کے نواح میں واقع ہوا ۳ ب: خرامیتن، یہ وہی گاؤں ہے جو ابن سینا کا مولد تھا، کتاب الانساب میں اس کو خُرمیثَن اور معجم البلدان میں (۲: ۴۲۶ پر) خَرمَیثَن ضبط کیا ہے

۴ شُومان واشجرد کے جنوب میں ایک قلعہ ہے جس کو تیمور کے زمانہ میں حصار شادمان کہتے تھے اور حصار یا حصارک بھی اس کا نام تھا اب بھی اس کو حصار ہی کہتے ہیں عجب نہیں کہ امام شُومانی سے مراد ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ بن محمد الشومانی البلخی الملقب بزین الصالحین ہو جس کی نسبت سمعانی نے لکھا ہے کہ وہ شمس الملک نصر [ثانی] بن ابراہیم الخاقان کا استاذ و معلم تھا یہ نصر ۴۷۲ھ میں فوت ہوا (لین پول ص ۱۳۵) سمعانی نے صرف دو شامانیوں کا ذکر کیا ہے۔ ان میں سے ایک ۱۹۹ میں فوت ہوا۔ اور دوسرا ابوعبداللہ محمد مذکور ہے جس کا سن وفات اس نے نہیں دیا مگر شمس الملک کے زمانہ سے اس کا زمانہ قیاس میں آسکتا ہے۔

در آن سوراخ انداختم از مرد بگذشت ایشان پنداشتند که من تیر هم از در رو) هم از مرد گذاشتم، فزع و هولِ ایشان ازان بود،

وقتی علی تگین[1] بدر سمرقند رفت و جنگ[2] کرد، شارستان[3] بگرفت، در آمد، بدر آهنین رسید، استادی بود تیر انداز که او را احمد خیاط گفتندی بپاه بدر آهنین [بیستاد[4]] [بیسد] او برخاست و بیامد و بر جنگ بایستاد، ترکی بود که او را کرکیوغ[5] گفتندی، زرهی پوشیده و بوشنی زیر[6] آن پوشیده و خودری، عادی بر سر نهاده و سپری بر گرفته، و در پیش علی تگین سه چهار هزار غلام ناچخ و قراچولی کشیده می آمدند سمرقندیان بدر آهنین بیرون آمدند، استاد احمد تیر و کمان از شاگرد[7] بستد، تیری بپیوست، کوکیوغ[8] پای فیشیبی فرو نهاد[*] سرش از پس سپر بر بنه شد استاد تیر بر چشمک خود زد از خود و از سرش بگذشت، کوکیوغ[9] بیفتاد و جان تسلیم کرد، جمله سمرقندیان حمله کردند و در شهر هرکه درون آمده بودند بیرون کردند مردمان شهر از شادی بانگ کردند و این چنین بانگ

---

[1] علی تگین حاکم بخارا ایلک خانیوں میں سے تھا، وہ بغراخان کا بھتیجا اور طغان خان کا بھائی اور سلطان محمود غزنوی و قدرخان کا معاصر تھا۔ ۴۲۵ھ کے آخر یا ۴۲۶ھ کے شروع میں فوت ہوا (دیکھیں انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ۱: ۲۹۰) محمود اور علی تگین کی لڑائیوں کا حال سلطان محمود ص ۵۲ بعد پر دیکھیں،

[2] آ: جنذ، تصحیح از روی ب

[3] سمرقند کا رقبہ بقول ابن الفقیہ ۶ ہزار جریب تھا (یعنی شہر اور ربض ملا کر) شہر کا رقبہ ۵ ہزار جریب، اس شہر کے اندرونی حصہ (شہرستان) کا رقبہ ۲ ہزار جریب تھا، جامع مسجد اور قلعہ شہرستان کے اندر تھا قلعہ کے دو آہنین دروازے تھے ' دیکھیں ترکستان ص ۸۸

[4] آ: گوکنوغ، ب مثل متن، آگے چل کر آ میں ایک جگہ کوکنوغ، ایک جگہ کوکیوغ لکھا ہے بہرحال یہ نام مشتبہ ہے،

[5] ب: زیر،

[6] آ: ارشاد، تصحیح ب از روی ب

[7] آ: کوکنوغ الخ ب کوکیوغ را پای پیشین فرو نهاد

[8] آ: کوکنوغ، ب: کوکوغ

ص۱۰۱ب ماوراء[۱] (۱۰۱ ب) النهر [یان] بغو کو کیورغ*، خوانند، علی تگین بخارا باز رفت سبب شکستن لشکر و رستن شهری از غارت و رستن چند هزار مسلمان جوان از کشتن[۲] آن یک چوبهٔ تیر بود والله الموفق

ص۱۰۲ا و اگر کسی گوید که یک مرد هزار مرد (۱۰۲ ا) را از خود و فرزندان خود چون حصاری باز داشت آن جز تیرانداز نبوده باشند و پیغامبر علیه السلام می گوید: علّموا اولادکم السباحة و الرماية یعنی بیاموزید فرزندان خود را تیرانداختن و آشنا کردن و جای دیگر می گوید ارموا وارکبوا و ان ترموا خیرٌ من ان ترکبوا یعنی تیراندازید و سواری کنید[۳] [و اگر تیراندازید] بهتر از انکه سواری کنید......

تیغ

را جمشید بیرون آورده است و آن کفایت و کیاست او بوده است و او را درین باب بر جمله اهل عالم منت است و صد سال در آن کرد تا آهن از کوه و کان بیرون آورد و او تیغ کردن فرمود و رعب و هیبت شمشیر بیش از دیگر سلاحهاست و سلاح

ص۱۰۲ب مبارزان و دلاورانست و سلاح خفته است تا غرزانی و بیدار نکنی کار نباید بست که خطا افتد و بشکند، و اگر کسی گوید که از میان هزار مرد سلامت بیرون آمدم و هیچ کس گرد من نیارست گشت جز شمشیردار نبوده باشد، و پیغامبر علیه السلام می فرماید که الجنّة تحت ظلال السیوف بهشت در زیر سایهٔ شمشیرها ست و هیبت او بیش است چنانکه بجمله سلاحها ولایتی و ملکی بگیرند چنین گویند که این ملک و ولایت را بشمشیر گرفته ایم،

امّا تیغ چند نوعست چینی و روسی و خزری[۴] و رومی و فرنگی و یمانی و سلیمانی

۱- ب: ورا النهر یان است بغو کو عکبرغ، بغو د بوزن دیو مخفف یغوب (فرهنگ اندراج) ۲- آ: سبب الخ؛ ب: یک. ۳- از روی ب ۴- آخری، ب: فرزی

و شاهی و علائی[1] و هندی[2] و کشمیری[3] جمله تیغها نام دارند اما از همه تیغها هندی
بهتر و گوهردار تر و برنده تر آید و آن چند نوعست پرالک[4] و ترادته[5] و روهنیا[6] و
مقبر(؟)[7] و مان گوهر پرگس(؟)[8] که آن را بسبب بسیاری بند موج دریا خوانند قیمتی تر
و طرایف تر از همه تیغها باشند و درمیان لشکر و خزینه و زرادخانهٔ بادشاهی[9] یکی ازان بیش
نباشد و دیگر باحری[10] و سورمان و تورمان باشند و در هیچ ولایت تیغ پرالک و
ترادته و روهیتا و موج دریا نباشد مگر در زمین هندوستان، و این تیغها برنده تر
از تیغهای دیگر باشد بدانچه اینها خشک ترند (۱۰۲ ب) و دیگر تیغها چربست، اگر در شب[11] ص ۱۰۲ ا
ترکشته زخم نیک آید، و در زمین خراسان و عراق بیشتر تیغ باحری[12] باشد نیک
گوهردار نباشد اما چرب باشد و در آسیب رسیدن و زخم زدن کم شکند،

و در هندوستان تیغ دیگرست که آن را بناه[13] خوانند و آن مصنوعست آهنگران
استاد بیرون آورده اند از نرم آهن و مس و نقره کنند و بسبب نقره فراخ گوهر آید

---

[1] آ: علای، ب: مثل متن [2] آ: کشمیری [3] آ، ب: پرالک، فرہنگ انندراج میں بحوالہ برہان اس کو
فارسی لفظ کہا ہے اور لکھا ہے: فولاد جوہردار را گویند عموماً و تیغ و شمشیر را خصوصاً

[4] لغت میں نہیں ہے شاید ہندی لفظ ترا وتی ہو جس کے معنی تیز رو کے ہیں [5] آ: روہنیا، ب: روہنیا، فرہنگ انندراج
میں اس کو بائے تحتانی مجہول بروزن پوسینا لکھا ہے اور اس کو فارسی لفظ بتایا ہے اور کہا ہے: ہمان روہنا است کہ بمعنی آہن و پولاد
جوہردار باشد کہ ازان شمشیر و خنجر سازند و بمعنی گوہر شمشیر نیز آمدہ، روہنی بھی اس کو لکھا ہے اشٹائن گاس کے نزدیک روہینا بھی یہی ہے'

[6] ب: مقیر، اگر اگلے صفحہ پر مقبر، یہ لفظ لغت میں نہیں ہے [7] آ: مان گوہر پرگس، ب: مان گوہر پرگس، ظاہر میں یہ ایک ہی لفظ ہے گو
اگلے صفحہ پر گوہر کا لفظ حذف ہے۔ یہ تینوں لفظ لغت میں نہیں ہیں'

[8] ب: پادشاہان [9] ب: باحری' باحر عربی میں خون سرخ خالص کو کہتے ہیں مگر معلوم نہیں لفظ باحری اس سے بنا ہے یا کچھ اور
لفظ ہے [10] آ: درشت تر، ب: مثل متن [11] ب: باحری [12] بناہ یا پناہ لغت میں اس معنی میں نہیں ملا'

و اگر بدان تیغ زخمی رسد آن زخم کم فراهم آید' و پرالک و ترادنه و مان پرکس[1] و مقبر[2] بابت کمر شمشیر و زیر[3] رکابی بادشاهان را شاید' سورمان[4] و تورمان افغان را بیشتر باشد' و در هندوستان حصاریست که آن را گورج خوانند بر لب آب سند نزدیک کدور[5] آهن گران استاد باشند و آهن گر که تیغ خواهد زد دو خنجه از آهن پولاد بکشد بعد ازان هر دو را نیک گرم کند و یکی را براست بتابد و دیگری را بچپ بتابد پس در گل گیرد یکشبانروز آن را در کور نهد و بدمد تا هر دو خنجه بگدازد و بر یکدیگر سخت شود پس از گل بیرون کشد و تیغ زند و باندام کند' چون چرخ کند و دارو دهد گوهر او بر مثل برگ خرما که بر درخت باشد همچنان پیدا آید و بس ظریف و نادر باشد جمله رانگان و کهکران و مردمان قبایل بهوس ببرند و زخم آن نیک بوتده آید'

قلاچوری[6]

ص ۱۴۰ اب سلاح ترکانست (۱۴۰ اب) و کسانی که جنگ به نیزه کنند' و دراز تر از شمشیر برای این کار نهاده اند' و کژ بدان کرده اند تا در وقت زخم از پهنا نیفتد و زخم او بسبب کژی گران تر و بتان تر آید که اگر نیزه را خطایی افتد و بشکند همچون نیزه و تیغ کار توان بست'

---

[1] آ: مان برکس' ب: سورمان برکس [2] کذا- آ و ب [3] آ: زیرو رکابی' ب: زیر رکاب'
[4] تورمان وادی کابل کے ہندو شاہیہ خاندان کے بادشاہوں میں سے تھا جو ۵۰۰ء کے قریب تخت پر بیٹھا گیا یہ تلوار اس کے نام پہ تھی؟ [5] کذا در آ' ب: کدور؛ بظاہر کروڑ مراد ہے جو لیہ اور بھکر کے درمیان دریائے سندھ سے قریب واقع ہے [6] قلاجولی'

ناچخ[1]

سلاح بادشاہانست کہ ہم دوست را شاید ہم دشمن را، دوست را از مہرۂ ناچخ زنند و بجای گرز کار کند و دشمن را بروی ناچخ زنند بجای شمشیر کار کند،

دشنہ

سلاح عیار پیشگان و جان بازان و دزدان ست،

کٹارہ[2]

سلاح ہندوان و بی باکان[3] و غداران ست[4]،

شل و ژوپین

سلاح ہندوان و افغانانست و کسانی کہ ہم تیغ دارند و ہم شل و ژوپین کہ چون بیندازند اگر کاری نباید بشمشیر جنگ کنند،

پیل کش[5] و نیم نیزہ

سلاح پیادگانست و کسان کہ سپر چج و گردہ[6] دارند و بر در ہا حصار باشند، و نیزہ و خشت و دور باش و حربہ سلاح جانداران[7] ست و کسانیکہ نگہبانی بادشاہان

---

[1] ناچخ بمعنی تبرزین ہے "و آن حربہ ایست دستہ دار کہ در پہلوی زین اسپ بندند۔ شیخ نظامی گفتہ ز پولاد چینی ناچخ دہ منی بہ بگردن بُرَ از بہر گردن زنی"؛ [2] آ ب: "کتارہ"؛ [3] ب: بیباکان و غذاران است [4] سٹاری گاس نے بفتح کاف دیا ہے اور کہا ہے کہ ایک سلاح کا نام ہے [5] ب: کرہ، بظاہر گردہ بمعنی چیزی مدور و گرد؛ [6] [7] جاندار = سلاح دار و نگہبان جانی سلاطین کہ ہمیشہ با شمشیر در خدمت سلطان حاضر و متوجہ است (از فرہنگ آنندراج)

کنند و دشمنان را از دور دور دارند.

نیزه

سلاح ترکان و اعرابیان[1] است. و سلاح بیدارست چون بر گرفتی در حال
کار توان بست، بابت سواران برگستوانی[2] است و اگر کسی گوید که یک مرد هزار
سوار را بزند و براند جز نیزه دار نباشد، و در عرب مردی و زنی نیزه باز بودند
نیزهٔ شمهری بمرد منسوبست و نیزه رُدینی بزن، و هر دو تن از جملهٔ مبارزان
نامدار (۱۰۵ ا) بودند، و در بحرین دیهی است که آن را خط خوانند نیزهٔ خطی ص ۱۰۵ ا
بدان جای منسوبست، و در خراسان و عراقین بیشتر نیزه از چوب بید کنند و
آن را پی بسیار زنند لعب[3] سواری و حلقه ربودن را نیکست بدانچه سبکست
و هر سلاح که سبکتر در جنگ یاری[4] گرتر[5] باشد، و اگر زخم از سرسنان و بن
نیزه برابر و بازپس زند زخم نیک آید اما اگر خواهد که مرد را برداردو یا
از زین برباید تاب نیارد و بشکند و در وقت کار مرد سراسیمه شود و فرو
ماند، اما هیچ نیزه بهتر از نی نیزهٔ هندوستان نیست آنچه نر (۱) ست و میان
پرکار بیابد بدانچه گران و دراز و پیچان آید، و سوار بسبب گرانی زحیر
شود، نی نیزهٔ مادهٔ میان تهی نیک باشد بدانچه سبک باشد، و لرزان
و پیچان نشود، اگر سوار چابک باشد و این علم نیکو بیاموخته باشد و
بیدانها و آوردها بداند چون میدان ملوک و رستم و اسفندیار و افراسیاب و میدان

---

[1] آ: عرابیان، ب: مثل متن [2] ب: برگستوان [3] آ: تعب، ب: مثل متن
[4] آ: یاری کم تر، ب: یاری گیرتر [5] در ب ندارد،

امیر المؤمنین علی بن ابی طالب کرم الله وجهه و زبیر عوام [رضی الله عنهما] هم سواره سرابزوان[1] داشتت و هم از زبین در[2] ربود[3]* در حمله هر کاری کند اگر آموخته کند بر همگنان پیروز آید و هیچ کس بدو بر نیاید، اگر نشتالنگ گرگ[4](؟) سوراخ کند و برشته در زیر سنان ببندد و بر مصاف حمله کند همه بشکنند و از او هزیمت شوند۔

سپر و تیر زین

سلاح دیلمانست و بدان (۱۰۵ اپ) جنگ کنند ساروغ[5] سلاح چوپانان و گله ص ۰۵ اب
بانان ست، گنجی[6] آهن لبسته سلاح شتربانانست، تبر سلاح شبانان و خانست، داس سلاح کشاورزان ست، جوآهه[7] سلاح بشیان و تبراهیانست، بیل سلاح باغبانان و آبداران ست، تیشه سلاح درودگرانست، کارد سلاح قصابان ست، کلند و کهی[8] سلاح گل کاران ست، عصا سلاح اهل صلاح و بیابانست، دیواره کن سلاح درود[9] گران و روغن گران و کدنی[10] گرانست گرز و چابک و خودشکن و بل کا تیکیتی

---

[1] از دوی ب [2] ب: توانند [3] ب: درتواند ربود [4] آ ب: کرک، گر حیوٰة الحیوان دمیری (طبع ۱۳۰۲ھ) ۱: ۵۰۷ پر ہے "وکعب الذئب الایمن اذا علق علی رأس رمح ثم اجتمع علیه جماعة لم یصلوا الیه مادام الکعب معلقا علی رمحه"

[5] ب: سارح، یہ لفظ لغت میں نہیں ہے البتہ سارنج ہے (نوعی از سلاح است و آن چوبی باشد کہ بر سر آن چند زنجیر کوتاہ تعبیہ کنند و بر سر ہر زنجیر گوی از فولاد نصب سازند)

[6] ب: لیتیمی، یہ لفظ لغت میں نہیں ہے شاید گنٹھی ہو [7] اس جملہ کے معنی کچھ سمجھ میں نہ آئے۔ ب میں تبراہیانست کی بجائے تیراہیانست ہے [8] آ: لمی، ب: کسی، شاید یہ پنجابی لفظ کہی یا ہندی کتی ہو [9] آ: درود گرانست، ب مثل متن

[10] ب: کدبی گر، یہ لفظ لغت میں نہیں ملا۔

بابت کسانیست که بر قوت بازوی خود اعتماد دارند و بر کسانی که کاربندند که جوشن و خفتان و زره و جوزک دارند،

اگر مردی همه سلاح ها بدارد و شمشیر ندارد سلاح او ناقص باشد و ناتمام، و اگر شمشیر دارد و هیچ سلاحی دیگر ندارد تمام باشد و هیچ نقصان اندرو نباشد، خالد ولید روزی بنزدیک عمر خطاب رضی الله عنهما در رفت عمر او را گفت .یا خالد چه گوئی اندر تیر؟ گفت نیکو سلاحی است، دشمن را بدو از دور قهر توان کرد و از خویشتن باز توان داشت، اما خطا بسیار کند، گفت چه گویی اندر نیزه گفت پشت و پناه مردست و لیکن خیانت بسیار کند و چون چهار انگشت سنان او از خصم بگذشت، ایمن شود و مرد ناایمن، و هرکس بدان قدرت ندارد
ص ۱۰۲ ا گفت چگویی اندر شمشیر گفت (۱۰۲ ا) اینجاست که مادران بر فرزندان بگریند،

و بر پشت اسپ آنکه شمشیر خواهد کشید دست راست بر قبضه باید نهاد و دست چپ به معلق شمشیر و نیک بنابد ـ و پهلوی خویش نیک خم دهد و شمشیر بگردن اسپ راست بیرون کشد، و زدن شمشیر را بیان تافته باید و بغل کشاده و سه انگشت بر قبضه سخت کند و زخم کشیده آرد و دست خوش دارد تا تیغ تاب نگیرد، این چنین زخم برنده آید، آنچنان کشیدن که یاد کردیم تمام و آسان از میان برآید و بیم بریدن اسپ نباشد، چون شمشیر بیرون کشد اگر بر اسپ باشد هر کجا که شمشیر همی زند. اسپ می باید گردانید و آن شمشیر که بزند هر چه سر شمشیر اندر نشیند بدراند و هرچه از سر شمشیر بیک بدست فرود تر

---

۱ ب: سلاح ۲ و: صلاحی ۳ ب: تا ۴ آ: دست، تصحیح از روی ب، بدست بمعنی وجب است که کشادگی پنج انگشت و یک کف دست باشد و بتازی فتر خوانند

آید هم ببرد و هم بشکند و همه زخم شمشیر اندر یک بدست است[۱] و هرچه از سر شمشیر بدو بدست[۲] فروتر بود در نشیند و بکوبد و آن باقی شمشیر هر کجا رسد نه ببرد و نه بدرد و نه بکوبد........

فهرست اول

اسماء اسلحه و متعلقات آنها

۱ از رودی ب

۲ ب : دست

؎ نچلے اعداد میں سے ۲۷ کا عدد منہا کردیں تو صفحہ مطلوبہ کا نمبر حاصل ہوگا

فہرست دوم

الفاظ متفرقہ

الخلیل بن احمد العروضی

(۱)

۳۱ دسمبر ۱۹۴۵ء کو ایک عزیز کتاب المعارف لابن قتیبہ طبع وستنفلد ۱۸۵۰ء لائے اور کتاب کے صفحہ ۲۷۹ پر الخلیل بن احمد صاحب العروض کا ایک قطعہ دکھایا، جس کی تصحیح کی طرف وستنفلد نے توجہ نہ دی تھی۔ اور اس کے معنے پوچھے۔ وہ قطعہ کتاب مذکور میں بصورت ذیل درج ہے:

کفاك لم تخلقا للندی　　　ولم يك بخلهما بدعه
فكف عن الخير مقبوضه　　　كما نقصت مايه سبعه
وكف ثلاثة الافها　　　وتسع مليئتها شرعه

ہر بیت کا دوسرا مصراع ممسوخ ہے۔ پہلے اور دوسرے بیت میں بادنیٰ تامّل معلوم ہوگیا تھا۔ کہ بخلهما اور مایة پڑھنا چاہیے۔ مگر آخری مصرع مزید توجہ چاہتا تھا۔ تلاش کے بعد لسان العرب ج ۱۰ ص ۴۴ میں یہ قطعہ مل گیا بدیں صورت:

كفّاك لم تُخلَقا للنّدى　　　ولم يكُ لُؤمُهُما بدعَهْ
فكفٌّ عن الخيرِ مقبوضةٌ　　　كما حُطّ[1] عن مِائةٍ سَبْعَهْ
وأُخرَى ثلاثةُ آلافِها　　　وتِسْعُ مِئِيها لها شِرْعَهْ[2]

---

[1] لسان میں حُطَّ چھپا ہے، صحیح حُطَّ ہے۔

[2] صاحب لسان نے کہا ہے هذا شرعةٌ ذلك ای مثاله،

"عقدِ انامل"[1] کے عنوان سے غیاث اللغات میں اس حساب کا طریقہ دیا ہوا ہے۔ اس کو پڑھنے سے ان اشعار کے معنی واضح ہوگئے جو درج ذیل ہیں:

پہلا شعر صاف ہے۔ شاعر کے نزدیک شخص مذکور کی ہتھیلیاں بخشش کے لیے پیدا ہی نہیں ہوئیں۔ اور ان کا بخل موجب تعجب نہیں۔ دوسرے شعر میں شاعر نے کہا ہے کہ بخیل مذکور کی ایک ہتھیلی خیر سے اس طرح رکی ہوئی ہے جس طرح سو سے سات کم کیے گئے ہوں۔ گویا اس ہتھیلی نے ۹۳ کا عدد بنایا ہوا ہے۔ عقدِ انامل کے طریق پر تین کا عدد بنانے کے لیے داہنے ہاتھ کی خنصر بنصر اور وسطیٰ تینوں انگلیوں کو اس طرح سے موڑا جاتا ہے کہ ان انگلیوں کے سرے انہی انگلیوں کے سب سے نچلے پوروں سے بہت نزدیک ہوجاتے ہیں۔ اسی طرح نوّے کا عدد یوں بناتے ہیں کہ ناخنِ سبابہ کے سرے کا اندرونی حصہ انگوٹھے کے دوسرے پورے پر رکھیں۔

حاصل یہ کہ جب اس طریق سے ۹۳ بنائیں گے تو ساری انگلیاں داہنے ہاتھ کی مڑی ہوئی ہوں گی اور ہاتھ معقود الانامل[2] ہوگا۔

تیسرے شعر میں شاعر کہتا ہے: "اور دوسری ہتھیلی سو اس کے تین ہزار اور نو سو

---

[1] عربوں کے ہاں شمار کا ایک طریقہ مروج تھا جس میں انگلیوں کے کھولنے اور موڑنے اور بند کرنے سے مختلف اعداد کو ظاہر کیا جاتا تھا۔ ایک سے دس ہزار تک کا شمار اس طرح سے ممکن تھا۔

[2] کتاب الشعر والشعراء (طبع یورپ) ص ۲۷۷ پر ابن قتیبہ نے یحییٰ بن نوفل الیمانی کے حالات میں لکھا ہے کہ اس نے یزید بن خالد بن عبد اللہ القسری کی ہجو میں کہا:

فما تسعون تحفزها ثلاث ... یَضُمُّ حسابها رجلٌ شدیدُ
بکفِّ حُزُنَّةٍ جُمِعَت لِرجعٍ ... بأنکدَ من عطائك یا یزیدُ

پہلے ہاتھ کی مثال ہیں۔

عقد انامل میں اکائیاں اور دہائیاں داہنے ہاتھ سے بنتے ہیں اور سینکڑے اور ہزار بائیں ہاتھ سے۔

تین ہزار بنانے کا طریق یہ ہے کہ بائیں ہاتھ کے خنصر بنصر اور وسطیٰ کو اکٹھا اسی طرح موڑا جائے جس طرح تین بنانے کے لیے داہنے ہاتھ کی یہی تین انگلیاں موڑی تھیں۔

نوسو بنانے کے لیے بائیں ہاتھ سے وہی عمل کیا جاتا ہے جو نوّے بنانے کے لیے داہنے ہاتھ سے کیا گیا تھا یعنی بائیں سبابہ کے سر ناخن کا اندرونی حصّہ بائیں انگوٹھے کے دوسرے پورے پر رکھا جائے۔ یہ تین ہزار نوسو بن گیا۔ پس داہنے ہاتھ کی انگلیاں مذکورہ بالا طریق سے موڑیں تو ۹۳ بنے تھے۔ بائیں ہاتھ کی وہی انگلیاں موڑیں تو ۹۰۰ بنے۔ یعنی ایک عمل دوسرے کی مثال بنا' اور شاعر نے ہم کو سمجھایا کہ بخیل کی مٹھی جس طرح دائیں ہاتھ کی بند ہے اسی طرح بائیں ہاتھ کی بند ہے۔

یاد آیا کہ عقد الفرید (لابن عبدربہ) میں بھی یہ شعر آئے ہیں۔ چنانچہ طبع "قاہرہ ۱۳۲۱ھ" میں ج ۳ ص ۲۶۹ پر مل گئے' وہاں بیت اول میں "لم تخلقا" اور "تجلهما" کی بجائے "لم یخلقا"[1] اور "خلقهما" بیت دوم میں "كما نقصت مایة" ہے اور بیت سوم میں "و نسم میاه لها سرعه" جو بجائے خود مسخ شدہ ہے۔

عقد کے اس مقام پر اپنے نسخہ میں میں نے عیون الاخبار (طبع "قاہرہ ۱۳۴۳ھ") ج ۲ ص ۳۵ کا حوالہ دیا تھا۔ وہاں اس قطعہ کی یہ صورت ہے:

كفّاه لم تُخلقا للندى ولم يك بُخلُهما بِدعه
فكفٌ عن الخير مقبوضة كما نقصت مِأة تسعه

---

[1] ایک غیر موثق یہ قول ہے کہ کف مذکر ہے (دیکھو عیون الاخبار ۲ : ۳۵ حاشیہ ۲)

وكف ثلاثة الا انها تسعمئا لها شزعة

اس پر حاشیہ دیا ہے جس میں لکھا ہے کہ عربوں میں ایک حساب خاص تھا جو آج کے مروجہ حساب سے الگ تھا یعنی عقود الاصابع۔ ہر انگلی سے ایک خاص عدد مراد لیا گیا تھا۔ پھر انگلیوں کے اوضاع سے اکائیاں، دہائے سینکڑے اور ہزارہ مرتب کیے تھے۔ مثلاً خنصر کے موڑنے سے ایک، بنصر کے موڑنے سے دو مراد لیتے تھے اور اسی طور پر دیگر اعداد، جس عدد کا ذکر شاعر کر رہا ہے وہ ۹۳[1] ہے تقضی قواعدهم فی هذا الحساب بان تقبض الخنصر و البنصر والوسطی من الید الیمنی لتدل علی عدد ثلاثة وتجعل السبابة حلقة غیر مجوفة لتدل علی عدد تسعین؛ ولهذا رجح روایة التسان[2] علی روایة الاصل، وکذلك تقضی قواعدهم فی عد الآلاف بان تقبض من الید الیسری الخنصر والبنصر والوسطی دلالة علی عدد ثلاثة آلاف وتجعل سبابة الیسری حلقة غیر مجوفة لتدل علی عدد تسعمائة (حاشیہ نگار نے بلوغ الادب فی احوال العرب ۳ : ۳۹۶ تا ۳۹۹ کا حوالہ دیا ہے) یہ بیان اوپر کی تشریح کا موید ہے، مگر اس تشریح میں حاصل کلام نہیں دیا جو اوپر کی تشریح میں آچکا ہے۔

(۲)

ابیات بالا کی تلاش میں الخلیل بن احمد کے حالات، اس کے مصنفات کا تذکرہ اور اقوال منثورہ اور بعض ابیات نظر سے گزرے، ان کو افادۂ عام کے خیال سے درج ذیل کیا جاتا ہے

(۱) خلیل کا نام و نسب، قول مشہور کے مطابق:

ابو عبدالرحمٰن خلیل بن احمد بن عمر بن تمیم البصری الفراهیدی الازدی ازدشنوہ

---

[1] مطلب یہ کہ دوسرے شعر میں تسعہ محرف سبعہ ہے۔ اگرچہ عیون کے قلمی نسخہ میں تسعہ تھا۔

[2] یعنی کمالاً ن ماد تسعون

کی شاخ فُرہُود[1] بن شبابہ سے تھا، مگر طبری ۳ : ۲۵۲۱ پر ہے کہ وہ العَتیک سے تھا (یعنی ازد کی شاخ العَتیک بن الاَسد بن عمران سے، دیکھیں شجرات وستنفلد ۱۱ : ۲۰)۔

اس کی نسبت کی صورت میں اختلاف ہے، وفیات میں ہے : "الفراھیدی و یقال الفرھودی" مگر ابوالحسن الاخفش (الکامل للمبرد طبع یورپ ص ۳۸۶) نے کہا ہے : الیحمد من الازد و الخلیل من بطن منھم یقال لہم الفراھید و الفرھود فی الاصل الحمل فان نسبتَ الی الحیّ قلت فراھیدیٌّ و اِن نسبتَ الی الحُملانِ قلتَ فُرہُودیٌّ لا غیرُ۔ صرف ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں (۳ : ۱۶۳ پر) خلیل کو الفراھیدی و یقال ابا ھلی لکھا ہے۔ اسی طرح صرف خوانساری نے بحوالہ مجالس المومنین لکھا ہے کہ بعض نے کہا ہے کہ خلیل ان ابنار ملوک عجم کی اولاد میں سے تھا جن کو بحکم نوشیروان عادل یمن میں منتقل کر دیا گیا تھا اور سیبویہ نحوی کا نسب بھی انہی ابنار تک منتہی ہوتا ہے، خلیل ازد کے بطن مذکور میں ۱۰۰ھ میں بعہد خلیفہ عمر ثانی پیدا ہوا۔ اُس کا باپ احمد بزعم علمار نسب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد پہلا مسمی بہ احمد تھا (قول ابوالحسن اخفش شاگرد سیبویہ رک بہ کامل مبرد ص ۲۳۲؛ ابن ندیم (فہرست ص ۴۲) اور ابن[2] خلکان (وفیات ۱ : ۱۷۴) نے بھی احمد بن ابی خیثمہ (م ۲۷۹) کا قول اسی

---

[1] دیکھیں شجرات وستنفلد ۱۰ : ۲۵؛ صاحب بغیۃ الوعاۃ نے ص ۲۴۴ پر فراہید کا نسب وستنفلد سے مختلف طریق پر دیا ہے (الفرھود ولد الغلیظ من خولھم نَتَن ھذَا الغلام سمّوہ) کتاب الاشتقاق ص ۲۹۳؛ مگر اس میں اور اقوال بھی ہیں : الفرھود ولد الاسد فی لغۃ ازد عمان (حاشیہ کتاب الاشتقاق ص ۲۹۲، وفیات ۱ : ۱۷۴) میں بھی ہے : الفرھود ولد الاسد بلغۃ ازد شنوءۃ وقیل ان الفراھید صغار الغنم [2] ابن خلکان نے کتاب المقتبس للمرزبانی (م ۳۸۴ھ) سے یہ قول نقل کیا ہے : الخصائص ۱ : ۵۰۵ پر ابن جنّی نے لکھا ہے : وھذا التجشیم الذی اشرف علیہ الخلیل ظنًّا منہ جاعیہ السماع ایضًا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ فانظر الی قوۃ تصور الخلیل الی ان ھَجَم بہ الظنّ علی الیقین۔

مضمون کا نقل کیا ہے۔ اور سمعانی (م۔ ۵۶۲ھ) نے یہی بات "بخط بعض الائمہ" ایک کتاب پر لکھی دیکھی بدیں الفاظ "لیس بعد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم من امتہ من اسمہ احمد ماببینہ و بین احمد الفراھیدی" (کتاب الانساب ورق ۴۲۱ ب)

(ب) خلیل بن احمد کی عظیم الشان شخصیت

تذکرہ نویسوں نے خلیل کے حالات بہت ہی کم دیئے ہیں۔ عموماً چند حکایتوں اور چند اقوال کو وہ ایک دوسروں سے نقل کرنے پر کفایت کرتے ہیں۔ گو خلیل وہ جلیل القدر فاضل ہے کہ اس جیسی موجد اور مخترع طبیعت والا شخص صدہا سال کے بعد کسی قوم میں پیدا ہوتا ہے۔ اس کی عظمت کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ عربی نحو، لغت اور عروض تینوں کی بنیاد اس ایک شخص نے رکھی۔ نحو میں اس کا مرتبہ یہ ہے کہ بقول سیوطی (بغیہ ص ۲۴۳) "کان الناس یقولون لم یکن فی العربیۃ بعد الصحابۃ اذکی منہ" ایک نحوی مسئلے کے متعلق خلیل کی قوت تصور کی تعریف یوں کی ہے:

الخصائص ۱: ۵۰۵ پر ابن جنی نے لکھا ہے: وھذا الترخیم الذی اشرف علیہ الخلیل ظناً قد جاء بہ السماع ایضاً...... فانظر الی قوۃ تصور الخلیل الی ان ھجم بہ الظن علی الیقین۔ اور بقول الواحدی: الاجماع منعقد علی انہ لم یکن احد اعلم بالنحو من الخلیل (شذرات الذھب ۱: ۲۷۵ نقلا عن تفسیر الواحدی)

خلیل کے شاگرد سیبویہ نے الکتاب میں اسی کی تعلیمات کو قلمبند کیا۔ عربی کی پہلی لغات جس میں عربی زبان کے کل مادے محصور ہیں یعنی کتاب العین وہ خلیل ہی کی طرف منسوب ہے۔

اور علم عروض کی نسبت تو سب جانتے ہیں کہ وہ سربسر خلیل ہی نے استنباط کیا۔ طبری نے اس کو ۳: ۲۵۳۱ پر صاحب العروض اور ص ۳۲۵ پر صاحب النحو لکھا ہے۔

نووی نے لکھا ہے کہ علمار خلیل کی جلالت، فضائل اور علوم عربیہ یعنی نحو، لغت، تصریف اور عروض میں اس کے تقدم پر متفق ہیں۔ عروض میں وہ سابق ہے۔ اور اس علم میں رجوع اسی کی طرف ہوتا ہے (تہذیب الاسماء ۱: ۱۷۸)

خلیل کے متعلق حمزہ بن الحسن اصبہانی کی رائے بھی سننے کے لائق ہے، وہ کہتا ہے:

دولتِ اسلام نے ان علوم کے ایجاد کرنے والا جن کے اصول علمار عرب کے پاس نہ تھے خلیل سے بہتر پیدا نہیں کیا۔ اس کی دلیل علم عروض سے واضح تر نہیں ہوسکتی کہ یہ علم اس نے نہ کسی حکیم سے اخذ کیا اور نہ کوئی نمونہ پہلے موجود تھا جس کو سامنے رکھ کر اس کو پیش کیا۔ یہ علم اس نے صرف اس طرح اختراع کیا۔ کہ وہ ٹھٹھیروں[1] کے بازار سے گذرا۔ اور ہتھوڑی کے طشت پر گرنے کی آواز سن کر یہ علم نکالا۔ گو ہتھوڑی اور طشت میں نہ کوئی دلیل ہے نہ بیان جس سے ان چیزوں کی بناوٹ کے سوا کوئی اور بات ذہن میں آئے یا جس سے ان کے جوہر کے سوا کسی اور چیز کی توضیح ہو، اگر وہ قدیم زمانے کا آدمی ہوتا اور اس کے رسوم و آثار ماضی بعید سے تعلق رکھتے تو لوگوں کو اس کے وجود میں بھی شک ہوتا۔ اس لیے کہ اس نے مذکورہ بالا علم اختراع کرکے وہ چیز بنائی جو خلق عالم سے لے کر (اس کے زمانے تک) کسی نے نہ بنائی تھی۔ اسی طرح کتاب العین کی بنیاد اسی نے رکھی جو ایک قوم کی پوری زبان پر حاوی ہے۔ اور اسی طرح سیبویہ کو علم نحو میں امداد دی۔ جس کے ذریعہ سے سیبویہ نے وہ کتاب بنائی جو دولت اسلام کی زینت ہے (وفیات الاعیان ۱: ۱۷۲)

(ج) مأخذوں پر ایک نظر:

اتنی باعظمت شخصیت کے باوجود خلیل کے حالات کو بہت کم ضبط کیا گیا۔

---

[1] ابن المعتز نے ایک دوسری روایت بیان کی ہے وہ آگے آتی ہے۔ "الصفارین" سے دوی گر مراد ہیں

ابن قتیبہ (م۔ ۲۷۶) نے کتاب المعارف میں چند سطر کا ترجمہ خلیل کا لکھا۔ اور عیون الاخبار میں چند منثور و منظوم کلمات اس کے دیئے۔ کامل مبرد (م۔ ۲۸۵) میں بھی علی ہذا دو تین متفرق باتیں آئی ہیں۔ تیسری صدی میں اس کا پہلا مفصل ترجمہ ابن المعتز (م۔ ۲۹۲) نے لکھا[1]۔ اور چوتھی صدی میں ابن الانباری (م۔ ۳۲۸) نے[2] یہ ترجمہ السیرافی (م۔ ۳۶۸) نے ترجمہ[3] سے نقل کیا۔ ابن عبد ربہ (م۔ ۳۲۸) اور ابوالفرج اصبہانی (م۔ ۳۵۶) نے متفرق اقوال خلیل کے نقل کیے اور بعض قصے بیان کیے۔ اور کتاب عروض میں بظاہر خلیل کی کتاب سے استفادہ کیا۔ البتہ ابن ندیم[4] نے خلیل کی تصنیفات خصوصاً کتاب العین کے متعلق مفصل اطلاعات بہم پہنچائیں[5]۔ سمعانی (م۔ ۵۶۲) نے تو خلیل کا مختصر سا ترجمہ دیا ہے۔ مگر ساتویں صدی میں یاقوت[6] (م۔ ۶۲۶)، نووی[7] (م۔ ۶۷۶) اور ابن خلکان[8] (م۔ ۶۸۱) نے اس کے ترجمہ میں بعض مفید معلومات کا اضافہ کیا ہے۔ یہی حال ابن حجر[9] (م۔ ۸۵۲) اور سیوطی[10] (م۔ ۹۱۱) کے تراجم کا ہے۔ ابن عماد[11] (م۔ ۱۰۸۹) اور خوانساری[12] نے اکثر باتیں مذکورہ بالا ماخذوں سے لے کر دہرائی ہیں۔

(د) الخلیل کے قدیم ترین تراجم:

کتاب المعارف میں فقط یہ ہے کہ الخلیل بن احمد صاحب العروض ہے۔ اور قبیلۂ ازد ہیں

---

[1] ر ک بہ طبقات الشعراء طبع وقفیہ گیب ص ۳۸ [2] ر ک بہ نزھۃ الالبا فی طبقات الادباء ص ۵۲ [3] ر ک بہ کتاب اخبار النحویین البصریین طبع پیرس ۱۹۳۶ء، ص ۳۸ [4] دیکھیں الفہرست ص ۴۲ وغیرہا من المواضع [5] ر ک بہ کتاب الانساب ص ۲۰۴ [6] ر ک بہ معجم الادباء ۴ : ۱۸۱ [7] ر ک بہ تہذیب الاسماء طبع مصر ج ۱ ص ۱۷۷ [8] ر ک بہ وفیات الاعیان طبع ۱۳۱۰ھ ج ۱ ص ۱۷۲ [9] ر ک بہ تہذیب التہذیب ۳ : ۱۶۳ [10] دیکھیں بغیۃ الوعاۃ طبع ۱۳۲۶ھ ص ۲۴۳ [11] دیکھیں شذرات الذہب ۱ : ۲۸۷ [12] روضات الجنات ص ۲۷۲

سے یحمد کی طرف منسوب ہے اور یحمد کی اس شاخ (فخذ) میں سے ہے جس کو الفراہید کہتے ہیں۔ وہ تیز طبع اور لطیف اور ذہین ہونے کے علاوہ شاعر بھی تھا (اس کے بعد اس کے چار شعر دیئے ہیں جو منظومات کی ذیل میں آئیں گے)۔

ترجمۂ خلیل از روی طبقات الشعراء ابن المعتز

ابن المعتز (م۔ ۲۹۶) نے طبقات الشعراء (طبع وقفیۂ گیب ص ۳۸) میں لکھا ہے کہ خلیل نحو اور غریب کو سب سے زیادہ جانتا تھا۔ اور اُن کی باریکیوں پر جو نظر اس کی تھی اور کسی کی نہ تھی' وہ استاذ الناس اور وحید الدہر تھا' وہ پہلا شخص تھا جس نے علم عروض ایجاد کیا' پھر اس کو پھیلا کر شعر کا ترازو بنایا' اس اختراع کا سبب یہ ہوا۔ کہ وہ بصرہ کے دھوبی محلہ (سکۃ القصارین[۱]) میں سے گزر رہا تھا کہ اس نے پٹڑے پر سے مختلف آوازیں اُٹھتی سنیں' اُن کو سُن کر اس نے اس علم میں غور کیا اور کہا کہ میں اس سے ایک ایسا اصول وضع کروں گا۔ جو مجھ سے پہلے کسی نے نہ کیا ہو۔ غرض ان آوازوں کی بنا پر اس نے عروض بنایا جو سب کے سامنے ہے۔

ابن المعتز نے یہ بھی لکھا ہے کہ الخلیل ذہین اور تیز خاطر اور لوگوں کے ایام و اخبار کا عالم تھا' اس کے علاوہ وہ شاعر مُفلِق اور ادیب بارع بھی تھا' الحان و نغمہ میں وہ ایک مشہور کتاب کا مصنف تھا' کتاب العین بھی اسی نے تصنیف کی جس میں اس نے کلام عرب کے تمام مادے (اصول) جمع کر دیئے۔ ابن المعتز کو مبرد نے ابان بن رزین سے سُنی ہوئی ایک بات بتائی وہ یہ کہ بزعم[۲] یونس النحوی خلیل فرط ذکاوت و فطنت سے عربی کے

---

[۱] حمزہ اصفہانی کا بیان اوپر آچکا ہے اس میں "الصفارین" کا ذکر تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ "الصفارین" اور "القصارین" کی حتی ہیئتی صورت سے ایک نسخے کے دو بن گئے ہیں [۲] یعنی یونس بن حبیب ابو عبدالرحمٰن البصری الضبی بالولاء النحوی: ماتَ ۱۸۲ ہجری

ذریعہ اور زبانوں کا مطلب بھی نکال لیا کرتا تھا۔[ا]

ابن المعتز نے ابوالعباس احمد بن عبداللہ بن محمد بن جعفر سے روایت کی کہ اس سے الحسن بن المہلبی نے کہا کہ خلیل الیث بن رافع بن نصر بن سیار کے ندیمان خاص میں سے تھا، یہ لیث اپنے زمانے کا بے مثل کاتب تھا۔ وہ ادب میں فائق، اور نحو اور شعر اور غریب میں صاحب بصیرت تھا۔ وہ برمکیوں کا کاتب تھا۔ اور اُن کے اقبال کے دور میں دو پردوں سے اٹھتا تھا، اور وہ بھی اس سے بہت خوش تھے۔ الخلیل طے منازل کے بعد اس کے پاس پہنچا تو لیث اس سے ملا جلا اور اس کو ایک سمندر پاکر انعام و اکرام سے مالامال کر دیا۔ الخلیل نے بھی چاہا کہ لیث کی شان کے مطابق اس کو ہدیہ پیش کرے، اس نے سوچا کہ مال و اثاث کی لیث کے ہاں کمی نہ تھی۔ اس لیے یہ چیزیں اس کے ہاں مقبول نہ ہوں گی، البتہ کوئی لطیف ادبی چیز ہوگی تو وہ ضرور لیث کی خوشنودی کا باعث ہوگی۔ اسی بنا پر خلیل نے کتاب العین کی تصنیف میں زحمت اٹھائی[۲]، اور یہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۸۱) اسناد کسائی و تمزار لہ عوانساری نے محاضرات راغب سے نقل کیا ہے۔ کہ کسی یونانی نے اپنی زبان میں خلیل کو خط لکھا تو خلیل نے اس پر مہینہ بھر غور کیا اور مطلب نکال لیا۔ لوگوں نے پوچھا تو خلیل نے کہا: میں جانتا تھا کہ شروع میں نام خدا ضرور ہوگا۔ اس پر میں نے قیاس کی بنیاد رکھی اور اس کو اصل قرار دیا اور خط کو حل کر لیا۔ اصل بات یہ ہے کہ خلیل کے براق ذہن اور اس کی موجد طبیعت کا رعب بعد کی نسلوں پر اس طرح پڑا ہوا تھا کہ اس بارے میں بعض عجیب باتیں بھی اس کی طرف منسوب کر دی گئی ہیں مثلاً بغیہ الوعاۃ (ص۲۴۴) میں ہے کہ ایک شخص کے پاس دستہ ذکلۃ(بیبی) کی دوا تھی جس سے لوگوں کو فائدہ ہوتا تھا جب وہ مرگیا تو لوگوں کو نسخہ کی ضرورت ہوئی خلیل نے پوچھا: اس آدمی کے پاس دوا کا کوئی مشہور نسخہ تھا؟ لوگوں نے کہا: نہیں اس نے پوچھا: کوئی برتن تھا جس میں وہ دوا بناتا تھا؟ انہوں نے کہا: تھا۔ خلیل نے برتن منگوایا وہ اس کو سونگھتا جاتا تھا اور دواؤں کے نام لیتا جاتا تھا۔ اس طرح سے پندرہ دواؤں کی فہرست اس نے لکھا دی۔ لوگوں نے ان کے وزن اور دوا بنانے کی ترکیب پوچھی یہ بھی خلیل نے نکال لی اور دوا بنا کر لوگوں کو دی اور وہ مفید ثابت ہوئی۔ کچھ عرصہ بعد متوفی کی کتابوں میں نسخہ بھی مل گیا معلوم ہوا کہ اس میں کل ۱۶ اجزا تھے اور خلیل کے نسخہ میں صرف ایک کی کمی تھی باقی اجزا اس نے معلوم کر لیے تھے[ا] [۲] لیث اور تصنیف کتاب العین کے متعلق متعدد اقوال (باقی ص۲۲ پر)

کتاب خصوصیت سے لیث ہی کے لیے تصنیف کی اور اس کو آراستہ و پیراستہ کر کے اور اعلیٰ ہیئت کے ساتھ اور نفیس خط میں لکھوا کر خدمتِ لیث میں پیش کیا۔ لیث اس کتاب سے بے حد خوش ہوا اور خلیل کو لاکھ درہم انعام دیا۔ اور کم انعام پیش کرنے کے لیے معذرت چاہی اور دن رات اس کے مطالعہ میں مصروف رہنے لگا۔ وہ نہ اس سے تھکتا تھا نہ اس بارے میں سستی کرتا تھا۔ صبح شام اس کو برامکہ کے ہاں جانا پڑتا تھا۔ مگر وہاں وہ شوقِ مطالعہ سے نعل در آتش رہتا تھا۔ آخر اس نے نصف کتاب یاد کرلی، اس کی بیوی اس کی بنتِ عم تھی، خاندانی، شریف، مالدار، خوبصورت، اپنے شوہر کے چاہنے والی۔ تاہم لیث نے ایک لونڈی نفیس اور نہایت حسین بہت قیمت دے کر خریدی اور ایک دوست کے مکان میں اس کو اپنی لونڈی بنا کر رکھا۔ جب اس کی بیوی کو خبر لگی تو اُسے سخت رنج پہنچا اور وہ اندوہناک ہوئی اور کہنے لگی کہ: واللہ! میں بھی اس کو غیظ میں مبتلا کروں گی اور کسی انتہائی بات سے پرہیز نہ کروں گی، پھر کہنے لگی: اگر یہ غیظ مال سے متعلق ہوگا تو وہ اس کی پروا نہ کرے گا۔ ہاں اس کتاب پر وہ بہت فریفتہ ہے اور ہر لہو و لذت کو چھوڑ کر وہ اس کے مطالعہ میں لگا رہتا ہے۔ اس کتاب کے ذریعہ میں اس کو دکھ دوں گی پھر اس نے کتاب کو لیا اور پوری کتاب جلا کر راکھ کردی، شام کو جب لیث دارِ برامکہ سے آیا اور گھر پہنچا تو (حسب معمول) پہلا کام اس کا یہ تھا کہ کتاب دیکھے۔ چنانچہ اس نے غلام کو آواز دی کہ کتاب لائے۔ مگر کتاب نہ ملی، اور لیث غضب ناک ہوا۔ اور سمجھا کہ کتاب کسی نے چرالی ہے۔ اس نے غلاموں کو اکٹھا کرکے دھمکایا تو اُن میں سے ایک بول اٹھا کہ کتاب تو بیگم صاحبہ لے گئی ہیں۔ لیث بیوی کے پاس گیا اور اس کو منا کر کتاب واپس لینا چاہی اور کہا: کتاب واپس دو، لونڈی تمہاری ہوئی اور میں نے اس کو اپنے اوپر

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۰) معجم الادباء ج ۶ ص ۲۲۲ بعد اور المزہر (مصر ۱۳۲۵ھ) ۱، ۴۷ بعد پر ملاحظہ کریں یاقوت کے ہاں (۵) الیث بن المظفر ہے اور کتاب الشعراء میں الیث بن رافع۔

حرام کیا، بیوی نے یہاں کا ہاتھ پکڑا اور اس کو اُس کمرے میں لے گئی جہاں کتاب جلائی تھی۔ جب لیث نے راکھ دیکھی اور اس کو یقین ہوگیا کہ کتاب جل چکی ہے تو اُس کے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے، گویا اس کی دولت لُٹ گئی یا بچّہ مرگیا یا اس سے بھی بڑی مصیبت اس پر آئی۔ آدھی کتاب تو وہ یاد کر ہی چکا تھا آدھی باقی تھی اور خلیل مرچکا تھا۔ دنیا بھر میں اس نے ڈھونڈا مگر کتاب نہ ملی۔ کیونکہ اس کا نسخہ کسی اور کو نہ ملا تھا۔ آدھی تو اُس نے اپنے حافظہ سے حاصل کی باقی آدھی کے لیے اُس نے اپنے زمانے کے علماء کو جمع کیا۔ انھوں نے پوچھا کہ وہ کیا چاہتا ہے۔ لیث نے کہا اس نمونے کے مطابق کتاب مکمل کردو۔ انھوں نے کتاب مکمل کی مگر اصل تک نہ پہنچ سکے بلکہ اس کی گرد کو بھی نہ پاسکے، جو کتاب لوگوں کے پاس ہے اُس کو غور سے دیکھو تو دو حصّے نظر آئیں گے۔ پہلا نصف جو مضبوط اور محکم تر ہے اور دوسرا نصف جو اس درجہ تک نہیں پہنچتا (اس کے بعد ابن المعتز نے خلیل کے اشعار دیئے ہیں جو اس مضمون کے آخر میں درج کیے گئے ہیں)

ترجمۂ خلیل از روی نزھۃ الالبّاء لابن الانباری

مندرجہ بالا حالات ابن المعتز نے خالص ادبی نقطۂ نظر سے لکھے ہیں۔ ابن الانباری (م۔ ۳۲۸) نے نزھۃ الالبّاء فی طبقات الادباء ص ۵۴ میں الخلیل کے علم و ادب کے علاوہ اس کے زہد کا بھی ذکر کیا ہے۔ اور اس کے اساتذہ اور تلامذہ کے نام بھی بتائے ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتا[1] ہے کہ الخلیل علم و زہد میں سب اہلِ ادب کا سردار اور تصحیح قیاس اور مسائل نحو کے استخراج و تعلیل میں کامل تھا۔ وہ ابو عمرو بن العلاء کے شاگردوں میں سے

---

[1] ابوسعید السیرافی معتزلی نے کتاب اخبار النحویین البصریین (طبع بہ ڈفیسر کرنکو) میں خلیل کا ترجمہ دیا ہے مگر وہ بجز ایک آدھ جملے کے ترجمۂ نزھۃ الالباء ہی سے ماخوذ ہے

تھے اور سیبویہ کا استاد' کتاب سیبویہ میں عموماً خلیل کے بیانات نقل ہوئے ہیں۔ اور جہاں کہیں سیبویہ نے لکھا ہے "میں نے اس سے پوچھا" یا "اس نے کہا" (بغیر تعیین فاعل) تو اس سے خلیل ہی مراد ہے۔ النضر بن شُمَیل اور ابوفید مُؤَرِّج السدوسی اور علی بن نصر جہضمی وغیرھم سب اس کے شاگرد[۱] تھے۔ وہ پہلا شخص ہے جس نے علم عروض نکالا اور لغت کو ضبط کیا اور کتاب العین اللیث بن المظفر کو لکھائی[۲]۔ وہ پہلا شخص ہے جس نے اشعار عرب کا احاطہ کیا، وہ ادب[۳] سے متعلق دو دو تین تین[۴] شعر بھی کہہ دیا کرتا تھا (اس کے بعد کچھ نمونۂ کلام آیا ہے جو آگے آئے گا)

خلیل (خدا کی رحمت اس پر ہو) دنیا کے امور سے بے رغبت اور اس سے اعراض کرنے والوں میں سے تھا۔ کہتے ہیں کہ سلیمان[۵] بن علی نے اہواز سے خلیل کو بلوا بھیجا تاکہ اس سے

---

[۱] یاقوت نے ان میں الاصمعی کا نام بھی شامل کیا ہے[۶]۔ [۲] یہ قول ابن المعتز کے قول سے مختلف ہے معجم الادباء ۱۱: ۷۷ پر ابن الانباری والے قول کو تفصیل دیا ہے [۳] السیرافی: الآداب (بجای الادب) [۴] ابن المعتز (طبقات ص ۴۰): سلیمان بن قبیصۃ" بن یزید بن المھلّب والی السند (بجای سلیمان بن علی من الاھواز وکان والیھا) السیرافی ص ۳۸ پر ابن الانباری کے مطابق لکھ کر کہتا ہے: ویقال ان الذی وجہ الیہ سلیمان بن المھلّب' امالی ابی علی القالی (۲: ۲۷۳) پر ہے کہ "سلیمان المہلبی" نے خلیل کو لاکھ درہم بھیجے اور خلیل سے اس کی مصاحبت کا مطالبہ کیا تو اس نے "ابلغ سلیمان" والے شعر لکھے (دیکھیں منظومات نمبر ۱) زھر الآداب (طبع زکی مبارک) ۴: ۳۵ پر ہے: قال النضر بن شمیل کتب سلیمان بن علی الی الخلیل بن احمد یستدعیہ الخروج الیہ وبعث الیہ بمال فردہ وکتب الیہ: ابلغ سلیمان الخ الاسباب، تہذیب التہذیب ۱: ۱۶۳ پر دہ سلیمان امیر البصرہ لسعہ ہے' وفیات الاعیان (۱: ۱۷۳) پر ہے: سلیمان بن حبیب بن المھلّب بن ابی صفرۃ الازدی والی فارس واھواز نے خلیل کا روزینہ مقرر کیا ہوا تھا' اس نے خلیل کو بلوایا تو اس نے کہا: "ابلغ سلیمان الخ" اس پر اس نے روزینہ بند کر دیا تو خلیل نے لکھا: ان الذی شق فمی ضامن الخ (دیکھیں منظومات[۲۳]) سلیمان شعر سن کر بہت گھبرایا' معذرت کی اور روزینہ دگنا (یا کئی گنا) کر دیا اس پر خلیل نے دو شعر کہے (باقی صفحہ ۳۲۴ پر) [۵] مؤرّج اور نضر کا ترجمہ معجم الادباء ۷: ۱۹۳ و ۱۸ پر دیا ہے

اپنے لڑکے کو تعلیم دلوائے۔ خلیل نے سوکھی ہوئی روٹی قاصد کو دی اور کہا اسی کو کھاؤ اس لیے کہ میرے پاس اس کے سوا اور نہیں ہے اور جب تک مجھ کو اس جیسی سوکھی روٹی ملتی ہے مجھ کو سلیمان کے پاس جانے کی ضرورت نہیں۔

سفیان (ثوری) کہا کرتے تھے کہ جو شخص ایسے آدمی کو دیکھنا چاہتا ہے جو سونے اور مشک کا بنا ہُوا ہو تو اس کو چاہیئے کہ خلیل بن احمد کو دیکھے، النضر بن شمیل کہتا ہے کہ ہم ابن عون[۲] اور خلیل بن احمد کا مقابلہ کیا کرتے تھے کہ ان میں سے کون زہد و عبادت میں مقدم ہے۔ مگر ہم نہیں کہہ سکتے تھے کہ کس کو مقدم قرار دیں[۳]، یہی نضر کہتا ہے کہ سُنّہ کا خلیل سے زیادہ جاننے والا میں نے ابن عون کے بعد دوسرا نہیں دیکھا، خلیل کا یہ شاگرد (نضر) یہ بھی کہا کرتا تھا کہ علم خلیل سے ایک دنیا روٹی کماتی ہے اور خود خلیل ایک جھونپڑی میں پڑا ہے اس کو کوئی جانتا بھی نہیں۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۴) منظومات[۲۲] کی ذیل میں درج ہیں۔ ابن عماد (شذرات ۱: ۲۷۶) نے صرف یہ کہا ہے: وکان من الزھد فی طبقۃ لاتدرک حتی قیل ان بعض الملوک طلبہ لیؤدب لہ اولادہ فاتاہ الرسول و بین یدیہ کسر یابسۃ یأکلہا فقال لہ: قل لمرسلک مادام یلقی مثل ھذہ لاحاجۃ بہ الیک ولم یأت الملک [۱] روضات ص ۲۰۳ پر ابو عبیدہ کی روایت دی ہے کہ بصرہ میں خلیل تنگ حال ہُوا تو اس نے خراسان کا رخ کیا اور خراسان میں اس کو بہت سا مال ملا۔ کہتے ہیں کہ جب وہ بصرہ چھوڑنے لگا تو کوئی تین ہزار آدمی اس کو رخصت کرنے آئے کہ ان میں محدث نحوی، لغوی اور مؤرخ (اخباری) لوگوں کے سوا دوسرا نہ تھا۔ جب خلیل المربد میں پہنچا تو اس نے ان لوگوں کو مخاطب کرکے کہا "اے بصرہ والو! تم سے علیحدگی مجھے سخت ناگوار ہے، واللہ اگر مجھے ہر روز باقلا کا ایک کیلچہ بھی کھانے کو مل جاتا تو میں تم سے الگ نہ ہوتا" مگر جو لوگ موجود تھے ان میں سے کسی نے حامی نہ بھری کہ وہ اتنی قلیل امداد کی کفیل کی کرنے کو تیار تھا۔ ناچار وہ خراسان کو روانہ ہُوا۔ مگر معجم الادباء، ص ۱۹ سے ظاہر ہے کہ یہ قصہ نضر کا ہے نہ کہ خلیل کا [۲] یعنی ابو عون عبد اللہ بن عون (م۔ ۱۵۱) اس کا مختصر سا ترجمہ کتاب المعارف ص ۲۴۵ پر ہے [۳] قال ابن حبان: کان الخلیل من خیار عباد اللہ (باقی صفحہ ۳۲۵ پر)

آخر میں ابن الانباری کہتا ہے کہ علم و زہد کی جو باتیں خلیل کے متعلق بیان کی جاتی ہیں اتنی مشہور اور اتنی ظاہر ہیں کہ ان کے بیان کرنے کی حاجت نہیں۔[1]

(۵) خلیل کے مرویاتِ حدیث، اس کے اساتذہ اور تلامذہ

سمعانی نے لکھا ہے کہ خلیل حدیث میں مقاطیع روایت کرتا ہے۔ سیوطی نے الطبقات الکبری میں خلیل کی روایت کردہ حدیثیں دی ہیں اور جمع الجوامع میں اُن کو دُہرایا ہے (بغیہ ص ۲۴۵ ج ۱) ابن عبد ربہ نے کہا ہے۔ کہ خلیل پر اباضیت غالب تھی مگر ایوب سختیانی کی صحبت میں بیٹھنے سے وہ اس عقیدہ سے باز آیا (العقد ۱ : ۱۴۴)' (اباضیہ خارجیوں کا وہ فرقہ ہے جو عبداللہ بن اباض المُرّی کے پیرو ہیں)' ابن حجر نے ہم کو بتایا ہے کہ خلیل' ایوب سختیانی' عاصم الاحول' عثمان بن حاضر' العوام بن حوشب اور غالب القطان سے راوی تھا۔ اور حماد بن زید' النضر بن شمیل' ایوب بن المتوکل' سیبویہ' اصمعی' ہارون بن موسٰی النحوی' وھب بن جریر بن حازم' داود و ھذاب ابنا المجبّر وغیرہم اس سے راوی تھے (تہذیب التہذیب ۱ : ۱۶۳)' نووی (تہذیب الاسماء ۱ : ۱۷۸) کہتا ہے: "قال ابن ابی حاتم روی الخلیل عن عثمان ابن حاضر عن ابن عباس"۔ بقول یاقوت خلیل ابوعمرو بن العلاء کا شاگرد تھا اور اصمعی' سیبویہ' النضر بن شمیل' ابوفید مؤرّج السدوسی'

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۴) المتقشفین فی العبادة (تہذیب التہذیب ۳ : ۱۶۳) [2] وقال تلمیذہ النضر بن شمیل : اقام الخلیل فی خص من اخصاص البصرة لایقدر علی فلسین واصحابہ یکسبون بعلمہ الاموال (وفیات الاعیان)

[1] ابن الانباری نے یہاں خلیل کا سنہ وفات دیا ہے جس کا ہم بعد میں ذکر کریں گے

علی بن نصر الجہضمی وغیرہم اس کے شاگرد تھے۔ معجم الادباء (۴: ۱۸۱ و ۲۱۷) ابن الانباری ص ۵۴، السیرافی (ص ۳۹) کہتا ہے کہ اصحاب خلیل میں سے چار آدمیوں نے نام پایا۔ سیبویہ ان سب میں سے نحو میں فائق تھا نضر پر لغت غالب آئی، مؤرج پر شعر اور لغت اور جہضمی پر حدیث۔ اغانی (طبع دوم) ۶: ۱۰ پر ہے کہ عبد اللہ بن ہرون العروضی عروض میں خلیل کا شاگرد تھا: فکان یقول اوزاناً من العروض غریبۃ فی شعرہ ثم اخذ ذلک عنہ ونحا نحوہ فیہ دنانیر العروضی۔ اسی طرح نزہۃ ص ۱۰۴ پر ابومحمد الیزیدی اور ابن القفطی ص ۱۷۱ پر حنین[1] بن اسحٰق کی نسبت لکھا ہے کہ وہ عربیت میں شاگرد خلیل تھے۔

(د) خلیل کا علم وفضل اور اس کی دیگر خوبیاں

نحو، لغت، عروض اور علم سُنّۃ میں خلیل کے بلند مرتبہ کا ذکر اوپر[2] آچکا ہے۔ وہ شاعر تو تھا ہی مگر روایت شعر میں اس کا ثانی نہ تھا (العقد ۳: ۱۱۴)، وہ شعر[3] کا ناقد بصیر اور قدردان تھا (دیکھیں اغانی طبع دوم ۳: ۵۳ اور ۲۱: ۵۷)، مبرّد نے ہمیں بتایا ہے کہ خلیل نے نجوم کا گہرا مطالعہ کیا تھا مگر اس کو علم نجوم پسند نہ آیا (الکامل طبع یورپ ص ۲۴۲) اس کو سُروں کے میل (ایقاع) اور نغموں سے واقفیت تھی۔ اور بقول ابن خلکان (وفیات ۱: ۱۷۲) یہی سبب تھا کہ وہ عروض ایجاد کرسکا۔ کیونکہ ان دونوں علوم

---

[1] مگر حنین کی شاگردی ناممکن ہے کما یجئ۔

[2] دیکھو نضر کا قول ص ۲۴۳ پر۔ ابراہیم بن اسحاق الحربی نے کہا ہے کہ بصرہ کے اہل عربیت سب اصحاب الاہواء میں شامل تھے بجز چار کے کہ وہ اہل سنۃ میں سے تھے یعنی ابو عمرو بن العلا، الخلیل بن احمد، یونس بن حبیب، الاصمعی۔

[3] اغانی ۱۷: ۱۰ پر ہے کہ خلیل نے ابن مناذر سے کہا: انتم معشر الشعراء تبع لی وانا سکان السفینۃ قرظتکم ورضیت قولکم نفقتم والا کسدتم

کا ماخذ ایک ہی ہے۔ ابن قتیبہ نے عیون الاخبار (۲: ۷۹) میں باولے کُتّے کے کاٹے کے علاج کا ذکر کیا ہے جس کی روایت اس کو خلیل سے پہنچی تھی۔

ابن حجر نے اس علامۃ الدہر کے علم مستحضر کے متعلق ایک روایت دی ہے۔ وہ یہ ہے کہ سیبویہ سے پوچھا گیا کہ خلیل کے پاس کوئی مسوّدے تھے جن کو دیکھ کر تمہیں لکھاتا تھا، سیبویہ نے کہا اس کے پاس کوئی مسوّدے میں نے نہ پائے۔ البتہ باریک خط کی بیس رطل تحریریں تھیں جن میں لغاتِ عرب درج تھے جو میں نے اس سے سُنے، نحو کے متعلق میں نے جو کچھ خلیل سے سُنا وہ اس نے مجھ کو زبانی لکھایا (تہذیب التہذیب ۳: ۱۶۴) السیرافی (ص ۵۲) نے کسی کا قول نقل کیا ہے کہ الاصمعی کو لغت کی تہائی حفظ تھی، خلیل کو نصف اور ابو مالک[1] عمرو بن کرکرہ کو تمام لغت۔

خلیل بن احمد کے اعلیٰ اخلاق کی تعریف اس کے ترجمہ لکھنے والے ہر مصنف نے کی ہے، نووی (تہذیب الاسماء ۱: ۱۷۸) نے لکھا ہے کہ صاحب ورع، دنیا کے اسباب میں کم گیر اور منقطع الی العلم تھا، وفیات (۱: ۱۷۳) میں ہے کہ خلیل مرد صالح، عاقل، حلیم اور وقور تھا، ابن حجر نے تہذیب التہذیب میں نضر بن شمیل کا قول نقل کیا ہے کہ میں نے کسی شخص کو جس سے اس کے علم کا استفادہ کیا جاتا ہو خلیل سے زیادہ متواضع نہیں دیکھا۔ اور تقریب میں اس کو صدوق عالم اور عابد کہا ہے (خوانساری ص ۲۷۳) سیوطی نے لکھا ہے کہ وہ خیّر اور متواضع اور صاحب زہد و عفاف تھا (بغیہ)۔ ابن خلدون نے اس کو امام، کبیر القدر، خیّر، متواضع، صاحبِ زہد و تعفف کے الفاظ سے یاد کیا ہے (از الخیر منقول در شذرات الذہب ۱: ۲۷۷) کہتے ہیں کہ وہ بصرہ میں ابوعمر بن العلاء سے مناظرہ کرنے کے لیے آیا تو اس کی مجلس میں جا کر چُپ بیٹھا رہا

---

[1] ابو مالک اعرابی تھا اس کے حال کے لیے دیکھیں کتاب الفہرست ص ۴۴

ذگوں نے اس کا سبب اس سے دریافت کیا تو اس نے کہا: پچاس برس سے اس شخص کی سرداری مسلّم ہے۔ مجھ کو ڈر ہوا کہ وہ لاجواب ہوکر شہر میں رُسوا نہ ہوجائے یہ وجہ تھی کہ میں چپ رہا۔

کہتے ہیں کہ خلیل ایک سال حج کے لیے جاتا تھا اور ایک سال غزا کے لیے (معجم الادباء ۴: ۱۸۲)' ذیل کے قصہ سے معلوم ہوتا ہے کہ خلیل علمی سوالوں کے جواب میں جلد بازی پسند نہ کرتا تھا۔ اس کا شاگرد نضر بن شُمَیل راوی ہے کہ اصحاب یونس (نحوی) میں سے ایک نے خلیل سے آکر ایک سوال پوچھا۔ خلیل سوچنے لگا اور اتنی دیر تک سوچتا رہا کہ سائل اٹھ کر چلا گیا۔ نضر وغیرہ نے خلیل پر عتاب ظاہر کیا۔ خلیل نے پوچھا کہ تم لوگ اس سوال کا جواب کیا دیتے۔ انہوں نے کہا ہم فلاں فلاں بات کہتے۔ خلیل نے کہا اور اگر وہ اس پر فلاں فلاں اعتراض کرتا۔ شاگردوں نے کہا کہ ہم جواب میں ایسا ایسا کہتے۔ خلیل پھر سوچ میں پڑ گیا اور ہم بھی چپ ہوکر سوچنے لگے۔ خلیل نے کہا: مجیب پر لازم ہے کہ جواب پہلے سوچے۔ اور یہ بُری بات ہے کہ وہ جواب دینے کے بعد سوچے، پھر کہنے لگا: میں جواب نہیں دے سکتا جب تک یہ نہ سوچ لوں کہ اس میں مجھ پر کیا کیا اعتراضات اور مؤاخذات وارد ہوں گے (ابن عماد ۱: ۲۷۵)

(۳) بعض معاصرین سے خلیل کے تعلقات

خلیل اور اس کے معاصرین کے تعلقات پر کچھ روشنی تو اوپر کے بیانات سے بھی پڑتی ہے۔ مگر اس سلسلہ میں کئی اور حکایات بھی ہم تک پہنچی ہیں جن میں سے کچھ یہاں درج کی جاتی ہیں۔ اغانی (طبع دوم ۱۸: ۷۶) میں ابو محمد الیزیدی کی ایک روایت دی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں خلیل بن احمد سے ملا تو وہ کہتا: میں چاہتا

ہوں کہ کوئی مجھے عبداللہ بن المقفع سے ملائے۔ اور میں ابن المقفع سے ملتا تو وہ کہتا: میں چاہتا ہوں کہ کوئی مجھے خلیل بن احمد سے ملائے۔ اس پر میں نے ان دونوں کو ملایا۔ یہ مجلس بڑے مزے کی رہی۔ اور اس میں خوب خوب علمی باتیں ہوئیں۔ پھر ہم جدا ہوئے۔ تو میں خلیل سے ملا اور میں نے کہا: اے ابو عبدالرحمٰن تم نے اپنے ساتھی کی نسبت کیا رائے قائم کی؟ اس نے کہا۔ ابن المقفع کے علم و ادب کا تو کیا کہنا ہے مگر میری رائے میں اس کا کلام اس کے علم سے زیادہ ہے۔ پھر میں نے ابن المقفع سے خلیل کی نسبت بھی سوال کیا۔ اس نے کہا: خلیل کے علم و ادب کا تو کیا کہنا ہے۔ مگر اس کی عقل اس کے علم سے زیادہ ہے[۱]۔

راغب اصفہانی (محاضرات طبع زیدان ص۱۹) نے ایک قصہ دیا ہے جو شاگردوں کے انتخاب اور ہر شخص کے اپنے ذوق اور استعداد کے مطابق علم حاصل کرنے کے مسئلہ سے متعلق ہے۔ کہتے ہیں کہ یونس[۲] (بن حبیب النحوی) خلیل سے عروض سیکھنے آتا تھا۔ مگر اس کو عروض کے سمجھنے میں بہت مشکل کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ ایک دن خلیل نے اس سے پوچھا: شاعر کا یہ شعر کس بحر سے ہے ؎

اذا لم تستطع شیئاً فدَعْه　　وجاوزه الی ما تستطیعُ

---

[۱] وفیات (۱: ۱۷۳) پر یہی قصہ اختصار کے ساتھ دیا ہے، ابن خلکان نے یزیدی کا ذکر نہیں کیا اور کہا ہے کہ خلیل اور ابن مقفع اکٹھے ہوئے اور رات بھر باتیں کرتے رہے اور صبح کو رخصت ہوتے ہوئے خلیل نے کہا: "رأیت رجلا علمہ اکثر من عقلہ" اور ابن المقفع نے کہا: "رأیت رجلا عقلہ اکثر من علمہ" [۲] وفیات (۱: ۱۷۴) اور شذرات میں یہ قصہ یونس کے نام کے بغیر بیان ہوا ہے۔ شذرات میں ہے کہ خلیل نے اس شخص کو تقطیع کے لیے کہا تو وہ اپنے مبلغ علم کے مطابق تقطیع کرنے لگا۔ اس کے بعد وہ اٹھ گیا اور پھر نہ آیا۔ خلیل کو تعجب ہوا کہ باوجود بُعدِ فہم وہ اس کے مقصد کو کیسے پا گیا۔ اسی قصے میں ابن الانباری (م ۳۲۸) نے ص ۵۴ پر اور ابن جنی (م: ۳۹۲) نے الخصائص ۱: ۳۶۷ پر یونس کی بجائے الاصمعی کا نام دیا ہے۔

یونس خلیل کا مطلب سمجھ گیا۔ اور اس نے عروض کا سیکھنا ترک کر دیا۔

محاضرات (ص ۱۵ و ۱۰) سے معلوم ہوتا ہے کہ النّظام المعتزلی بصری (م میان ۲۲۰ و ۲۳۰) اور الخلیل کے تعلّقات اچھے نہ تھے۔ اغلاً ان میں معاصرانہ چشمک تھی، چنانچہ ایک موقع پر النظام نے اس کی مذمت کی اور کہا: الخلیل نے وہ کام اپنے ذمّے لیا جس کو وہ بخوبی سرانجام نہیں دے سکتا۔ اور اس بات کا ارادہ کیا جس کو وہ پا نہیں سکتا، وہ اپنے دوائر (عروض) کے دام میں پھنس کر رہ گیا ہے جن کی ضرورت سوائے اُس کے اور کسی کو نہیں۔ نظّام کے ایک اور جملے سے بھی اسی معاصرانہ حسد کی بُو آتی ہے، چنانچہ خلیل کی نسبت وہ کہتا ہے۔ غرور نے اس کو اوروں سے الگ کر کے ہلاک کر دیا۔ اور خود سری نے اس کے ذہن میں بٹھا دیا کہ اس کی رائے صحیح ہے۔ اس لیے اس نے وہ کام اپنے ذمّے لے لیا جس کو وہ بخوبی سرانجام نہیں دے سکتا۔

الشریف المرتضیٰ کی کتاب الغرر والدرر میں خلیل اور نظّام کے تعلقات کی تصویر کا ایک اور ہی پہلو دکھایا ہے۔ اس کتاب میں ہے کہ نظّام کا باپ اس کو لڑکپن کے زمانے میں خلیل کے پاس لے گیا کہ اس کو پڑھاؤ، خلیل کے ہاتھ میں ایک دن شیشہ کا پیالہ تھا۔ اس نے امتحاناً نظام سے کہا: بیٹے اس شیشے کے برتن کا حال میرے سامنے بیان کرو، نظّام نے کہا: اس کی مدح کہوں یا مذمّت؟ خلیل نے کہا اس کی مدح کہو، نظام نے کہا: بہت اچھا:

تریك القذى ولا تقبل الاذى ولا تستر ماوراء (یہ خس و خاشاک کو دکھا دیتا ہے، ضرر کو برداشت نہیں کر سکتا اور جو چیز اس کی اوٹ میں ہو اس کو چھپاتا نہیں)

خلیل نے کہا اب اس کی مذمت سنیں۔ نظّام نے کہا:

سریع کسرها بطئ جبرها (جلدی ٹوٹتا ہے اور مشکل سے مرمت ہوتا ہے)

گھر میں ایک کھجور کا پیڑ تھا اس کی طرف اشارہ کر کے خلیل نے کہا: اب ذرا اس پیڑ

کا حال کہو، نظام نے کہا: اس کی مدح کہوں یا اس کی مذمت، خلیل نے کہا: مدح، نظام نے کہا: هی حلو مجتناها باسق منتهاها (اس کا پھل میٹھا اور چوٹی اونچی ہے) خلیل نے کہا اب اس کی مذمت بیان کرو، نظام نے کہا: هی صعبة المرتقی بعیدة المجتنیٰ محفوفة بالاذی (اس پر چڑھنا مشکل، اس کا پھل دور، یہ اذیت سے گھرا ہوا ہے)، اس پر خلیل نے کہا: بیٹا تمہاری نسبت ہم کو تعلیم پانے کی زیادہ ضرورت ہے (انوار الربیع ورق ۱۱۱ ا)

اس عنوان کے متعلق بعض اور باتیں تکملہ میں دیکھیں جو اس مضمون کے آخر میں درج ہے۔

(۳) خلیل بن احمد کی تاریخ وفات

مؤرخین متفق ہیں کہ خلیل کی پیدائش سنہ ۱۰۰ھ میں ہوئی۔ مگر اس کے سالِ وفات میں اختلاف ہے۔ بقول ابن الانباری (ص ۵۹) وہ سنہ ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔ اور بقول ابن ندیم (الفہرست ص ۴۲) سنہ ۱۷۰ھ میں۔ مگر ابن ندیم نے اس کی عمر ۷۴ سال بتاتی ہے۔ اس حساب سے بعض کا قول کہ وہ سنہ ۱۷۵ھ میں فوت ہوا زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ یہ زمانہ ہارون الرشید کا ہے جس نے سنہ ۱۷۰ھ سے سنہ ۱۹۳ھ تک حکمرانی کی۔

وفیات (۱: ۱۷۴) میں ہے: وہ سنہ ۱۷۰ھ میں فوت ہوا، اور بعض کہتے ہیں ۱۷۵ میں اور کہتے ہیں کہ اس نے ۷۴ سال عمر پائی، مگر ابن حجر اور سیوطی نے سنہ ۱۷۵ھ کو پہلے رکھا ہے، سیوطی نے لکھا ہے کہ خطیب کی اپنی تحریر میں اس نے لکھا دیکھا کہ خلیل ۱۷۵ یا ۱۷۰ میں فوت ہوا۔

اس کی موت کا سبب ابن خلکان نے یوں بیان کیا ہے: خلیل چاہتا تھا کہ حساب کا ایسا طریقہ نکالے جس کو سمجھ کر اگر ایک بچی بھی سوداگر[1] کے پاس جائے تو

---

[1] بغیۃ الوعاۃ کی روایت میں سوداگر کی بجائے قاضی کا ذکر ہے

وہ اس کا پیسہ مار نہ سکے ۔ اسی انہماک میں وہ مسجد میں داخل ہوا۔ اور بے خبری میں ایک ستون کے ساتھ ٹکر کھائی۔ ٹکر[1] کھا کر وہ پیٹھ کے بل گرا - اور یہی اس کی موت کا باعث ہوا۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس کے انہماک کا سبب حساب نہیں تھا بلکہ وہ عروض کے ایک بحر کی تقطیع کر رہا تھا۔

خلیل کی موت بصرہ میں واقع ہوئی۔

(ط) مصنّفاتِ خلیل

کتاب الفہرست (ص ۴۲) میں مصنّفات خلیل کی فہرست حسب ذیل دی ہے:

(۱) کتاب العین (۲) کتاب النغم (۳) کتاب العروض (۴) کتاب الشواہد (۵) کتاب النقط والشکل (۶) کتاب فائت العین (۷) کتاب الایقاع۔

صاحب معجم الادباء (۴ : ۱۸۲) نے ان کتابوں میں کتاب الجمل[2] کا اضافہ کیا ہے۔ اور آخر میں لکھا ہے۔ کہ ان کے سوا اور کتابیں بھی ہیں۔ مگر کتاب الجمل کی نسبت یاقوت نے خود ہی ج ۱ ص ۱۱۴ پر کتاب ابن مسعدہ سے نقل کیا ہے کہ کتاب الجمل ابنِ شُقَیر کی تصنیف ہے ۔ اس کتاب کا نسخہ ایا صوفیہ میں ہے۔

براکلمن نے (تاریخ ادب عربی ۱ : ۱۰۰ و تکملہ ۱ : ۱۵۹) خلیل کی فی زمانہ موجود کتابوں میں پانچ کتابیں شمار کی ہیں۔ مگر کہا ہے کہ سوائے کتاب العین اور (۸) کتاب فی معنی الحروف کے جو لندن اور برلین میں موجود ہے اور اس میں حروف کے معنی دیئے ہیں

---

[1] بغیہ میں ہے کہ ٹکر لگنے سے اس کا سر پھٹ گیا۔

[2] تکملہ براکلمن ۱ : ۱۵۹ میں اس کا نام کتاب الجمل فی النحو لکھا ہے جو بظاہر نسخہ ایا صوفیہ سے لیا گیا ہے خوانساری نے ص ۲۷۴ پر کہا ہے کہ کتاب الجمل صغیر جداً وکان عندنا نسخۃ منہ

کتب ذیل کا صحت انتساب بحیل تحقیق طلب ہے۔

۹۔ شرح صرف الخلیل، برلین میں اس کا ایک ناقص نسخہ ہے۔

۱۰۔ کتاب فیہ جملۃ آلات الاعراب، اس کا نسخہ ایا صوفیہ میں ہے۔

۱۱۔ رسالہ تصریف الفعل، اس کا نسخہ کتاب خانۂ مادلی میں ہے۔

مشتبہ نسبت والی کتابوں سے قطع نظر کریں تو کتاب العین کے سوا باقی سب کتب ہیں ناپید ہوگئی ہیں۔ کتاب العین، کتاب العروض، کتاب النغم، کتاب الایقاع اور کتاب النقط و الشکل کا کچھ حال درج ذیل ہے۔

۱۔ کتاب العین

عربی کی اس پہلی لغت کا جس پر بہت حد تک دوسری لغتیں مبنی ہیں[۱] مفصل حال لین نے مد القاموس کے دیباچہ ص ۱۲ میں دیا ہے۔ اس کتاب کی جلد اول پی۔ انستاس نے ۱۹۱۴ء میں بغداد میں طبع کی، ابوبکر محمد الزبیدی اللغوی کی مختصر العین کے خطی نسخے بھی بعض یورپی کتاب خانوں میں موجود ہیں۔ اور قاہرہ اور استنبول وغیرہ میں بھی اور ایک مختصر لابی الحسین الحوفی مدینہ شریف میں ہے۔

کتاب کی ترتیب نرالی ہے۔ اس لیے کہ سوائے حروف علت کے باقی حروف کو ان کے مخرج کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے[۲] یعنی اس طرح سے:

---

[۱] رک بہ جمہرۃ ابن درید ۱: ۳ س ۱۹۔ مسعودی نے ابن درید کی تعریف میں کہا ہے: وکان ممن قد برع فی زماننا ھذا فی الشعر و انتھی فی اللغۃ وقام مقام الخلیل بن احمد فیھا (مروج الذھب ۸: ۳۰۴)

[۲] مرحوم محمد بن شنب نے انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ج ۲ ص ۱۸۸ میں لکھا ہے کہ خلیل نے حروف ابجد کو حلقیہ سے شروع کرکے شفویہ پر ختم کرنے میں سنسکرت نحویوں کی ترتیب حروف کا تتبع کیا ہے۔ فاضل مذکور نے فہرست حروف (باقی صفحہ ۲۹۷ پر)

عٓ ح ہ خ غ ق ک، ج ش ض، ص س ز، ط د ت، ظ ذ ث، ر ل ن ف ب
م، و ا ی۔

ہر حرف کے نیچے وہ تمام الفاظ دیئے گئے ہیں جن میں یہ حرف آتا ہے اور اس سے پہلے حرف نہیں آتے، پہلے ثنائی پھر ثلاثی (پہلے صحیح، پھر وہ جن کا ایک حرف، پھر وہ جن کے دو حرف غیر صحیح ہیں) پھر رباعی، پھر خماسی، مثلاً ع کے نیچے وہ تمام لفظ دیئے ہیں جن کے مادّے میں یہ حرف شامل ہے۔ ح کے نیچے وہ تمام لفظ دیئے ہیں جن میں ح تو آتی ہے مگر ع نہیں آتی، اسی طرح ہ کے نیچے وہ تمام لفظ درج ہیں جن کے مادہ میں ہ موجود ہے مگر ع یا ح موجود نہیں۔ علیٰ ہذا القیاس، مثلاً ل کے باب میں پہلی فصل میں لن ہے، پھر نفل اور فل وغیرہ وغیرہ۔ دوسری فصل میں نقل ہے۔ اور قلن، پھر لبن اور نبل وغیرہ وغیرہ، یہ بیان تبین کا ہے۔

علماء میں بہت اختلاف ہے۔ کہ کتاب العین خلیل کی تصنیف ہے یا نہیں، ابن المعتز کا بیان اس بارے میں اوپر درج ہوا۔ بقول ابن ندیم خلیل نے کتاب تصنیف کرنے کے بعد حج کیا اور کتاب خراسان ہی میں چھوڑی اور بنو طاہر کے کتاب خانوں سے وہ عراق میں پہنچی مگر کسی شخص نے اس کتاب کو خلیل سے روایت نہیں کیا۔ اور نہ قطعی روایت اس امر کی موجود ہے کہ اس نے یہ کتاب تصنیف کی۔ بعض کہتے ہیں کہ لیث جو اولاد نصر بن سیار سے تھا۔ تھوڑی مدت تک خلیل کی صحبت میں رہا، خلیل نے کتاب بنانی شروع کی اور لیث کو

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۹۳) میں ن ف ب م کی بجائے م۔ ف۔ ن لکھا ہے ظاہر ہے کہ ب سہو کتابت سے رہ گئی ہے۔ یہی کی ترتیب حروف ابوالفرج سلمۃ المعافری الجویری کی منظوم ترتیب حروف العین کے عین مطابق ہے جو المزھر ۱ : ۵۵ پر درج ہے۔ ملے چونکہ حرف ع ترتیب میں پہلے آیا ہے۔ اس لیے کتاب کا نام کتاب العین رکھا گیا۔ کتاب العین کے طبع شدہ جز میں ص ۲ پر ترتیب حروف وہی دی ہے جو لین سے لے کر اوپر درج کی گئی ہے۔ البتہ فہرست ابن ندیم میں بھی ب نہیں ہے

اپنے طریقے پر چلایا، مگر موت نے خلیل کو تکمیل کتاب سے پہلے آ لیا، بعد میں لیث نے کتاب کو مکمل کیا (الفہرست ص ۴۲) ابن ندیم نے ایک اور روایت بھی دی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ خلیل نے کتاب مرتب کی اور لیث کو جو کچھ یاد تھا لکھایا اور جہاں شک پڑا لیث نے پوچھا اور بعد تحقیق ثبت کیا اور اس طرح لیث کا نسخہ مکمل ہوا۔

ابن الانباری کا بیان اوپر مذکور ہو چکا ہے کہ خلیل پہلا آدمی ہے جس نے لغت کو ضبط کیا۔ اور کتاب العین لیث کو لکھائی، مگر سیرافی (ص ۳۸) کہتا ہے کہ خلیل نے کتاب کا پہلا حصہ بنایا۔ اب ابن خلکان کی رائے سنیے: "لغت کے پہچاننے والے اکثر علماء کہتے ہیں کہ کتاب العین فی اللغۃ جو خلیل بن احمد کی طرف منسوب ہے اس کی تصنیف نہیں ہے۔ بات صرف یہ ہے کہ اس نے کتاب کو تصنیف کرنا شروع کیا تھا اور اس کا ابتدائی حصہ مرتب کرکے اس کا نام العین رکھا تھا۔ اس کے بعد وہ فوت ہوا تو اس کے تلامذہ النضر بن شمیل اور اس کے طبقے کے لوگوں مثلاً مؤرّج السدوسی، نصر بن علی الجہضمی وغیرہما نے اس کو مکمل کیا۔ مگر ان کا نام خلیل کے کام کے ساتھ جو کتاب کے شروع میں تھا مناسبت نہ رکھتا تھا۔ اس لیے انہوں نے خلیل کے کام کو خارج کرکے پہلے حصے کو بھی پھر سے مرتب کیا۔ یہی وجہ ہے کہ کتاب میں بہت سا خلل واقع ہوا۔ اور خلیل سے بعید تھا کہ وہ ایسی غلطیاں کرے (وفیات ۱: ۱۷۲)

نووی نے اس سے مختصر لکھا ہے کہ بعض علماء کتاب العین کو خلیل کی طرف منسوب کرتے ہیں اور بعض اس بات سے منکر ہیں اور کہتے ہیں کہ کچھ مقطّعات تھے جو لیث بن نصر بن سیّار صاحب خلیل نے جمع کیے اور ان میں کمی بیشی کرکے ان کو خلیل کی طرف منسوب کیا۔ حالانکہ خلیل کو ان مقطّعات سے کچھ واسطہ نہیں۔ کتاب العین میں اغلاط کی کثرت پر سب کو اتفاق ہے۔ الازہری تہذیب اللغۃ میں کتاب العین سے بہت غلطیاں نقل کرتا ہے اور کہتا ہے: یہ منجملہ مُغَدولیث[1]

---

[1] مطبوعہ نسخہ میں "غدولیث" ہے۔ مگر وہ یقیناً غلط ہے۔ یہ اشارہ ہے ثعلب کی رائے کی طرف، ثعلب (باقی صفحہ ۳۴۰ پر)

ہے"۔ ان غلطیوں کے متعلق لین نے جو کچھ کہا ہے وہ یہاں ثبت کرنا ضروری ہے، وُہ کہتا ہے۔ "کتاب العین میں غلطیاں بے شمار ہیں۔ اور اس کے نسخوں میں بہت سے الحاقات ہیں۔ متعدد مصنّفین نے ان غلطیوں کو واضح اور صحیح کرنے کی طرف توجّہ دی ہے۔ بعض نے مختصرات کتاب العین میں اور بعض نے کتب لغت میں، مگر عموماً یہ غلطیاں تصریف اور اشتقاق سے متعلق امور میں منحصر ہیں۔ اور یہ نہیں کہ مصنّف نے کاذب یا غیر معروف الفاظ درج کردیئے ہوں اور ایسی غلطیاں چنداں اہمیت نہیں رکھتیں[1]۔ لین کا یہ بیان بظاہر المزھر ۵۳۲۱ سے ماخوذ ہے۔ دیکھیں تکملہ جو اس مضمون کے آخر میں درج ہے۔

سیوطی نے حمزۂ اصفہانی کی ایک کتاب سے ابنیۂ کلام عرب کی تعداد جو خلیل نے بقید ثنائی و ثلاثی و رباعی و خماسی بدون تکریر بنائی نقل کی ہے۔ اور پھر کہا ہے کہ اس سے صاف ظاہر ہے کہ کتاب خلیل نے مکمل کی[2]۔ ہمارے زمانہ کے فضلاء میں سے محمد بن نشنب نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ یہ مانا جا سکتا ہے کہ وہ لوگ جو خلیل کو کتاب العین کا مصنف

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۳۵) کی رائے کی طرف، ثعلب سے پوچھا گیا تھا کہ کتاب العین کیسی ہے تو اس نے کہا "ذالک کتاب ملئ غدداً" یعنی بزبان عوام بمعنی ملآن غدداً و اراد ان فی جواب العین حروفاً کثیرۃ قد ازیلت عن صورھا و معانیہا بالتصحیف والتغییر فھی نضر حافظہا کما تضر الغدد اکلھا (معجم الادباء ۶ : ۲۲۲)

[1] ابن درید نے مفضل کی کتاب الرد علی الخلیل جس کا ذکر آگے آتا ہے پڑھائی تو کہیں کہا "ٹھیک کہتا ہے" اور کہیں کہا "جھوٹ کہتا ہے" (الفہرست ص ۶۲) [2] خلیل کے نزدیک ابنیۂ کلام عرب کی تعداد یہ ہے: ثنائی ۷۵۶، ثلاثی ۱۹۶۵۰، رباعی ۴ لاکھ ۹۱ ہزار چار سو اور خماسی ۱ کروڑ ۱۱ لاکھ ۹۳ ہزار چھ سو۔ ان کی میزان ہے ایک کروڑ ۱۶ لاکھ ۵ ہزار چار سو چھ۔ مگر بغیۃ الوعاۃ میں جو میزان دی ہے وہ بقدر دس ہزار چھ کے زیادہ ہے جو مطبوعہ نسخہ کی غلطی ہے۔ اس لیے کہ المزھر طبع ۱۳۲۵ھ ۱ : ۳۲ اور کشف الظنون ۲ : ۲۹۱ اور روضات الجنات میں جہاں یہ بیان نقل ہوا ہے میزان میں خمسۃ آلاف لکھا ہے بجای ستۃ کے خمسۃ عشر الف کے نہ اس سے دس ہزار کا فرق تو نکل گیا صرف ۶ کی زیادتی رہ گئی۔

نہیں ملتے وہ خلیل کی شہرت کو کم کرنے کی فکر میں ہیں۔[1] انسائیکلوپیڈیا آف اسلام بذیل الخلیل بن احمد) تکملہ بمراکلمن (۱: ۱۵۹) میں ہے کہ علیٰ رغم معترضین اغلب ہے کہ کتاب العین کا خاکہ خلیل نے بنایا اور لیث بن مظفرؒ بن نصر نے کتاب کو مکمل کیا۔

کتاب العین مدتوں فضلاء کی توجہ کا مرکز بنی رہی اور بہت سی کتابیں اس کے موافق اور مخالف لکھی گئیں۔ کوفی المذہب المفضلؒ بن سلمہ نے "کتاب الرد علی الخلیل و اصلاح ما فی کتاب العین من الغلط و المحال و التصحیف" لکھی (الفہرست ص ۷۲) اور نفطویہ نے مفضل کی اس کتاب کا رد لکھا۔ (الفہرست ص ۸۲) الکرمانی نے "کتاب ما اغفلہ الخلیل فی کتاب العین و ما ذکر انہ مہمل وہو مستعمل و "قد اہمل" لکھی (الفہرست ص ۷۹) معجم الادباء ۷: ۱۹۔ اسی طرح کی کتابیں ابوتاب اور ابن المراغی نے لکھیں[2] (الفہرست ص ۸۴ و ۸۵)۔ الوارڈ کی فہرست برلین ۷: ۲۳۸ نمبر ۶۹۵۳ میں ایک مجموعہ مذکور ہے جس میں عراق سے لے کر جیان اور "قرطبہ" تک کے رہنے والے تیسری صدی سے لے کر چھٹی صدی تک کے مصنفوں کی سات کتابیں موجود ہیں جو کتاب العین کے مواد سے بحث کرتی ہیں یا اس کی اصلاح و تتمیم۔[3]

کتاب العروض

ابن رشیق (کتاب العمدہ ج ۱: ۸۸) نے لکھا ہے کہ "پہلا وہ شخص جس نے وزنوں کو تالیف اور اعاریض و ضروب کو جمع کیا خلیل بن احمد تھا۔ اس نے اس بارے میں ایک کتاب لکھی

---

[1] مترجم در نزہۃ الالبّاء ص ۲۶۵

[2] کتاب الفہرست (ص ۷۲) پر ابن درستویہ کی ایک کتاب کا ذکر ہے جس کا نام ہے "کتاب الرد علی من نقل کتاب العین عن الخلیل" یہ کتاب بقول ابن خلکان (۱: ۲۷۳) مفصل اور مفید ہے۔ [3] المزہر جلد ۱ ص ۷۷ بعد پر کتاب العین پر نہایت مفصل بحث کی ہے وہاں ملاحظہ ہو۔ چند مختصر باتیں اس بحث کی اس مضمون کے آخر میں بطور تکملہ درج کی گئی ہیں۔

اور آسانی کے خیال سے اس کا نام العروض رکھا۔ "عروض" اصطلاح میں بیت کے پہلے مصرع کے جزوِ آخر کو کہتے ہیں اور وہ مؤنث کا صیغہ ہے اور عربی میں اس کا تثنیہ اور جمع بھی مستعمل ہے بجز اس صورت کے کہ اس کلمہ کا اطلاق علم پر ہو اور ضرب بیت کے جزوِ آخر کو کہتے ہیں خواہ وہ کسی بحر سے ہو۔"

یہ کتاب اب ناپید ہے۔ گو کتاب العین کی طرح یہ بھی معرکۃ الآراء کتاب تھی چنانچہ فہرست ابن ندیم میں دو کتابوں کا ذکر ہے جو اس کے رد میں لکھی گئیں ایک تو بزرخ العروضی کی کتاب النقض علی الخلیل و تغلیطہ فی کتاب العروض (بزرخ نحاۃ کوفہ میں سے تھا اور الفضل بن یحییٰ کے دربار کا آدمی تھا)، دوسری ابوالحسن علی بن ھرون (م۔۳۵۲) کی کتاب الرد علی الخلیل فی العروض، ان کے علاوہ ابونصر اسمٰعیل بن حماد الجوہری اور اَور کئی لوگوں نے اپنی تصنیفات میں خلیل سے اختلاف کیا (کتاب العمدہ ۱: ۸۸) ان اختلافات کے باوجود اس پر سب کو اتفاق ہے کہ الخلیل ہی وہ شخص ہے جس نے علم عروض نکالا۔ تمام اشعار عرب کو جانچا۔ اور ان کے بحور کو پانچ دائروں میں منقسم کرکے ان بحور کی تعداد ۱۵ مقرر کی؛ پھر اس کے بعد الاخفش نے ان بحروں میں بحر خبب کا اضافہ کیا (وفیات ۱: ۱۷۲) خلیل نے انواعِ شعر ایسے بھی ایجاد کیے جو اوزانِ عرب میں شامل نہ تھے (المزھر ۲: ۲۴۹)

اوپر وہ روایتیں مذکور ہوچکی ہیں جن کی رو سے قصّارین یا صفّارین کے محلے سے گذرنے پر اور وہاں کی آوازیں سننے پر خلیل کا ذہن عروض کی طرف منتقل ہوا؛ معجم الادباء (۴: ۱۸۱) میں ایک روایت اَور بھی دی ہے۔ اور وہ یہ کہ خلیل نے مکہ شریف میں دعا کی تھی کہ اس کو ایسا علم دیا جائے جو اس سے پہلے اور کسی نے دریافت نہ کیا ہو اور لوگ مجبور ہوں کہ وہ علم اسی سے حاصل کریں۔ جب وہ حج سے واپس آیا تو علم عروض کے دروازے اس پر کھل گئے، اس کے بعد یاقوت کہتا ہے: "وہ سروں کے تناسب اور گانے کے علم (علم الایقاع و النغم) سے واقف تھا اور یہی واقفیت علم عروض کی ایجاد کا

موجب بنی کیونکہ بقول ابن خلکان، ان دونوں علموں کی اصل ایک دوسرے سے قریب ہے۔
الخلیل نے نہ صرف بحور نکالے بلکہ بجز پانچ سات اصطلاحوں کے جو پہلے مروّج تھیں
تمام اصطلاحات عروض وضع کیں، ان کی تعریفیں بتائیں اور قواعد[1] و ضوابط تیار کیے۔

کتاب[2] البیان و التبیین (طبع قاہرہ ۱۳۳۲ھ) ۱: ۷۷ پر جاحظ نے کہا ہے کہ "عربوں نے اپنے شعروں میں سناد، اقواء اور اکفار کا ذکر کیا ہے۔ البتہ میں نے ایطاء کا ذکر اشعار عرب میں نہیں سنا، انہوں نے القصید، الرجز، السجع اور الخطب کا ذکر بھی کیا ہے، نیز حروف الروی اور القوافی کا، اور انہوں نے کہا ہے کہ یہ بیت ہے اور یہ مصراع، ان اصطلاحوں کو چھوڑ کر باقی تمام اصطلاحات خلیل نے وضع کیں، جاحظ کہتا ہے: خلیل بن احمد نے قصیدے اور چھوٹے چھوٹے رجز کے ٹکڑوں کے اوزان کے لیے وہ القاب وضع کیے جو ان اعاریض کے لیے عربوں کے ہاں متعارف نہ تھے" نہ وہ ان اوزان کو ان ناموں سے پکارتے تھے۔ یعنی طویل، بسیط، مدید، وافر، کامل وغیرہ، اور نہ اُن کے ہاں کلمات الاوتاد، الاسباب، الخرم، الزحاف، ان معنوں میں مستعمل تھے۔"

کتاب العمدہ (۱: ۸۹) پر خلیل کا ایک مفصل بیان منقول ہے جس میں اس نے اخفش کو بتایا کہ اس نے بحور (طویل، بسیط، مدید وغیرہا) کے یہ نام کیوں رکھے، یہی بیان کسی اَور ماخذ سے بعض اختلافات کے ساتھ شذرات الذھب ۱: ۲۷۷ پر نقل ہوا ہے خوف طوالت سے اس بیان کو یہاں درج نہیں کیا گیا، الموشح (طبع مصر ۱۳۴۳ھ) ص ۱۱ پر المرزبانی (م ۳۸۴ھ) نے خلیل کا ایک دوسرا بیان دیا ہے جس کے رُو سے

---

[1] اجزاء عروض مزاحفہ کے اوزان میں غیر مالوف و غیر مستعمل کو مالوف صورت میں بدل دیا (مثلاً فعولن کو بعد تشعیث فولن بنایا مگر اس کا وزن فعْلن قرار دیا)، اس کی وجہ دیکھیں الخصائص ابن جنی ۱: ۲۶۴ پر

[2] بہ حوالہ براکلمن کے تکملہ ج ۱ ص ۱۵۹ سے ملا

اس نے بیت شعر کو "البیت من بیوت العرب الشّعَر یبیت الخباء" پر ترتیب دیا ہے، اور اسی بنا پر اس نے اقوار، سناد اور اکفار کی تشریح کی ہے کہ یہ سب اصطلاحیں خیمہ کے ساتھ کسی نہ کسی طرح سے تعلق رکھتی ہیں۔

کتاب العقد میں متعدد اقوال خلیل کے جو عروض سے تعلق رکھتے ہیں دیئے ہیں (دیکھیں فہارس العقد)، خصوصاً تیسری جلد میں بذیل کتاب الجوہرہ (ص ۱۵۷ بعد) اس حصّہ میں ابن عبد ربّہ نے بغرضِ حفظ ضروبِ عروض کی تعداد کے مطابق ۶۳ مقطّعات خود نظم کر کے شامل کیے ہیں اور ہر قطعہ کے آخر میں ایک بیتِ قدیم تضمین کیا ہے۔ اور یہ بیت وہ ہے جس سے خلیل نے کتاب العروض میں استشہاد کیا تھا۔

اس میں کچھ کلام نہیں کہ کتاب الجوہرہ کی تصنیف کے وقت خلیل کا العروض ابن عبد ربہ کے سامنے ہے۔ اور وہ خلیل کا بے حد معترف ہے (گو بعض جگہ اس سے اختلاف بھی کرتا ہے) چنانچہ وہ العقد ج ۳ ص ۱۶۵ پر کہتا ہے:

ولیس للخلیل من نظیر　　　فی کلّ ما یأتی من الامور

لکنّه فیه نسیج وحدہ　　　ماشله من قبله و بعدہ

اور ۳ : ۱۵۹ پر کہتا ہے:

ما فلسف البطلیس[1] جالینوس　　　وصاحب القانون[2] بطلیموس

ولا الذی یدعونه بہرمس　　　وصاحب الارکند[3] والاقلیدس

---

[1] قال ابن القفطی (ص ۹ س ۲) والبطالسه من الملوک والعلماء جماعة وکانوا یخصون کل واحد بصفة زائدة علی النسبة یتمیزبها [2] طبقات الامم لابن صاعد ص ۴۹ پر ہے کہ بطلیموس القلوذی صاحب المجسطی... وکتاب القانون الذی استخرجه من کتاب المجسطی [3] میکڈانل نے تاریخ ادب سنسکرت ص ۳۲۶ پر کہا ہے کہ کتاب Ahragana (ارکند) برہما گپتا کی طرف منسوب ہے نیز دیکھیں (باقی صفحہ ۳۱۱ پر)

فلسفة الخلیل فی العروض   دفی صحیح الشعر والمریض

کتاب العروض کا کچھ مواد متفرق کتابوں میں جابجا منقول[1] ملتا ہے، یہ مواد عروضی معاملات پر خلیل کی راؤں پر مشتمل ہے، ابن رشیق لکھتا ہے کہ خلیل کے بعد اور لوگوں نے عروض پر کتابیں تالیف کیں اور اپنے استنباط کی مقداروں میں اختلاف کیا[2]۔ یہاں تک کہ ابونصر اسمٰعیل بن حماد الجوہری (م۔ ۳۹۳ یا ۳۹۸ یا حدود ۴۰۰ھ) تک نوبت پہنچی، اس نے اختصار کے ساتھ باتوں کو واضح اور روشن کیا، اور اس زمانے کے حاذق اور ارباب صناعت اسی کی پیروی کر رہے ہیں۔ پہلی بات جس میں اس نے خلیل کی مخالفت کی یہ تھی کہ خلیل نے اجزاءِ وزنِ شعر آٹھ قرار دیئے، دو پنج حرفی یعنی فعولن اور فاعلن، چھ ششش حرفی یعنی مفاعیلن، فاعلاتن، مستفعلن، مفاعلتن، متفاعلن اور مفعولات، جوہری نے مفعولات کو حذف کردیا اور دلیل یہ دی کہ مستفعلن مفروق الوتد سے منقول ہے۔ یعنی ایسے مستفعلن سے جس میں نون لام سے پہلے آجائے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰۳) مروج الذہب (طبع پیرس) ۱: ۱۵۰ و آئینِ اکبری (ترجمہ جیرٹ) ۳: ۱۰ [1] ملاحظہ ہو علاوہ العقد کے کتاب الشعر والشعراء ص ۲۱، الموشح للمرزبانی ص ۱۰ و ۱۸ اور العمدہ کے بہت سے مواضع مثلاً ۱: ۹۹ بجلد ۱۰۳، ۱۰۶ و ۱۰۹ وغیرہ

[2] مسعودی نے مروج الذہب طبع لیدن ۷ : ۸۷ پر ابوالعتاھیہ کے متعلق لکھا ہے کہ اس کے بعض شعر عروض سے خارج ہیں مثلاً ؎

هم القاضی بیت یطرب   قال القاضی لمّا عوتب

ما فی الدنیا الامذنب   هذا عذر القاضی و اقلب

اس کا وزن فعلن فعلن ۴ بار ہے یعنی بحر متدارک کی وہ صورت جس کو قطر المیزاب یا ضرب الناقوس کہتے ہیں دیکھو پامر کی گرامر ص ۳۷۲) ولا ذکرہ الخلیل ولا غیرہ من العروضیین پر مسعودی کہتا ہے : شاعروں کی ایک جماعت نے خلیل بن احمد پر عروض میں اضافہ کیا ہے مثلاً بحر مدید خلیل کے ہاں ۳ عروض اور ۶ ضرب پر مشتمل ہے حالانکہ اس میں چوتھا عروض اور دو جدید ضرب بھی ہیں۔ چوتھے عروض کے ضرب اوّل کی مثال : مالبَیتی لاتنام۔ دمعها سحٌ سجام اور ضرب ثانی کی : یا لبکرٍ لا تنوا لیس ذا حین وناء [پہلے شعر کا وزن فاعلاتن فاعلات اور دوسرے کا فاعلاتن فاعلاتن] وغیر ذلک مما لم تکلموا

(باقی صفحہ ۳۴۲ پر)

کیونکہ اس کے زعم میں اگر معقولات جزوِ صحیح ہوتا تو صرف اُس سے بھی کوئی بحر بنتا جس طرح باقی اجزاء سے بحر بنتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ کہ اوزان میں کوئی وزن ایسا نہیں جس میں صرف مفعولات ہی آتا ہو اور نہ وہ کسی وزن میں کرر آیا ہے (العمدۃ ۱: ۸۸) یہ کتاب العروض کی تنقید کا ایک نمونہ ہے۔ گو ابن رشیق کے معاصرین نے چندے جوہری کی پیروی کی ہے لیکن دنیا اب تک خلیل کے عروض کی پابند ہے۔

کتابُ النغم وکتابُ الایقاع

اوپر ذکر آچکا ہے کہ یہ اب نابید ہیں۔ مگر ان کے متعلق ذیل کی اطلاعات دلچسپی سے خالی نہیں ہیں۔ کتاب الفہرست اور معجم الادباء میں ان کا ذکر دو کتابوں کی حیثیت میں کیا گیا ہے۔ گو حقیقت میں نغم اور ایقاع ایک ہی مضمون کے دو پہلو ہیں، چنانچہ کشف الظنون (طبع استنبول) ۱: ۵۷۹ پر بذیل علم الموسیقی لکھا ہے: نظھر لنا انه یشتمل علی بحثین: البحث الاول عن احوال النغم و البحث الثانی عن الازمنة فالاول یسمّی علم التألیف والثانی علم الایقاع، اور ابوبکر محمد بن حسن الزبیدی اللغوی مؤلف مختصر العین کے ایک اقتباس میں جو المزھر جلد اوّل میں منقول

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰۴) فیه و ذکروه فی هذا المعنی من الزیادات ...." پھر کہتا ہے: ابوالعباس عبد اللہ بن محمد الناشی الکاتب [م- ۲۹۲] خلیل کے خلاف کتاب لکھی ہے جس میں اس معنی کی کئی باتیں لکھی ہیں کہ خلیل اگر عرب کی تقلید سے باہر نکل کر باب تعسف (؟) و نظر میں داخل ہوتا اور جدل کے طریق پر علل قائم کرتا تو یہ (معنی) اس کے لیے لازم ہوجاتا اور جو کچھ اس نے پیدا کیا اس کو توڑ پھوڑ دیتا (مصحح کتاب نے لکھا ہے کہ اس کی عبارت مبہم ہے۔ الناشی مذکور کا ترجمہ وفیات الاعیان ۱: ۲۷۰ پر ملاحظہ ہو)

[1] جوہری کے بعض اور استنباطات العمدۃ ۱: ۸۹ پر ملاحظہ ہوں۔ اس کی کتاب جس کا نام العروض الورقة تھا ہم تک نہیں پہنچی، صرف اس کے اقتباسات کتابوں میں ملتے ہیں (انسائیکلوپیڈیا آف اسلام ۱: ۱۰۲۹)

ہے صفحہ ۵۰ پر خلیل کو مصنف "کتاب الموسیقی"[1] ہی کہا ہے۔ اور اس کتاب کی نسبت لکھا ہے: "(خلیل) نے اس میں نغموں کے اقسام کو جمع کیا ہے۔ اور لحون کے انواع کا اس کے ذریعے سے احاطہ کیا ہے۔ اور ان سب کی تحدید[2] و تلخیص کی ہے۔ اور جہاں تک اس کی قسمیں پہنچتی ہیں اور جہاں تک اس کے اعداد کی انتہا ہوتی ہے ان سب کا ذکر کیا ہے۔ اس طرح سے یہ کتاب عبرت گیروں کے لیے سرمایۂ عبرت اور حقیقت شناسوں کے لیے ایک نشان بن گئی ہے۔" جب اسحاق بن ابراہیم نے نغموں اور لحنوں کے متعلق اپنی کتاب تصنیف کی اور اس کو ابراہیم بن المہدی کے سامنے پیش کیا تو ابراہیم[3] نے اس کو داد دی۔ اور کہا۔ اے ابو محمد! بہت چیزیں ہیں جن میں تم کو کمال حاصل ہے۔ اسحاق نے کہا۔ حقیقت میں داد کے لائق خلیل ہے کہ اس نے اس کام کو بخوبی سرانجام دینے کی راہ کھولی۔

مگر جاحظ نے کتاب الحیوان (۱: ۶۹) میں ان کتابوں کی مذمت کی ہے: و غرہ ابو واثلۃ من نفسہ الذی غرّ الخلیل بن احمد حین احسن فی النحو والعروض فظن انہ یحسن الکلام (فی النغم؟) و تألیف اللحون فکتب فیھما کتابین لایشیر بھما ولایدل علیھما الا المرۃ المحترقۃ ولا یؤدی الی مثل ذلک الا الخذلان من اللہ تعالیٰ فان اللہ عزّوجلّ لا یعجزہ شیٔ

کتابُ النقط و الشکل:

خلیل کی اس کتاب کا ذکر کتاب الفہرست ص ۴۳ پر تو اسی نام سے ہوا ہے۔ مگر

---

[1] العقد الفرید ۳: ۱۹۷ سطر ۲۸ میں بھی موسیقی کو الموسیقی لکھا ہے۔

[2] تحدید کسی چیز کی حد پیدا کرنے کو کہتے ہیں۔ یعنی خلیل نے نغموں اور لحنوں کے اقسام میں سے ہر ایک کی خصوصیتیں بتا کر ان کو ایک دوسرے سے متمیز کیا ہے [3] اصل کی عبارت یہ ہے: فقال (ابراھیم بن المھدی) لہ رای الاسحٰق). لقد احسنت یا ابا محمد وکثیرا ما تحسن فقال اسحٰق بل احسن الخلیل لانہ جعل السبیل الی الاحسان

ص ۳۸ پر اس کتاب کا نام کتاب النقط فی النقط دیا ہے اور چونکہ اس کو ابن ندیم نے بذیل "الکتب المؤلفۃ فی النقط والشکل للقرآن" درج کیا ہے۔ اس سے یقین ہوتا ہے کہ اس کتاب کا موضوع قرآن مجید میں نقطوں اور حرکات کے لکھنے سے تعلق رکھتا تھا۔ اور چونکہ ابن ندیم کی فہرست میں یہ اس فن کی پہلی کتاب ہے۔ اس سے بعض فضلاء یورپ نے (دیکھیں تاریخ ادب عربی از براکلمن ۱: ۹۱) یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ غالباً خلیل ہی وہ شخص ہے جس نے سریانی نمونے کو سامنے رکھ کر نقطوں اور علامات شکل (فتحہ، کسرہ، ضمہ، شدہ، جزمہ کو) وضع کیا۔ یہ کتاب بھی اب ناپید ہے۔

(۳)

اب ہم خلیل کی نثر و نظم کے چند نمونے درج کرتے ہیں جو متفرق مواضع میں نظر سے گزرے ہیں۔

کلمات منثورۂ خلیل

خلیل کے حکمت آمیز کار آمد کلمات بعض کتابوں میں مذکور ہیں۔ اس کے کلمات جو نحو اور عروض اور لغت سے تعلق رکھتے ہیں کثرت ملتے ہیں مگر ادبی کلمات نسبتاً کم ہیں۔ ذیل میں کچھ ادبی کلمات درج کیے جاتے ہیں۔ خلیل کے کلمہ کے پہلے لفظ کے اعتبار سے ان کو ترتیب دیا گیا ہے:

۱۔ قال ابن احمد یعنی الخلیل: اِجْعَلْ ما فی کُتُبِكَ رأس مالِكَ وما فی صدرك للنَّفَقَةِ (الکتاب الکامل ص ۱۲۱)

۲۔ وحدث سفیان قال سمعت الخلیل بن احمد یقول اذا اردت ان تعلم العلم لنفسك فاجمع من کل شيء شیئاً واذا اردت ان تکون رأساً فی العلم فعلیك بطریق واحد (معجم الادبا ۱۱: ۱۴)

۳- قال الخليل: اذا رأيتُ من هو اعلیٰ منّی فذاك يوم استفادتی و اذا رأيت من هو دونی فی العلم فذاك يوم افادتی، فاذا رأيتُ من هو مثلی فی العلم فذاك يوم مصيبتی (الخوانساری ص ۲۷۴)

۴- قال[1]: اذا نسخ الكتاب ثلث[2] مرار تحوّل بالفارسيّة: قال ابو يعقوب يعنی يكثر سقطه (طبری ۳: ۲۵۳۲)

۵- وكان يقول: اكمل ما يكون الانسان عقلاً و ذهناً اذا بلغ اربعين سنة وهی السن الّتی بعث الله تع فيها محمّداً ثم يتغيّر وينقص اذا بلغ ثلاثا و ستّين وهی السن الّتی قبض فيها رسول الله واصفی ما يكون ذهن الانسان فی وقت السحر (وفيات ۱: ۱۷۳ والخوانساری ص ۲۷۴)

۶- ويحكی[3] عنه انه قال*: ان لم تكن هذه الطائفة يعنی[4] اهل العلم* اولياء الله تعالیٰ فليس لله ولیّ (نزهة الالبّاء ص ۵۸)

۷- وفی العقد: قال الخليل بن احمد: انك لا تعرف خطأ معلّمك حتی تجلس عند غيره -وكان الخليل قد غلب عليه الاباضيّة حتّی جلس ايوب[5] (العقد ۱: ۱۴۴)

---

[1] الخوانساری ص ۲۷۴: ثلث نسخ ولم يعارض (بجای ثلث مرار)

[2] العقد ۱: ۱۶۶ س ۲۱ پر ہے، وذكر آخر رجلاً بالتصحيف فقال كان اذا نسخ الكتاب مرّتين عاد سريانيًا [3] معجم الادباء (۴: ۱۸۲): فكان يقول (بجای عبارت متن)

[4] معجم الادباء (ترجمۂ خليل) میں يعنی اہل العلم نہیں ہے، خلاصۂ تذہيب تہذيب الكمال للخزرجی (طبع مصر ۱۳۰۱ھ ص ۱۰۶ پر) ان لم تكن طائفة اہل العلم ہے (بجای ان لم تكن ...... يعنی اہل العلم) خوانساری ص ۲۷۴ میں عبارت یوں ہے: لو لم يكن الولی من الله فی اہل العلم فليس له ولیّ فی الارض [5] يعنی ايوب السختيانی

۸۔ قال الیزیدی[1]: رایتُ[2] الخلیل بن احمد فوجدتہ[3] قاعدا علی طنفسۃ فاوسع[*] لی فکرھت التضییق[4] علیہ[*]، فقال: انہ لایضیق سَمُّ الخیاط علی متحابّین ولا تَسعُ الدّنیا متباغضین۔ (عیون الاخبار ۳: ۱۲)

۹۔ قال النّضر بن شُمَیل: ولقد سمعتہ یوما یقول: انّی لاغلق علیّ بابی فما یجاوزہ ھمّی (وفیات ۱: ۱۷۳، والخوانساری ص ۲۷۵)

۱۰۔ وقیل للخلیل ای بیت تقول العرب اشعر، قال البیت الذی یکون فی اوّلہ دلیل علی قافیتہ[5] (العقد ۳: ۱۱۹)

۱۱۔ قال السیوطی: ومن کلامہ: ثلاثۃ تنسینی المصائب: مرّ اللیالی والمرأۃ الحسناء ومحادثات الرّجال (بغیۃ الوعاۃ ص ۲۴۴)

۱۲۔ قال الخلیل: الدّنیا مختلفات تأتلف ومؤتلفات تختلف (الخوانساری ص ۲۷۵)

---

[1] العقد (۱: ۱۸۷) محمد بن یزید النحوی (بجای الیزیدی): نزھۃ الالباء صہ۱۰۶ پر اس قصہ کو بذیل الیزیدی ابو محمد یحیی بن المغیرہ دیا ہے اور کہا ہے: دخل الیزیدی یومًا علی الخلیل وعندہ جماعۃ وھو جالس علی وسادۃ فاوسع لہ فجلس معہ الیزیدی علی وسادتہ فقال لہ الیزیدی احسبنی قد ضیقت علیک فقال الخلیل: ماضاق مکان علی اثنین متحابّین والدنیا لاتسع اثنین متباغضین (الاغانی ۱۷: ۷۹) پر ہے: حدثنی عمی قال حدثنی عبید اللہ بن محمد الیزیدی قال حدثنی اخی ابو جعفر قال سمعت جدی ابا محمد یقول صرت یوما الی الخلیل بن احمد والمجلس غاصّ باھلہ فقال لی ھھنا عندے فقلت اضیق علیک فقال ان الدنیا بحذافیرھا تضیق علی متباغضین وان شبرا فی شبر لایضیق عن متحابین، وکان الخلیل لابی محمد صافی الود [2] العقد: اتیت (بجای رأیت) [3] العقد: فوجدتہ جالسا علی طنفسۃ صغیرۃ فوسع — الطنفسۃ البساط الذی لہ خمل رقیق [4] العقد: ان اضیق علیہ فانقبضت فاخذ بعضدی وقربنی الی نفسہ [*] العقد: بمتحابین [5] کتاب الشعر لابن قتیبہ (طبع لیڈن) ص ۲۶ پر ہے:

(باقی صفحہ ۳۴۰ پر)

۱۳۔ قال[1] الخلیل بن احمد، الرّجال اربعة: رجلٌ یدری ویدری أنّہ یدری فذاک عالم. فسئلوہ[2]، ورجل یدری ولا یدری انّہ یدری فذاک ناسٍ فذکّروہ[3]*، و رجل لایدری ولا یدری انہ لایدری فذاک مسترشد فعلّموہ[4]، و رجل لایدری ولایدری انّہ لایدری فذاک جاهل[5] فارفضوہ[6] (عیون الاخبار ۲: ۱۲۶)

۱۴۔ وحدث نضر بن شُمیل قال اخبرنا الخلیل بن احمد قال: سمعت ایوب السجستانی یحدث بحدیث فلحن فیہ فقال استغفر یعنی انہ عد اللحن ذنبا (معجم الادباء ۱۱: ۳)

۱۵۔ قیل للخلیل بن احمد: ایّهما افضل العلم او المال، قال العلم: قیل لہ فما بال العلماء یزدحمون علی ابواب الملوک والملوک لا یزدحمون علی ابواب العلماء، قال ذلک

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰۹) والمطبوع من الشعراء من سمح بالشعر واقتدر علی القوافی وارأک فی صدر بیتہ عجزہ وفی فاتحتہ قافیتہ، نیز دیکھیں محاضرات راغب ص ۱۴

[1] خونساری نے اس کلمہ کا قصہ بھی دیا ہے۔ قدم رجل من فزارۃ علی الخلیل بن احمد وکان الفزاری غبیًّا فسأل مسئلۃ فابطأ الخلیل فی جوابہ فضحک الفزاری فالتفت الخلیل الی بعض جلسائہ وقال الرّجال اربعۃ الخ القصّۃ، پھر کہتا ہے۔ ثم انشد الخلیل لوکنت تعلم ما اقول عذرتنی الابیات (روضات الجنات ص ۲۷۵) [2] روضات: فاذکروہ (کذا)

[3] روضات. فذاک غافل فایقظوہ [4] العقد (۱: ۱۸۱) الجاھل (بجای مسترشد) روضات: جاھل

[5] العقد: الاحمق (بجای جاھل) روضات: مائق [6] روضات فقط: فاجتنبوہ، — خونساری نے اس حکایت میں ابیات کے بعد کہا ہے: وقد نظم هذہ المقالۃ بعضهم بالفارسیۃ:

آنکس کہ بداند و بداند کہ بداند — گوی سبق از گنبد گردون بجہاند
وانکس کہ نداند و بداند کہ نداند — با بر خرک خویش بمنزل برساند
وانکس کہ بداند و نداند کہ بداند — بیدار کنش زود کہ در خواب نماند
وانکس کہ نداند و نداند کہ نداند — در جہل مرکّب ابد الدہر بماند

لمعرفة العلماء بحق الملوك و جهل الملوك بحق العلماء (العقد ١ : ١٦٣)

١٧- قال: العلم لا يعطيك بعضه حتّٰى تعطيه كلّك ثمّ انت فى اعطاءه ايّاك بعضه مع اعطائك ايّاه كلّك على خطر (خوانسارى ص ٢٧٤ نقلا عن محاضرات الراغب)

١٧- قال ابو زيد: قلت للخليل بن احمد: لِمَ قالوا فى تصغير واصل أُوَيْصِل ولم يقولوا وُوَيْصِل؟ فقال: كرهوا ان يُشَبِّهَ كلامهم بنبح الكلاب (عيون الاخبار ٢ : ١٦٠)

١٨- قال المبرّد: قال الخليل بن احمد: كن على مُدَارَسَةِ ما فى قلبك احرص منك على حفظ ما فى كتبك (كتاب الكامل ص ١٣١)

١٩- قال صاحب العقد: هل يجوز فى وهم او يتمثّل فى عقل...... ان يُحْصَدَ زَرْعٌ بغير بذرٍ او تُجْنٰى ثمرة بغير غرس و لهذا قال الخليل بن احمد: لا تصل الى ماتحتاج اليه الا بالوقوف على مالاتحتاج اليه[1] فقال له ابو شمس المتكلّم: فقد احتجت اذًا الى ما لاتحتاج اليه اذ كنت لاتصل الى ماتحتاج اليه الّا به؟ قال الخليل: ويحك و هل يقطع السيف الحسام الا بالضرب او يجرى الجواد الا بالرّكض او هل تنال نهاية او تدرك غاية إلّا بالسعى اليها و الايضاح نحوها (العقد ١ : ٢٥١)

٢٠- وقيل للخليل بن احمد ما البلاغة فقال: ماقرب طرفاه و بعد مُنتهاه (العقد ٢ : ٨٨)

٢١- وقيل للخليل بن احمد: من ازهد الناس فى الدنيا؟ قال من لم يطلب المفقود حتّٰى يفقد الموجود (العقد ١ : ٣١٠)

---

[1] خوانسارى ص ٢٧٤ میں صرف یہ ہے: لایصل احد الی مایحتاج الا بعلمه مالایحتاج الیه
کتاب الحیوان ١ : ١٩ میں یہ قصہ اس سے قدرے مختلف الفاظ میں ہے

۲۲- قال الخليل بن احمد: و كان عنده الحظ و الجد، فقال اما الجد فلا اقول فيه شيئاً و اما الحظ فاخزى الله الحظ فانه يبلد الطالب اذا اتكل عليه و لغير المطلوب اليه من مذمة الطالب- (كتاب الحيوان للجاحظ ۳: ۱۵۲)

كلمات منظومهٔ خليل

الخليل بن احمد كی شاعری

خليل شاعر بھی تھا مگر شاعر مُقِلّ، ابن انباری (اور اس کے تتبع میں السیرافی) نے لکھا ہے۔ کہ وہ دو دو تین تین یا اس تعداد کے لگ بھگ شعروں کے ایسے قطعات کہا کرتا تھا۔ جن کا مضمون ادب سے تعلق رکھتا تھا۔ بقول ابن المعتز اس کی کم گوئی کی وجہ یہ تھی۔ کہ وہ شعر کی نسبت علم میں بہت زیادہ مشغول رہا کرتا تھا۔ خود خلیل نے اس کی وجہ یہ بتائی تھی کہ وہ سان کی مانند ہے۔ جس کا کام تیز کرنا ہے کاٹنا نہیں (وقيل للخليل بن احمد مالك تروى الشعر ولا تقوله قال لانی كالمِسَنّ اشحذ ولا اقطع) (العقد ۱: ۱۰۶) ایک اور موقعہ پر شعر نہ کہنے کی وجہ اُس نے یہ بتائی کہ جیسا شعر وہ چاہتا ہے ہو نہیں سکتا۔ اور جو ہو سکتا ہے اس کو وہ چاہتا نہیں (وقيل للخليل ما لك لا تقول الشعر قال الذی اريده لا اجده والذی اجده منه لا اريده)۔ (العقد ۳: ۱۱۴) فہرست ابن ندیم (ص۶۳[1] و ص۱۵۹[2]) سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ

---

[1] محاضرات الادباء (ص۵۴) پر اس قول کو ابن المقفع کی طرف منسوب کیا ہے۔ [2] محاضرات الادباء (ص۱۳) میں ہے کہ ابن المقفع کو کسی نے کہا: تم شعر کیوں نہیں کہتے تو اس نے کہا: الان الذی ارتضيه لا يجيئنی والذی يجيئنی لا ارتضيه [3] طبع ۱۳۴۸ھ

ابن ندیم کو جو اشعار خلیل کے معلوم تھے۔ ان کی تعداد ۸۰۰ سے کم ہی کم تھی۔ کیونکہ ان اشعار کا مجموعہ ۲۰ ورق کا تھا۔ اور ہر صفحہ میں ۲۰ سطریں تھیں، لیکن کچھ سطریں یقیناً سرخیوں وغیرہ میں اور نثر کی عبارتوں میں صرف ہوئی ہوں گی۔ اس لیے میرے اندازے میں اصلی تعداد اشعار کی ۸۰۰ سے کافی کم ہوگی۔ اور شاید پانچ چھ سو سے زیادہ نہ ہو۔ متفرق کتابوں میں جو دو دو چار چار شعر خلیل کے نظر آئے ہیں یہاں نقل کیے جاتے ہیں۔ بناء روایت عموماً اقدم مآخذ پر رکھی گئی ہے۔ اور اختلافات قرأت حواشی میں درج کر دیے گئے ہیں۔ اشعار جو اس طرح جمع کیے گئے ہیں۔ ان میں سے بعض کی نسبت خلیل کی طرف مشکوک ہے۔ اس شک کا اظہار ساتھ ساتھ کر دیا گیا ہے۔ اشعار مندرجہ ذیل کی تعداد ۵۴ع + ۲ + ۲ = ۶۲ ہے۔ مزید تلاش سے ممکن ہے کچھ اور شعر بھی مل جائیں۔ ان شعروں کا ادبی پایہ اس قسم کے اور اشعار سے کم نہیں معلوم ہوتا۔ گو ابن قتیبہ نے خلیل کی ایک نظم کی جس میں محبوبات کے نام امّ البنین و بوزع آئے ہیں سخت مذمّت کی ہے۔ تنقید کے پہلو کی جہت حصری نے ٹھیک بیان کی ہے:

وکان شعره قليلا ضعيفاً بالاضافة اليه وهو استاذ النحو و الغريب وقد اخترع علم العروض من غير مثال تقدمه وعنه اخذ سيبويه و سعيد بن مسعدة و ائمة البصريين وكان اوسع الناس فطنة و الطفهم ذهناً قال الطائي: فلو نشر الخليل له لعضت اناياه على فطن الخليل (حصری ۴ : ۳۵)

ابن المعتز اور عسکری نے اس کے بعض اشعار کا باستحسان ذکر کیا ہے۔ اور بعض کو مشہور بلکہ مشہور عالم کہا ہے۔ (ابن عماد (۱ : ۲۷۶) نے اس کی بابت لکھا ہے: وکان شاعرا مغلقا مطبوعا۔ اور خوانساری نے کہا ہے کہ خلیل کے اشعار رائقہ بہت سے ہیں۔

ع اس تعداد میں دو شعر شامل نہیں جو جرجانی نے کنایات الادباء (۲) پر دیے ہیں۔

اب ہم ان اشعار کو درج کرتے ہیں۔

(۱)

قال العسکری: و من اجود ما قیل فی البساتین و مواضع الاشجار قول الخلیل بن احمد، اخبرنا ابو احمد عن رجل عن الریاشی قال کان فی ید الخلیل بن احمد ارض من اراضی البصرۃ لیتیم، فلما بلغ الیتیم مضی بہ الخلیل الی الارض ومعہ قارورۃ من ماء زمزم، فلمّا جاء المدُّ صبّ ما فیہا فی فوھۃ نہرھا لیخلص الی جمیعہا ثمّ قال یابنیّ ھذہ ارضک فقم فصل فیہا رکعتین واشکر للہ علی ما أعطاک منہ وادع بالبرکۃ لک و لمن بعدک، ثم انشأ یقول فی وصفہا:

تـرفّعت عن ید الاعماقِ وانخفضت — عن المعاطش واستغنت بسَقیٰہا

فالتفّ بالزھر والریحان أسفلہا — و مالَ بالنخل والرمّانِ أعلاھا

وصار یحسدہ فیہا أصادقہ — ولائمٌ لام فیہا من تمنّاھا

ابا معاویۃ اشکر فضل واھبہا — و کلّما جئتہا فاعمر مصلّاھا

(دیوان المعانی للعسکری ۲: ۳۰)

(۲)

قال المبرّد: [۱] وقال الخلیل بن احمد وکان نَظَرَ فی النجوم فَأبعَدَ ثم لم یَرضَہا فقال: [۲]

أبْلغا عنّی المنجّم أنّی — کافرٌ بالذی قضتہُ الکواکب

---

[۱] طبقات ابن المعتز ص ۴۹: و متن سار لہ فی الدنیا قولہ (بجای عبارت متن)

[۲] لسان. بلّغا خوانساری ص ۲۷۵ مثل متن ــــ شاعر کے ذہن میں اس حدیث کے الفاظ ہیں جس میں ہے: اصبحم جبادی مؤمناً بی وکافراً بالکواکب وکافراً بی ومؤمناً بالکواکب (دیکھیں کامل مبرد ص ۲۵۴)

عالمٌ أنّ ما يكون وما كا * نَ قضاءٌ من المهيمن واجبْ

(الكامل للمبرّد ص ۲۲۲)

ادب الکاتب لابن قتیبہ (م۔ ۲۷۶) میں دو مقام پر خلیل کے اقوال دیئے ہیں جہاں علیّاً اور اصل کلمۂ تلبیہ کے متعلق خلیل کی تحقیق درج ہوئی ہے۔

و منه (ای من الجناس التام)…. وقول الخليل بن احمد

یا ویح قلبی من دواعی الهوی … اذ رحل الجیران عند الغروب

اتبعتهم طرفی و قد ازمعوا … و دمع عینیّ کفیض الغروب

بانوا و فیهم طفلة حرّة … تفترعن مثل اقاحی الغروب

فالغروب الاوّل غروب الشمس والثانی جمعُ غرب وهو الدلو العظيمة الملوة والثالث جمع غرب وهو الوهدة المنخفضة

(انوار الربیع نسخۂ رام ورق ۲۰ ب بعد)

فی انواع البدیع للسید علی صدرالدین المدنی

(۳)

قال ابن خلکان: و یقولون انه انشد و لم یذکر لنفسه ام لغیره:

یقولون لی دار الاحبّة قد دَنَت … و انت کئیبٌ انّ ذا لعجیبُ

فقلتُ وما تُغنی الدیارُ وقربُها … اذا لم یکن بین القلوبِ قریبُ

(وفیات الاعیان ۱: ۱۷۲)

(۴)

قال ابن الانباری: (و) رویٰ عنه[1] *:

---

[1] خوانساری: مختتم (بجای تقضا) ، [2] السیرافی ص ۳۹: یروی له فی الزهد معجم الادباء (م: ۱۸۳) من شعره ایضاً۔ خوانساری: و من شعره ایضاً بنقل صاحب البغیة

و قبلَك داوى الطبيبُ[۱] المريض* — فعاش المريضُ ومات الطبيبُ
وكن مستعدّ الداعى[۲] الفناءِ* — فانّ الّذى هو آتٍ قريبُ

(نزهة الالباء ص ۵۶)

(۵)

قال ابن قتيبة : انشدنا ابو عبد الرحمٰن صاحب الاخفش عن الاخفش للخليل بن احمد العروضى :

كن كيف شئتَ تقصدُك[۳] الموتُ — لامَزْحَلٌ عنه و لا فَوتُ
بينا غنى بيتٍ و بهجتُه — زالَ[۴] الغنىَ و تقوّضَ البيتُ

(عيون الاخبار لابن قتيبة ۲ : ۳۰۴)

(۶)

وقال الخليل فى[۵] ظهر البصرة ممّا يلى قصر اوس من البصرة* :

زُرْ[۶] وادى القصر* نعم القصر والوادى — لابدّ[۷] من زورةٍ عن غير ميعادِ*

---

[۱] السیرافی و بغیہ ص ۲۴۴ (= خوانساری): المریض الطبیب، معجم الادباء مثل متن [۲] نزھۃ: لداء الفناء، السیرافی: لداعی العنی، معجم الادباء، وبغیہ (محل مذکور): لداء الفناء، خوانساری (محل مذکور از روی بغیہ) لداء البقاء [۳] حاشیۂ عیون: قصرك: قصاراك دغایتك، [۴] لسان (۱۶ : ۲۱۳): ذَهَبَ (بجای زال) [۵] العقد (۳ : ۱۵۶): بن احمد (بجای عبارت متن) اغانی (طبع دوم ج ۱۸ ص ۱۵) اور معجم الشعراء للمرزبانی ص ۲۶۰ پر ان ابیات کو ابو عیینہ کی طرف منسوب کیا ہے، اغانی میں ہے: قال الفضل بن الربیع اشعر اهل زماننا الذی یقول فی قصر عیسی بن جعفر بالخریبة یعنی ابا عیینة [۶] شرس وادی القصر الخ [۷] العقد: یا صاحب القصر، ثعالبی: حاضر القصر المضاف والمنسوب ص ۱۰۴ [۷] العقد: بمنزل حاضران شئت او بادی، اغانی: وجدنا اهله من حاضر بادی، ثعالبی: فی منزل حاضران شئت او غادی، المرزبانی: فی منزل حاضران شئت او باد

تَرقىٰ به السُّفن والظِلْمان واقفة* والضبُّ والنون والملّاح والهادى

(عيون الأخبار ١ : ٢١٧)

وقال [الخليل] ايضًا يصف قوما خصوا بابن أبى دؤاد :

نزلوا مركز الندى و ذراهُ وعدتنا من دون ذاك العوادى

غير أن الوبا الى سبل الانسواء ادنى والحظ عند الوهاد

(زهر الآداب ٣ : ٣٥)

و هذا الشعر املح شعر الخليل

(٧)

قال العسكرى : و ممّا حثّ به على تحفّظ العلوم قول بعض الاوائل :

خير العلم ما اذا غرقت بسفينتك سبح معك وقال الخليل :

اَلغز و كاثرْ بالقريحة* إنّما فخرُ المُكاثِر

واعلم بانّ العلمَ مَا اوعيتَ فى صُحُفِ الضمائر

و قال ابو هلال رحمه الله تعالى لو قال "ما ضمّنتَهُ صُحُفَ الضمائر

كان اجود"

(ديوان المعانى لابى هلال العسكرى، قاهرة ١٣٥٢ھ، ١ : ١٢)

(٨)

قال ابن المعتز : وممّا يستحسن للخليل بن احمد من شعره قوله :

وما هى الّا ليلةٌ ثمّ يومها وحول الى حول وشهرٌ الى شهر

---

* عقد : ترقى الخ اغانى ترقى قراقيرة والعيس الخ، المرزبانى : ترقى به السفن والغمان الخ الظِلْمان جمع الظليم، ثعالبى : تمابه السفن والظلمان حاضرة * ثعالبى : الحادى

مطایا یقرّ بن الجدیدَ الی البِلی[1] ویُبدِینَ اشلاءَ الکریم[2] الی القبرِ
ویترکن ازواج الغیورِ لغیرہ ویَقسِمن ما یحوی الشحیحُ من الوَفرِ

(طبقات ابن المعتز ص ۳۹)

(۹)

قال الخوانساری: وله ایضاً اشعارٌ رائقة کثیرة منها قوله

کتبت بخطّی ما تری فی دفاتری عن الناس فی عمری وعن کلّ غابر
ولولا عزای انّه غیر خلّد[3] (کذا) علی الارض لاستودعتُها فی المقابر

(روضات الجنات للخوانساری ص ۲۷۵)

(۱۰)

قال القُتَبی: وقال الخلیل بن احمد:

إعمَل بقولی[4] ولاتَنظُر[5] الی عملی یَنفَعکَ قولی ولایُضرُرکَ تقصیری

(عیون الاخبار ۲ : ۱۲۵)

---

[1] طبقات: البلا، شذرات الذھب لابن عماد (۱ : ۲۷۶) مثل متن

[2] شذرات: الکرام (بجای الکریم)

[3] خالد؟ یہ اشعار سوائے روضات کے اور کہیں نظر نہیں آئے

[4] کتاب المعارف ص ۲۶۱ و خوانساری: بعلمی (بجای بقولی) مصراع دوم: علمی (بجای قولی)

[5] فقط العقد (۲ : ۱۵۱) وان قصرت فی عملی (بجای ولاتنظر الی عملی) خوانساری نے لکھا ہے کہ خلیل وعظ کہہ رہا تھا کہ ایک جاہل وہاں سے گذرا اس نے کہا: وغیر تقی یأمر الناس بالتقی۔ طبیب یداوی والطبیب مریض۔ خلیل نے اس کا جواب نثر کے شعر سے دیا۔ العقد میں ہے کہ یہ شعر زیاد بن ابیہ (م ۵۳ھ) نے اپنے خطبہ میں پڑھا۔ اس صورت میں یہ شعر خلیل کا نہیں ہو سکتا۔ خوانساری ص ۲۰۳: فلا بغلطاد (یہ تصحیف ہے)

(۱۱)

قال السیوطی : هو رای الخلیل) اوّل من جمع حروف المعجم فی بیت واحد وهو:

صِفْ خَلْقَ خَوْدٍ کمثل الشمس اذ بزغَتْ　　یَحْظَی الضجیعُ بها نَجْلاءَ مِعْطارِ

(بغیۃ الوعاۃ ۲۴۴ وشذرات الذهب ۱ : ۲۷۵)

(۱۲)

قال القالی : انشدنا ابوبکر الاموی عن الحسین بن عبد الرحمٰن للخلیل ابن احمد:

إنْ کُنْتَ لستَ معی فالذکرُمنك هنا　　یرعاك قلبی وان غُیِّبْتَ عن بَصَرِی

العین تفقِدُ من تهوَی وتُبْصِرُہ　　وناظرالقلب لایخلوامن النظر

(کتاب الامالی لابی علی القالی ۲: ۱۹۹)

(۱۳)

وصنّف (ابو عمر و عیسی بن عمرو الثقفی) فی النحو الاکمال و الجامع و فیهما یقول تلمیذہ الخلیل:

بطل النحوجمیعًا کلّه　　غیرما احدث عیسی بن عمر

ذاك اکمالٌ[1] و هذا جامع　　فهما للناس شمسٌ و قمر

(السیرافی ص۳۱ والفهرست ص۴۲ وروضات الجنات للخوانساری ص۲۹۲)

---

[1] سیرافی کے مطبوعہ نسخہ میں الکمال ہے۔ السیرافی نے ان شعروں کو نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ یہ دو کتابیں ہم تک نہیں پہنچیں اور نہ مجھے کوئی شخص ملا جس نے کہا ہو کہ اس نے یہ کتابیں دیکھی ہیں۔ المزھر ۲ : ۴۰۸ پر پہلا شعر یوں ہے ـ بطل النحو الذی الفتموا. غیر ما الف عیسی بن عمر۔ الفہرست میں یہی لکھا ہے کہ طویل مدت سے یہ کتابیں گم ہیں۔ اسی موقع پر سیوطی نے کہا ہے کہ الجامع بسوط تھی اور الکمل مختصر، اس کے بعد لکھا ہے : قال محمد بن یزید قرأت اوراق من احد کتابی عیسی بن عمرو کان کالاشارۃ الی الاصول۔

(۱۴)

قال ابو محمد (ای ابن قتیبة) : و ضربٌ منه (ای من الشعر) جاد معناه وقصرت الفاظه کقول ...... و کقول الخلیل بن احمد العروضی:

ان الخلیط تصدّعْ فطِرْ بدائك أو قعْ
لولا جوارٍ حسانٌ حُورُ المدامعِ اربعْ
ام البنین و اسماءُ والرباب و بوزعْ
لقلتُ للراحل ارحل اذا بدا لك او دعْ

و هذا الشعر بیّن التکلّف ردیٔ الصنعة و کذلك اشعار العلماء لیس فیها شیٔ جاء عن اسماح و سهولة کشعر الاصمعی و شعر ابن المقفع شعر الخلیل خلا خلف الاحمر فانه (کان) اجودهم طبعاً و اکثرهم شعراً و لو لم یکن فی هذا الشعر الا أم البنین و بوزع لکفاه

(کتاب الشعر والشعراء طبع یورپ ص ۱۰ تا ۱۱)

(۱۵)

قال ابن قتیبة : انشدنا[1] عبد الرحمن بن هانی صاحب الاخفش عن الاخفش للخلیل*

کفّاه لم تُخلقا[2] للندی و لم یك بُخلهما[3] بدعة
فکفٌ عن الخیر مقبوضة کما نُقِصَت[4] مائة[5] سبعة

---

[1] کتاب المعارف ص ۲۴۹ : وانشد (ابن ابی) لم (ای للخلیل) ایضاً (بجای عبارت متن) لسان العرب (۱۰ : ۴۲) وانشد الخلیل یذم رجلاً عقد (۳ : ۲۶۹) : وقال الخلیل بن احمد[2] عقد : یخلقا، معارف مثل متن

[3] عقد : خلقهما [4] معارف (مصحّفاً) : نقصت مابه (بجای نُقصت مائة)، کتاب الشعر (ص ۳۶۶) میں ایک روایت : حُطّ عن مائة[5] عیون (مصحفاً) : تسعة تصحیح از روی معارف و کتاب الشعر و عقد و لسان

وكُفُّ ثلاثة آلافها　　وتَنْعُمِيها لها شِرْعَةً

(عيون الاخبار ۲: ۳۵)

(۱۶)

قال ابن خلكان: ومن السائر الذى يروى له قوله*:

لو كنت تعلم ما اقول عذرتنى　　او كنت تعلم ما تقول عذلتكا

لكن جهلت مقالتى فعذلتنى　　وعلمت انك جاهل فعذرتكا

(طبقات ابن المعتز ص۱۳ ونزهة الالباء ص۵۶

ووفيات الاعيان ۱: ۱۷۳)

(۱۷)

قال القتبى: وقال الخليل بن احمد:

ابلغ سليمان انى عنه فى سعة　　وفى غنى غير انى لست ذا مال

لہ کتاب الشعر و لسان: و اخرى (بجای كفٌ) ۲ه معارف: وتسم عليها شرعه (بجای عبارت متن) عقد: وتسم مياه لها مرحه ۳ه المختصر ۱ :۱۴۰): وجاء كيسان الى الخليل بن احمد يسأله عن شئ ففكر فيه الخليل ليجيب فلما استفتح الكلام قال له لا ادرى ما تقول فانشاء الخليل يقول (بجای عبارت متن) نزهة الالباء ص ۵۶: روى عنه انه كان يقطع العروض فدخل عليه ولد له فى تلك الحالة فخرج الى الناس وقال ان ابى قد جن فدخل الناس عليه وهو يقطع العروض فاخبروه بما قال ابنه فقال له معجم الادباء ۴: ۱۸۲ مثل نزهة مگر بيتاً من الشعر بجای العروض اول و البيت بجای العروض ثانی حاصل کلام ابن خلکان بھی مثل نزهة بغير صـ۲۴۴: وكان يقول الشعر فمنه

لہ عقد اعلم (بجای تعلم) سیرافی: اجبل بغيه: تجبل　　ہ ان ابیات کا قصہ پہلے آچکا ہے۔ دیکھو ص ۳۲۲

ہ مرت سیرافی: عنك (بجای عنه) زہر الآداب ۱/م: ۳۵ مثل متن

[1] شحّاً بنفسيَ انّی لا اری احداً ـــ یموتُ هُزْلاً ولایبقیٰ علی حالِ
[2] فالرّزق عن قَدَرٍ لاالضُعفُ یَمنَعُهُ ـــ ولا یزیدك فیه حَولُ محتالِ

(عیون الاخبار ۳ : ۱۸۹)

و زاد فی نزهة الالبّاء و زهر الآداب (۴ : ۳۵) بعد البیت الثانی رای شحّاً (الخ)
و فی الامالی للقالی و معجم الادباء و وفیات الاعیان و روضات الجنات بعد الثالث:

والفقر فی النفس لا فی المال نعرفه [3] ـــ ومثل ذاك الغنی فی النفس لا المالِ

و زاد فی زهر الآداب بعد هذا البیت :

والمال یغشی أناساً لااخلاق لهم ـــ کالسیل یغشی اصول الدِّندِنِ البالی
کل امرء بسبیل الموت مرتهنٌ ـــ فاعمل لنفسك انی شاغل بالی [4]

(۱۸)

قال المبرّد : لو قال قائل انّ اقرب ما اخذ منه ابوالعتاهیة :

یَعْلَمَنّ الناس انّ التُقیٰ ـــ والبِرّ کانا خیرمایُدّخَرْ

من قول الخلیل بن احمد :

[5] واذاافتقرت إلی الذخائرلم تجد ـــ ذُخراً یکون کصالح الاعمالِ (الکامل للمبرد ۲۳۲)

---

[1] یہ بیت طبقات ابن المعتز میں نہیں ہے ـــ نزھۃ الالبّاء ص ۵۸ : سخی دبجای شحّاً ' سیرافی : سخا' امالی ابی علی القالی طبع اوّل (۲ : ۲۰۳) شُحی ' معجم الادباء (۴ : ۱۸۲) : سخی ' وفیات (۱ : ۱۰۳) : شحا' بغیہ ص ۲۳۳ : سخی' روضات الجنات ص ۲۰۵ : سخا' الاساس میں ہے : سخیت نفسی و بنفسی عن ھذا الامر اذا ترکته ولم تنازعك الیه نفسك [2] وفیات : الرزق [3] زہر الآداب و وفیات و روضات : نعرفه
[4] ثم قال الحصری : أخذ هذا الطائی فقال : لاتنکری عطل الکریم من الغنی ؛ فالسیل حرب للمکان العالی
[5] کامل کے ایک قلمی نسخہ کے حاشیہ پر ہے : صوابه للاخطل ' روضات الجنات ص ۲۰۵ پر ہے : وکان کثیرا مایتمثل عن الاخطل هذاالبیت'

لكأن قد قال قولاً، و فى وفيات الاعيان ١: ١٥٢

و يحكى ان الخليل كان ينشد كثيراً هذا البيت وهو للاخطل: و اذا افتقرت الى الذخائر الخ البيت،

(١٩)

قال العسكرى: و اجود شئ قيل فى الحلم من الشعر ما اخبرنا به ابو احمد اخبرنا ابن دريد اخبرنا ابو عثمان عن الاخفش قال: نال رجل من الخليل بن احمد و أسمعه فقال الخليل:

سألزم نفسى الصفح عن كل مذنب — وان كثرت منه علىّ الجرائم

وما الناس الا واحد من ثلاثة — شريف ومشروف ومثل مقاوم

فاما الذى فوقى فاعرف فضله — وأتبع فيه الحق والحق لازم

واما الذى مثلى فان زل او هفا — تفضلت ان الفضل بالعز حاكم

واما الذى دونى فان قال صنت عن — اجابته عرضى وان لام لائم

قسم هذا الشاعر ثم فسر فاحسن و لم يدع مزيداً،

(ديوان المعانى لابى هلال العسكرى ١: ١٣٢)

(٢٠)

قال ابن عبد ربه: مدح قوم من الشعراء جعفر بن سليمان بن على ابن عبد الله بن عباس فماطلهم بالجائزة وكان الخليل بن احمد صديقه وكان وقت مدحهم اياه غائباً فلما قدم الخليل اتوه فاخبروه فاستعانوا به عليه فكتب اليه:

لاتقبلن الشعر ثم تعقه — وتنام والشعراء غير نيام

واعلم بانهم اذا لم ينصفوا — حكموا لانفسهم على الحكام

وجناية الجانی علیهم تنقضی　　　وعقابهم باقٍ علی الایّام

فاجازهم واحسن الیهم　　　(العقد الفرید ۳: ۱۰۰)

(۲۱)

قال القتبی: وقال الخلیل بن احمد:

وفَّیتُ کلَّ صدیقٍ ودَّنی ثمناً　　　الّا المؤمّل دُولاتی وایّامی

(عیون الاخبار ۳: ۱۸)

(۲۲)

قال ابن المعتز: واَهْدٰی الیه سلیمان من السند هدیۃ نَزْرَۃً فردّها وقال:

وخصلةٍ یُکْثِرُ الشیطانُ اِن ذُکِرتْ　　　منها التعجّبَ جاءت من سلیمانا

لاتَعْجَبَنَّ لِخَیْرٍ زَلَّ عن یدهٖ　　　فالکوکبُ النحسُ یَسْقِی الارضَ احیانا

(طبقات ابن المعتز ص۲۷)

(۲۳)

قال الخلیل:

انّ الذی شقّ فمی ضامنٌ　　　للرزق حتّٰی یتوفّانی

۱۔ وفیات (۱: ۱۷۲) میں اس قصہ کو نظم نمبر ۱ کے ساتھ متصل کیا ہے۔ یعنی سلیمان نے راتب بند کیا تو خلیل نے نظم نمبر ۲ لکھی؛ سلیمان نے عذر کیا اور راتب دگنا کر دیا تو خلیل نے یہ نظم لکھی، دوسرا شعر دیوان المعانی للعسکری ۱: ۱۰۵ پر بھی ہے۔ کتاب الشعر والشعراء (طبع لیڈن) ص ۲۵۶ پر ابوالغول نہشلی کو ان شعروں کا مصنف بتایا ہے ۲۔ کتاب الشعر: سوءۃ (بجای خصلۃ) وفیات (۱: ۱۷۲) و روضات ص ۲۰۵: نزلۃ ۳۔ روضات (ص ۲۰۵): لو زقہ او تیوانا (بجای عبارت متن) محاضرات راغب (طبع مصر) ص ۱۱۳ میں یہ شعر ایک اعرابی کی طرف منسوب ہوئے ہیں۔ مصنف نے کہا ہے: واجری بعض الکبار علی اعرابی شیئاً ثم قطعہ عنہ فقال فیہ: ان الذی شق البیت، محاضرات میں لی الرزق (بجای للرزق) او نفعاً (بجای مالاً) اور نفعک (بجای مالک)

حرّمتني مالاً قليلاً فما ... زادك في مالك حرماني

(وفيات الاعيان ١ : ١٤٣)

(٢٤)

و قال [بشار]:

فقلت دعوا قلبي وما اختار وارتضى ... فبالقلب لا بالعين يبصر ذو اللب

وما تبصر العينان في موضع الهوى ... ولا تسمع الاذنان الا من القلب

و قد قال ابو يعقوب الخزيمي [الخريمي] في هذا المعنى و كان قد عور ثم عمي، و قيل انها للخليل بن احمد:

قالت اَلزّاني غداة لقيتها ... يا للرجال لصبوة العميان

فاجبتها نفسي فداؤك انما ... أذني وعيني في الهوى سيّان

(زهر الآداب للحصري ١ : ١٣٤)

(٢٥)

وادي القصر — بالبصرة وهو الذي يقول فيه الخليل حاضر القصر الخ طبع ذكي مبارك ر دكتوره ، قال الجاحظ من اتى هذا الوادي و رأى القصر هذا رأى ارضاً كالكافور، و رأى ضبابا تحترش و غزالا و سمكا و صيادا و سمع غناء ملاح في و حدا جمّال خلف بعيره

و في هذا المكان [وادي القصر بالبصرة] يقول الخليل ايضاً

ياجنة فاقت الجنان فما ... يبلغها قيمة ولا ثمن

الفتها فاتخذتها وطنا ... ان فؤادي لحبها وطن

ك رصفات : خيرا (بجاى مالا)

ناوج جيتانها الضباب بها   فهذه كنة و ذا ختن

انظر وفكر فيما نطقت به   ان الاديب المنكر الفتن

من سفن كالنعام مقبلة   و من نعام كانها سفن

(كتاب المضاف والمنسوب للثعالبى ص ١٨٢)

لا يكون للسرىّ مثل الدنىّ   لا ولا ذو الذكاء مثل الغبىّ

لا يكون الالدُّ ذوالمِقول المر*   هف عند القياس مثل العيىّ

قيمة المرء كلّ يحسن المر   ء قضاء من الامام علىّ

يعزى الى الخليل بن احمد كما قال ابن عبد البر

تاريخ الجهمية و المعتزلة (مصر ١٣٣١هـ) ص ٨٣

للشيخ جمال الدين القاسمى الدمشقى

و اما[١] العقد من كلام الصحابة.....

و قول الخليل بن احمد رحمه الله

لا يكون العلىّ[٢] مثل الدنىّ   لا و لا ذو الذكاء مثل الغبىّ

قيمة المرء قدر[٣] ما يحسن المرء   قضاء من الامام على

(انوار الربيع ورق ٣٢٢ ب ببعد و كتاب تاريخ الجهمية و

المعتزلة للدمشقى ص ٨٣)

---

[١] العقد عبارة عن ان يعمد الشاعر الى الشئ من كلام الله او كلام رسوله او السلف الصالح من الصحابة و من بعدهم او كلام الحكماء المشهورين فينظمه بلفظه و معناه او معظم اللفظ فيزيد فيه وينقص منه ليدخل فى وزن الشعر فان نظم المعنى دون اللفظ لم يكن عقدا بل نوعا من السرقة خلافا لمن ادخله فى العقد (انوار الربيع) [٢] دمشقى السرى (بجاى العلى) [٣] دمشقى: كل (بجاى قدر)

وزاد فی کتاب تاریخ الجهمیة بعد البیت الاول:

لایکون الدّ ذو المقول المسرّ* هف عند القیاس مثل العَیق

تکمـلہ

راجع بہ صفحہ ۳۲۵

(۸) خلیل کے اساتذہ اور تلامذہ:

نزهۃ الالبّاء (ص ۸۳) میں بذیل ترجمہ ابوالحسن علی بن حمزہ الکسائی لکھا ہے کہ اس نے خلیل سے پوچھا: آپ کو علم کہاں سے پہنچا؟ خلیل نے جواب دیا: بادیہ فَیْنانِ حجاز و نجد و تہامہ سے۔

المزهر (۲: ۲۴۹) میں ابوالطیّب اللغوی (م۔ بعد ۳۵۰ھ) کا قول دیا ہے کہ خلیل نے علم نحو عیسٰی[1] بن عمر (الثقفی) سے حاصل کیا۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ خلیل علم، ذکاوت، فضیلت اور تقوٰی میں سب لوگوں پر فائق تھا۔ محمد بن سلام نے اپنے مشائخ سے سُنا کہ عرب میں صحابہؓ کے بعد خلیل بن احمد سے زیادہ ذکی اور جامع کوئی شخص نہ تھا۔ اور عجم میں ابن مقفع سے زیادہ۔ المزهر ج ۱ ص ۰، پر اسی ابوالطیّب نے لکھا ہے: قال بعض اهل العلم انه لایجوز علی الصراط بعد الانبیاء علیهم السّلام احد ادقّ ذهنا من الخلیل

---

[1] عیسٰی بن عمر فصاحت اور کلام میں تقعیر اور استعمال غریب کے لیے مشہور تھے۔ الفہرست ص ۴۲ پر بھی عیسی العضریہ کو خلیل کا استاد لکھا ہے۔

اُس زمانہ میں تین آدمی تھے۔ جو لغت، شعر اور علومِ[1] ادب میں لوگوں کے امام تھے۔ یعنی ابوزید، ابوعبیدہ اور اصمعی، یہ سب لغت، نحو اور شعر میں ابوعمرو (ابن العلاء) کے شاگرد تھے۔ اور قرات کی روایت بھی انھوں نے اسی سے حاصل کی تھی۔ ابوعمرو کے بعد انھوں نے عیسیٰ بن عُمر اور ابوالخطاب اخفش اور یونس بن حبیب اور ثقہ اور عالم بدویوں کی ایک جماعت سے علم حاصل کیا۔ جن میں ابومہدیہ، ابوطفیلہ، ابوالبیداء، ابوحیوۃ بن لقیط اور ابومالک عمرو بن کرکرہ النمری صاحب النوادر اور ابوالدقیش الاعرابی شامل تھے۔ خلیل نے بھی ان سے علم حاصل کیا۔ اور اُن کے پاس آنا جانا رہا۔

معجم الادباء ۷: ۱۰۷ پر ہے کہ محمد بن مناذر زاہد اور امام لغت نے خلیل بن احمد اور ابوعبیدہ سے علم ادب اور لغت تحصیل کیا، معجم الادباء کی اسی جلد میں ص ۱۵۹ پر مروان بن سعید ابن مروان بن المہلّبی کی نسبت کہا ہے کہ وہ متقدمین اور مبرزین نحاۃ میں سے تھا۔ اور اصحاب خلیل میں شامل تھا اور ص ۲۸۹ پر یہ کہ ابو محمد یحییٰ بن المبارک الیزیدی نے لغت اور عروض خلیل سے حاصل کیا۔ اسی طرح معجم الادباء ۴: ۱۳۵ پر امام حماد بن سلمہ بن دینار ابوسلمہ البصری کی نسبت لکھا ہے۔ کہ وہ نحو میں خلیل کا شاگرد تھا۔

راجع بہ ص ۲۲۸:

(۵) بعض معاصرین سے خلیل کے تعلقات

اس سلسلے میں ایک دو حکایتیں اور بھی نظر آئی ہیں۔ ذیل الامالی و النوادر لابی علی القالی ص ۲۰۲ پر ایک قصہ دیا ہے۔ جس میں خلیل بن احمد اور اس کا دوست ابوالمعلّیٰ مولای بنی یشکر

---

[1] علوم ادب سے آٹھ علم مراد تھے۔ نحو، تصریف، عروض، قوافی، صنعت شعر، اخبار عرب اور انساب عرب (نزہۃ الالباء ص ۱۱۰)

ایک عورت کے ساتھ باتیں کرتے ہیں۔ جو فصحاء عرب میں سے تھی۔ یہ قصّہ فحش ہونے کی وجہ سے یہاں درج نہیں کیا جاتا۔

صاحب روضات الجنات نے ۱: ۲۷۵ پر ایک شخص کا قصّہ کسی معتبر سفینہ سے نقل کیا ہے۔ یہ شخص اپنے لڑکے کو لے کر خلیل کے پاس آیا۔ اور اس سے کہا: اے شیخ! میں دُور سے آپ کے پاس آیا ہوں۔ میرے لڑکے کو کچھ علم نجوم اور نحو اور طب اور فرائض فقہ پڑھا دیجیے۔ گر گدھا دروازے پر تیار کھڑا ہے۔ خلیل نے اس لڑکے سے کہا، جان لو کہ ثریا آسمان کے درمیان میں ہے۔ فاعل مرفوع ہوتا ہے۔ اہلیلہ کابلی دافع صفراء ہے۔ اور اگر کوئی آدمی دو بیٹے چھوڑ مرے تو مال متروکہ ان کے درمیان برابر برابر تقسیم ہوگا۔ پھر کہا اُٹھ اے میرے بیٹے!

صاحب روضات ہی نے کہا ہے کہ مجمع البیان میں خلیل کی نیک باتوں کے متعلق نضر بن شُمَیل کی ایک روایت دی ہے۔ وہ کہتا ہے۔ کہ کسی نے خلیل سے قولہ تبارک و تعالی ذَبِّ[1] اتِ جِحُوْنِ کے معنی پوچھے، وہ سوچ سوچ کر کہنے لگا۔ تم مجھ سے ایسی بات پوچھتے ہو۔ جس سے میں بخوبی واقف نہیں ہوں۔ اس کے معنی میں نہیں جانتا، لوگوں کو خلیل کی یہ بات پسند آئی۔

راجع بہ صفحہ ۴۳۲ (ط)

مُصنّفاتِ خلیل

کتاب العین

سیوطی نے المزھر (۱: ۷۸ بعد) پر کتاب العین کے متعلق بہت سے اقوال نقل کیے ہیں۔

---

[1] قرآن مجید (سورہ المؤمنون ۲۳: ۹۹)

ان میں سے بعض اقوالؔ اوپر آچکے ہیں۔ بعض اَور باختصار یہاں درج کیے جاتے ہیں:

امام فخرالدین نے المحصول میں لکھا ہے کہ لغت کی کتابوں کی اصل کتاب العین ہے۔ اور جمہور اہلِ لغہ اس کی قدح پر متفق ہیں۔

بعض نے کہا کہ کتاب العین خلیل کی نہیں، لیث بن نصر بن سیار خراسانی کی تصنیف ہے۔ الازھری نے کہا ہے کہ لیث مرد صالح تھا۔ اس نے کتاب العین بنا کر خلیل کی طرف منسوب کردی۔ اس خیال سے کہ کتاب خلیل کے نام کی بدولت رواج پا جائے۔ اور لوگوں کو اس کی طرف رغبت پیدا ہو۔

بعض نے کہا ہے: خلیل نے کتاب العین کو شروع سے حرف العین تک مرتّب کیا۔ اور لیث نے کتاب مکمل کی۔ اسی لیے کتاب کے پہلے حصّے اور پچھلے حصّہ میں کوئی مشابہت نہیں۔

ابوالطیب عبدالواحد بن علی اللغوی نے کتاب مراتب النحویّین میں لکھا ہے۔ کہ خلیل نے بعض ایسی نئی نئی باتیں نکالیں جو اس سے پہلے کسی کے خیال میں نہ آئی تھیں۔ منجملہ ان باتوں کے یہ ہے کہ اس نے کلام عرب کو حروف کی بنا پر کتاب العین میں جمع کیا۔ اس لیے کہ اسی نے اس کتاب کے ابواب مرتّب کیے۔ گو وہ ان ابواب کے پُر کرنے سے پہلے فوت ہوگیا۔ ہم کو محمد بن یحییٰ نے بتایا۔ کہ اس نے احمد بن یحییٰ ثعلب کو کہتے سنا۔ کہ کتاب العین میں غلطیاں یوں ہوئیں۔ کہ خلیل نے اس کتاب کا خاکہ تو بنایا۔ مگر اُس کو پُر نہ کر سکا۔ اگر اس کو پُر کرنے والا وہ ہوتا تو کتاب میں نقص نہ رہتا۔ اس لیے کہ خلیل بےمثل انسان تھا۔ یوں خاکے کو پُر کرنے والے بھی عالم لوگ تھے۔ مگر کتاب ان لوگوں سے اَوروں تک روایت کے ذریعہ نہ پہنچی۔ بلکہ کاتبوں کی نقل ہی سے ملی۔ اس لیے اس میں خلل واقع ہُوا۔

محمد بن عبد الواحد الزاہد نے کہا ہے کہ ایک نوجوان نے جو خراسان سے آیا تھا۔ اور

۱؎ قول سیرانی و ابن المعتز

اس (محمد بن عبدالواحد) سے کتاب العین پڑھتا تھا۔ اس کو بتایا کہ اس نوجوان نے اپنے باپ سے اور اس نے اسحٰق بن راہویہ سے سُنا کہ لیث صاحب خلیل بن احمد نیک آدمی تھا۔ خلیل نے کتاب العین میں سے صرف باب العین مرتب کیا۔ لیث نے خلیل کی گرم بازاری کے خیال سے کتاب کو مکمل کیا۔ اور اپنا نام خلیل رکھا (ایک دوسرے موقع پر اُس نے کہا: اس نے خلیل کی محبت کی وجہ سے اپنی زبان کا نام خلیل رکھا) پس جہاں جہاں کتاب میں اُس نے کہا ہے: قال الخلیل بن احمد" وہاں تو اس سے مراد خلیل بن احمد ہی ہے۔ اور جہاں اُس نے صرف "وقال الخلیل" کہا ہے۔ وہاں وہ اپنی ذات سے حکایت کر رہا ہے۔ اور کتاب میں جو خلل ہے وہ اس سے ہے (یعنی لیث سے) نہ کہ خلیل سے۔ انتہٰی۔

النووی نے تحریر التنبیہ میں کہا ہے: کتاب العین جو خلیل کی طرف منسوب ہے وہ لیث ہی نے خلیل سے جمع کی۔

طعن بر کتاب العین

امام فخرالدین کا قول اوپر (ص ۲۷۰) پر درج ہوا ہے۔ ابن جنی نے الخصائص میں لکھا ہے: اب رہی کتاب العین سو اس میں تخلیط اور خلل و فساد اس قدر ہے کہ خلیل تو کیا اس کے ادنیٰ شاگرد پر بھی اس کی ذمہ داری عاید کرنا جائز نہ ہوگا۔

لامحالہ یہ تخلیط غیر خلیل سے کتاب میں آئی۔ اگر خلیل نے اس (کتاب) میں کچھ کام کیا ہے۔ تو وہ غالباً اس صورت میں ہوا ہو کہ اُس نے اس کتاب کے مرتب کرنے کی طرف اشارہ کیا ہو اور خود اس کا متکفل نہ ہوا ہو۔ نہ اس کا خاکہ بنایا ہو اور نہ اس کو لکھا ہو۔ دلیل اس بات کی کہ اس نے اس طرح کیا: یہ ہے۔ کہ مجھے اس کتاب میں گہرے مطالب اور فکر کی لطیف جست وخیز اور بعض موزنوں میں مستحکم صیغے نظر آتے ہیں۔

ابوبکر محمد بن حسن الزبیدی اللغوی مؤلف مختصر العین (م ۳۷۹ھ) نے اپنی کتاب

استدراک الغلط الواقع فی کتاب العین میں لکھا ہے۔ کہ کتاب العین کا خلیل کی تصنیف ہونا ثابت نہیں۔ اس بارے میں گمان غالب یہ ہے کہ خلیل نے اس کی بنیاد رکھی اور کلام عرب کو منضبط کیا۔ مگر وہ اس کے مکمل ہونے سے پہلے مرگیا۔ اور تکمیل کا کام ایسے لوگوں نے کیا۔ جو اس باب میں اس کی جگہ نہ لے سکتے تھے۔ یہی سبب تھا کہ اس میں خلل پیدا ہوا۔ اور غلطیاں رہ گئیں۔ الزبیدی کہتا ہے کہ یہ رائے اس نے خود ہی قائم کی تھی۔ مگر اس کے بعد ابوالعباس ثعلب کی رائے اس کی نظر سے گذری تو وہ بھی اس کے مطابق تھی (ثعلب کی رائے اوپر ص ۲۶۷ سطر ۱۵ پر آچکی ہے۔ ثعلب کی اس رائے کے دلائل کہ لوگوں کے الحاقات کتاب میں ہیں یہ ہیں:

۱۔ کتاب کے نسخوں کا اختلاف اور اس کی روایتوں کا اضطراب' علاوہ اس کے کہ متاخرین کے بیانات اس میں درج ہیں۔ اور محدثین کے لُغۡجر[1] اور پوچ[2] اشعار بطور شواہد اس میں لائے گئے ہیں۔ چنانچہ ہم نے قاضی منذر[3] بن سعید (م۔ ۳۵۵) کے نسخہ کا مطالعہ کیا۔ جس کی کتابت قیروان میں ہوئی تھی۔ اور جس کا مقابلہ اس نے پہلے ابن ولّاد کے نسخہ کے ساتھ مصر میں کیا تھا۔ پھر ابن ثابت کے نسخہ کے ساتھ جو مکہ شریف میں نقل ہوا تھا۔ اس نسخہ کے بہت سے ابواب میں آتا تھا "ہم کو المسعری نے ابوعبید کی زبانی بتایا"۔ اور بعض ابواب میں آتا تھا: "ابن اعرابی نے کہا"۔ "الاصمعی نے کہا"۔ اب

---

[1] اصل: ثقّف کلام العرب [2] المزدول [3] کتاب العین کے راویوں کا سلسلہ المزہر ۱: ۵۷ پر یوں دیا ہے: ابوعلی غسان عن الحافظ ابی عمر بن عبدالبر عن عبدالوارث بن سفیان عن القاضی منذر بن سعید عن ابی العباس احمد بن محمد بن ولّاد النحوی عن ابیہ عن ابی الحسن علی بن مہدی عن ابی معاذ عبدالجبار بن یزید عن اللیث بن المظفر بن نصر بن سیار عن الخلیل۔ منذر بن سعید کے لیے ملاحظہ ہو معجم الادبار ۷: ۱۷۸

بتایئے کہ یہ جائز ہے کہ خلیل، اصمعی اور ابن الاعرابی یا ابوعبید سے راوی ہو؟ المسعری کا تو ذکر ہی کیا ہے خلیل، ابوعبید سے کیونکر روایت کرسکتا تھا۔ جب کہ اس کا سنہ وفات ۱۷۰ (اور بعض روایات میں ۱۷۵) تھا۔ اور ابوعبید اس وقت ۱۶ برس (یا ایک اور روایت کے مطابق ۲۱ برس) کا تھا۔ اس لیے کہ ابوعبید ۱۵۴ھ میں پیدا ہوا۔ اور ۲۲۴ھ میں فوت ہوا۔ اور المسعری سے ابوعبید کے معلومات کا سماع ابوعبید کی موت کے بعد ہی جائز ہوسکتا تھا۔ تو مُردوں کو بحالِ موت کس طرح علم سنایا جاسکتا تھا اور کس طرح وہ علم کی نقل ایسوں سے کرسکتے تھے جو اُن کے زمانے کے بعد پیدا ہوئے؟ ابوعلی القالی نے الزبیدی کو بتایا۔ کہ جب کتاب العین خراسان سے آئی تو ابوحاتم (تلمیذ اصمعی)، اور اصحاب ابی حاتم نے کتاب کو بہت زور سے رد کیا۔ اور ابوحاتم اگر اس کو خلل سے بری اور لغزش سے خالی پاتا تو اس کو رد نہ کرتا۔ اصحاب خلیل نے مدتوں تک نہ اس کتاب کو پہچانا نہ اس کا ذکر سُنا۔ اس میں ایسے لوگ شامل تھے جیسے النضر بن شمیل، مؤرّج، نصر بن علی، ابوالحسن اخفش اور دوسرے اسی پایہ کے لوگ۔ اگر خلیل یہ کتاب لکھتا تو مذکورین اُس سے کتاب کی روایت کرتے (کیونکہ) یہ لوگ ایک مجہول الحال، علم میں غیر مشہور شخص سے اس روایت کے لیے زیادہ اہل تھے جس نے انفرادی طور پر کتاب کی روایت کی اور اکیلا کتاب کا ناقل بنا۔ پھر اصحاب خلیل فوت ہوگئے۔ النضر ۲۰۳ھ

---

[1] ص ۳۲۵ پر ذکر آیا تھا کہ ابن القفطی (ص ۱۷۱) اور ابن ابی اصیبعہ (۱ : ۱۸۹) نے لکھا ہے کہ حنین بن اسحٰق نے جو خلیل کا شاگرد تھا کتاب العین بغداد میں داخل کی۔ ابن القفطی (ص ۱۷۱) نے حنین کا سنہ وفات ۲۶۰ دیا ہے۔ اور ابن ابی اصیبعہ نے ۲۶۴۔ اس صورت میں حنین کا شاگردِ خلیل ہونا جو ۱۷۰ھ یا ۱۷۵ھ میں فوت ہوا بعید از قیاس ہے سوائے اس صورت کے کہ حنین نے قریباً ۱۰۰ برس عمر پائی ہو مگر یہ بات کہیں نظر نہیں آئی۔ یاقوت نے معجم البلدان (۳ : ۷۹ س ۲۱) میں لکھا ہے کہ قاسم بن ثابت بن حزم العوفی السرقسطی (م ۳۰۲) نے کتاب العین کو اندلس میں داخل کیا یہ ۲۸۸ھ کے بعد کی بات ہوگی جبکہ قاسم اور اس کے باپ ثابت نے مشرق کا سفر کیا۔

ہیں، اخفش ۲۱۵؁ھ میں، مؤرج ۱۹۵؁ھ میں۔ اور ایک طویل مدت گذر چکی تب کہیں جاکر ابو حاتم کے آخری زمانہ میں جبکہ رئیس علم وہ تھا یہ کتاب ظاہر ہوئی۔ یعنی کوئی ۲۵۰؁ھ کے لگ بھگ، اس لیے کہ ابوحاتم ۲۵۵؁ھ میں فوت ہوا۔ اس وقت علماء میں سے کسی نے اس کتاب کی طرف توجّہ نہ کی۔ اور نہ اس کے ایک حرف کی روایت کو انہوں نے جائز سمجھا۔ اگر کتاب خلیل کی ثابت ہوتی۔ تو اصمعی[1]، یزیدی، ابن اعرابی وغیرھم خلیل کی روایت اور اس کے علم کی نقل سے اپنی کتابوں کو سجاتے۔ اور اپنے علم کو زینت بخشتے۔ اور یہی حال ان لوگوں کا ہے جو اُن کے بعد کے دَور کے ہیں۔ مثلاً ابو حاتم، ابوعبید، یعقوب، اور اُور مصنفین۔ ہم کو تو ان میں سے ایک بھی معلوم نہیں جس نے اپنی کتاب میں لغت کے متعلق خلیل سے ایک حرف بھی نقل کیا ہو۔

۲۔ نحوی باتیں جو کتاب العین میں درج ہوئی ہیں وہ مذہب بصریین کے خلاف اور مذہب کوفیین کے مطابق درج ہوئی ہیں۔ الزبیدی نے اس کی متعدد مثالیں دی ہیں۔ مثلاً حروف کی تقدیم و تاخیر کا ذکر[2] جو سیبویہ کی ترتیب کے خلاف ہے۔ حالانکہ سیبویہ

---

[1] اصمعی کی ایک تنقید معجم البلدان ۲: ۹۰۰ س ۱۴ پر دی ہے۔ اصمعی نے خلیل سے خورنق کے معنی پوچھے اور جواب کی نسبت کہا ما یصنع شیئاً گو ظاہراً یہ تنقید کتاب العین سے متعلق نہیں، کتاب الکامل للمبرد (طبع یورپ) میں لیڈن کے ایک نسخے سے جو غالباً پانچویں صدی کے ابتدا میں لکھا گیا۔ کیس لغوی حاشیے منقول ہیں جو غالباً کتاب العین سے لیے گئے ہیں مگر حواشی کا سنہ کتابت معلوم نہیں، کتاب معجم البلدان میں تیس مقامات پر صاحب العین کے اقوال نقل ہوئے ہیں جو لغت سے تعلق رکھتے ہیں۔ غرض یہ سب بعد کی صدیوں کے اقتباسات ہیں۔ کتاب الجماہر للبیرونی میں چار اور اتنے ہی اقتباسات خلیل سے تبریزی شارح حماسہ نے دیے ہیں [2] صاحب العین (طبع عراق ص۱) نے کتاب کو حرف عین سے شروع کرنے کی وجہ یہ بتائی ہے کہ عین مخرج کے اعتبار سے اقصی الحروف ہے۔ مگر سیبویہ نے ہمزہ کو اقصی الحروف بتایا ہے۔ اگر وہ عین سے شروع کرنے کی وجہ یہ بتاتا کہ عین کلام میں سب حرفوں سے زیادہ آنے والا اور دیگر حروف سے زیادہ مختلط ہونے والا حرف ہے تو زیادہ مناسب ہوتا (المفضل بن سلمہ منقول در المزھر ۱: ۵۵) خلیل نے ھمزہ کی بجائے عین سے شروع کرنے کی جو وجہ بتائی ہے۔ المزھر ۱: ۵۶ پر ملاحظہ ہو

حامل علم خلیل ہے۔ اسی طرح ساری کتاب میں رباعی مضاعف کو ثلاثی مضاعف میں داخل کیا گیا ہے۔ جو خصوصیت کے ساتھ کوفیوں کا مذہب ہے۔

علامہ سیوطی کی رائے

الزبیدی کی تنقید درج کرنے کے بعد سیوطی نے لکھا ہے: میں نے کتاب (العین) کا شروع سے آخر تک مطالعہ کیا ہے۔ اس میں جو غلطیاں نکالی گئی ہیں ان کا اکثر حصّہ تصریف اور اشتقاق سے متعلق ہے۔ مثلاً حرف مزید کا ذکر مادۂ اصلیہ میں کردیا گیا۔ یا مادۂ ثلاثہ کو مادۂ رباعیہ میں درج کردیا گیا۔ اور بعض جگہ اس میں تصحیف[1] کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ لیکن یہ بات کہ لغت کے اعتبار سے اس میں غلطی ہو۔ یعنی یہ کہا جائے کہ فلاں لفظ جھوٹ ہے یا غیر معروف ہے۔ تو معاذ اللہ ایسا نہیں ہے۔ اس صورت میں کتاب العین پر طعن نہیں ہوسکتا۔ اس لیے کہ کتاب کے ردّ کی ابتداء ترتیب اور وضع تالیف سے متعلق ہے اور یہ سہل بات ہے۔ اور اُس کا حاصل یہ ہے کہ کہیں اس لفظ کو اس باب سے ہٹا کر اس باب میں رکھنا چاہیئے۔ اور یہ معمولی سی بات ہے۔ گو خلیل کا مقام اس قسم کی غلطیوں سے بالاتر ہے۔ تاہم یہ بات نقلِ لغت کے بارے میں وثوق و اعتماد سے مانع نہیں ہے۔ اور اگر مان بھی لیا جائے کہ تصحیف کا جو دعویٰ کیا گیا ہے وہ درست ہے تو جواب وہی ہے جو ائمہ نے دیا ہے۔ اور یوں تصحیف سے بچا ہی کون ہے...... مع ہذا تصحیف اس کتاب میں ہے بھی بہت کم'

المفضل بن سلمہ کوفی کا استدراک کتاب العین پر

ابو الطیّب لغوی نے کہا ہے کہ مفضل کی کتاب میں کتاب العین کی بہت سی باتوں کو

---

[1] المزھر ج ۱ ص ۴۳ تا ۴۴ میں الزبیدی کی استدراک سے تصحیفات کتاب العین کی فہرست دی گئی ہے۔

رد کیا گیا ہے۔ مگر اکثر صورتوں میں وہ ردّ درست نہیں (معجم الادبا، ۷: ۱۰) و المزہر ۱: ۸۴)

مختصرات و ردود کتاب العین

ابوالحسن الشاری کہتا ہے کہ لوگوں نے زبیدی کی مختصر العین کو بہت پسند کیا۔ کیونکہ اس میں مختلف شواہد اور تصحیف زدہ حروف اور مخلل تاک ابنیہ کو حذف کیا گیا ہے۔ علاوہ بریں اس کا حجم بھی کم ہے۔ بعض لوگوں نے مختصر العین کے ساتھ ابوعلی بغدادی کے زیادات بر کتاب العین کو ملحق کردیا ہے۔ جس سے کتاب اَور بھی زیادہ مفید بن گئی ہے۔ لیکن اس میں یہ نقص ضرور موجود ہوگیا ہے کہ قرآن و حدیث اور صحیح اشعار عرب کے شواہد بھی حذف کردیئے گئے ہیں۔ اس نقص کو رفع کرنے کے لیے امام ابوغالب "تمام بن غالب المعروف بابن التیانی نے فتح العین لکھی جو بغایت مفید ہے۔ اور اس میں صرف قرآن و حدیث و صحیح اشعار عرب کے شواہد لے لیے گئے ہیں۔ اور باقی چھوڑ دیے گئے ہیں۔ پھر زیادات ابن درید جو جمہرہ میں ہیں اس کتاب میں شامل کر دیئے گئے ہیں۔ اور یہ کتاب کتاب العین اور جمہرہ دونوں کو شامل ہوگئی ہے گو ہے قلیل الوجود' انتہیٰ'

یاقوت نے معجم الادبا، ۷: ۲۹: ۲۲۲ پر اور حاجی خلیفہ نے کشف الظنون (طبع استنبول ۲: ۲۹۱) پر مذکورہ کتابوں کے علاوہ کتبِ ذیل کا ذکر بھی کیا ہے۔ جو کتاب العین سے متعلق ہیں:

۱۔ مدخل علی کتاب العین للنضر بن شمیل (م۔ ۲۰۴)
۲۔ تکملۃ کتاب العین لاحمد بن محمد الخارزنجی (م۔ ۳۴۵)
۳۔ فائت العین لابی عمر محمد بن عبدالواحد المعروف بغلام ثعلب
۴۔ کتاب فی غلط العین لمحمد بن عبداللہ الاسکافی الخطیب

ان میں سے مدخل اور فائت کا ذکر یاقوت اور حاجی دونوں نے کیا ہے اور باقی کا

صرف حاجی نے "کشف الظنون (۱ : ۵۳۶) میں الردّ علی الخلیل بن درستویہ عبداللہ بن جعفر النحوی بھی مذکور ہے۔

کتاب العروض

الزبیدی نے لکھا ہے کہ خلیل نے اختراع و ابداع کے طریق پر دو کتابیں الفرش و المثال فی العروض لکھیں۔ اور اس طرح تمام اوزان شعر اکٹھے کر لیے۔ اور شعر کی ہر چیز اس کے محیط میں گھیر لی۔ اور ہر چیز کو اس کی متجانس چیز کے ساتھ ملحق کیا۔ اور یہ سب کچھ دوائر کی بنیاد سے اٹھایا جن سے ذہن عاجز، فہم مغلوب اور عقلیں معقول ہوگئیں۔ (المزہر ۱: ۵۰) اس بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ عروض کی دو کتابیں خلیل نے لکھی تھیں۔ اگرچہ یہ تفصیل اور کہیں نظر نہیں آتی۔ ہوسکتا ہے کہ ایک ہی کتاب کے دو حصے تھے جن کو اس مصنف نے دو کتابوں کے نام سے بیان کیا ہے۔ ایجاد عروض کے متعلق کتاب الہند للبیرونی ص ۱۱، پر ذیل کی عبارت دی ہے جو دلچسپی سے پڑھی جائے گی۔ سنسکرت کے عروض کے ذکر کے بعد بیرونی لکھتا ہے:

و انما طوّلت فی الحکایة و ان تنذرت عائدتها لیشاهد و یحاط بکیفیة توالیهم و تتطبع ابیاتهم ولیعرف ان الخلیل بن احمد کان موفقاً فی الأقتضایات و ان کان ممکنا ان یکون سمع انّ للهند مواضع فی الاشعار کما ظنّ به بعض الناس گویا کتاب العین اور کتاب العروض دونوں پر کچھ اثر ہندوستان کا پڑا؟

مرحوم حافظ محمود خان شیرانی

میری رائے یہ ہے کہ یارانِ رفتہ کی یاد میں آنسو بہانا سہل ہے مگر دو چار سطریں لکھنا مشکل۔ تاہم کوشش کرتا ہوں۔

شیرانی صاحب سے غائبانہ تعارف راقم الحروف کا طالب علمی کے زمانہ میں ہوا۔ رسالہ "مخزن" میں اُن کی ایک نظم چھپی تھی ؎

ای نسیم و صبا شمال و دبور ہند پر جب کرو تم اپنا عبور

میرے حلقۂ احباب میں اس نظم کا بہت چرچا ہوا۔ کچھ عرصہ بعد معلوم ہوا کہ اس نظم کے لکھنے والے شیرانی صاحب اورینٹل کالج لاہور سے منشی فاضل پاس کرکے بیرسٹری کے لیے انگلستان گئے ہیں۔ اُن دنوں میں یہ بات سب کے لیے موجبِ تعجب تھی کہ اورینٹل کالج سے حصولِ سند کے بعد کوئی شخص قانون کی تعلیم کے لیے لندن جاتے۔ اس لیے کہ اورینٹل کالج میں اس زمانے میں انگریزی کی تعلیم کا کوئی قابل ذکر انتظام نہ تھا اور بغیر انگریزی میں کافی استعداد رکھنے کے انگلستان جانا کچھ معنی نہ رکھتا تھا۔

اس واقعہ سے سترہ اٹھارہ برس کے بعد راقم الحروف خود انگلستان سے واپس آیا اور اورینٹل کالج میں پروفیسر عربی کی حیثیت سے متعین ہوا۔ غالباً ۱۹۲۱ء کا ذکر ہے کہ ایک دن شیرانی صاحب مجھے گھر پر ملے۔ اس وقت وہ اپنے وطن ٹونک سے آئے تھے جہاں اُس زمانے میں پڑھے لکھے لوگوں کی ایک جماعت پر خاص عتاب نازل ہوا تھا۔ اور شیرانی صاحب اور اورینٹل کالج کے ایک مولوی صاحب بھی ان معتوبین اور مخرجین میں شامل تھے شیرانی صاحب سے اس موقعہ پر جو گفتگو ہوئی اس سے دو باتیں نہایت واضح طور پر سامنے آئیں۔ ایک اُن

کی شاہنامہ دانی، دوسرے اُن کی عروض دانی۔ شاہنامہ کو مختلف مواقع سے پڑھنے کا اتفاق یوں تو سب فارسی خوانوں کو ہوتا ہی ہے مگر شیرانی صاحب کے سوا ہندوستان میں یا ہندوستان سے باہر کسی ایسے شخص سے میری ملاقات نہ ہوئی جو شاہنامہ کو سرِ بسر نہ صرف متعدد دفعہ پڑھ چکا ہو بلکہ اس کے اسلوبِ کلام، زبان اور تراکیب سے اس حد تک شناسائی رکھتا ہو کہ یہ کہہ سکے کہ یہ خاص ترکیب یا یہ خاص کلمہ شاہنامہ میں آیا ہے یا نہیں۔ اسی طرح اُن کے عروضی معلومات سے بھی مَیں بہت متاثر ہوا۔ وہ اس علم کے جزئیات سے پوری واقفیت رکھتے تھے اور اس کے متعلق مجتہدانہ انداز سے گفتگو کر سکتے تھے۔ نئے نئے بحور کی تخلیق کا تصوّر اُن کو تھا اور عروضِ خلیل سے باہر نکلنے کی سکت بھی ان میں معلوم ہوتی تھی۔ اسی موقعہ پر انہوں نے ڈاکٹر ہنری سٹب (Dr: Henry Stubbe) کی کتاب "بیان ابتدا و نشو و نمائے اسلام و بانیٔ اسلام" (An account of the Rise and Progress of Mohammedanism with the life of Mohammed) کا اڈیشن بھی دکھایا جو اُنہوں نے غایت درجہ محنت سے مرتب کر کے ۱۹۱۱ء میں لندن میں چھپوایا تھا اور جس میں ۱۷ صفحے کا ایک مختصر دیباچہ اور ۴۴ صفحے (صفحہ ۱۹۵ تا ۲۳۸) کا مفصل تتمہ بعنوان (Early Christian Legends and Notions Concerning Islam) بھی ملحق کیا تھا اور اس میں دادِ تحقیق دی تھی۔ قدرتی طور پر مجھ کو خیال آیا کہ اس قسم کا فاضل اورینٹل کالج کے سٹاف میں ہونا چاہیئے۔ مگر سوءِ اتفاق سے اس زمانہ میں کالج میں کوئی ایسی موزوں اسامی خالی نہ تھی جس پر شیرانی صاحب کا تقرر ہو سکے۔ ناچار اسلامیہ کالج کی طرف ذہن منتقل ہوا جس کی منتظمہ جماعت کے ساتھ مجھ کو بھی تعلق تھا۔ جناب سر شیخ عبدالقادر صدر کالج کمیٹی سے شیرانی صاحب کو مدّتوں سے نیاز حاصل تھا۔ ان سے وہ خود ملے۔ بعض دیگر اراکین سے بھی ضروری امور طے ہوئے۔ اور ۱۹۲۲ء میں شیرانی صاحب کا تقرر اسلامیہ کالج میں ہو گیا۔

اسلامیہ کالج کی ملازمت کے زمانے میں بھی وہ مہربانی فرمایا کرتے تھے اور اُن سے اکثر ملاقات ہوتی اور مباحث علمی پر گفتگو رہتی تھی۔ ایک زمانے میں پنجاب میں اُردو کے مقام پر کچھ عرصہ تک بحث ہوتی رہی۔ اس پر شیرانی صاحب نے "پنجاب میں اردو" کی معرکۃ الآراء کتاب کی بنا رکھ کر اس مضمون پر مفصل معلومات بہم پہنچائیں اور اپنی پہلی گراں قدر تصنیف شائع کی۔

۱۹۲۴ء میں مرحوم مولوی عبدالحکیم صاحب جب اورینٹل کالج سے سبکدوش ہوئے تو میں نے چاہا کہ شیرانی صاحب اورینٹل کالج میں آجائیں۔ مگر یہ کوشش بعض وجوہ سے ناکام رہی۔ اور یہی حشر اُن مساعی کا ہوا جو ۱۹۲۷ء میں اُن کو ریسرچ سکالر کی حیثیت سے دوبارہ انگلستان بھجوانے کے لیے کی گئیں۔ شیرانی صاحب کے والد ماجد محمد اسمٰعیل خان جو مارواڑ[1] کے رہنے والے تھے اور سید احمد شہیدؒ کے قافلہ سے تعلق رکھتے تھے۔ تجارت اور کاروبار کی وجہ سے ٹونک کے صاحب ثروت لوگوں میں شمار ہوتے تھے۔ انہوں نے شیرانی کو بیرسٹری کے لیے ولایت بھیجا[2] مگر غالباً باپ کی فوتیدگی کی وجہ سے اُن کو وطن سے روپیہ جانا بند ہوگیا اور شیرانی مجبور ہوگئے کہ بیرسٹری کی تعلیم چھوڑ چھاڑ کر فکر معاش میں لگ جائیں۔ چنانچہ انہوں نے لوزک[3] کی مشہور فرم سے تعلق پیدا کیا۔ اور کل دس برس تک انگلستان میں مقیم رہ کر اور بیرسٹری کی سند لیے بغیر وہ ہندوستان واپس آگئے۔ ارادہ اُن کا یہ تھا کہ روپے کا بندوبست کرکے پھر انگلستان واپس جائیں گے۔ مگر یہ نہ ہوسکا۔ سال مذکور میں

---

[1] شیرانی صاحب کے بعض خطوں پر جو انہوں نے مجھ کو گرمائی تعطیلات کے دوران میں لکھے تھے: "شیرانیوں کی ڈھانی ریاست جودھپور، مارواڑ راج" کا پتہ درج ہوتا تھا۔ عجب نہیں کہ یہی شیرانی صاحب کا آبائی وطن ہو۔

[2] شیرانی کے والد صاحب کے متعلق یہ اطلاعات فاضل جلیل القدر مولوی سید علی صاحب ٹونکی حال مقیم لکھنؤ نے ازراہِ کرم بہم پہنچائیں۔

[3] Luzac

جب وہ لاہور میں مقیم تھے پنجاب گورنمنٹ کے اس وظیفہ کے لیے انہوں نے درخواست دی جو اُن دنوں میں مشرقی زبانوں کی تحصیل یورپ میں کرنے کے لیے ملا کرتا تھا۔ بالکل ممکن تھا کہ وہ منتخب ہوجاتے لیکن وہ ایک مرتبہ طویل مدت تک انگلستان رہ چکے تھے اور لندن یونیورسٹی کے وظیفہ یاب کی حیثیت سے قریباً ایک سال تک وہاں عربی پڑھتے رہے تھے اس لیے منتخب کرنے والی کمیٹی نے ایک اَور درخواست کنندہ کا حق اُن پر فائق سمجھا۔ اور ان کا پہلا سفرِ انگلستان اُن کے لیے مانع ثابت ہُوا۔

بالآخر پنجاب یونیورسٹی میں اردو لیکچرار کی اسامی کی تخلیق ہوئی؛ اور یکم اکتوبر ۱۹۲۸ء کو شیرانی صاحب کا تقرر لیکچرار کی حیثیت سے ۲۵۰-۲۵-۴۰۰ کے گریڈ میں ہوگیا۔ اور وہ آٹھ سال تک اس عہدے کے فرائض نمایاں قابلیت اور کامیابی کے ساتھ سرانجام دیتے رہے۔ پھر جب ۵۵ سالگی کی بنا پر ان کی ملازمت ختم ہونے لگی۔ ان کی حسنِ کارکردگی کے صلے میں اُن کی مدتِ ملازمت میں یونیورسٹی نے دو سال کی توسیع منظور کی۔ ذاں بعد ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۸ء سے مزید دو سال کے لیے ان کا تقرر اسی اسامی پر حسبِ قاعدہ قدرے کم تنخواہ پہ دوبارہ ہُوا۔ یہ مدت بھی گزر گئی۔ اور بالآخر ۱۵ نومبر ۱۹۴۰ء سے وہ قریباً ۸½ ماہ کی فرلو پر روانہ ہوئے۔ فرلو کے ختم ہونے پر ان کا سلسلۂ ملازمت یونیورسٹی میں بالکل ختم ہُوا اور کالج سے سبکدوش ہوکر وہ وطن جانے پر مجبور ہوئے۔ وطن جانے کے تھوڑا عرصہ بعد انہوں نے انجمن ترقی اردو دہلی سے تعلق پیدا کرلیا۔ اور بالآخر بسببِ علالت وطن کا مستقل قیام اختیار کرلیا۔

اگر لاہور کی گرانی مانع نہ آتی تو اُن کے احباب اُن کو لاہور سے ہرگز جانے ہی نہ دیتے۔ اس لیے کہ ایسے سبک روح، شریف طبیعت، خوش خلق، خالص الوداد فاضل دوست کی ہم نشینی دنیا کی بہترین نعمتوں میں شمار ہونے کے لائق تھی۔

مرحوم کے لاہور سے جانے کے بعد پھر ان کی زیارت نصیب نہ ہوئی۔ کئی بار ٹونک

جانے کا سامان پیدا ہوا مگر ہر دفعہ کچھ نہ کچھ رکاوٹ پیش آگئی۔ سب سے بڑی رکاوٹ یہ تھی کہ مرحوم کو اصرار تھا کہ خربوزوں کے موسم یعنی گرمیوں میں یکیں وہاں آؤں اور میرے لیے گرمیوں میں راجپوتانے کا سفر ناقابلِ برداشت تھا۔ ایک دفعہ تیار بھی ہوگیا۔ مگر اُس سال ٹونک میں محرقہ (ٹائی فائڈ) بخار پھیل گیا۔ اور مرحوم سے ملاقاتِ ثانیہ کی حسرت دل ہی میں رہ گئی۔

شیرانی مرحوم کی علمی فضیلتوں کا اعتراف سارے مُلک نے کیا ہے۔ فنِ تنقید میں اُن کو کمال حاصل تھا۔ نہایت محنت اور عرق ریزی سے صحیح واقعات کو تلاش کرتے تھے۔ فارسی اور اُردو میں اُن کی وسعتِ نظر حیرت ناک تھی۔ عموماً رات کی خاموشی میں لکھنے پڑھنے کا کام کرتے تھے اور دیر میں سوتے تھے۔ کالج کی ملازمت کے زمانے میں کالج کے اوقات میں منتظمینِ کالج اُن کو کبھی اِدھر اُدھر پھرتا دیکھتے تو اُن کو کبھی کچھ نہ کہتے اس لیے کہ اُن کا نظامِ اوقات لوگوں کو خوب معلوم تھا۔ اور سب جانتے تھے کہ جو شخص رات کے طویل گھنٹوں میں اتنا کچھ لکھ پڑھ چکا ہو اُس کے لیے لازم تھا کہ وہ دن میں دماغ کو آرام دے۔

جب دیسی زبانوں کے لیکچرار اورینٹل کالج میں آئے تو مسٹر وُلنر آنجہانی نے مجھ سے چاہا کہ میں ان نووارد لیکچراروں کو ان کے آئندہ کام کا پروگرام تیار کرنے میں مدد دُوں۔ چنانچہ شیرانی صاحب نے میری درخواست پر مجموعۂ نغز[1] یعنی تذکرہ شعرائے اردو از حکیم ابوالقاسم میر قدرت اللہ المتخلّص بہ قاسم کی تصحیح کا کام اپنے ذمے لیا اور

---

[1] مجموعۂ نغز دیباچہ ص لہ پر قاسم کے دیوان کا ذکر ہے۔ یہ دیوان طبع ہوچکا ہے اور اس کا ایک نسخہ اسلامیہ کالج پشاور میں ہے۔ دیکھیے فہرست کتب صفحہ ۲۵ نمبر ۱۸۷۲۔ قاسم نے شاہ عبدالعزیزؒ کی اسرار الشہادۃ کا فارسی میں ترجمہ بھی کیا۔ اس کا ایک نسخہ میرے پاس موجود ہے۔ اس کا ذکر مجموعۂ نغز میں نہیں آیا۔

جس خوبی اور خوش اسلوبی سے اس کام کو سرانجام دیا وہ دنیا جانتی ہے۔ ان کے مضامین کا سلسلہ جو اورینٹل کالج میگزین اور رسالہ اردو میں چھپا وہ پائدار اہمیت اور مستقل قدر و قیمت رکھتا ہے۔ ان مضامین نے اردو مضمون نگاری کے معیار کو طاقِ بلند پر پہنچایا، اور طالبانِ علم کے سامنے نئے نئے سرمشق پیش کیے۔

شیرانی صاحب کا اسلوب تحریر سادہ اور آرائش سے خالی مگر بغایت پختہ ہے۔ ان کا استدلال قوی اور مسکت ہے۔ وہ مسئلہ زیر بحث کو مختلف زاویوں سے دیکھ کر قاری کے دلہائے متعدد کو ہر طرح سے رفع کرنے کی سعی کرتے ہیں اور مضمون کا ہر طرف سے احاطہ کرنا چاہتے ہیں، تاکہ اعتراض کے لیے حتی الامکان کوئی گنجایش باقی نہ رہے۔ اُن کا بیان متین ہوتا ہے۔ لیکن اگر ہنسانا ممکن ہوتا ہے تو وہ اس سے بھی نہیں چوکتے۔ بعض مضامین مثلاً یوسف زلیخا منسوب بہ فردوسی اور قضیۂ ہجو محمود غزنوی اور دیوان منسوب بہ معین الدینؒ چشتی وغیرہا میں جہاں انھوں نے مشہورِ عام مزعومات کے خلاف چند امور ثابت کرنے کی کوشش کی ہے انھوں نے دادِ تحقیق دی ہے۔ ان کی تنقید شعر العجم بھی یہی رنگ لیے ہوئے ہے اور اس سے مجھ کو اکثر پروفیسر گرگوریف کی تنقید تاریخ بخارا مصنفہ وامبیری یاد آتی ہے (دیکھیں ترکستان از سکایلر Schuyler ضمیمہ دوم ج ا صفحہ ۳۶ بعد)؛ اور شیرانی کی تنقید ترجمۂ خزائن الفتوح کو پڑھ کر تو بہت سے مصنفوں کے دل سے دعا نکلتی ہوگی کہ الٰہی! ہماری تحریر کو تنقید نگاروں کے نشتر نما قلم سے محفوظ رکھیو!

شیرانی صاحب کا ایک شوق ہمیشہ نمایاں طور پر جالب توجہ رہا، یعنی مخطوطات اور قدیم مطبوعات اور سکّوں کی فراہمی کا شوق۔ اُن کے نزدیک ہمارا قومی فرض تھا کہ مخطوطات کو اسلاف کے قیمتی آثار ہونے کی حیثیت سے محفوظ کرلیں اور ان کے ذریعہ اپنے سنہری ماضی کی عظمت کو سمجھیں چنانچہ نہ صرف وہ خود اس شغف میں گرفتار رہتے تھے بلکہ جو احباب[۱] اُن کے

---

[۱] ان میں پروفیسر سراج الدین آذر کا شمار بھی تھا جنھوں نے ایک گراں قدر ذخیرہ مخطوطات کا جمع کیا

حلقۂ اثر میں آتے تھے اُن کو بھی وہ اپنے اس متعدی شوق سے مسلسل متاثر کرتے رہتے تھے۔ اسی طرح سکّوں کو وہ اسلامی تاریخ کی محکم اساس کی حیثیت سے دیکھتے اور اُن کے جمع کرنے کے لیے پیہم تگ و دو میں مصروف رہتے تھے۔ وقتاً فوقتاً ان مطالب کے لیے وہ پنجاب، سرحدی صوبہ، راجپوتانہ اور یو۔پی کے مختلف مقامات میں سفر کرتے تھے۔ اور اپنے وسیع ذرائع معلومات سے کام لیتے ہوئے نادر اور کمیاب چیزیں دُور افتادہ اور غیر متوقع کونوں سے نکال لاتے تھے۔ خود لاہور میں ان کو ایسے مقام اور ایسے اشخاص معلوم تھے جن کو کم لوگ جانتے تھے، اور جن سے وہ قیمتی چیزیں بہم پہنچا لیا کرتے تھے۔ یہ ایک فن تھا جس میں اُن کو کمال حاصل تھا۔ بعض سرکاری اور نیم سرکاری کتاب خانے ان چیزوں کے لیے شاید ان سے زیادہ قیمت دینے کو تیار تھے۔ مگر اکثر ایسا ہوتا تھا کہ پہلے انتخاب کا موقعہ مرحوم کو اور اس کے بعد دوسروں کو ملتا تھا۔ کثرتِ معلومات، مدت کی مشق اور ذاتی ذہانت کی وجہ سے ان کو کتاب اور سکے کی بہت اچھی پہچان تھی۔ قلمی نسخہ کو ہاتھ میں لے کر چند منٹوں میں وہ اس کی عمر اور فی الجملہ اہمیت کا صحیح اندازہ لگا لیتے تھے۔ خط، کاغذ، گُلکاری اور ان کی عہد بعہد خصوصیات کا ماہرانہ علم ان کو حاصل تھا۔ اس لیے میں نے کبھی نہ دیکھا کہ انھوں نے اچھی چیز کو ہاتھ سے جانے دیا یا رطب و یابس کو اکٹھا کرلیا ہو۔ اگرچہ وہ مالدار نہ تھے مگر اپنے اس شوق کو پورا کرنے کے لیے صرفِ کثیر برداشت کرلیتے تھے اور دونوں قسم کے نہایت قیمتی ذخیرے اُن کے ہاں جمع ہوگئے تھے۔

جب وہ وطن کو واپس ہونے لگے تو دمہ کی وجہ سے ان کی صحت مخدوش ہوچکی تھی۔ اس لیے میرے اصرار پر وہ آمادہ ہوگئے کہ اپنا کتابخانہ اور سکّوں اور مہروں[1] کا ذخیرہ اور

---

[1] ان چیزوں کے علاوہ شیرانی صاحب کے پاس کچھ اور نوادر بھی تھے۔ مثلاً تصاویر، وصلیاں (باقی صفحہ ۳۸۲ پر)

دیگر نوادر پنجاب یونیورسٹی لائبریری کے حوالے کردیں۔ ان کے کتابخانہ کا اکثر حصّہ تو یونیورسٹی کے قبضے میں آگیا مگر سکّوں کے ذخیرہ کے متعلق یونیورسٹی نے چاہا کہ میوزیم اس کو لے لے۔ پنجاب گورنمنٹ کو لکھا گیا مگر وہ اس پر آمادہ نہ ہوئی۔ یہ قیمتی ذخیرہ شیرانی صاحب وطن کو واپس لے گئے اور وہاں سے جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے بائیس تیئیس ہزار روپے کے عوض وہ یو۔پی پہنچ گیا۔ اس مجموعہ کے طلائی سکوں کی صحیح تعداد تو مجھ کو معلوم نہیں مگر چاندی کے سکّے اس میں پانچ ہزار کے قریب تھے اور تانبے کے دو ڈھائی ہزار۔ ۱۹۴۵ء میں شیرانی صاحب کا اندازہ تھا کہ ان کے چاندی اور تانبے کے سکّے دس ہزار کی مالیت کے ہیں۔

شیرانی صاحب کی قلمی کتابوں کی باقاعدہ فہرست اب مرتّب ہو رہی ہے اور ایک حصّہ (حصّۂ نظم) چھپ بھی گیا ہے۔ مگر فہرست کے مکمل اور شائع ہونے میں ابھی بہت دقت لگے گا۔

اس کتاب خانے کی اہمیت کے متعلق انہوں نے ۲۹ر مارچ ۱۹۲۱ء کو ایک خط میں لکھا:

"اکثر کتابیں فارسی کی ہیں اور فارسی کی ورکنگ لائبریری کا مقصد ادا کرتی ہیں۔ ان میں ناقص اور مکمل دونوں طرح کی کتابیں ہیں۔ اکثر کی جلد بندی کی ضرورت ہے۔ میں نے یہ کتابیں ایک ہندوستانی علم پرست کے نقطۂ نظر سے جمع کی ہیں جن میں ہندوستانی تالیفات اور ہندوستانی خطِ قدیم پر ایک خاص نگاہ رکھی ہے۔ بعد خرابیِ بصرہ میں نے اس خط کا پتہ لگایا ہے اور میری آرزو ہے کہ میں اس خط کی جو مغلوں کی آمد سے قبل تمام ہندوستان

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۴۱) بدھ کے مجسّمے، ایک کاشی کار اینٹ، چینی کے ایک دو پیالے وغیرہ وغیرہ۔ یہ چیزیں پہلے تو لائبریری میں امانۃً رکھی رہیں پھر ان کے ایماء کے مطابق، فروری ۱۹۴۵ء کو پروفیسر محمد اقبال صاحب کے حوالے ہوئیں۔

رائج تھا نام کہانی سناؤں....... مدت سے میرا ارادہ ہے کہ میں ہندوستان میں اس خط کے ارتقار کی داستان دنیا کے سامنے پیش کروں۔ مگر ضروری نمونوں کے فقدان کی بنا پر میرا ارادہ عملی جامہ نہ پہن سکا...... اس وقت تک میں نے بدقت تمام ساٹھ ستر کے قریب اس مرحوم خط کے نمونے جمع کر لیے ہیں [بیاض در اصل] کے فن پر میں نے خاص کوشش کر کے ایک بڑا ذخیرہ جمع کیا جس کی تعداد قلمی اور مطبوعہ یقیناً ایک سو سے زیادہ ہوگی۔ یہی حالت بچوں کے تعلیمی نصابوں کی ہے۔ ان تینوں گذشتہ امور میں کوئی لائبریری میرے حقیر مجموعہ کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ لغات، ادب، تاریخ، تذکروں، انشار اور بیاضوں میں میرا مجموعہ دوسری لائبریریوں سے کسی حال میں کم نہیں۔"

اپنے کتاب خانہ کے متعلق اس مجمل بیان کی تفصیل شیرانی صاحب نے ایک تعلیقہ کی صورت میں لکھی جس کو میری درخواست پر انہوں نے قریباً انہی دنوں میں جب اوپر کا خط لکھا گیا تھا مرتب کیا۔ یہ تعلیقہ انگریزی زبان میں ۳۵ ٹائپ صفحوں پر ختم ہوا۔ اس کا ملخص درج ذیل ہے:

اس ذخیرہ میں دو ہزار ایک سو (۲۱۰۰) مخطوطات اور ایک ہزار سات سو (۱۷۰۰) مطبوعات شامل ہیں۔ یہ کتابیں بیشتر فارسی کی اور کم کم عربی اور اردو کی ہیں۔ مخطوطات میں سب سے زیادہ اہم کتابوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

قرآن مجید (۴۸ نسخے)، کتب تاریخ (۱۲۹)، دواوین شعرار (۴۳)، بیاضیں (۲۰)، شعرار کے تذکرے (۲۳)، اولیاء اللہ کے سوانح حیات (۵۰)، نثر (۱۳)، تعلیمی نصاب بزبان فارسی و اردو و پنجابی (۱۸)

ان کے مخطوطات ذیل بھی قابل ملاحظہ ہیں: دینیات و مباحثات (۲۰)، تصوف (۳۵) انشائیں (۱۷)، شروح (۹)، موسیقی (۴)، باغبانی (۴)، جواہرات (۲)، علاج الخیل (۸)

شکارنامے اور بازنامے (۱۲)، تیر اندازی (۹)

قرآن مجید کے ۴۴ نسخوں میں سے دو خطِ کوفی میں ہیں اور چوتھی یا پانچویں صدی میں اُن کی کتابت ہوئی، ان میں سے بعض میں بین السطور فارسی ترجمہ موجود ہے۔ایک نسخہ صرف ۴۰ ورق کا ہے، متعدد نسخوں کی کتابت نویں سے بارھویں صدی تک میں ہوئی۔ایک نسخہ مغربی اور ایک بہاری خط کا اچھا نمونہ ہے۔

تاریخ کتابت کے اعتبار سے ان نسخوں پر نظر ڈالیں تو اقدم نسخہ المدوّنہ کے جزو ثانی کا ہے۔ جو رَق (ورق الغزال) پر ۶۱۲ھ میں لکھا گیا، ایک رسالہ ۵۱۱ھ کا لکھا ہوا ہے۔اور غالباً ان کے نسخہ ہای مخزن اسرار اور قانون بوعلی سینا بھی اسی صدی میں نقل ہوئے۔ صحاح جوہری، اشارات اور اخلاق ناصری میں سے ہر ایک نسخہ ساتویں صدی میں لکھا گیا۔اللباب فی معرفۃ الانساب، کتاب الکفایہ اور ترجمہ فارسی احیاء العلوم کی تاریخ کتابت آٹھویں صدی سے متعلق ہے، ان کے علاوہ اس ذخیرے میں نویں صدی کی کتابت شدہ ۲۳، دسویں صدی کی ۴۴ اور گیارھویں صدی کی ۱۰۷ کتابیں ہیں۔اور ۷۴ کے قریب کتابیں ایسی ہیں جو قیاساً انہی صدیوں سے متعلّق کی جاسکتی ہیں۔

اس ذخیرے کی چار کتابیں شاہی کتابخانوں سے آئی ہیں۔ اختیاراتِ قطب شاہی کے نسخہ پر محمد قطب شاہ کی تحریر ہے، بوستانِ سعدی کا نسخہ جو سلطان محمد درویش بہادر کے لیے لکھا گیا تھا اس پر جہانگیر بادشاہ کی تحریر ہے، عشق نامہ کا نسخہ واجد علی شاہ کے لیے لکھا گیا، اور شہنشاہ نامہ قاسمی و تیمور نامۂ ہاتفی پر محمد قلی قطب شاہ اور محمد قطب شاہ کی تحریریں موجود ہیں۔

۲۵ نسخے مصنّفوں کے خود نگاشتہ ہیں یا مصنّفوں کے ہاتھ میں رہ چکے ہیں۔ان میں سے طرفۃ الفقہاء لرکن الدین (عہد فیروز شاہ تغلق) اور شرح مواقف (تحریر ۸۰۰ھ) خصوصیت سے قابلِ ذکر ہیں۔ اکثر کتابیں اس شق میں گیارھویں سے تیرھویں صدی تک کے مصنّفوں کی ہیں۔

خطاطی کے لحاظ سے ۱۲ کتابیں قابلِ ذکر ہیں۔ ان میں سے کتبِ ذیل سے خطِ نستعلیق کی ابتدائی تاریخ اور آٹھویں اور نویں صدی میں اس خط کے ارتقا کی کیفیت پر روشنی پڑتی ہے: دیوان عراقی، کلیات شیخ سعدی، جوہرالذات عطار، تعبیر نامہ از حکیم ابوالفضل حبش بن ابراہیم تفلیسی، کلیات انوری، شاہنامۂ فردوسی۔

کتبِ ذیل کی کتابت ان مشہور استادوں نے کی ہے جن کے نام اُن کے سامنے درج ہیں:
خمسۂ نظامی بخط مولانا اظہر، دیوان حافظ محمود بن حسن نیشاپوری شاگرد سلطان علی مشہدی (سنہ کتابت ۹۸۴ھ) تاریخ امیر بزرگ بخط عطاء اللہ بن محمد بن نظام الدین الحسینی البخاری اخلاق محسنی (جزو)، بخط محمد صالح بن محمد علی الکاتب الخاقانی، یوسف زلیخای جامی بخط محمود بن نظام ہروی (سنہ کتابت ۹۴۴ھ)، تحفۃ الاحرار جامی و دیوان اہلی شیرازی بخط خاوند صالح بن مبرک، کلمات امیرالمؤمنین علیؑ بخط معجز ہروی (سنہ کتابت ۱۰۱۶ھ) اختیارات قطب شاہی بخط مجدالدین محمد الحسینی الکاشانی (مکتوبہ ۱۰۱۷ھ)، بوستان سعدی بخط علی الحسینی (مکتوبہ ۱۰۱۰ھ) اجزای قرآن مجید بخط محمد الکاتب الشیرازی (تاریخ کتابت ۹۵۹ھ)، قرآن مجید بخط محمد[1] الحاج حسن الحاکم یزدی (تاریخ کتابت ۸۳۵ھ) حمائل شریف بخط محمد محسن سندھی (تاریخ کتابت ۱۱۳۰ھ)، لوائح جامی، بخط محمد صادق طباطبا المعروف بہ عزیز خان (۱۹ سنہ جلوس محمد شاہی)

اس ذخیرہ میں ۳۴ مخطوطات بہاری خط میں ایسے ہیں کہ جن پر تاریخِ کتابت درج ہے۔ یہ وہ خط ہے جو مغلوں کے آنے سے پہلے اور اُن کے آنے سے کچھ عرصہ بعد تک ہندوستان میں مروّج تھا اور جس کو اکبر کا ایک کتابدار "نسخی زبون" کے نام سے یاد کرتا ہے۔ شیرانی صاحب نے اپنے خط میں ساٹھ ستّر نمونوں کے جمع کرنے کا ذکر کیا مگر

---

[1] بظاہر = محمد بن الحاج حسن

ان میں سے متعدد نسخے جن پر تاریخِ کتابت درج نہیں ہے وہ ان ۴۴ میں شامل نہیں۔ شیرانی صاحب سے مَیں نے کئی بار کہا کہ اپنے اور میرے ذخیرے کو ملا کر وہ اس خط کے متعلق اپنے معلومات کو قلمبند کردیں۔ اورینٹل کالج سے علیحدہ ہونے کے وقت وہ اُس کے لیے تیار بھی ہوگئے۔ مگر حالات نے مساعدت نہ کی اور یہ قیمتی معلومات مفصّل طور پر قلمبند نہ ہوسکے۔

شیرانی صاحب کے اس ذخیرہ میں ۱۴ کتابیں مصوّر ہیں۔ اور ۲۹ ایسی ہیں کہ جن پر نفیس منقش سرلوحیں وغیرہ ہیں۔

اردو کی قلمی کتابیں اس ذخیرے میں تعداد کے لحاظ سے کم اور اہمیّت کے لحاظ سے اوسط درجہ پر ہیں۔ ان میں گوجری دبستان کی چھ، ہریانوی یا بانگرو یا باگڑی دبستان کی ۹ اور پنجابی دبستان کی ۱۵ کتابیں شامل ہیں۔ دکنی اور جدید ادب اردو کی گیارہ کتابیں ان کے علاوہ ہیں۔

جیسا کہ اوپر مذکور ہُوا قلمی اور مطبوعہ کتابوں کا یہ قیمتی ذخیرہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں منتقل ہُوا[1]۔ مجھ کو معلوم ہے کہ ان کتابوں کی جدائی شیرانی صاحب کو بہت شاق

---

[1] یہ کتابیں یونیورسٹی لائبریری نے ۱۹۴۱ء میں خرید کی تھیں اور اس مطلب کے لیے ایک گراں قدر گرانٹ پنجاب گورنمنٹ نے یونیورسٹی کو عطا کی تھی۔ ان کتابوں کے علاوہ ۱۹۹ قلمی کتابیں اور ۴۰۸ مطبوعہ کتابیں جو پہلے شیرانی صاحب نے اپنے ہی قبضے میں رکھ کر لاہور چھوڑتے وقت امانتاً یونیورسٹی لائبریری کے سپرد کردی تھیں اواخر ۱۹۴۵ء میں انہوں نے بلا معاوضہ یونیورسٹی لائبریری ہی کو عنایت کردیں۔ شیرانی صاحب کے پاس ایک مجموعہ قدیم دستاویزات کا بھی تھا جس میں بیع نامے، ہبہ نامے، اقرار نامے، استشہادات وغیرہا شامل تھے، ان کی تعداد ۸۹ تھی اور ان میں کچھ دسویں صدی کے اور زیادہ تر گیارھویں سے تیرھویں صدی ہجری کے کاغذ تھے۔ ان کے علاوہ ان کے پاس ۱۸۰ مکاتیب تھے جو مہاراجہ رنجیت سنگھ اور دیگر (باقی صفحہ ۳۵۰ پر)

گذری۔ اگرچہ اُن کے ساتھ یہ شرط تھی کہ اُن کی کتابوں میں سے جب اور جتنی کتابیں اُن کو مطالعہ کے لیے بکار ہوں گی وُہ ہمیشہ ان کو لائبریری بہم پہنچائے گی۔ تاہم جو سہولت گھر پر اپنے کتاب خانے میں بیٹھ کر کام کرنے میں ہوتی ہے وہ دُوسرے کتابخانے میں جا کر یا وہاں سے کتابیں منگوا کر کام کرنے میں کب ہوسکتی ہے۔ اور شیرانی صاحب تو علیل بھی تھے اور اس کے علاوہ لاہور ہی چھوڑ بیٹھے تھے۔ بہرحال وطن پہنچتے ہی پھر فراہمی کتب، کا سلسلہ جاری ہُوا۔ اور ایک فہرست سے جو اب آئی ہے معلوم ہوتا ہے کہ کل ۴۹۵ مخطوطات و مطبوعات ان کے ہاں اب بھی موجود ہیں۔ لیکن بعض کتابیں جو یقیناً ان کے پاس تھیں ایسی بھی ہیں جو نہ یونیورسٹی میں پہنچی ہیں اور نہ اُن کے آخری ذخیرہ کی فہرست میں شامل ہیں۔ مثلاً اُنہوں نے وطن واپس جانے کے بعد مجھ کو اطلاع دی کہ عہد محمد تغلق کا تحریر شدہ قرآن مجید کا ایک نسخہ اُن کے پاس پہنچا ہے۔ یہ نسخہ فہرست، میں نہیں ہے۔ چند قلمی کتابیں مرحوم ڈپٹی مظفر احمد مہمی جو قصور میں ڈپٹی کلکٹر اشہار تھے وہاں سے دہلی لے گئے تھے۔ ان میں بعض کتابیں بارھویں صدی کے افاغنۂ قصور کی مرتّب کردہ یا تحریر کردہ تھیں۔ ڈپٹی صاحب کی جملہ کتب کی فہرست کتاب خانہ پنجاب یونیورسٹی میں ہے۔ اس کو دیکھ کر قصور والی کتابیں شیرانی صاحب دہلی سے لے آئے۔ یہ پانچ چھ کتابیں بھی فہرست میں شامل نہیں۔ کچھ معلوم نہیں کہ یہ کتابیں کیا ہوئیں۔

کتابوں کے علاوہ شیرانی صاحب کو اسلامیات کے ایسے میوزیم سے بھی بہت دلچسپی تھی جس میں وہ تمام مواد جمع ہو جس سے تاریخ و ادب فارسی اور تہذیب و تمدن

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۴۹) رؤسائے پنجاب نے پولیٹیکل ایجنٹ لدھیانہ کے نام لکھے تھے ان کی تعداد ۱۸۰ تھی۔ یہ دونوں مجموعۂ دستاویزات اور مکاتیب ابتدائے ۱۹۴۶ء میں پنجاب یونیورسٹی لائبریری نے اُن سے خرید لیے۔

اسلامی کو سمجھنے میں مدد ملے۔ لاہور کے میوزیم کو وہ اس بارے میں بہت ناکافی سمجھتے تھے۔ اور ان کا خیال تھا کہ اس سے جے پور کے میوزیم میں عتیقیات کا بہتر مجموعہ موجود ہے۔ راجپوتانے اور مالوے کے آثارِ قدیمہ کی اہمیت کے بھی وہ بے حد معترف تھے اور احباب کی توجہ ان کی طرف منعطف کراتے رہتے تھے۔ چنانچہ ان کے اصرار پر ایک دفعہ کرسمس میں میں ان کے ہمراہ ریاست جے پور کے بعض آثار کے مطالعہ کے لیے روانہ ہوا۔ سوائی مادھوپور کے سٹیشن پر اُتر کر ہم لوگ رتھ پر رہ پیما ہوتے اور شام کے وقت جب کہ گاؤں کے آس پاس مور اُڑ اُڑ کر قریب کے درختوں پر بسیرا کرنے کے لیے جا رہے تھے شیرپور[1] پہنچے۔ ہم نے مندر کے برآمدہ میں رات کاٹی اور صبح کو سامانِ سفر وہیں چھوڑ کر رنتھنبور کی طرف پیدل روانہ ہوئے، شیرانی صاحب کا ایک آدمی جے پور سے ایک "لنگوٹ دار" اجازت نامہ قلعدار کے نام لایا تھا۔ وہ ہمارے ساتھ ہو لیا۔ کتبے وغیرہ جو راستے کی بعض عمارتوں پر شیرانی صاحب نے کسی پہلے سفر میں دیکھے تھے وہ اب ناپید تھے۔ تاہم رنتھنبور کے تاریخی قلعے

---

[1] اس نواح میں ایک مسجد دیکھنے میں آئی جو عہد اکبری کی یادگار تھی اور اس عہد کا کتبہ اس پر تھا۔ لیکن نماز نمازیوں سے خالی تھی۔ وہاں کا کنواں البتہ بستی کے مسلمانوں کو پانی کی بہم رسانی کے لیے کام دے رہا تھا۔ لوگ دین سے بے خبر معلوم ہوتے تھے۔ کوئی متمول اور خوش حال مسلمان بستی میں نہ تھا، گڈریے وغیرہ تھے جو بھیڑ بکری پال کر اپنا پیٹ بھر رہے تھے۔ جس مندر میں ہم مقیم تھے وہیں ایک مسلمان محصّل ریاست کی طرف سے آیا ہوا تھا اور ان گڈریوں سے چرائی کا ٹیکس وصول کر رہا تھا۔ دریافت کرنے پر ان لوگوں نے بتایا کہ عرصہ ہوا مسجد میں ایک امام تھا جو کس مپرسی کی وجہ سے اب کہیں اور چلا گیا ہے ان جہلا کے اندازے میں وہ عالم آدمی تھا۔ کیونکہ اس کے پاس ایک آدھ چھپی ہوئی کتاب خطبوں کی موجود تھی۔
انہی بستیوں کے ایک دو آدمی رنتھنبور کے راستے میں بھی ملے جو کلہاڑیوں سے مسلح تھے (باقی صفحہ ۳۸۹ پر)

کو دیکھنا ہی ،بجائے خود زحماتِ سفر کا کافی معاوضہ تھا۔

رنتھنبور[1] کو دیکھ کر ہم لوگ اسی راستے سے واپس سوائی مادھوپور اور وہاں سے جے پور پہنچے۔ سوءِ اتفاق سے جے پور کا عجائب گھر ان دنوں میں بند تھا۔ وہ تو نہ دیکھا جاسکا، مگر وہاں کے انتیقہ فروشوں کے ہاں خوب خوب چیزیں دیکھنے میں آئیں۔ اور آنبیر کی سیر بھی ہم نے کی جو جے پور سے تقریباً پانچ میل شمال کو ہے اور جو ۱۷۲۸ء تک جے پور کا دارالسلطنت تھا اور جہاں جے پور والوں کا شاندار محل واقع ہے

اس سارے سفر میں شیرانی صاحب کی پوری کوشش یہ تھی کہ کوئی قابل دید چیز رہ نہ جائے اور ہر طرح کا آرام و سہولت مجھے حاصل رہے۔ اور یہی کیفیت اُس سفر کی تھی ،جو شیرانی صاحب نے میرے ہمراہ مخطوطات کی تلاش میں ملتان کا کیا۔ یہ سفر مجھ کو ہمیشہ یاد رہے گا۔ اس لیے کہ اس میں علاوہ اور قیمتی کتابوں کے بیخانۂ عبدالنبی کا وہ نادر نسخہ ملا جس پر میں نے اپنے اڈیشن کو مبنی کیا۔

شیرانی صاحب کی شاعری کا ذکر میں نے ان سطور کے شروع میں کیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ریسرچ کے شوق میں ان کا شعر کہنے کا شوق ختم ہوگیا۔ اس لیے کہ گو شعر سے اُن کو عمر بھر دلچسپی رہی اور ان کا ابتدائی کلام خاصہ صاف اور نور دار تھا مگر بعد میں میں نے کبھی نہ سنا کہ انھوں نے شعرگوئی کی طرف دوبارہ رجوع کیا۔ مجھ کو معلوم نہیں ہوسکا کہ اُن کا منظوم کلام کس مقدار میں ہے اور ان کا غیر مطبوعہ کلام محفوظ ہے یا نہیں۔

شیرانی غالباً قافلہ کے حضرات کے معتقدات سے متاثر تھے گو مذہب کو قطعاً زیر بحث

بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۸۸: اُن کا بیان تھا کہ ان جنگلوں میں شیر بھی کبھی کبھی مل جاتے ہیں اس لیے مسلح ہو کر چلنا پھرنا ضروری ہے۔

[1] رنتھنبور کے حالات کے لیے ملاحظہ ہو تزک جہانگیری (طبع علی گڑھ ۱۸۶۴ء) صد ۲۵۶

؛ لاتے تھے۔ بظاہر وہ نماز کو پابندی سے ادا نہ کرتے تھے مگر اس کوتاہی کے باوجود وہ ایک غیور مسلمان تھے اور اکابرِ اسلام کی عظمت کے معترف اور ان کے کارناموں کے دل سے مداح تھے۔ یہ رنگ اُن کی تحریروں میں بھی حسب موقع نمایاں ہے خزائن الفتوح کی تلخ تنقید پر اُن کو آمادہ کرنے میں تحت الشعوری طور پر شاید اِس امر کو بھی دخل تھا کہ مترجم نے علاؤالدین خلجی اور محمود غزنوی کی تنقیص کی جرأت کی تھی۔ اور محمود وہ شخص تھا جس کے روشن کارناموں نے اُن کو مسحور کیا ہُوا تھا۔ ایک محمود ہی نہیں اُن کو تمام وسط ایشیا والوں کے ساتھ کافی عقیدت تھی جس کا مبنیٰ شاید یہ تھا کہ فارسی ادب کے ابتدائی نشو و نما کا گہوارہ وہ صحیح طور پر وسط ایشیا کی سرزمین کو سمجھتے تھے نہ ایران کو۔

غیر زبانوں میں سے شیرانی صاحب کو فارسی سے پورا شغف اور اس کے ادب پر عالمانہ عبور حاصل تھا۔ انگلستان میں دس سال تک رہنے کی وجہ سے گمان ہوتا ہے کہ شاید وہ انگریزی بھی خوب جانتے ہوں گے۔ مگر چونکہ اُن کی ابتدائی تعلیم انگریزی کی کمزور رہ گئی تھی شاید کچھ اس وجہ سے مگر زیادہ تر وطنیت کے جذبے سے متاثر ہوکر وہ انگریزی بہت کم بولتے تھے۔ اور گو انگلستان میں انہوں نے جو کچھ لکھا پڑھا وہ انگریزی میں تھا یہاں واپس آکر انہوں نے کوئی چیز انگریزی میں شائع نہ کی۔ اُن کی اُردو دانی کے متعلق کچھ کہنا بیکار ہے۔ عربی سے غالباً اُن کی واقفیت جزوی تھی۔ گو وہ عربی کتابوں سے اپنے ڈھب کی چیز نکال لیا کرتے تھے۔ اُن کے کتابخانے میں قرآن مجید کے سوا اور عربی کتابیں بہت کم تھیں۔ ہندی بھی وہ بقدر ضرورت جانتے تھے جیسا کہ ان کے پرندر پردے والے مضمون سے ظاہر ہے۔

شیرانی صاحب کا سلوک اپنے شاگردوں سے بہت اچھا تھا۔ ہمیشہ اُن کی یہی کوشش رہی کہ طلبہ میں صحیح ذوق پیدا ہو۔ خاص خاص طالب علم جن کی استعداد بہتر تھی ان پر وہ بہت

محنت کرتے تھے۔ اور اُن پر بے دریغ اپنا وقت صرف کرتے تھے۔ ان غواص کے لیے کالج ہی میں ان سے پوچھنے گچھنے کی کوئی پابندی نہ تھی، وہ مرحوم کے گھر پر بھی اُن سے مستفید ہو سکتے تھے، سفارش وغیرہ سے وہ اُن کی مدد کرتے رہتے تھے۔ اور فراغت تحصیل کے بعد بھی یہ نوجوان اُن کی ہمدردی اور توجہ کے اس وقت تک مستحق سمجھے جاتے تھے جب تک اُن کو فارغ البالی سے وقت بسر کرنے کے لیے مناسب نوکری نہ مل جائے۔

جوانی میں ان کو شکار کا بہت شوق تھا۔ دُور دُور تک، پیدل نکل جاتے تھے۔ اور بارہا احباب کے ساتھ لاہور سے باہر شکار کھیلنے کے لیے جایا کرتے تھے۔ بناس ندی ان کے وطن ٹونک کے جنوب مشرق سے آکر شہر کے شمال سے بہتی ہوئی پہلے مشرق کو اور پھر جنوب کو مڑ کر دریائے چنبل میں جا گرتی ہے۔ شیرانی صاحب کو اس ندی سے بہت محبت تھی اور وہ اس کے شیریں گوار پانی اور اُس کے کناروں کی خوش فضائی کے بہت قائل تھے۔ چھٹیوں میں جب موقعہ ملتا اس کے کنارے پہنچ کر وہ دنوں شکار کھیلتے اور تبدیل آب و ہوا کی خاطر قیام کرتے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہاں فالیز بھی تھے اور گرمیوں میں یہ بھی ان کے لیے کنارِ بناس کی دلکشی کا ایک سبب تھا۔ اس زمانے میں ان کی صحت بہت اچھی تھی اور وہ اَتھک معلوم ہوتے تھے۔

غذا وغیرہ میں اور عام طور و طریق میں سادگی برتتے تھے۔ گھر میں عموماً فرش پر نشست برخاست رکھتے تھے اور فرش ہی پر بیٹھ کر لکھتے پڑھتے تھے۔

شیرانی کا دفتری لباس ہمیشہ انگریزی مگر ترکی ٹوپی کے ساتھ اور گھر پر سادہ کُرتا پاجامہ۔ اُن کے گھر کی معاشرت سیدھی سادی تھی۔ سال میں ایک آدھ دفعہ خصوصاً آموں کے موسم میں دعوتِ احباب ہوتی تھی۔ اُن کے گھر کے عین سامنے پھل منڈی تھی۔ عمدہ انتخابی آم وہاں سے آتے تھے اور برف میں لگا کر اور طشتریوں میں سجا کر وہ احباب کے سامنے رکھتے

---

[1] یہ غوریاں وہ لاہور سے جاتے وقت پنجاب یونیورسٹی میں امانتاً رکھ گئے تھے مگر چونکہ ان کی صحت کی حالت (باقی صفحہ ۳۹۲ پر)

تھے۔ بچہ سات پرانی نوریاں اُن کے ذخیرے میں تھیں۔ یہ ایسے موقعوں پر کام دیتی تھیں۔ لاہور بھر میں بلکہ ہندوستان بھر میں یہ کیفیت شاید ہی اَور کسی کو میسّر آتی ہو۔

شیرانی کا انداز عموماً سنجیدہ اور متین تھا، مگر حسب موقعہ اُن کے کلام میں ظرافت کی چاشنی بھی موجود ہوتی تھی گو ادب کا پہلو وہ کبھی ہاتھ سے جانے نہ دیتے تھے۔ ان کی گفتگو کو میں نے کبھی دلچسپی سے خالی نہ پایا۔ غایت درجہ مصروفیت کے اثنا میں بھی جب کبھی وہ آگئے میں گھنٹوں اُن کے تکلّم سے لطف اندوز ہوتا رہا۔ اگرچہ بعض اوقات اُن کے آنے کے فوراً بعد موجودہ کام کا خیال ہوتا تھا مگر جب اُن سے بات چیت شروع ہوجاتی تو کام گویا سب بھول بھال جاتا تھا۔ میرے دل میں اُس زمانے میں اکثر یہ خیال آتا تھا کہ ملازمت سے سبکدوش ہونے کے بعد فرصت کا وقت شیرانی صاحب کی صحبت میں خوب کٹے گا کہ وہ اُن کی بھی فرصت کا وقت ہوگا مگر یہ ہوس کبھی پوری نہ ہوئی۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہُوا میری پیہم کوشش کے باوجود اقتصادی وجوہات نے شیرانی صاحب کو لاہور میں ٹھہرنے نہ دیا۔

شیرانی بغایت خوش خلق وضع کے پابند اور بامروّت انسان تھے۔ دوستوں سے تو کیا اُن کے بچوں کے ساتھ بھی وہ نہایت اخلاق سے پیش آتے تھے۔ اور اُن کو لکھنے پڑھنے کی ترغیب دیتے تھے۔ اُن کا دل بڑھاتے تھے۔ اور اُن کے ساتھ گپ شپ کر کے بہت خوش ہوتے تھے۔ اپنے ذاتی معاملات کو احباب کے سامنے کم لاتے تھے، حالانکہ

بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۹۱: خراب تھی لائبریری والوں نے اپنی ذمہ داری کو محسوس کر کے اُن کو یاد دلایا ہوگا کہ وہ نوریوں کے متعلق کچھ فیصلہ کریں۔ چنانچہ ۱۱ مارچ ۱۹۴۵ء کے ایک خط میں انہوں نے مجھ کو لکھا: "نوریاں ساتھ لانے کی زحمت سے بچنے کے لیے میں لاہور چھوڑ آیا تھا مگر آپ کے لائبریرین کے تقاضوں سے میرا ناک میں دم کر دیا۔ مجبوراً مجھے جو قیمت لوگوں نے دی وہ منظور کرنی پڑی یعنی ۰۰ روپے ادبی لوگ اپنے خرچ پر جے پور لائے اور ایک ہفتے کے اندر اندر گیارہ سو میں بیچ دیں۔"

احباب کے جملہ حالات میں وہ پوری ہمدردی کے ساتھ شریک رہتے تھے۔ اُن کی گفتگو ہمیشہ علمی معاملات تک محدود رہتی تھی۔ اپنے نجی کے معاملات کو وہ اپنے ہی تک رکھتے تھے اور ان کو حتی الامکان زبان پر نہ لاتے تھے۔ وہ کنبہ پرور آدمی تھے۔ اُن کے بعض اعزہ اُن کے ہاں تعلیم پانے کے لیے یا اَور وجوہات سے سالوں ٹھہرے رہے۔ اور اکثر ان میں سے کوئی نہ کوئی اُن کے ہاں موجود رہتا تھا۔

وہ سب سے انکسار کے ساتھ ملتے تھے۔ صد گونہ فضائل کے باوجود خمول کو پسند کرتے تھے۔ یہاں تک کہ بعض علمی مجالس میں جب وہ شامل ہوتے اور فوٹو اتروانے کا وقت آیا تو وُہ اِدھر اُدھر ہوگئے۔ بڑے آدمیوں سے وہ دُور بھاگتے تھے۔ گو متعدّد دفعہ اُن کے کاغذات توسیع ملازمت وغیرہ کے سلسلے میں سنڈیکیٹ اور سینٹ میں پیش ہوئے مگر حتی الامکان وہ کبھی کسی سے جاکر نہ ملے اور نہ کسی سے کچھ کہا سنا۔ ان کا ذکر سب نے سُنا تھا مگر ان مجالس کے اکابر کو تعجّب ہوتا ہوگا کہ شیرانی صاحب اور لوگوں کے معمول کے خلاف ان تک نہ پہنچے تھے۔ اور ان اکابر میں سے بعض نے تو شاید اُن کی شکل تک بھی نہ دیکھی تھی ع

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

شیرانی صاحب نے ایک ہی نرینہ اولاد پائی۔ یعنی شاعر مشہور داؤد خاں صاحب شیرانی؛ اُن کے علاوہ ایک بچّی بھی انھوں نے چھوڑی۔

شیرانی صاحب نے جمعہ کے دن ۱۵ فروری ۱۹۴۶ء کو ۶۵ سال ۴ ماہ کی عمر میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ افاض اللہ علیہ شآبیب غفرانہ!

یاران موافق ہمہ از دست شدند   در دست اجل یگان یگاں پست شدند
بودند تنک شراب در مجلس عمر   یک لحظہ زما پیشترک مست شدند

ایک شاہجہانی برتن

کئی سال ہوئے اواخر ۱۹۳۵ء میں راقم سطور آل انڈیا اورینٹل کانفرنس کے اجلاس میسور سے فارغ ہو کر بنگلور پہنچا، لاہور کے بعض احباب بھی ہمراہ تھے، بازار میں ایک امرتسری سوداگر کی دکان تھی اس دکان کی چیزیں دیکھتے رہے، اتفاق سے ایک برنجی برتن نظر پڑا جس کی گل کار سطح کو بغور دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس پر کچھ اشعار مکتوب ہیں جن میں تاریخ کتابت بھی درج ہے یعنی ۱۰۵۶ھ یہ برتن میں نے خرید لیا، واپسی کے لیے سفر میں اس برتن کے بیرونی اور اندرونی کتبوں کو پڑھا اور اطمینان ہوا کہ حسن اتفاق سے ایک نادر چیز ہاتھ آئی،

آج اتنے سالوں کے بعد یہ خیال آیا کہ اس برتن کے شرح حال میں چند سطور لکھی جائیں،

یہ گول برتن جو گلدان قسم کی چیز ہے اور قریباً ساڑھے چودہ انچ بلند ہے، اور دو حصوں میں منقسم ہے (۱) طاس (Bowl) اور (۲) پیندا (ملاحظہ ہو تصویر اول) طاس پیندے کے ساتھ پختہ طور پر جڑا ہوا تھا مگر کسی پہلے مالک نے برتن کو بکس میں بند کرنے کی غرض سے یا کسی اور وجہ سے اس کا جوڑ کھول دیا، اب اوپر کا حصہ علیحدہ ہے اور نیچے کا علیحدہ،

(۱) طاس

طاس کا منہ کشادہ اور پیٹ گھیر دار ہے، اس کا قطر سوا تیرہ انچ ہے اور اس کی بلندی پونے دس انچ، طاس کی ٹھانس یا اس کا کنارہ یا حافہ (Rim) جو نصف انچ موٹا ہے، کنارے کے نیچے سوا انچ چوڑی مدور پٹی ہے جس میں سر بسر ایک کتبہ لکھا ہے، اس کے بعد پونے نو انچ چوڑی مدور سطح ہے جس میں اوپر سے پونے چار انچ پر پھر کتبہ ہے، جس میں سنہ کتابت ۱۰۵۶ھ دیا ہے، کنارے سے ذرا نیچے دو کنڈے قریباً ساڑھے تین انچ لمبے اور ڈھائی انچ چوڑے لگے ہیں، جو برتن کو اٹھانے میں سہولت پیدا کرتے ہیں، کنڈے ایک گاؤ دم سے گل کار برنجی پارچے کے حلقے (کان) میں پھنسائے ہوئے ہیں جو اوپر سے ۲ انچ اور نیچے سے ڈھائی انچ ہے، طاس کی تمام سطح (ٹھانس اور کنڈوں کے حلقہ گیر پارچے سمیت) گل کار ہے،

(۲) پیندا

اوپر کے سرے یعنی کمر پر اس کا محیط ساڑھے سات انچ اور نیچے کے سرے پر ساڑھے سینتیس انچ ہے، ان دو سروں کی درمیانی سطح اوپر سے نیچے کو بتدریج متقعر ہوگئی ہے مگر نیچے کے سرے پر آدھے انچ کا چپٹا حاشیہ ہے اس حاشیہ سے اوپر ڈیڑھ انچ کا برجستہ گردہ یا مدوّر ابھری ہوئی سطح ہے جو برتن کے پیندے کے زیریں حصے کا احاطہ کرتی ہے (ملاحظہ ہو تصویر اوّل)، جوڑ کے پاس کمر پر ساڑھے سات انچ محیط کی ایک بیل ہے، گردہ یا نیچے کی ابھری ہوئی گول سطح بھی نقش دار ہے مگر اس کے اوپر اور نیچے تنگ سی چپٹی پٹی چھوٹی ہوئی ہے، باقی پیندے کی ساری سطح بھی مجموعی طور پر اسی نقش یا شکل نمایاں (Motif) سے منقش ہے جس سے برتن کا طاس منقش ہے، مگر پیندے کا نقش چھوٹا اور اور زیادہ سادہ ہے، اوپر سے نیچے کو جڑواں پتوں کی ایک بیل نظر آتی ہے جن میں سے ایک جوڑے کا رخ دائیں کو ہے اور ایک کا بائیں کو، اور یہ ترتیب اوپر سے نیچے تک جاری ہے،

طاس کی تہ میں اندر کی جانب پیتل کا ایک نصف کرہ جڑا ہوا ہے جس پر کتبہ ہے، اس نصف کرہ کی اونچائی سوا انچ ہے اور اس کا محیط قریباً تین انچ،

نقش و نگار اس برتن کے تمام برجستہ in relief ہیں، اور ان نقشوں کی درمیانی جگہ میں مسالے کے آثار ہیں جو اس میں کبھی تھا مگر اب مرور زمانہ سے نکل گیا ہے، گمان ہوتا ہے کہ یہ مسالہ اسی طرح کا تھا جس طرح کا بجے پوری مینا کاری میں ہوتا ہے،

کتبے

(۱) طاس کا سب سے اوپر کا منظوم کتبہ تین شعروں یعنی چھ مصرعوں پر مشتمل ہے، یہ کتبہ چھ خیابانوں یا قالبوں میں لکھا ہے اس کا خط جلی نستعلیق ہے، لفظوں کے اوپر نیچے خالی جگہ میں نقش و نگار ہیں، ہر دو قالبوں کے درمیان شلجمی شکل بنا کر پھول سا بنا دیا گیا ہے، ہر قالب میں شعر کا ایک ایک مصرعہ درج ہے، سوائے تیسرے شعر کے کہ اس کے پہلے مصرعے کا آخری لفظ بعد کے قالب میں لکھ دیا گیا ہے،

یہ تین شعر سکندر نامہ نظامی سے لیے گئے ہیں "نشستن اسکندر بر تخت کیخسرو" کے عنوان کو ختم کرتے وقت

نظامی نے کہا ہے:

بیا[1] ساقی آن جام کیخسروی — کہ نورش دہد دیدگان را نوی

لبالب کن از بادۂ خوشگوار — بنہ پیش کیخسرو روزگار

اس عنوان کے بعد کا عنوان ہے "گفتار در باب ممدوح"۔ اس گفتار کے شروع میں یہ تین شعر ہیں:

شہا شہریارا جہان داورا — فلک پایگہ مشتری پیکرا

کجا[2] بزم کیخسرو و رخت او — سکندر کہ شد بر سر تخت او

چوں آن کوکب از برج خود شد روان — توئی کوکبہ دار آن خسروان

اوپر کے کتبے میں انہی تین شعروں کو درج کیا گیا ہے مگر دوسرے شعر کے دوسرے مصرع کی مشہور روایت یعنی "سکندر کہ شد بر سر تخت او" کو یوں بدل کر لکھا گیا ہے:

شہ ما کہ شد بر سر تخت او

دوسرے شعر کا پہلا مصرعہ تصویر دوم میں پڑھا جاتا ہے، اس سے نیچے کا کتبہ آٹھ قالبوں میں لکھا گیا ہے، اور پہلے کتبے کی طرح ہر دو کتبوں کے درمیان شلجمی شکل کے ڈیزائن کے اندر بوٹا بنا ہے (دیکھیں تصویر دوم)

۲- اس سے نیچے کا کتبہ آٹھ قالبوں میں لکھا ہے، یہ چار شعر گلستان[3] شیخ سعدی باب دوم کی حکایت ۴۷ سے لیے گئے ہیں، خط اور گل کاری کتبۂ اوّل کی طرح ہے، شعر یہ ہیں:

دیدم[4] گل تازہ چند دستہ — بر گنبدے از گیاہ بستہ

گفتم چہ بود گیاہ ناچیز — تا در صف[5] گل نشیندہ او نیز

---

[1] سکندر نامہ طبع مطبع محمدی ۱۲۶۴ھ ص ۲۰۵

[2] یعنی کجا سکندر و کجا کیخسرو

[3] گلستان (عکسی) طبع لندن ۱۸۷۴ ص ۲۷

[4] کتبے میں ملا کر "گلتازہ" "گلنشیند" لکھا ہے

[5] کتبہ میں "از" لکھا ہے

بگرنیست گیاہ (د) گفت خاموش   صحبت نکند کرم فراموش

گرنیست جمال و رنگ و بویم   آخر نہ گیاہ باغ ایمم ۱۰۵۶

۳۔ ان بیرونی کتبوں کے علاوہ اس برتن کے اندر کے مذکورہ بالا نیم کرہ پر خط طغرا میں ایک برجستہ کتبہ لکھا ہے (دیکھیں تصویر سوم)

اس کتبہ کو چند لفظوں کے آخری الفوں کو لمبا کر کے آٹھ حصوں (دائری قطاعوں)ؔ میں بانٹ دیا گیا ہے اور ذیل کا کتبہ چار دفعہ دہرایا ہے:

شاہجہان بادشاہ عادل غازی

نقش و نگار

جیسا کہ اوپر بیان ہوا برتن کی تمام بیرونی سطح منقش ہے مگر اس میں شکل نمایاں (Motif) یہ ہے کہ ایک شلجمی حلقہ میں پھول سا بنایا ہے اور اس میں سے دائیں اور بائیں دو ٹہنیاں مخالف سمتوں میں نکالی ہیں، ہر ٹہنی سے دو پتے نکالے ہیں ایک دائیں کو، ایک بائیں کو، ایک پتہ مقوس اور بڑا، اور ایک مستقیم اور چھوٹا، ٹہنی سے نکلنے کے بعد کچھ فاصلہ تک یہ پتے نیچے سے جڑے ہوتے ہیں، گویا ڈنڈی بنی ہے، ٹہنی اور اس جڑے ہوئے حصے یا ڈنڈی کا جوڑ ڈنڈی کی تہ کے ایک کنارے پر ہے، اس کے بیچ میں نہیں، شلجمی حلقہ سے کچھ اوپر چل کر پھر ایک پھول بنا ہے اور پھر اس میں سے اسی طرح کی جوڑا جوڑا پتیاں مخالف سمتوں میں نکالی ہیں، مگر ایسی دو مخالف سمتوں والی جڑواں پتیوں کے جوڑوں کے درمیان دائیں اور بائیں طرف سے ایسے اور ٹہنیوں کے جڑواں پتے لائے گئے ہیں جن کا رخ آمنے سامنے ہے یعنی پتوں کے جوڑے میں سے چھوٹی سیدھی پتیاں ایک دوسرے کے قریب آ گئی ہیں اور بڑے قوس دار پتوں کے قوس بھی آمنے سامنے آ گئے ہیں، اسی طرح تیسری مرتبہ پھر پھول اور پتیاں بنا کر آخر میں ایک سربرگہ پھول بنا دیا ہے، اگر ان جڑواں پتوں کو اوپر سے نیچے کو دیکھیں تو ایک جوڑا دائیں کو کھلتا نظر آئے گا دوسرا بائیں کو، پھر ایک دائیں کو

ایک بائیں کو، وعلیٰ ہذا القیاس (یہ بیان شکل دوم کے دیکھنے سے واضح ہو جائے گا) یہ شکل نمایاں (Motif) دو بیرونی کتبوں کی تمام درمیان بھی بنی ہے، اور ان سے نیچے بھی، مگر طاس کے حصۂ زیرین اور پیندے میں اس ڈیزائن میں کچھ جزوی تبدیلیاں کر دی گئی ہیں، جیسا کہ اوپر مذکور ہوا، مگر یہ اس نقش کو بیل کی صورت دی گئی اور بیل کی ہر گرہ میں پھول بنا دیئے ہیں، طاس پر انگریزی حرف S سے ملتی جلتی شکل بنا کر ایک زنجیر سی بنا دی گئی ہے۔

یہ نقش (Motif) بہت پرانا ہے اور مسلمانوں کے آرٹ میں مشرق و مغرب میں صدیوں تک مستعمل رہا ہے، پتوں کی سیدھے اور الٹے رخ والی ترتیب گیارھویں صدی ہجری میں ایران کے مصنوعات میں بھی نظر آتی ہے، مثلاً ملاحظہ ہوں شمعدانوں کی تصویریں G.Migeon کی کتاب Manuel d' Art Musulman (پیرس ۱۹۰۷) جلد دوم ص ۲۰۷ پر اور An Illustrated Souvenir of the Exhibition of Persian Art (1931) طبع دوم (جس کو سطور آئندہ میں صرف Souvenir لکھا جائیگا) ص ۲۶ پر مگر حقیقت میں جس ڈیزائن کا اوپر ذکر ہوا اس کی مفرد صورت ایک جڑ سے نکلے ہوئے دو جڑواں پتے ہیں، ایک بڑا اور منقوس دوسرا چھوٹا اور مستقیم (دیکھیں تصویر پنجم) اس مفرد صورت کو دسویں صدی کی ٹائل میں دیکھیں جو قبۃ الصخرہ میں نظر آتی ہے[1] مگر جس طرح مذکورہ بالا شمعدانوں پر اس نقش کو اوپر سے نیچے سیدھے اور الٹے رخ پر ترتیب دیا بارہا ان کو بیل کی شکل میں بھی مرتب کیا گیا ہے مثلاً ملاحظہ ہوں Souvenir میں تصاویر ذیل: ص ۱۵ پر چھٹی یا ساتویں صدی کا بخور سوز، ص ۳۴ پر نویں صدی کا پالان شتر (رقم بہزاد)، ص ۲۷ پر گیارھویں صدی کا چار آئینہ، ص ۲۸ پر گیارھویں یا بارھویں صدی کا طاس، اس طرح کے نقوش کو ان سے مختلف قسم کی بیلوں میں بھی سجایا جاتا ہے مثلاً ملاحظہ ہو نویں صدی کا نقش بہزاد کے لباس پر اور ایک شہزادی کے لباس پر (Souvenir ص ۴۱ و ۴۲) اور قالین پر (ایضاً ص ۹۰) اور دسویں صدی کے پشم کے ایک طاس پر (ایضاً ۹۹) اور مسجد شیخ[2] لطف اللہ کی محراب پر جو گیارھویں صدی میں تمام ہوئی (ایران در چند تصاویر ص ۳۶)، اور اسی

---

[1] ملاحظہ ہو Briggs کی Muhammadan Architecture in Egypt and Palestine طبع اکسفورڈ ۱۹۲۴ ص ۳۳ یہی صورت بمبئی میوزیم کے ایک عربی کتبے پر نظر آتی ہے جس پر ۵۶۳ھ درج ہے دیکھیں ص ۱۰ (زیادات ب)

[2] لاہور کی مسجد مریم زمانی تعمیر ۱۰۴۳ھ میں بھی یہ بیل نظر آتی ہے۔

گیارھویں صدی کے ایک قالین پر (Souvenir ص ۹۲) اور اسی صدی کی مسجد وزیر خان لاہور کے بیرونی دروازے کے کنارے پر[1]

یہ نقش کب اور کہاں سے چلا؟ اس کا جواب دینا میرے لیے ناممکن ہے، لیکن اس کا نشان صدیوں سے ملتا ہے پومپی آئی (Pompeii) کی ایک دیوار پر اس سے ملتا جلتا نقش دیا ہے جس میں بڑے اور چھوٹے پتوں یا ٹہنیوں کو ایک ہی ٹہنی سے نکال کر قوس دار اور مستقیم بنا دیا ہے بعض صورتوں میں ان کے درمیان میں سے ایک دو اور پتوں اور پھول والی ٹہنیاں بھی نکالی ہیں، Souvenir ص ۵۶ پر پانچویں یا چھٹی صدی کی تصویر میں بھی دو جڑواں پتوں کے درمیان ایک شگوفہ سا بنایا ہے اور جڑواں پتوں کی سطح کو لکیردار کر دیا ہے چھٹی صدی ہجری کی بعض اندلسی عمارتوں میں بھی اس نقش کے پتوں کو لکیردار بنایا گیا ہے، ملاحظہ ہو Kühnel کی کتاب Maurische Kunst (Berlin 1924) تصویر ۰۷، (طلیطلہ کے ایک ستون کا تاج (Capital) ابن معاذ)۔ یہی لکیردار کیفیت اس نقش کی ہے جو بُزُون کے امام زادہ کرار کی مسجد کی محراب پر ہے جو سنہ ۵۲۸ میں بنی[2] نیز دیکھیں Decorative Designs ص ۸۱، اسی کتاب کے صفحہ ۸۲ پر قصر الحمرا سے لے کر اسی نقش کی واضح تصویریں دی گئی ہیں، نیز دیکھیں کتاب مذکور یعنی (Maurische Kunst) تصویر ۴۴ و ۵۴ (آٹھویں صدی ہجری) بعد کی صدیوں میں اس کے نمونے عام ملتے ہیں اور یہ نقش قسم قسم کی صنعتی چیزوں پر نظر آتا ہے مثلاً نویں صدی ہجری

---

[1] ملاحظہ ہو Paul N Hasluck کی کتاب Decorative Design (لندن ۱۹۰۷) ص ۷۰ اور ڈاکٹر تاراچند کی کتاب Influence of Islam on Indian Culture (الہ آباد ۱۹۳۶ء) کے آخر میں پلیٹ نمبر ۷ کے حاشیہ کے نقش و نگار میں بھی یہی صورت پیدا ہے،

[2] امام زادہ کرار (تصویر نمبر ۱) میں چند صدیوں بعد کا ایک ایسا ہی نقش دیا ہے دیکھیں Myron B. Smith, Imam Zada Karrar at Buzun a dated Seldjuk Ruin, Berlin یہ مضمون Archaeologischen Mitteilungen aus Iran میں جلد ۷، جزو ۲/۲ (۱۹۳۵ء) میں چھپا تھا میری توجہ اس کی طرف ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی نے منعطف کرائی، بُزُون اصفہان سے مشرق کی طرف ہے اور مسجد مذکور ۱۱۳۴ء جو عہد سلاجقہ کی یادگار ہے نہایت بلند پایہ گچ بُری کا کام ہوا ہے (دیکھیں انسائیکلوپیڈیا آف اسلام کا تکملہ ص ۱۳۱ عمود ۱) امام زادہ والے مضمون (ص ۴۲) سے ظاہر ہے کہ محراب مذکور گچ بُری نقوش کے بعض اجزا طاق بستان حیرہ اور سامرا میں بھی پائے جاتے ہیں۔

کی ایک تلوار کے دستہ پر (ملاحظہ ہو Kühnel کی کتاب مذکور تصویر ۱۲۴) اور قرآن مجید کے حاشیہ (تصویر ۱۳۹) اور ایک تصویر کے حاشیہ پر (Souvenir تصویر ۳۶) اور گیارھویں صدی کے ایک ریشمی جانماز پر (Souvenir تصویر ۴۶) اور بارھویں صدی کے تانبے کے ایک مرتبان پر دیسی کتاب تصویر ۱۹) اور تیرھویں صدی کی شاہی کرسی کی پشت پر دیسی کتاب تصویر ۹۴)

اس برتن کی تاریخ کی اہمیت

۱۰۵۶ھ جو اس برتن کے دوسرے کتبہ کے آخر میں درج ہے عہد شاہ جہانی میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔ ۱۰۵۵ھ کی آخری تاریخ کو شاہ جہان نے شاہزادہ مراد بخش اور امیر الامراء علی مردان خان کو بہت سے امراء اور لشکر کے ساتھ بدخشان اور بلخ کی تسخیر کے لیے بھیجا۔ آغاز جلوس سے شاہجہان کا ارادہ تھا کہ بلخ و بدخشان کو مسخر کیا جائے اس لیے کہ یہ دودمان چغتائی کا ملک موروثی تھا اور سمرقند دار السلطنت تیمور کی فتح کا ذریعہ۔ لیکن جب نذر محمد خان ازبک تاخت کابل کے لیے آیا تو شاہ جہان کا یہ ارادہ اور بھی پختہ ہو گیا، گو اس کو عملی صورت دینے کا موقعہ اس وقت ملا جب نذر محمد خان کی حکومت میں اختلال اور بلخ میں حرج مرج پیدا ہوا۔ ربیع الثانی ۱۰۵۶ھ میں شاہ جہان خود بھی کابل پہنچا اور شعبان تک وہاں رہا۔ تھوڑے ہی عرصہ میں شاہی فوج نے قندز (حاکم نشین بدخشان)، کہمرد اور غوری فتح کر لیا اور بلخ اور اس کے مضافات و ملکات پر قبضہ کر لیا۔ فتح بلخ کی خبر جمادی الثانی ۱۰۵۶ھ میں آئی تو آٹھ دن تک جشن منایا گیا اور نصیرای شیرازی نے تاریخ نکالی اور قطعہ کے شروع میں کہا:

شکر ﷲ کز عنایات خداوند جہان — کرد فتح ملک توران سرور مالک رقاب
پادشاہ غازی عادل شہنشاہ جہان — آنکہ کرد او را جہان از جملہ شاہان انتخاب

تیسرا مصرعہ اس برتن کے اندرونی کتبے کو یاد دلاتا ہے جس کے لفظ اوپر درج ہیں یعنی: شاہجہان بادشاہ عادل غازی، نصیرا نے بحر کی وجہ سے "شاہجہان" کو "شہنشاہ جہان" بنا دیا ہے۔

بلخ و بدخشان کی فتح کے بعد ازبکوں کے تخت پر گویا شاہجہان بیٹھا مگر کہاں وہ "بزم کیخسرو" اور اس کا "رخت" اور کہاں یہ "سکندر کہ شد بر سر تخت او" اور جب وہ کوکب اوزبکی اپنے برج سے روانہ ہو گیا تو شاہجہان ان خسروں کا کوکبہ دار بنا۔

غرض گمان ہوتا ہے کہ نقلی کے اشعار جو اس برتن پر درج ہیں (دیکھیں ص ۱۳۰) وہ فتح بلخ و بدخشاں کی مناسبت سے اس پر درج ہیں اور شاید کسی امیر نے اسی فتح کی یاد تازہ رکھنے کے لیے مجلس شاہجہانی کو یہ گلدان پیش کیا ہو، اور کیا تعجب ہے کہ وہ امیر علی مردان خان ہو جو اس مہم میں شریک تھا جس کے کارخانجات میں کسی ایرانی یا ہندی کاریگر نے ایران و ہند کے جڑواں پتوں والے مقبول نقش سے اس کی سطح کو منقش کیا، وہ نقش جس کی سیدھے اور الٹے رخ کے پتوں والی ترتیب گیارھویں صدی کے ایرانی مصنوعات پر عام ملتی ہے یہ قیاسی باتیں ہیں، واللہ اعلم بحقیقۃ الحال؛

زیادات

۱- یہ برتن کس دھات کا بنا ہوا ہے

دیکھنے میں یہ برتن پیتل ہی کا بنا ہوا معلوم ہوتا ہے مگر از راہ احتیاط ڈاکٹر نیاز احمد صاحب ڈائرکٹر کیمیکل ٹکنالوجی پنجاب یونیورسٹی سے التماس کی گئی تھی کہ اس برتن کے سودھے دھاتی کی تجزی فرمادیں، انہوں نے بعد تجزی اس کی تصدیق کی ہے کہ یہ برتن پیتل ہی کا بنا ہوا ہے، انہوں نے اس میں اجزای ذیل پائے ہیں:

تانبا	۵۹٫۸	فی صد
زنک	۳۸٫۶	//
قلعی (کا اوکسائڈ)	٫۵	//
سکہ (کا سلفیٹ)	٫۶	//
لوہا (Fe_2O_3)	٫۴	//

مختصر یہ کہ سکتے ہیں کہ اس میں ۶۰ فی صد تانبا ہے اور ۴۰ فی صد زنک، اور پیتل ایسے ہی مرکب کو کہتے ہیں،

۲- جس کتبے کا ذکر ص ۲۹۸ ح اپر آیا ہے اب اس کا حال ملاحظہ ہو:

ڈاکٹر محمد عبداللہ چغتائی نے ایک لوح مزار کا چربہ حاصل کیا تھا جو بمبئی میوزیم میں موجود ہے اس لوح پر چھٹی صدی کا ایک کتبہ درج ہے افسوس ہے کہ جس مقام سے یہ کتبہ متعلق ہے اس کی تعیین نہیں ہو سکی، نہ سلطان یحییٰ بن ابی السداد الموفق الثغری کا کچھ پتہ چل سکا ہے چربے سے پتھر کی مکتوب سطح کا طول سولہ انچ اور عرض ساڑھے پانچ انچ




تصویر اوّل



تصویر دوم





شکل چہارم (ابلی ویشن)
پیمانہ ۳/۱۶ انچ = ایک انچ



شکل پنجم

معلوم ہوتا ہے، اوپر کے حصے میں جو محرابی شکل کا ہے اور تین انچ لمبا ہے بیل بوٹے کندہ ہیں، درمیان میں اس منفرد ڈیزائن کا سادہ جڑواں پتہ ہے جس کا ذکر پیچھے گزر چکا ہے (نیز دیکھیں شکل ۵)، پتوں کے ایک جوڑے کا رخ دائیں کو ہے ایک کا بائیں کو، باقی جگہ میں دائیں اور بائیں ایک ایک بیل بنی ہے۔

کتبہ چھٹی صدی کے نسخ میں لکھا ہے، اس میں کل بارہ سطریں ہیں، شروع میں قرآن مجید ۹ (سورۂ توبہ): ۲۱ والی آیت دی ہے، پانچویں اور چھٹی سطر میں دو شعر دیئے ہیں، پھر "ہذا قبر الحرۃ" کو جلی تر لکھا ہے اس کے بعد سطر ۸ تا ۱۲ میں متوفیہ کا کچھ حال اور تاریخ وفات اور نقاش کا نام دیا ہے، کتبہ کا متن یہ ہے:

(س ۱) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(س ۲) یبشّرھم ربّہم برحمۃ منہ ورضوان

(س ۳) وجناتٌ لھم فیہا نعیم مقیم

(س ۴) خالدین فیہا ابداً ان اللہ عندہ اجر عظیم

(س ۵) رحلت وکنت ما اعددت زادا   و ما قصرت فی زاد المقیم

(س ۶) فہا[ا] نا قد رحلت بغیر زاد   و لکنی نزلت علی کریم

(س ۷) ھذا قبر الحرۃ

(س ۸) الفاضلۃ ام عبد اللہ مولاۃ

(س ۹) السلطان الاجَل مجیبی بن ابی السدّاد الموفق الثغری

(س ۱۰) الاسلامی توفیت بعوان [کذا] اخر یوم من شہر

(س ۱۱) رمضان من سنۃ ثلاث وستین وخمسمایہ

(س ۱۲) رحمہا اللہ نقشہ محمد بن برکات بن ابی حرمی

اخبارِ علمیہ

(الف) طبقاتِ ناصری:

طبقاتِ ناصری کو قاضی القضاۃ صدر جہان ابوعمرو منہاج الدین عثمان بن سراج الدین محمد بن منہاج الدین عثمان الجوزجانی معروف بہ قاضی منہاج سراج نے دہلی میں ۶۵۸ھ میں تصنیف کیا، اس میں فرمان رواؤں کے ۲۳ طبقے شامل تھے، اس میں سے کچھ طبقے ببیو تھیکا انڈیکا کے سلسلہ میں سنہ ۱۸۶۴ء میں کلکتہ میں طبع ہوئے مگر ایک معتدبہا حصہ کتاب کا جس کو تاریخ ہند سے تعلق نہ تھا شائع نہ کیا گیا تھا، اب پہلی دفعہ سالم کتاب کو فاضل معاصر عبدالحی صاحب حبیبی قندھاری شائع کر رہے ہیں، پہلی جلد جو کوئٹہ میں ۱۹۴۹ء میں طبع ہوئی اور ۵۸۴ صفحہ پر شامل ہے حال ہی میں کابل سے موصول ہوئی ہے، یہ اکیس طبقات پر مشتمل ہے، باقی دو طبقات جلد دوم میں شامل ہوں گے۔ جلد دوم میں تاریخی، جغرافی اور لغوی تعلیقات اور فہارس مفصل اور مفصل شرح حال مصنف بھی شامل ہوں گے، امید ہے کہ دوسری جلد کی ضخامت ۵۰۰ صفحہ ہوگی۔

(ب) امیر خسرو:

ڈاکٹر محمد وحید مرزا نے ۱۹۲۹ء میں امیر خسرو کے حالات زندگی اور ان کی تصانیف پر ایک مقالہ لنڈن یونیورسٹی میں پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری کے لیے پیش کیا تھا، جس کو پنجاب یونیورسٹی نے ۱۹۳۵ء میں شائع کیا، یہ مقالہ انگریزی زبان میں تھا۔ اب ہندوستانی اکیڈیمی کی فرمائش سے موصوف نے اپنے انگریزی مقالہ سے مدد لے کر اسی موضوع پر اردو میں ایک کتاب لکھی ہے جو ۴ + ۲۴۴ صفحات پر الٰہ آباد میں حروف سربی میں چھپی ہے اور ہندوستانی اکیڈیمی الٰہ آباد کی طرف سے شائع ہوئی ہے۔ سنہ طباعت ۱۹۴۹ء ہے۔ کتاب نہایت تحقیق سے لکھی گئی ہے اور بیان بہت واضح اور سلیس ہے، قیمت ۵ روپے ہے۔

(ج) پروفیسر کلاڈ کاھان Claude Cahen نے Bulletin d'Etudes Orientales Tome XII, 1947-48 میں مرضی [مرتضی؟] بن علی [مرتضی؟] الطرسوسی کی کتاب تبصرۃ ارباب الالباب فی کیفیۃ النجات فی الحروب من الاسواء وکذا یونشر الاعلام فی العدد والآلات المعینۃ علی لقاء الاعداء کا حال اور اس کے اقتباسات فرانسیسی ترجمہ کے ساتھ دیئے ہیں، متن اس نسخہ سے لیا ہے جو کتاب خانہ بادلی آکسفورڈ میں موجود ہے، مصنف نے دیباچہ میں بتایا ہے کہ کتاب سلطان صلاح الدین کے لیے تصنیف کی گئی تھی، کتاب کی اہمیت یہ ہے کہ اس فن کی بہت قدیم کتاب ہے مفتاح السعادہ میں (۱: ۳۱۴ پر) بنو موسیٰ بن شاکر کی کتاب آلات حربیہ کے موضوع پر مذکور ہے جو تبصرہ سے اقدم ہے مگر وہ بظاہر اب ناپید ہے فن تیر اندازی (رمی القوس والبنادق) اور فروسیت کے متعلق متعدد کتابیں بعد کے زمانے کی ملتی ہیں[1] مگر یہ کتاب تمام اسلحہ کے حالات اور ان کے بنانے کے طریقوں پر حاوی ہے، متن چونکہ ایک ہی نسخہ پر مبنی ہے اس لیے کہیں کہیں سے مخدوش ہے تاہم کتاب کی اہمیت کے اعتبار سے اس کا شائع ہونا ضروری تھا۔

کشف الظنون اور تاریخ ادبیات عربی از بروکلمن میں اس کتاب کا ذکر نہیں ملا۔

(د) مصنفین عہد سلطان شاہرخ بن تیمور (۸۰۷ تا ۸۵۰ھ) کے چند مخطوطات مرحوم حافظ محمود خان شیرانی کے مجموعہ کتب میں جو اب پنجاب یونیورسٹی کے کتاب خانہ میں محفوظ ہے نظر سے گذرے، ان کا مختصر سا حال درج ذیل ہے۔

۱۔ مجموعۂ وصایا:

بخط نستعلیق، تحریر ۸۶۵ھ، اوراق ۳۵ تقطیع $6\frac{3}{4} \times 4\frac{1}{2}$ انچ سطور ۱۹ (الف) ورق اب تا ۲۸ و الوصایا القدسیہ للشیخ زین الدین خوافیؒ (م سنہ ۸۲۸) یہ ایک مختصر سا عربی رسالہ ہے۔ آغاز: اما بعد حمد اللہ تعالی والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ فہذہ وصیۃ لاصحابی واولادی الذین تابوا الی اللہ وقصدوا سلوک طریق اولیاء اللہ... صدرت عن محض الشفقۃ علیہم واجابۃ لالتماسہم

انجام: تحررت ھذہ الوصایا علی ید عبد الفقیر الی کرم الوافی ابوبکر بن محمد بن محمد بن علی المدعو

---

[1] مثلاً دیکھیں بروکلمن ۱: ۳۶۳ و ۴۹۷:

بزین الخوافی دارکہ اللہ بلطفہ الکافی بالقدس الشریف زادنا اللہ شرفا بمجاورتہا ورزقنا العود الیہا وملازمتہا فی اوایل جمادی الاولیٰ لسنۃ خمس وعشرین وثمانمائۃ"۔ اس کے بعد کاتب کتاب صدر الدین نے تاریخ کتابت دی تھی جو تجلید میں کٹ گئی ہے۔ دوسرے رسالے میں جو اسی مجموعہ اور اسی خط میں ہے تاریخ کتابت سنہ ۸۶۵ دی ہے۔

شیخ زین الدین خوافی کا ذکر مطلع سعدین میں چند بار آیا ہے۔ سیستانیوں کی درخواست پر شاہ رخ نے ان کو سیستان بھیجا اور انہی کی سفارش پر بادشاہ نے سنہ ۸۱۲ھ میں سیستانی رؤسا کا قصور معاف کیا (مطلع ۲ : ۱۵۶ ببعد) سنہ ۸۳۸ھ میں جب ہرات و نواح ہرات میں وبا طاعون پھیلی اس میں ۲ شوال کو یہ بھی فوت ہوئے اور امانتاً کہیں دفن کیے گئے، بالآخر شمال ہرات اور جنوب عیدگاہ ہرات میں ان کو دفن کیا گیا اور غیاث الدین پیر احمد خوافی وزیر اعظم شاہرخ نے ان کے مزار پر عمارت عالی بنوائی اور مزارع اور مستغلات اس پر وقف کیے (مطلع ۲ : ۶۷۸)؛ ۸۶۵ھ میں خواجہ ناصر الدین عبید اللہ احرارؔ اور ۸۶۸ھ میں شیخ صدر الدین محمد رواسیؔ زیارت کے لیے ان کے مزار پر آئے (مطلع ص ۱۲۳۶ و ۱۲۸۶)؛ نیز دیکھیں نفحات طبع کلکتہ ص ۵۶۹ ببعد، و جامی از آقا علی اصغر حکمت ۲۱۹ ببعد، و کشف الظنون (طبع استنبول) ۲ : ۶۳۵ ؛

شیخ سعدی اور خواجہ ہمام تبریزی اور امیر خسرو کی ہم قافیہ اور ہم وزن غزلیں

(۱) شیخ سعدی علیہ الرحمۃ فرماید

جزای آنکه نگفتیم شکر روز وصال — شب فراق نخفتیم لاجرم ز خیال
بدار یک نفس ای ساربان! زمام جمل — که دیده سیر نمی گردد از نظر بجمال
دگر بگوش فراموش عهد سنگین دل — پیام ما که رساند مگر نسیم شمال
جماعتی که نظر را حرام می کردند — نظر حرام بکردند و خون خلق حلال
غزال اگر بکمند اوفتد عجب نبود — عجب فتادن مردست در کمند غزال
تو بر کنار فراتی ندانی این معنی — که اهل بادیه دانند قدر آب زلال
اگر مراد نصیحت کنان من این است — که ترک دوست بگویم تصوریست محال
بخاک پاک تو جانا که گر سرم برود — ز سر بدر نرود هرگزم امید وصال
سخن دراز کشیدیم و همچنان باقیست — که ذکر دوست نیارد بهیچ گونه ملال
بناله کار میسر نمی شود. سعدی — ولیک نالهٔ بیچارگان خوشست بنال

خواجه همام تبریزی گوید :

وداع یار و دیارم چو بگذرد بخیال — شود منازلم از آب دیده مالامال
ز شور سینهٔ من ساربان بفریاد است — ز بیم آن که مباد آتشی رسد بجمال
فراق را نفسی چون هزار سال بود — ببین که چون گذرد روز و هفته و مه و سال
مرا بخدمت یاران مهربان ایام — مجال هم نفسی داده بود در همه حال
خیال شان ننماید مرا مگر در خواب — پیام شان نرساند مگر نسیم شمال
میان آتش سوزنده ممکنست آرام — ولی در آتش هجران قرار و صبر محال

امید وعدهٔ دیدار می دهد ایّام　　خوش است وعدهٔ او گر دهد زمانه مجال

(۲) شیخ سعدی علیه الرحمة گوید :

مراد وهفته بشد کان مه دو هفته ندیدم　　بلب رسید مرا جان بخد منتش نه رسیدم

حبیب عهدِ محبت شکست و من نه شکستم　　خلیل بیخ ارادت برید و من نه بریدم

بکامِ دشمنم ای دوست! عاقبت بنشاندی　　سزای آن که چرا پندِ دوستان نه شنیدم

بخاک پای تو جانا که تا تو دوست گرفتم　　ز دوستانِ مجازی چو دشمنان به بریدم

ترا به بینم و گویم که خاک پای تو گردم　　مرا به بینی و چون باد بگذری که ندیدم

میانِ شهر ندیدی که چون دویدمت از پیَ　　زهی خجالت مردم چرا به سر ندویدم

شکر خوش است ولیکن حلاوتش تو ندانی　　من ی . دانم که زهر هجر چشیدم

مرا رواست که دعوی کنم به صدق و ارادت　　که هیچ در همه عالم بدوست برگزیدم

بنال مطرب مجلس بگوی گفتهٔ سعدی　　شراب انس بیاور که من نه مرد نبیدم

امیر خسرو فرماید :

گذشت عمر و دمی در رخِ تو سیر ندیدم　　ز هجر جان بلب آمد بکام دل نه رسیدم

چو غنچه تا به تو دل بستم ای بهارِ جوانی!　　بهیچ جا ننشستم که جامه ندریدم

سرم ز سرزنش دشمنان بخاک فروشد　　چنین بود چو نصیحت نه دوستان نه شنیدم

اگر به تیغ سیاست جدا کنی سرم از تن　　نه تو بمید نیارم دلی ز خویش بریدم

فریب و عشوه که نزدِ خرد بهیچ نیرزد　　بده که گر نه تو باشد بهر دو کون خریدم

بعین بهشتیم رُخ نمود و گفت که چونی　　چه تشنگی برد آبی که من بخواب چشیدم

چه جای طعنه که خسرو چرا به لفظ اسیری
نه من بلای دلِ خود باختیار گزیدم

(از تحفة الحبیب فخری)

فرائدِ غیاثی اور اس کے بعض دلچسپ محتویات

کتاب خانۂ کلیۂ پنجاب میں ایک نایاب فارسی انشا فرائدِ غیاثی کا قلمی نسخہ ہے جو ۹ × ۶ انچ کے ۹۱ ورق پر مشتمل ہے، تعداد سطور فی صفحہ ۲۱ ہے، کاغذ حنائی دبیز اور خط خوبصورت نستعلیق ہے، سرخیاں کہیں ہیں کہیں نہیں ہیں، شروع کی چھ سطروں کا خط مختلف ہے، جو غالباً بعد میں کسی نے بڑھائی ہیں[1]، کتاب کے اکثر حصہ کا خط نویں صدی کے آخر یا دسویں صدی ہجری کے شروع کا ہے، گو تاریخ کتابت اس نسخہ پر درج نہیں، کچھ اوراق اس نسخہ کے بعض مقامات سے غائب ہیں اور بعض مقامات پر ترتیب درست نہیں، مثلاً دیباچہ جو ناقص الاوّل ہے، اس نسخہ کے ورق ۸۶ تا ۸۸ پر یعنی آخر کتاب میں ہے۔ یورپ، ایران اور ہندوستان کے کتاب خانوں کی بہت سی فہرستوں کو دیکھا گیا، کتاب کے مکمل نسخہ بلکہ کسی نسخہ کا ذکر کہیں نظر نہیں آیا سوائے برلین کے شاہی کتابخانے کی فہرست کے، کہ وہاں اس کتاب کا نصف آخر موجود ہے (فہرست مرتبۂ پرٹش Pertsch عدد ۱۰۶۰ ص ۱۰۱۰)، یہ نسخہ ۸۶۱ھ میں تحریر ہوا،

فہرست مذکور میں سنہ تالیف کتاب ۸۳۴ھ دیا ہے، گمان ہوتا ہے کہ برلین والا نسخہ مؤلف کے خود نگاشتہ نسخہ کی نقل ہے، یوں تو اس پر کسی نے "بخطِ مصنف" لکھا ہے، مگر مؤلف فہرست نے لکھا ہے کہ کاغذ چار سو سال پرانا معلوم نہیں ہوتا،

---

[1] اسی طرح اس نسخہ کے ورق ۵۰ ب پر جو اقتباس مطلع سعدین سے لیا گیا ہے شک نہیں کہ الحاقی ہے۔ اس لیے کہ مطلع، فرائدِ غیاثی کی تصنیف کے بہت بعد تصنیف ہوئی۔

پیشِ نظر نسخہ کے دیباچہ سے اس کتاب اور اُس کے مؤلف کے متعلق جو حال معلوم ہوتا ہے درج ذیل ہے:

وجہِ تالیف کتاب

مؤلف نے لکھا ہے کہ جامؔ[1] میں "خسروِ خسرو نشان"[2] نے ایک محکم بند باندھا ہے جو ایک جہان کو آباد کرے گا۔ یہ خسروؔ اس کی سیر کے لیے آیا اور تربتِ مقدّسہ جام اور روضۂ مطہرۂ احمدیہ علیہ الرحمۃ پر بھی پہنچا، میں نے چاہا کہ کسی ذریعہ سے "اولوالخطر" کی خاطرِ خطیر پر "خطور" کروں، ان اولوالخطر میں سے خواجۂ اعظم غیاث الحق والدّین خواجہ پیر احمد خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں، ان کے حضور میں پیش کرنے کے لیے کوئی تحفہ اس سے بہتر مجھ کو نظر نہ آیا کہ چند رسالے جو فصحاء و بلغاء کے ابکارِ افکار پر شامل ہیں اشعار و ابیات سمیت سلکِ اثبات میں پرو لوں، اور اس مجموعہ کو جناب وزارت مآب کے تقرّب کا ذریعہ بناؤں،

---

[1] جام سے شہر اور ولایت دونوں مراد ہوسکتے ہیں، اگر بند رود جام میں لگایا گیا تھا تو یہ رود جام ہری رود کا معاون ہے، دیکھیں یبیٹ کی کتاب افغانستان شمالی میں نقشۂ سرحد شمال مغربی افغانستان اور کتاب ہرات از میلیسن میں نقشۂ افغانستان، اس بند کا ذکر اور جگہ نظر سے نہیں گذرا، ایک مقام بند زمیون کے نام سے ان حدود میں ملتا ہے، مگر مرآت بلدان ناصری ذیلِ جام میں اس بند کا حال نہیں ملا۔

[2] وزیر غیاث الدین پیر احمد خوافی کو چند سطر کے بعد مصنّف نے ایک شعر میں "خسروِ ملک وزارت آصف خسرو نشان" لکھا ہے، اس لیے بظاہر "خسرو خسرو نشان" سے وہی مراد ہے لیکن یہ بھی ہوسکتا ہے کہ شاہ رخ سلطان مراد ہو، شوال ۸۳۴ھ میں شاہ رُخ یورش دوم آذربائجان سے فارغ ہو کر ہرات کی طرف واپس لوٹا اور ۵ محرم ۸۳۵ھ کو ہرات پہنچا (مطلع سعدین ۲۰ / ۶۳۲)، مطلع میں اس کے تربت شیخ جام میں جانے کا ذکر نہیں ہے مگر اس کا اور اس کے وزراء وغیرہم کا وہاں جانا بالکل قرین قیاس ہے۔

ملوک کلام کے کلام کے ان محاسات کا نام فرائد غیاثی رکھا گیا تاکہ یہ نام مسمّٰی کے موافق ہو اس لیے کہ ان صحائف میں کم ہی کوئی صحیفہ ہوگا جو فرائد فوائد سے مزیّن نہیں ہے' اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ غیاث الدین وزیر ہی کی وجہ سے مؤلف نے کتاب کا نام فرائدِ غیاثی رکھا'

یہ خواجہ غیاث الدین پیر احمد خوافی اواخر ۸۲۰ھ میں میرزا شاہ رُخ بہادر کا وزیر مقرر ہوا اور تیس برس تک وزیر رہا' جب ۸۵۰ھ میں میرزا شاہ رُخ نے انتقال کیا تو میرزا عبداللطیف نے اس کو وزیر مقرر کیا۔ میرزا عبد اللطیف قید ہوا تو میرزا علاء الدولہ نے خواجہ کو بدستور ہرات میں وزیر کے عہدے پر قائم رہنے دیا' میرزا علاء الدولہ کے شکست کھانے پر خواجہ عراق میں پہنچا اور میرزا سلطان محمد بن میرزا بایسنغر سے ملا اور امیر دیوان بنایا گیا' کچھ عرصہ کے بعد وہ حج کو گیا' اواخر ۸۵۵ھ میں میرزا سلطان محمدؐ میرزا ابوالقاسم بابر سے شکست کھا کر مارا گیا اور میرزا بابر عراق کی طرف متوجہ ہوا' ۸۵۶ھ میں خواجہ حج سے واپس آکر یزد میں میرزا بابر کی خدمت میں پہنچا۔ میرزا بابر نے جو خواجہ سے ناراض تھا ۸۵۷ھ میں اس کو گرفتار کرلیا اور بہت سا روپیہ زجر و تکلیف سے اُس سے وصول کیا' خواجہ ان تکالیف سے جانبر نہ ہوسکا اور جب وہ فوت ہوا تو اُس کے وطن خواف ہی میں اس کو دفن کیا گیا (دستور الوزراء طبع طہران ص ۳۵۲ بعد)

ظاہر ہے کہ یہ کتاب ایّامِ وزارت خواجہ یعنی ۸۲۰ھ اور ۸۵۷ھ کے درمیان ہی تالیف ہوسکتی تھی' اُوپر بیان ہوچکا ہے کہ فہرست برلین میں "تاریخ تصنیف کتاب ۸۳۴ھ دی ہے۔

مؤلّف کا نام ونسب اور اس کا اور اُس کی کتاب کا مختصر حال

مؤلّف نے دیباچہ میں تالیفِ کتاب کا ذکر چند اشعار میں کیا ہے' وہ کہتا ہے :

تا مرتّب کردم این مجموعه را　　قوّت و قُوّت یافت طبع باهرم.....
شهر یار کشور اقلیم نثر　　گشتم و بر نظم دانی قادرم
یوسف اہلم کہ از بستان فضل　　یک گل این شعرست نہ من شاعرم
زینت مجموع این مجموعه را　　داده طبع نخل بندِ ماهرم
چون عروسی بود عاری از لباس　　حلّہایش ساخت نیکو خاطرم
بود ایوانی برآورده ز خشت　　کرد گچ معمارِ ذہنِ ناظرم
شمّۂ ایوان و لوحِ سیم و زر　　جلہ را می دان ز کلکِ ساحرم
یافتم مکتوبِ چند از سروران　　ہم بخطہا شان کزیشان مخبرم
اوّل و آخر ز بعضی گم شده　　نو ور آوردم بفکرِ فاترم
ناتمامان را ہمہ کردم تمام　　چون درین صنعت نکو منتظرم
ور مکاتیبی کہ بد لفظ رکیک　　آن بیاوردم بَدَل را ذاکرم
زنده شد نام صد ہشتاد و کس　　اندرین دیباچہ کو را مظہرم.....

غرض یہ کہ مؤلف کو چند مکاتیب مشہور نویسندوں کے خود نگاشتہ ملے بعض کا اوّل و آخر نہ تھا، مؤلف تے. غضب یہ کیا کہ ان کو خود تمام کیا اور اگر ان مکاتیب میں کوئی لفظ رکیک دیکھا تو اس کو بدل دیا، اور لوگوں کے مکاتیب میں اس طرح کے تصرّفات کو نہ معلوم مؤلف نے کیسے جائز سمجھا، حقیقت میں اُن کے جواز کی کوئی جہت نہ تھی،

مؤلف نے ان اشعار میں خود کو یوسف اہل کہا ہے، اور آگے چل کر (ورق ۵ رب پر) اپنا نام و نسب یوں دیا ہے : یوسف بن محمد بن شہاب، نسخہ برلین میں بھی اس کو "یوسف بن محمد بن شہاب الجامی المشہور بین الجمہور یوسف اہل" لکھا ہے.

اسی مصنف کی حدائق الاسلام فی نعت النبی علیہ السلام جو قصیدہ بردہ کی

فارسی شرح ہے، کتاب خانۂ لیڈن میں موجود ہے (فہرست کتاب خانۂ مذکور طبع ۱۸۵۱ء ج ۲ ص ۸۵) حدائق کا یہ نسخہ جو ۸۶۳ھ میں لکھا گیا بخط مصنف بتایا جاتا ہے کیونکہ اس پر کسی نے لکھا ہے: اعلم ان هذه النسخة الشريفة بخط مصنفه بلانزاع ولا ريب ولا يخفى لمن نظر فى اوله و آخره حيث ابتداء وختم' اس نسخہ میں بھی مصنف کا نام "یوسف بن محمد بن شہاب الجامی" لکھا ہے، مصنف کی تیسری تصنیف تحفۃ الامیر کا ذکر آگے آتا ہے، ظاہراً حبیب السیر ۳: ۴ : ۱۹۸ پر اسی مصنف کا ترجمہ خواجہ یوسف برہان[1] کی ذیل میں دیا ہے اور لکھا ہے کہ وہ شیخ الاسلام احمد جام کی اولاد سے تھے اور فقر و تجرّد کی راہ پر چلتے تھے، فن موسیقی کے ماہر تھے، کبھی "تالیف" اور نظم اشعار کی طرف بھی توجہ کرتے تھے، ان کے مصنفات میں سے ایک "ترسّل" [یعنی مجموعہ مکاتیب، غالباً یہی فرائد غیاثی] ہے جو اکابر سلف کے منشآت پر مشتمل اور لوگوں میں مشہور ہے' ان کے آبدار اشعار میں سے ذیل کا بیت مجالس النفائس میں دیا ہے:

رسید موسم شادی و ذوق و عیش و طرب　　اگر گدا بمراد دلی رسد چہ عجب

اسی مصنف نے مواھب الشریفہ فی مناقب ابی حنیفہ از ابوالحسن علی بن ابی القاسم زید البیہقی (مصنفہ ۵۵۶) کا فارسی ترجمہ کیا۔ دیکھو حاجی خلیفہ ترجمہ ۱۰۰۲ کا نقل ہوا ہوا شیرانی کلکشن میں ہے۔ فارسی ترجمہ شاہ رخ کے لیے ہوا (در ۸۳۹ھ) دیکھو کشف الظنون:

مجالس النفائس (ترجمہ فخری، طبع طہران) ص ۴۳ پر جہاں سے صاحب حبیب السیر نے یہ مواد لیا ہے اور جو ۸۹۶ میں تصنیف ہوئی اس میں خواجہ یوسف کے تجرد و انقطاع کے ذکر کے بعد لکھا ہے کہ وہ سب اہل طریق کے صاحب طریق تھے اور اکثر اپنے

---

[1] بظاہر برہان اس کا تخلص ہے

شعروں کی لے موزوں کرتے تھے (شعر خود موسیقی می بست) انہوں نے اپنے اس مطلع پر (جو اوپر دیا گیا ہے) عمل اصفہان باندھا' پھر میر علی شیر[1] نے لکھا ہے کہ فن موسیقی میں میں اُن کا شاگرد ہوں' وہ جام میں فوت ہوئے' اور ان کا مزار شیخ (احمد جام) کے خطیرہ میں ہے 'اس کا سال وفات کہیں نہیں ملا'

جیسا کہ مؤلف نے مندرجہ بالا اشعار میں بتایا ہے اس نے ایک سو اسّی[2] فاضلوں کے مکاتیب اس کتاب میں جمع کیے تھے' ان فاضلوں کی مفصّل فہرست اس نے ان اشعار کے بعد دی ہے' اس میں چودہ[3] بزرگ منسوبین جام میں سے ہیں اور مؤلف کو ملاکر پندرہ' اور امام محمد غزالی ان کے بھائی احمد' ابوالحسن بُستی' ابوالشکور مروزی' ابوالقاسم دل شاد' مولانا شمس طبسی' مولانا شمس الدین ادہی' معین الدین یزدی' فخر الملک بن نظام الملک' خواجہ غیاث الدین محمد الرشید' تاج سلمانی' خواجو کرمانی' عماد فقیہ کرمانی' نظام الدین عبید زاکانی' جیسے مشاہیر کے کئی نام اس فہرست میں آگئے ہیں' ہندوستان کے چار فضلاء بھی ان میں شامل ہیں یعنی مولانا ناصر الملۃ والدین الکافی الدہلوی' خواجہ جلال الدین معروف الوزیر الدہلوی' خواجہ شمس الدین محمد الوزیر الدہلوی'

---

[1] مصنف مجالس النفائس

[2] فہرست میں بجای ایک سو اسّی ناموں کے ۱۸۰ یا ۱۷۷ نام دیئے ہیں۔

[3] اگرچہ جامیوں کی تعداد ۱۴ ہے مگر ان کے مکاتیب وغیرہ کی تعداد بہت زیادہ ہے' صرف خواجہ ابوالمکارم معین الدین جامی (مترجم در حبیب السیر ۳: ۲۰۰' و متوفی در ۸۳۳ھ) کی ۵۸ (یا شاید ۶۱) تحریریں نسخہ پیش نظر میں ہیں (دیکھیں عدد ۴و ۲۷ تا ۳۶' و ۳۸ تا ۴۱' و ۴۳' و ۵۵ تا ۵۸' ۶۰' و ۶۴ تا ۷۷ و ۸۱ تا ۱۰۳' نیز ۸۷ و ۹۶ و ۱۰۴) یعنی نصف سے کافی زیادہ (۵۰ فیصدی) یعنی شروع کی چھ تحریروں اور عدد ۱۰۴ کو نکال کر جو الحاقی معلوم ہوتی ہیں باقی سو تحریروں میں سے ۵۸ یا ۶۱' (دیکھیں فہرست محتویات بر ص ۱۱ ببعد) —

خواجہ تاج الدین حسین الوزیر الدہوی'

یہ مکاتیب عموماً فارسی میں ہیں گو چند ایک عربی میں بھی ہیں مثلاً
ہلاکو خان کا خط سلطان مصر کے نام (من انشاء الخواجہ نصیر الدین الطوسی)
اور اس کا جواب جو کسی مصری فاضل نے مرتب کیا (ورق ۴۰ بعد)۔
خواجہ علاء الدین فریومدی کا مکتوب سلطان مصر کے نام (انشاء ابن یمین الفریومدی)۔
شاہرخ کا خط بادشاہ خطا کو عربی میں ہے، گو اگر فہرست برلین نے "تاریخ تصنیف (۸۳۳ھ) درست دی ہے تو یہ خط جو بظاہر مطلع سعدین سے لیا گیا ہے بعد میں بڑھایا گیا ہے۔ ہاں یہ ناممکن نہیں کہ اس خط کو زبدۃ التواریخ حافظ ابرو (م۔ ۸۳۳) سے لیا گیا ہو' مصنف کی فہرست فضلاء مکاتیب نگار میں ابو جعفر منصور الدوانقی بھی شامل ہے۔ اور اس کا مکتوب بھی عربی ہی میں ہوگا'

مصنف نے فہرست فضلاء کے بعد کتاب کے دس باب شمار کیے ہیں جو فہرست برلین کے عین مطابق ہیں' معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے زیر نظر نسخے میں (علاوہ ناقص الاوّل دیباچہ کے) تقریباً پہلے دو باب سے مواد لیا ہے' برلین کے نسخے میں صرف آخری پانچ باب ہیں جو ۱۷ سطری صفحہ والے ۲۸۰ ورق پر ختم ہوتے ہیں' اس حساب سے گویا باب ۳ و ۴ کا مواد ناپید ہے نہ پیش نظر نسخے میں ہے نہ نسخۂ برلین میں' اب فہرست ابواب ملاحظہ ہو:

۱۔ باب فی رسائل السلاطین مع الملوک و الامراء
۲۔ باب فی رسائل الصواحب والوزراء'
۳۔ باب فی رسائل السادات و النقباء'
۴۔ باب فی رسائل القضاۃ و الوُلاۃ'
۵۔ باب فی رسائل موالی العظام و الاہالی الکرام'
۶۔ باب فی رسائل المشائخ العظام'

۷. باب فی رسائل المناشیر و الامثلات

۸. باب فی رسائل فتح القلاع و البقاع

۹. باب فی رسائل المصائب و الوقعات

۱۰. باب فی الرّسائل المتفرقہ

فہرست ابواب دینے کے بعد مؤلف نے افتتاح کلام شیخ الاسلام احمد جام رح کے اس مکتوب سے کیا ہے جو آپ نے سلطان سنجر بن ملک شاہ کو لکھا تھا اور کہا ہے کہ سبب اس مکتوب کے لکھنے کا شیخ اسلام کی کتاب مقامات میں دیکھنا چاہیئے۔ پھر کہا ہے کہ جب وزیر (خواجہ پیر احمد) نے یہ کتاب دیکھی تو تحسین و آفرین کے بعد کہا کہ افتتاح کلام شیخ اسلام جام کے کلام سے تو خوب ہوا مگر تحریر مکتوب کا سبب بیان ہی کر دینا مناسب تھا، حوالہ مقامات کا کافی نہیں، اس پر مؤلف نے اپنی کتاب تحفۃ الامیر سے جو اس نے امیر کبیر عضد الملوک و السلاطین ناصر الدولہ و الدین ابراہیم[۲] سلطان خلد اللہ ظل رافتہ کے نام پر لکھی ہے، چھ صفحہ کا اقتباس اس مکتوب کے ساتھ ملحق کردیا۔

گمان تو یہی گذرتا ہے کہ ابراہیم سلطان سے مراد شاہ رخ کا بیٹا حاکم فارس ہے، جو شوال ۸۳۸ھ میں فوت ہوا، مگر مطلع سعدین ۲ : ۵۵۹ پر وہ "مغیث الحق و الدنیا و الدین ابوالفتح میرزا ابراہیم سلطان" ہے، نہ ناصر الدولہ و الدین، پس شاید وہ حاکم خوارزم مراد ہے جو فہرست انڈیا آفس (مخطوطات فارسی) عمود ۱۴۷ میں مذکور ہے[۱]

مکتوبات موجودہ نسخہ کی ایک مجمل فہرست

پیش نظر مجموعہ میں اوراق کی بے ترتیبی اور بعض اوراق موجود نہ ہونے کا ذکر اوپر

---

[۱] اصل: رسائل ۲ے مطلع (۲ : ۵۶۹) میں امیر ابراہیم سلطان ابن امیر شاہ ملک مذکور ہے جس کو شاہ رخ نے ۸۲۹ھ میں حکومت خوارزم عنایت کی، مگر اس کے ناصر الدین ہونے کا ذکر اس کتاب میں نہیں ہے بظاہر وہ مراد نہیں ہوسکتا

آچکا ہے۔ جو تبویب اوپر درج ہے اس میں سے صرف پہلے اور دوسرے باب کے مواد کا سراغ اس نسخہ میں ملتا ہے، اور جن ایک سو اسّی فضلاء کی فہرست مؤلف نے دی ہے، اُن میں سے صرف چند ایک کے مکتوب اس نسخہ میں ہیں۔ بہت[1] سے مقامات پر سرخیاں نہیں ہیں اس سے کافی دقّت کاتب و مکتوب الیہ کا پتہ لگانے میں ہوتی ہے، باوجود اس کے اس مجموعہ میں بعض دلچسپ خطوط اور تحریریں موجود ہیں، خصوصاً وہ جو ہندوستان کے اسلامی عہد اور آل کرت سے تعلق رکھتی ہیں۔

فہرست محتویات کتاب

ذیل میں ایک مجمل سی فہرست ان تحریروں کی دی جاتی ہے جو اس مجموعہ میں شامل ہیں، عنوانوں کے الفاظ تعظیمی کو مجملاً درج کیا گیا ہے مثلاً "فخر الملّۃ و الدّین" کو فخرالدین، "جلال الدولہ و الدنیا و الدین" کو جلال الدین "الملک الاعظم مالک رقاب الامم" کو فقط ملک اعظم و قس علی ہذا،

۱۔ ورق ۱ب، شرح حال مولانا سعدالدین تفتازانی و مکتوب تیموریہ ملک محمد[2] سرخسی راجع بہ او،

۲ و ۳۔ ورق ۳ب، مکتوب پادشاہ خطا بہ شاہرخ سلطان و جوابش [از زبدۃ التواریخ یا مطلع سعدین ۲ : ۲۱۹ و ۲۲۲]

۴۔ ورق ۴ب، ماہاری (مورخہ ۱۱ شعبان ۸۰۹ھ) کہ از عتبۂ مقدسۂ رضویہ بہ امیر سید جلال الدین ادھم بن السید المرحوم امیر شمس الدین محمد بن امیر فخرالدین موسوی دادہ شد،

---

[1] تقریباً ۲۰ فی صدی تحریروں پر،

[2] ملک محمد بن معزالدین کرت کے لیے ملاحظہ ہو نذابجاور ص ۲۵۸

۵- ورق ۵ ب، راهداری که به عماد الدین بابا حسن الخوشمردان دادند [برای وی رک به مطلع سعدین ۲: ۱۱۰ ح و ۱۴۹۸]

۶- ورق ۶ و، وقف نامه (مورخه ۱۰ محرم ۸۹۰ه) از خواجه نظام الدین سلطان احمد بن صدر اعظم خواجه شمس الدین محمد بن صدر مرحوم خواجه سلطان حسن آی تغمشی سبزواری،

۸،۷- ورق ۷ و، [بلا عنوان] [سلطان حسین جلایر به شاه شجاع مظفری و جوابش] [هر دو منقول در حبیب السیر ۳: ۲: ۳۴ ببعد]

۹- ورق ۷ ب، [بلا عنوان] [ناتمام]

۱۰- ورق ۱۰ و، [«] [در صفت دیاری که پایمال عساکر شده]

۱۱ و ۱۲- ورق ۱۰ ب، و ۱۱ و [«] [در نصیحت فرزند]

۱۳- ورق ۱۱ ب، [بلا عنوان] [مکتوب ابو اسحاق بن محمود شاه اینجو که به مبارز الدین محمد مظفری از محبس نوشته میان ۷۵۴ و ۷۵۸ه رک به زامباور ص ۲۵۵]

۱۴- ورق ۱۲ و، [بلا عنوان] [به پادشاهی در التماس حضورِ حضرت سلطنت]

۱۵- ورق ۱۲ ب، [بلا عنوان] [شاه شجاع به تیمور]

۱۶- ورق ۱۳ ب [«] [شاه شجاع به برادر زاده اش نصرة الدین یحیٰی]

۱۷- ورق ۱۳ ب [«] [به سلطانی از بندهٔ دولت خواه، در باب آمدن مقرب او جمال الدین قرابه اهلِ خراسان]

۱۸- ورق ۱۴ و، [بلا عنوان] [به سلطانی از بندهٔ دولت خواه]

۱۹- ورق ۱۴ ب، [«] [به پادشاهی در باب آرزوی درگاه شاه]

۲۰- ورق « ، [«] [از اهلِ خراسان به سلطانی دربارهٔ ابتلای ایشان بواسطهٔ لشکرها]

۲۱- ورق ۱۵ و، [«] [درویشی به پادشاهی، در سفارش شمس الدین یعقوب]

۲۲- ورق ۱۵ب' [بلا عنوان] [" مخلص ترین دعاگویان " به اولجایتو خان]

۲۳- ورق ۱۶ و' [०] [درویشی به تاج الدین که غالباً " خواجه تاج الدین حسین الوزیر الدهلوی "
است شامل فهرست فضلا به ورق ۸۰ب]

۲۴- ورق ۱۷ و' [०] [معین جامی به پادشاهی]

۲۵- ورق ۱۷ و [०] [مکتوب "دعاگو" و "دولتخواه" به شاه ابو اسحق که در خدمتش دعاگوی مذکور
سلالة المشایخ جمال الدین را می فرستد]

۲۶- ورق ۱۸ب' [०] [به جلال الدین [فیروز شاه خلجی' ۶۸۹ تا ۶۹۵ ر.ک به مکتوب
۳۰ بعد]]

۲۷- ورق ۱۹ب' [०] [جامی به بادشاهی]

۲۸- ورق ۱۹ب' [०] [جامی از حدود مزار متبرک جام به خان اعظم]

۲۹- ورق ۲۰ و' از معین جامی به خان ملتان

۳۰- ورق ۱۹ و' از معین جامی به سلطان اعظم جلال الدین فیروزشاه خلجی ۶۸۹ تا ۶۹۵

۳۱- ورق ۲۱ ب' 〃 〃

۳۲- ورق ۲۲ ب' 〃 〃 جواب مکتوب او

۳۳- ورق ۲۳ و' 〃 〃

۳۴- ورق ۲۵ و 〃 〃

۳۵- ورق ۲۶ و ' از ملک اعظم معزالدین ابوالحسین محمد کرت [۷۳۲ تا ۷۷۱] به ابو المجاهد (کذا)
علاء الدین محمد بن تغلق شاه [۷۲۵ - ۷۵۲] در باب جلوس او بر تخت هرات (انشاء معین جامی)
[بقول صاحب حبیب السیر ۳ : ۲ : ۷۵ ملک مذکور مشهور است به
معزالدین حسین اما وی در اصل معزالدین محمد است کما فی عنوان هذا المکتوب]

۳۶- ورق ۲۶ ب' از معین جامی به سلطان اعظم جلال الدین فیروز شاه.

۳۷- ورق ۲۷ ب، بعض المشایخ به سلطان اکرم غیاث الدین الغ بیگ (انشاء فصیح الدین اللاری کذا) [ظاهرا مرادش غیاث الدین الغ خان است یعنی محمد ثانی جونه ابن تغلق متوفی ۷۵۲- نزامباور، ص ۲۸۵]

۳۸- ورق ۲۸ ا، معین الدین جامی به سلطان اکرم نصرة الدین یحیی [مظفری]

۳۹- ورق ۲۸ ب، 〃 به معزالدین اویس خان [جلایر؟ ۷۵۷ تا ۷۷۶]

۴۰- ورق ۲۹ ا 〃 به غیاث الدین شاه محمود [۷۵۹ تا ۷۷۶ در اصفهان، زامباور]

۴۱- ورق ۳۰ ا 〃 به مبارزالدین محمد بن مظفر [۷۱۳ تا ۷۵۹]

۴۲- ورق ۳۰ ب، دستور مکرم خواجه علاء الدین محمد الفریومدی به حضرت سلطان مصر (انشاء فخرالدین امیر محمود بن یمین المستوفی الفریومدی ــ رک برایش به حبیب السیر ۳: ۲: ۷۸)

۴۳- ورق ۳۰ ب، معین الدین جامی به امیر تیمور گورگان (از هرات به سمرقند)

۴۴- ورق ۳۳ ا، ملک معظم معزالدین ابوالحسین کرت [۷۳۲ تا ۷۷۲] به سلطان اعظم ابوالمجاهد (کذا) محمد شاه بن تغلق شاه [۷۲۵ تا ۷۵۲] در باب رخصت تخت نشینی در هرات (انشاء جمال الدین) [اختسان کذا، اختسان]

۴۵- ورق ۳۳ ب، تاج سلمانی [رک برای او به آیین اکبری ترجمهٔ بلاخمن ص ۱۰۱] به سلطان اعظم نصیرالدین خلیل [بن تیمور؟ ۸۰۷ تا ۸۱۲]

۴۶- ورق ۳۴ ب، سلطان الامراء قرا یوسف [جلوس ۷۹۰، م ۸۲۲] به سلطان اعظم شاهرخ بهادر [۸۰۷ تا ۸۵۰ ه] (در باب انقلاب بعض بلدان توابع آذربایجان)

۴۷- ورق ۳۵ ا، معین الدین یزدی به نصرة الدین شاه یحیی [۷۸۹ ه والی یزد]

۴۸- ورق ۳۷ ا، سعدالدین مسعود یزدی به نصرة الدین شاه یحیی

۴۹- ورق ۳۸ ب، رضی الدین احمد جامی به سلطان اعظم جلال الدین فیروز شاه [برای خواجه رضی رک به حبیب السیر ۳: ۲: ۷۵]

۵۰- ورق ۳۹ب، شهاب الدین منصور بن محمد شیرازی به سلطانی

۵۱- ورق ۴۰ ا، رضی الدین خواجه احمد جامی به سلطان مطاع جلال الدین شاه شجاع

۵۲- ورق ۴۰ب، هلاکوخان به سلطان مصر (انشاء خواجه نصیر الدین طوسی)

۵۳- ورق ۴۱ ا، جواب سلطان مصر به هلاکوخان

۵۴- ورق « ، حسام الدین عبدالله کوسوی به سلطانی

۴۲ب تمت رسائل السلاطین

۵۵- ورق ۴۲ب، معین جامی به ملک اعظم تاج الدین اسکندر الفراهی

۵۶- ورق ۴۳ ا، « « بر جریدهٔ « « جلال الدین الفراهی

۵۷- ورق ۴۳ب، « « به سلطان خاتون زوجهٔ معزالدین ابوالحسین محمد کرت

۵۸- ورق ۴۴ ا، « « به معزالدین ابوالحسین محمد کرت

۵۹- ورق ۴۴ب، وجیه الدین الغوری به ملک شمس الدین محمد کرت [همان مولانا وجیه الدین قاضی هرات که مذکور است در حبیب السیر ۳: ۲: ۶۹ بعید بصورت وجیه الدین نسفی؟]

۶۰- ورق ۴۵ب، معین الدین جامی به معزالدین ابوالحسین محمد کرت

۶۱- ورق ۴۶ ا، شیخ الاسلام خواجه قطب الدین یحیی نیسابوری به ملک اعظم غیاث الدین پیر علی کرت،

۶۲- ورق ۴۷ ا، « « « « به یکی از ملوک

۶۳- ورق « ، المولی الاعظم سعد الدین تفتازانی به سلطان ملوک معزالدین ابوالحسین محمد کرت

۶۴- ورق ۴۸ ا، خواجه معین جامی به ملک اعظم « «

۶۵- ورق ۴۹ب، « به حضرة العالیه الملکیة المعزیة

۶۶- ورق ۵۰ب، « به ملک اعظم معزالدین ابوالحسین محمد کرت

۶۷- ورق ۵۲ ا، « به ملک اعظم جمال الدین نصر الله حاکم بقلعه کاه [مذکور در حبیب السیر

۳ : ۲ : ۷۰ و ۸۰] نیز رک به تاریخ نامهٔ هرات (کلکته ۱۹۴۳م) بامداد فهرست بذیل کاه

۶۸- ورق ۵۲ ب، خواجه معین جامی به ملک اعظم غیاث الدین پیر علی کرت [از ۷۷۲ تا ۷۸۵ حبیب السیر ۳ : ۲ : ۷۹]

۶۹- ورق ۵۴ ا، خواجه معین جامی در زمان وزارت به ملک اعظم معزالدین ابوالحسین محمد کرت (از جام به قبة الاسلام — یعنی هرات) بجواب مکتوب در باب فتح کرمان،

۷۰- ورق ۵۴ ب، خواجه معین جامی در زمان وزارت به حضرت عالیه (یعنی معزالدین محمد کرت)

۷۱- ورق ۵۵ ب، خواجه معین جامی به تاج الدین اسکندر فراهی

۷۲- ورق ″ خواجه معین جامی به ملک اعظم معزالدین ابوالحسین محمد کرت

۷۳- ورق ″ ، ″ به حضرت العالیة المعزیه (از مجلس)

۷۴- ورق ۵۷ ا ، ″ به ″ ″ ″ (بعد خلاص از حبس)

۷۵- ورق ۵۷ ب ، ″ به ″ ″ ″

۷۶- ورق ۵۹ ا ، ″ به ملک اعظم معزالدین ابوالحسین محمد کرت

۷۷- ورق ۵۹ ب ، ″ ″ ″ ″ عزالدین کرمان والی سجستان

۷۸- ورق ۶۲ ا ، [بلاعنوان] [غالباً جامی به معزالدین — یعنی ابوالحسین محمد کرت]

۷۹- ورق ۶۳ ا ، [غالباً جامی] به معزالدین ابوالحسین محمد کرت

۸۰- ورق ۶۴ ا ، [معین جامی] به عزالدین کرمان والی سجستان

۸۱- ورق ۶۴ ب
۸۲- ورق ۶۵ ب } معین جامی به حضرة العالیه الملکیة الملکتة (در جواب مکتوبش)
۸۳- ورق ۶۶ ا

۸۴- ورق ۶۷ ا، معین جامی، علی جریدة الملک الاعظم قطب الدین محمد بن عزالدین کرمان والی سجستان

۸۵- ورق ۷۰ و، معین جامی به ملک اعظم تاج الدین اسکندر فراهی

۸۶- ورق ۷۰ ب، 〃 به 〃 〃 غیاث الدین پیرعلی کرت

۸۷- ورق ۷۱ و، 〃 به 〃 〃 یمین الدین سجستانی

۸۸- ورق ۷۱ ب، 〃 به 〃 〃 عزّ الدین سجستانی (در جواب)

۸۹- ورق ۷۲ و، 〃 به حضرة عالیه معزیه

۹۰- ورق ۷۳ ب، 〃 به ملک اعظم غیاث الدین پیرعلی (از سیستان وقت جلوس پیرعلی در هرات) [سنه ۷۶۲]

۹۱- ورق ۷۵ و، 〃 به 〃 〃 تاج الدین اسکندر فراهی (در جواب)

۹۲- ورق ۷۵ ب، 〃 به 〃 〃 معزالدین ابوالحسین محمد کرت

۹۳- ورق ۷۶ و، 〃 به حضرة عالیه ملکیه معزیه (در ۲۶ ربیع الثانی سنه ۷۵۴ھ)

۹۴- ورق ۷۷ و، 〃 〃 〃 〃 〃 (بعد فتح بلدی)

۹۵- ورق ۷۷ ب، 〃 〃 〃 〃 〃 (جواب مکتوب که بعد فتح باخرز و قتل امیر محمد خواجه و ساتمش بیگ نوشته) [قتل هر دو در ۱۵ ربیع الاول سنه ۷۵۹ھ واقع شد رک به حبیب السیر ۳ : ۲ : ۷۷]

۹۶- ورق ۷۸ و، معین جامی به ملک اردشیر

۹۷- ورق ۷۸ ب، 〃 به عزّ الدین کرمان (در جواب)

۹۸- ورق ۷۹ و، 〃 به معزالدین ابوالحسین محمد کرت (از مازندران به هرات، راجع به طغاتیمور خان، و تحریک ملک را باخذ مازندران) (در حدود ذیقعده سنه ۷۵۴ھ)

۹۹- ورق ۸۱ و، [بلا عنوان] (معین جامی) [به معزالدین محمد کرت ؟]

۱۰۰- ورق ۸۲ و [بلا عنوان] (ابوالمکارم معین الجامی) (کتابتی برای شمس الدین محمد بن امیر منصور محمد بن ملک شهید شمس الحق محمد بن ابی بکر کرت که آهنگ سفر داشت) ———

[ناتمام: نیز رک بہ عدد ۱۰۲]

۱۰۱- ورق ۸۳و، [بلا عنوان] رمیین بر معزّالدین]

۱۰۲- ورق ۸۳ب، ["] رجامی بہ خان اعظم = علاء الدین ظفر خان]

۱۰۳- ورق ۸۴و، ["] رمیین جامی، کتابتی برای شمس الدین محمد کہ درویشی اختیار کرد در حدود ۸۰۰ھ] [نیز رک بہ عدد ۱۰۰]

۱۰۴- ورق ۸۴و [بلا عنوان] [غالباً میین جامی] رچند سطور راجع بہ حسام الدولہ صمصام الملک بہینیہ خان کہ بہ جامع شہر سیستان آمد]

پنج سطر دیگر کہ بظاہر بہ سطور سابقہ ربطی ندارد

۱۰۵- ورق ۸۵ب، [بلا عنوان] وصف دار السلطنت ہراۃ [= مطلع سعدین ۲: ۱۸۵]
بظاہر کسی این اقتباس را از مطلع لحق بکتاب کردہ است و غالباً در ترتیب اول این صفحہ آخرین کتاب بودہ،
مطلع بر وقائع ۸۷۵ھ تمام می شود و فرائد غیاثی تالیف ۸۳۲ھ است،

۱۰۶- ورق ۸۶و، دیباچہ کتاب [ناقص الاوّل]

۱۰۷- ورق ۸۸و، مکتوب سنجر بن ملک شاہ و اقتباس از کتاب تحفۃ الامیر از ہمین مصنف [و شاید این مکتوب اول بود در اصل]

ان مکاتیب کی ایک خصوصیت

ان مکاتیب کی ایک خصوصیت قابل توجہ ہے، ان میں لفاظی اور انشاپردازی کا دور ہے اور اسی میں ان کا افادی پہلو منحصر معلوم ہوتا ہے، مطالب کی کمی ہے، محض اتفاق سے کوئی تاریخی بات یا کسی دَور کی اجتماعی زندگی کے متعلق کوئی مفید اطلاع مل جاتی ہے، ورنہ مقصود لکھنے والے کا تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ اپنا زورِ قلم دکھاتے

اور نظم و نثر کی آمیزش سے طول کلامی کرتا ہوا چلا جائے ۔ اس طرح کے بتدا کی خبر ڈھونڈنے میں بھی تامل کی ضرورت ہو، میں سمجھتا ہوں کہ بعض پہلوؤں میں فارسی کے مترسلین نے مشہور عربی انشاء پردازوں مثلاً بدیع الزمان ہمدانی اور خوارزمی اور وطواط وغیرہم کا تتبع کیا ہے، ان عرب انشاء پردازوں کے ہاں مقفّیٰ اور مسجّع عبارتوں پر زور ہے، اور مطالب کی کمی ہے، وہ جابجا اشعار کا بکثرت استعمال کر رہے ہیں، بلکہ بعض مقامات پر ایک جملہ مکمل تب ہوتا ہے جب اس میں متعدد ابیات اور مصرعے آچکتے ہیں، نمونہ کے طور پر ہمدانی کے ایک مکتوب کی عبارت ملاحظہ ہو، وہ خوارزمی کو لکھتا ہے:

انا لقرب الاستاذ اطال الله بقاءه [ع] "کما طرب النشوان مالت به الخمر"
ومن الارتیاح للقائه [ع] کما انتفض العصفور بلله القطر
ومن الامتزاج بولائه [ع] کما التقت الصهباء والبارد العذب
ومن الابتهاج بمرآه کما اهتز تحت البارح الغصن الرطب

(رسائل بدیع الزمان طبع مصر ۱۳۱۵ھ ص ۸۳)

نیز ملاحظہ ہو کتاب رسائل الخوارزمی (قاہرہ ۱۳۱۲ھ) ص ۴۴ و ۱۲۶ (نیز ص ۱۳ و ۲۰ و ۳۲ و ۵۵ و ۱۱۲[1])، فرائد غیاثی کے بعض مکاتیب جو ذیل[2] میں درج ہیں ان میں اس طرز کی بہت سی عبارتیں ملیں گی جن میں عربی و فارسی اشعار بکثرت لاکر مطلب کو مکمل کیا گیا ہے،

بہت سے اشعار جو اس مجموعہ (فرائد غیاثی) کے مختلف مکاتیب میں درج ہیں معیاری اشعار کی حیثیت رکھتے ہیں جو منشآت میں عام طور پر استعمال میں آرہے ہیں، مثلاً ورق ۱۸ الف پر ہے:

---

[1] کثرت اشعار ص ۲۰۲ و ۲۸۹ و ۳۱۷ پر بھی دیکھو [2] مثلاً ملاحظہ ہو ص ۲۳

ولولا زمان قیّد تنا صروفه　　لکان لنا بالوادیین مطاف

یہی شعر مجموعہ رسائل رشید الدین الوطواط (مصر ۱۳۱۵ھ) ۱: ۵۱ پر آیا ہے،

فرائد میں ورق ۴۰ ا پر ہے: وغایۃ جہد امثالی دعاءٌ

رسائل وطواط میں ۲: ۲۷ پر پورا شعر دیا ہے:

وغایۃ جہد امثالی دعاءٌ　　یدوم مرا اللیالی او مدیحُ

ورق ۴۳ ا پر ہے: آہ من حسرۃ علی الاحباب' پورا شعر مکاتبات رشیدی ص ۳۱۴ پر دیا ہے،

فرائد میں اسی طرح کے بہت اشعار کا استعمال ہوا ہے جو شک نہیں کہ معیاری شکل میں ہیں اور قریب بہ یقین ہے کہ انشاؤں کی معمولی ورق گردانی کرنے سے ان کے صفحات میں بآسانی مل جائیں گے مثلاً:

ورق ۴۹ ب: وانی وان لم الق بغداد واهله ٭ لمحترق الاحشاء شوقاً الی نجد

ورق ۴۹ ا و ۴۰ ب:

یوما بحزوی ویوما بالعقیق　　وبالعُذیب یوماً ویوماً بالخُلیصاء

وتارۃ تنتحی نجداً و آونۃً　　شعب العقیق وطوراً قصر تیماء

یہ شعر ابو محمد الخازن کے ہیں (دیکھیں یتیمۃ الدہر طبع اول ج ۳ ص ۲۴ اور معجم الادبا ۲: ۳۲۱)

ورق ۴۹ ا: لیت شعری ولیت لیس بمُجْدٍ ٭ هل لِأنضاء نا مناخٌ بنجد

ورق ۴۹ ب: أَمُرّ علی واد الاراك تعللاً ٭ لعلّی فی واد الاراك اراک

ورق ۴۲ ا: کس برایں در از برای حسن عهد ٭ حلقہ نگرفت و زنجیری نزد

" " : اندرہمہ دشت خاوران خاری نیست ٭ کش بامن و روزگار من کاری نیست

اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ قرونِ وسطیٰ میں اس قسم کے اشعار بلکہ اشعار کے مجموعوں کا رٹوانا بچوں کے تعلیمی نصاب کا جزو تھا' ابوالحسن علی بن ابی القاسم زید البیہقی نے

ہم کو بتایا ہے (دیکھیں معجم الادبار ۵ : ۲۰۸) کہ بچپن میں اس نے کتاب المتحل میکالی (ایک انتخابی مجموعۂ اشعار' جو اب چھپ گیا ہے) اور اشعار متنبی و حماسہ و سبعہ معلقہ زبانی یاد کیے تھے۔

اب ظاہر ہے کہ جس شخص کے دماغ میں یہ اشعار محفوظ ہوں گے وہ اپنی تحریر میں ان اشعار کا حسب موقعہ استعمال کرے گا' اور کثرت استعمال سے خاص خاص اشعار اس قسم کے ہر شخص کی تحریر میں آ آ کر معیاری حیثیت اختیار کرلیں گے۔ پھر بعد کی صدیوں میں منشآت میں برتے جانے والے اشعار کے انتخابی مجموعے بن گئے جو انشار پردازوں کی سہولت کے لیے مرتب ہوئے بلکہ ہر انشاء پرداز کے پاس ان کے علاوہ اس کا انتخابی مجموعہ بھی ہوتا تھا جس کو وہ اپنے خاص ضروریات کے اعتبار سے ترتیب دیتا تھا۔

ایک حد تک یہ بات رسمی نثر پر بھی صادق آتی ہے' چنانچہ مکاتبات رشیدی ص ۱۲۷ پر ایک دعوت نامہ درج ہے جس کی عبارت کے جملے کے جملے صاحب شمس الدین کے ایک ایسے ہی دعوت نامہ سے ملتے ہیں۔ ملاحظہ ہو کتاب مذکور ص ۲۷۰ س ۹۰

میرے خیال میں اس توافق کی وجہ صرف یہ ہے کہ اس قسم کی بعض رسمی تحریروں کے مجموعے منشیوں کو حفظ ہوتے تھے یا ہر منشی کے پاس موجود ہوتے تھے جن کو وہ حسب ضرورت رسمی موقعوں پر استعمال میں لاتے تھے اور اس میں موقعہ کے مطابق جزوی تغیر و تبدل بھی کرلیتے تھے' ہندوستان میں عہد عالمگیری اور اس کے بعد اس قسم کے مجموعے اس ملک میں بکثرت مروّج تھے'

فرائد غیاثی میں سلاطین ہند کے نام بعض مکتوبات

اس مجموعہ میں چند مکاتیب ایسے ہیں جو ہندوستان کے اسلامی دَور سے تعلق رکھتے ہیں اور ان تعلقات پر روشنی ڈالتے ہیں جو سلاطین تغلق و تغلق اور ان کے معاصر خراسانی بادشاہوں اور باشندوں کے درمیان عموماً اور شیوخ جام کے ساتھ خصوصاً تھے۔

ان میں سے بعض ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔ ان کی ترتیب اصل کے مطابق نہیں۔ جو زیادہ اہم یا مفید معلوم ہوتے ہیں ان کو پہلے درج کیا گیا ہے۔

(۱)

ایضاً من نتائج انفاسه الشریفة الی السلطان (ورق ۲۰ ب) الاعظم الاکرم و الخاقان المعظم مولی جبابرة العرب و اکاسرة العجم جلال الدنیا والدین فیروز شاه جواباً لکتابه الشریفة [۲۰ب]

اللهم یا ملهم الصواب ایّدنی بروح القدس: هو الله الذی لا اله الا هو

صبحُ السعادةِ من اُفُقِ العُلیٰ طَلَعا

یا نفسُ بُشریٰ بما انما املت قد طلعا

مژدهٔ وصل میدهی بشّرک الله ای صبا　　صبح سعادتی بدم! پیک خجسته بیا!

ای نفسِ معطّرت مونسِ دل خوش آمدی!　　وی[1] قدم مبارکت راحتِ روح مرحبا!

مبشّر کتابٌ انزلناه الیک مبارکٌ[2] بشارتِ قال [الملکُ] ائتونی به استخلصهُ لنفسی[3] بمسامعِ عالیان رسانید و منشورِ مشکین طرازِ فتحه نشان و توقیع مسکین نوا بهِ رفیع شان فرمانِ وسارِعوا الی مغفرةٍ من ربّکم[4] با مراحم و عواطف سلامٌ علیکم کتب ربُّکم علی نفسه الرحمة[5] جمع گردانید، و ندای اللهُ لطیفٌ بعباده[6] باقطارِ عالم در داد، و از اشراقاتِ مهرِ فلکِ افضال و لمعاتِ ماهِ سپهر جلال که از صفاء ذکاءِ ذهنِ دوربین و بحرِ فیاضِ خاطرِ نازنین منشیان حضرتِ بادشاه زمان و زمین، وارث مناصب خلفاء الله الصالحین محض عنایت رب العالمین انّ هذا لهو حقّ الیقین[7]

---

[1] ضمیر راجع است به معین الدین جامی [2] قرآن مجید ۳۸ (سورهٔ ص): ۲۹ [3] قرآن مجید ۱۲ (سورهٔ یوسف): ۵۴ [4] قرآن مجید ۳ (آل عمران): ۱۳۳ [5] قرآن مجید ۶ (الانعام): ۵۴ [6] قرآن مجید ۴۲ (الشوریٰ): ۱۹ [7] قرآن مجید ۵۶ (الواقعه): ۹۵

ماه فرّ و زهره سعد و شمس رای و تیر فهم
مشتری آثار و کیوان همت و بهرام کین

مربّی درویش و شاه، مظهر سرّ «السلطان ظل الله»

قضا توان رو، قدر قدرت رو، زمانه یسار
فلک عنایت رو، خورشید رای رو، کیوان جاه

هو الملك المفضالُ مَن طارصیتُه ' و طبّق ما بین العراق الی مصرِ
وقد حاز اسباب المعالی بأسْرِها ' اوان الشباب الغضِّ مقتبل الدهر

جلال الحق والدین ایده الله بالنصر العزیز و الفتح المبین که مقتبس از نص «قد جاءکم من الله نورٌ وکتابٌ مبینٌ»[1] تواند بود جان جانی جانی

[ع] علی فتوةٍ تستوقص الروحَ خفَّةً

[ع] جام شراب یافت که ذوقش بجان رسید

و از شعاع ظهور نور آن رقّی منشور ــ

کالشمس طالعة لکنّ مشرقها ' طبعٌ لطیف کماء الجدولِ الجاری

نوری از روزنِ اقبال در افتاد مرا
که ازان خانهٔ غم شد طرب آباد مرا

و باستظهار دولت آن سلطان عهد و زمان

انّ غصن الشباب عاد رطیبا[رطیباً]

لله الحمد والمنّة که در زمان پادشاه جهان ارباب فضائل و اشراف قبائل را آب سعادتی و چشمهٔ کرامتی در جوی بارعزّت روان شد، و باطنهای خرابِ مکدر بانوار آفتابِ عالمتاب معدلت

---

[1] قرآن مجید ۵ (المائده) ۱۸

و آثارِ مکرمت روشن کردند [حواشیش: گردید] و صبحِ نجحِ ایّام کرام و کرامِ ایّام خندان گشت و از راحِ شادمانی قاصی و دانی در دورِ طرب آمد، و تأییدِ عنایت متحیّران بیدای خراسان هراسان را بمرحمتِ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَتْ تَعْمَلُ الْخَبَائِثَ[1] از وحشت سرای هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا[2] بدولتِ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ غَفُورٌ[3] اِلَى الْاَرْضِ الَّتِي بَارَكْنَا فِيهَا لِلْعَالَمِينَ[4] راه نموده شد،

ورق ۱۲۱ ا
خدای خواست که بر عالمی ببخشاید، ورق ۱۲۱ ا بفضلِ خویش ترا پادشاه عالم کرد

بنا بران دل و جان در خفقان و مرغِ روح در طیران آمد و فریاد ـــه

ساقیا دوری بگردان تا کی از دورِ فلک حلقهٔ عزت عشرت بجنبان تا کی از جورِ فلک

از نهادِ مبینِ جانی جامی مدهوش متجوّق بجوق رسید، لاجرم گاه با بختِ خواب آلود،

تا چشم کنی تو باز بینی در کارِ معین نظامِ روزی

در مجلسِ عارفان جامی بر دست نهاده جامِ روزی

می نماید، و احیاناً در هوای مجلس آرای روح افزای آن سایهٔ فرّ همای که

جامِ جم با چشمهٔ آبِ حیات از برای بزمِ او دادست جان

خوش آن عاشق که خوابش برده باشد از پسِ عمری

چو خیزد ناگهان دیده بروی یار بگشاید

---

[1] اصل: و اهله من (بجای من)، تصحیح از روی قرآن مجید [2] ایضاً ۴ (النساء): ۷۵، [3] ایضاً ۳۴ (سورهٔ سبا): ۱۵ [4] ایضاً ۲۱ (الانبیاء): ۷۱، [5] اصل: العالمین، تصحیح از روی قرآن مجید،

تصحیح میخانہ

ہندوستان میں کسی پرانی کتاب کے متن کی تصحیح میں جو دقتیں پیش آتی ہیں وہ اہل فن سے مخفی نہیں ہیں، جیسا کہ دیباچہ میخانہ میں بہ تفصیل بیان ہوا تھا میخانہ کا متن صرف دو نسخوں پر مبنی ہوا جن کا علم ہم کو تھا لیکن مختلف ساقی نامے یا عبارات جو اس میں درج ہیں ان کا تا حد امکان اور متون سے مقابلہ بھی کیا گیا، گو بعض نسخوں کے میسّر نہ آسکنے کی وجہ سے مقابلہ کا پورا حق ادا نہ ہوا، میخانہ کی اشاعت کے بعد درستی متنِ میخانہ کا خیال ہم کو بانکی پور لے گیا، اور اس عظیم الشان کتابخانہ کی مدد سے بعض ساقی ناموں کے متون کا مقابلہ ان شعرا کے کلیات اور دواوین وغیرہ کے نسخوں سے کیا گیا۔ اس کے علاوہ ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کی ایک بیاض بہتمین سوسائٹی مذکورہ کی عنایت سے ہم کو مستعار ملی۔ اس میں متعدد ساقی نامے دیئے ہیں۔ انڈیا آفس سے بھی بعض روٹوگراف حاصل ہوئے، ان تمام صورتوں میں مقابلہ متون سے بعض نتائج حاصل ہوئے جو اب پیش کیے جاتے ہیں۔ ایشیاٹک سوسائٹی کی بیاض کا نمبر ۹۲۵ ہے اور آیوناف کی فہرست کے صفحہ ۴۳۰ پر اس کا مفصل حال دیا ہے۔ اس بیاض کو مختلف وقتوں میں لکھا گیا۔ مختلف صفحات پر ۱۰۲۲ھ سے ۱۰۸۱ھ تک مختلف سنین میں تحریر ہو گئے، اور بعض حصے تو ۱۱۰۸ کے بھی بعد میں لکھے گئے،

ساقی نامہ پرتوی (میخانہ ص ۱۱۲)

یہ ساقی نامہ کلکتہ اور بانکی پور دونوں جگہ میں موجود ہے۔ کلکتہ والے متن کو اختصار کے

لیے کپ لکھا گیا ہے۔ اس میں متعدد اشعار جو میخانہ میں دیئے ہیں درج نہیں ہیں۔ بانکی پور کی جس بیاض میں یہ متن موجود ہے اس کا نمبر ۱۱۰۰ ہے۔ بیاض پر تاریخ کتابت درج نہیں مگر مختلف حصّے مختلف خطوں میں ہیں، اور بظاہر مختلف وقتوں میں لکھے گئے، اختصار کے لیے بانکی پور والے متن کو حرف بپ سے ظاہر کیا گیا ہے۔

ص ۱۱۲/س ۱۰: بپ: کار افتدش

س ۱۲: اس شعر کے بعد بپ میں دو اور کپ میں ۴ شعر اور ہیں جو میخانہ میں نہیں ہیں۔

س ۱۳: بپ میں اس شعر کے بعد متعدد شعر ہیں جو میخانہ میں نہیں ہیں۔

س ۱۴: کپ: کند (بجای شدہ)

س ۱۵: بپ کپ: روزگار (بجای خاکدان)

س ۱۶: و آلودہ کی بجای آلودہ پڑھو — س ۱۷: فقط بپ: جل است (بجای جہلند)

س ۱۹: بپ کپ: مردکان (بجای مردہا)

ص ۱۱۳/س ۱: بپ میں یہاں چند اور بیت ہیں جو میخانہ میں نہیں ہیں — کپ میں س ۱ کی بجای ایک اور بیت ہے۔ اور س ۲ نہیں ہے۔

س ۵ بپ: فرومانده حالند (بجای فروماندگانند) — س ۱۰: بپ ننگ ریا، کپ: نہ ہر نیک و بد (بجای زنگ ریا) — س ۱۲: اس کے بعد کپ میں ہے ؎

در انجا کہ میدان دل تنگ نیست ٭ بہم کفر و اسلام را جنگ نیست — س ۱۷: بپ کپ: نیابی (بجای نماند)

ص ۱۱۴/س ۴: طاوسی و زیب و فر (بجای طاوس با زیب و فر) کپ میں یہ بیت نہیں ہے — س ۹: کپ: بزم آرامگاہ (بجای داگہ بزنگاہ) — س ۱۰: بپ میں نہیں ہے۔ اس کے بعد کپ میں ایک زاید بیت ہے — س ۱۲: حاشیہ میں جو شعر انیس سے نقل ہوا ہے وہ بپ اور کپ میں بھی نہیں ہے۔

س ۱۳: کپؔ مثل متن، بپؔ: من (بجای می)۔—— س ۱۶: کپؔ و بپؔ: بجای (بجای
تابی)۔—— س ۱۸: کپؔ و بپؔ میں حذف۔—— س ۲۰: بپؔ و کپؔ: دران (بجای درین)

ص ۱۵ | س ۱: بپؔ کپؔ: شرابی (بجای نه آبی) اور یہی درست معلوم ہوتا ہے۔—— س ۷:
کپؔ: اگر آن (بجای اگر زان)، بپؔ: کر آن —— فقط بپؔ: شرار (بجای بخار)۔—— س ۸:
بپدو (بجای بر)، کپؔ میں یہ شعر یوں ہے:

دکر چرخ بوبی بود زین شراب دود مست از خود فرو جون حباب

س ۹: کپؔ میں نہیں ہے۔—— س ۱۱: بپؔ

دکر چرخ بوبی بهد زین شراب محیطست بر نه فلک آن حباب

کپؔ: بخورشید از این سما تا سمک بخاری ازین می بود نه فلک

حبابی که یابی بروی شراب محیطست بر نه فلک آفتاب

—— س ۱۲: اس کے بعد بپؔ میں دو زاید شعر ہیں، مگر کپؔ مثل متن۔—— س ۱۳:
بپؔ: برم بسر کرم (بجای برم بحر کرم)، کپؔ: نشا بزم کرم۔—— س ۱۴: بپؔ کپؔ:
مظلم.... مونسم۔—— س ۱۶: فقط کپؔ: نیروی (بجای تیزاب)۔—— س ۱۷ تا ۲۰:
کپؔ میں حذف، بپؔ: بافسوں می کرنتم (بجای باکسیر می گرمسم)۔ بگیرم عیاری
(بجای عیاری بگیرم)۔—— وگر پاک (بجای اگر پاک)

ص ۱۶ | س ۱: طهور پڑھو —— س ۳: بپؔ میں اس کے بعد ترتیب یوں ہے:
س ۱۵، س ۱۶، س ۴، س ۵، کپؔ کی ترتیب یوں ہے: ۱۵، ۱۸، ۴،
۵۔—— س ۵: بپؔ فقط بده (مده؛ بجای مده)۔—— س ۸: کپؔ: روز است
—— س ۱۰: بپؔ: کاسه ات (بجای کاسه در)۔—— س ۱۱: بپؔ کپؔ: پاس
(بجای ای دل)۔—— س ۱۲: بپؔ فقط: گردوں (بجای این چرخ)۔—— س ۱۴:
بپؔ: دردم، کپؔ: هردم —— بپؔ: ساغرت عاقبت (بجای عاقبت کاسه ات)

کپ: عاقبت ساخت'۔۔۔س ۱۵ :کپّ مصراع اوّل مثل متن' مصراع ثانی میں تاک بجای پاک' بپّ میں مصراع اول میں پاک کو چھیل کر تاک بنایا ہے۔

ص ۱۱۷س ۱: بپّ: یار ندو بس' کپّ :یارند بس'۔۔۔س ۲: بپّ کپّ: امروز و فردا' صفحہ ۱۱۷'۱۱۸ کے متعدد اشعار کپّ میں نہیں ہیں)۔۔۔س ۹' بپّ :کشتم (بجای کنم) ۔۔۔س ۱۰: بپّ: حکم (بجای ہم چو)۔۔۔س ۱۳: کپّ فقط :تنگ پای (بجای تہ پای) ۔۔۔س ۱۵: بپّ: وند ہزار (بجای وزہ ہزار)۔۔۔س ۱۶: بپّ کپّ :بدہ (بجای بیا)۔۔۔س ۱۷: بپّ فقط: رشک (ہیچو)۔۔۔س ۱۸: اس مقام پر بپّ اور کپّ میں چند شعر زاید ہیں۔۔۔س ۱۹: کپّ میں نہیں ہے بپّ میں مایہ (بجای سود و)

ص ۱۱۸'س ۵: مصراع اول کپّ میں مثل متن' بپّ: بہ ایم 'مصراع ثانی: کپّ: کنم عرش را در تہ پا چو فرش' بپّ: کشتم الخ۔۔۔س ۷: بپّ کپّ: یک رنگیم'۔۔۔ س ۸: یہ بیت کپّ میں نہیں ہے' بپّ: نشان دادن از الخ۔۔۔س ۱۰' کپّ میں نہیں' بپّ: روشنست'۔۔۔س ۱۴: کپّ میں نہیں ہے' بپّ: بدریاے ہیچون حباب۔۔۔آن دُرِ کس میاب'۔۔۔س ۱۶: اس کے بعد بپّ میں دو زاید شعر۔۔۔ س ۱۷: بپّ فقط: عشرت سرشت'۔۔۔س ۲۰: کپّ و بپّ میں حذف'

ص ۱۱۹س ۱: گبر پڑھو' بپّ: سجدہ (بجای طاعت)' کپّ میں یہ شعر نہیں ہے۔۔۔ س ۳: بپّ فقط: بیا ساقی (بجای بیک ساغر)۔۔۔س ۵: کپّ فقط ایم (بجای ام)' بپّ: شہر (بجای یار)۔۔۔س ۷: کپّ بپّ مثل انیس۔۔۔ ہیں۔: بپّ کپّ: ایشان (بجای اوکس)۔۔۔س ۸' ۹: بپّ و کپّ میں پہلے س ۹ پھر س ۸ ۔۔۔س ۱۱: فقط بپّ میں خود (بجای خم)۔۔۔س ۱۲: کپّ بپّ: آن (بجای این)۔۔۔س ۱۳: بپّ کپّ: غم (بجای می)۔۔۔س ۱۴: کپّ فقط: ازان (بجای بران)۔۔۔س ۱۵ بعد کپّ میں ان میں سے متعدد شعر نہیں ہیں' بپّ میں س ۱۵

کے بعد ایک شعر زاید — س ۱۶ : بپ : بدخشانیم (مثل اُمیؔ) — س ۲۰ : کپ میں نہیں ہے۔ بپ : در خاک امانم نماند — کہ بہ خشک راند۔

ص ۱۲۰ س ۱ : یہ شعر کپ بپ میں نہیں ہے — س ۲ : بپ : دلم کی ہراساں شود (کپ میں شعر حذف) — س ۵ : بپ : شود (بجای شوم)، کپ میں شعر حذف — س ۶ : دوسرے مصرعے میں محیط بناؤ (بجائے بسیط) — س ۷ : کپ : سازم (بجائے بالم)، بپ : یابم نہ خود دور عالم قدم — س ۸ : بپ : برق دگر — وجود و عدم (کپ میں شعر حذف) — س ۹ : بپ : نیاید (بجای بیابد) — اس کے بعد کپ میں ہے:

— یکی بین شو و یک دل و دیدہ پاک — بہ چشم دو بیناں در آ ہمچو خاک

(غالباً یہی شعر بپ میں بھی ہے، مقابلہ کے وقت شعر لکھا نہیں گیا، صرف ’ایک زاید شعر‘ کا نوٹ رکھا گیا تھا)

— س ۱۱ : کپ بپ : بر توحید پی (بجای بہ تو توحید دگی)

— س ۱۲ : بپ فقط : در غیر بر دیدہ دوزد — اس کے بعد فقط بپ میں ایک زاید بیت — س ۱۶ : کپ بپ مثل متن — مصراع ثانی : مجدد بطرح دگر کن بنا — س ۱۷ : کپ میں نہیں، بپ : مہل بی نم بادہ الخ اس کے بعد جو شعر اُنیؔ سے حاشیہ میں درج ہوا ہے وہ بپ اور کپ میں بھی ہے۔

ص ۱۲۱ س ۱ : کپ بپ : طوبی (بجای خوبی)، واٰیۂ (بجای مایۂ) مایۂ (بجای سایۂ) — س ۲ : بپ کپ : کاخش (بجای جاںبش) — س ۴ : کپ میں حذف، پہ (بجای تر) اور یہی درست معلوم ہوتا ہے۔ — س ۷ : کپ میں متعدد شعر اس مقام کے نہیں ہیں، بپ : با جان (بجای بہ جان) — در گلستان کند — س ۹ : بپ : مشکل

---

[1] بمعنی مراد و مطلوب۔

(بجای در دل)، کپ میں بیت حذف، ـــــ س ۱۱: کپ و بپ: جل سوز ـــــ
س ۱۲: بپ: بادۂ (بجای دل گز)، کپ میں یہ بیت نہیں ہے ـــــ س ۱۴: لبم پڑھو
(بجای ببم) ـــــ س ۱۵: اس کے بعد بپ اور کپ میں ہے:

دگر حرف مستانہ بالا گرفت بگفتار مستان نباید شگفت

ـــــ س ۱۷: کپ میں یہ بیت نہیں ہے، بپ: اہل طرب (بجای ہر بی ادب)
بہ بیہوشی مرگ ـــــ س ۱۹: فقط بپ: از کائنات۔

ص ۱۲۲ س ۳: بپ فقط: دہد (بجای کند) ـــــ س ۴: کپ مثل متن، بپ: خورد خوش
از دل پر خراش، اس کے بعد کپ اور بپ میں دو شعر زاید ـــــ س ۶: کپ
اہل باز، بپ: چند باز، کپ مثل متن، بپ: بگوشم زدن الخ ـــــ س ۷: اس کے بعد
کپ اور بپ میں تین زاید شعر، جن میں سے ایک انیس سے حاشیہ میں نقل ہوا
ہے (گرم حزین کی بجای جرس ہے) ـــــ س ۹: کپ بپ: بہم امید آسایش است
(متن مطبوعہ اس سے بہتر ہے)، اس کے بعد صرف بپ میں ایک زاید شعر ـــــ
س ۱۲: بپ کپ: تات خاکست ازین دانہ بر ـــــ س ۱۷: کپ بپ: چہ رعنا قد ان کرد
(بپ فقط: کردہ) ـــــ کہ گردن (بجای نہ گردن) ـــــ س ۱۸: کپ بپ: کہ از
تخت و بخت (کپ فقط بزنجیر بجای بزندان) ـــــ س ۱۸: کپ بپ: لقمہ (بجای جملہ)
اس کے بعد کپ اور بپ میں ہے ـــ

بود تا کی این لقمہ ہا در گلو گرہ بادش این لقمہا در گلو

ص ۱۲۳ س ۱: بپ فقط: بدہ ساقی، ـــــ س ۳: بپ میں ایک شعر زاید، ـــــ
س ۴: بپ: اگر بحر اعظم کشد دردکش، کپ میں یہ شعر نہیں ہے ـــــ س ۵:
کپ بپ: دران بزم ـــــ س ۶: کپ لفظ ؛ بدہ ساقی بزم خاص جہان ـــــ س ۹: کپ
بپ: بیرین (بجای سرمدین) ـــــ س ۱۳: کپ بپ: سقف (بجای بام)، اس کے بعد

بپ اور کپ میں ایک بیت زاید — س ۱۵: کپ میں یہ بیت نہیں ہے، بپ: بود کار (بجای کند چار) — س ۱۶: بپ: نہ آمد شد ..... سپہر ثوابت بجوش ' کپ میں یہ بیت نہیں ہے' — س ۱۷: کپ مثل متن' بپ: زیر زمین — دریکہ آستین: — بخاک' آ میں یہ شعر بھی نشان شک کے ساتھ درج ہوا ہے' — س ۱۹: کپ: ازو نسبت او' بپ: نسبت او بخاک' — کپ: کہ پیدا شود رتبت از خاک' بپ: کہ ظاہر شود رغبت (رتبت؟) خاک — س ۲۰: بپ: نمانند' کپ: بمانند' —
ص ۱۲۴ س ۱: بپ فقط: نوع بشر — اس کے بعد بپ میں ایک شعر زاید مگر کپ میں وہ شعر نہیں ہے' — س ۲: بپ کپ: سدرہ (بجای بندہ) اور یہی درست ہے' بپ کپ: اعظم بیک (بجای کرسی بہرا) — س ۴: بپ: سعادت (بجای دو عالم) کپ مثل متن — س ۵: بپ میں نہیں ہے' کپ: بہین (بجای بنی) — کپ: بعالی مقامات — س ۶: کپ: بہ بیت الحرام و مناجات او — س ۷: کپ فقط: کہ خاک درش (بجای کہ بوی خوشش) — س ۸: بپ فقط: این بارگاہ' اس کے بعد کپ میں ہے:

مجنت سرائی کہ صد حور وش   بیک سو زہر سوست جاروب کش

بپ میں پہلا مصراع یوں ہے: بجنت در اش الخ — اس شعر پر بپ میں اقتباس ساقی نامہ پرتوی ختم ہؤا' — س ۹: کپ خاک (بجای خال) اور یہی درست ہے — س ۱۰ کے بعد کپ میں دو شعر زاید — س ۱۱: کپ: زمان (بجای جہان) — س ۱۳: کپ: عرشہ پاک تاک — خوشہ چینان خاک — س ۱۷: کپ میں نہیں ہے' — س ۲۰: کپ: سوزہ و نیازہ
ص ۱۲۵ س ۱: کپ: بمرغولہ مویان (بجای بمرغول خوبان) — س ۲: یادتار و (بجای ببنجار) — س ۳: کپ میں نہیں ہے' — س ۵: کپ نغمہ سرا (بجای پردہ سرا)

—س ۸: کپ: مثل ما—س ۹: یہ شعر کپ میں بھی درست درج نہیں ہے۔ مصراع ثانی وہاں یوں ہے: بہ دہر صباح افتاب خاک او—س ۱۱: کپ: ہر راست بین۔ کند راست درکار الخ—س ۱۳: کپ: دیدہ را داغ دار—س ۱۵: کپ: صدرہ (بجاے سدرہ)—س ۱۷: اس کے بعد کپ میں دو زاید شعر—س ۱۹: کپ: آتشین پردہ (بجای آتش بادہ)—س ۲۰: کپ: علی (بجاے تبی)

ص ۱۲۶ س ۱: ان اشعار کی ترتیب کپ میں یوں ہے: س ۲، ۱، ۴، ۵، س ۶، س ۳—س ۴: کپ: ازان پنج (بجای ازین پنج)—س ۵: کپ: کہ بت خانۂ—ازین پنج (نسخۂ مطبوعہ درست ہے)

ساقی نامہ میرزا شرف جہان (میخانہ ص ۱۳۴)

دیوان شرف کا ایک عمدہ نسخہ بانکی پور کے کتاب خانہ میں ہے؛ دیکھو فہرست ج ۲ عدد ۲۳۸، "تاریخ کتابت اس پر درج نہیں، صاحب فہرست کے خیال میں وہ "بظاہر سترہویں صدی میں لکھا گیا"

اس نسخہ کا نام میں نے اختصار کے خیال سے جَ رکھا ہے، ساقی نامہ شرف کے مقابلہ سے معلوم ہوا کہ مطبوعہ متن بہت حد تک جَ کے مطابق ہے اور یہ کہ صاحب میخانہ نے بہت کم شعر اصل ساقی نامہ کے حذف کیے ہیں، ذیل میں نتائج مقابلہ بہ تفصیل درج ہیں:

ص ۱۳۴ س ۱۹: جَ مطابق نفائس،

ص ۱۳۵ س ۲: جَ مطابق نفائس—س ۳: تاگفتند—س ۶: جَ مثل ما—س ۹:

ج مثل نفائس ــــ س ۱۵: نمی بینہ اکنون ازیشاں الخ ــــ س ۱۹: ندارم (بجای ندارد)
ــــ س ۲۰: دگر راست الخ

ص ۱۳۶ س ۱۷: درو (بجای بدو)

ص ۱۳۷ س ۶: مستی بری (بجای پستی بری)، مگر آ میں مستی کو چھیل کر پستی میں بدلا گیا ہے
ــــ س ۲۰: عکس نور (بجای محض نور)

ص ۱۳۸ س ۵: آراستم .... خواستم ــــ س ۱۲: ج مثل شپ و نفائس ــــ
س ۱۶: ج مثل آتشکدہ و نفائس ــــ س ۱۶: ج: بیا ساقی آن بکر پر شور را۔ بیا ساقی
آن مست منشور را ــــ س ۱۷: ج: کوز پشت جہان (بجای پشت کوز جہان)، حاشیہ
۱۱؎ میں جو شعر درج ہے وہ ج میں بھی ہے ــــ س ۱۸: ج: دویست (بجای دویست)
ــــ س ۱۹: ج مثل شپ و نفائس

ص ۱۳۹ س ۱: ج: خوابی (بجای خواب) ــــ س ۲: اس کے بعد ج میں ہے ؎

همه روز ازان گردد این چرخ خم   کہ ما را کند روزی از عمر کم

اس کے بعد ترتیب اشعار یوں ہے: س ۵ و ۳ و ۴ ــــ س ۳ و ۴ ج مثل
شپ ــــ س ۵: ج: وز زمانہ (بجای و زمانہ)، مصراع ثانی مثل شپ ــــ
س ۶: ج: نہ ایا (بجای نوائی) ــــ س ۸: اس کے بعد جو شعر شپ میں دیا ہے وہ
ج میں بھی ہے مگر دوسرا مصراع یوں ہے: خدیو فلک شاہ خورشید را دی) (اور یہی
درست ہے) ــــ س ۱۴ تا ۱۷: ج میں س ۱۴ و ۱۶ کے بعد ایک ایک شعر زاید
دیا ہے اور س ۱۷ نہیں دی

ص ۱۴۰ س ۳: ج: بحر (بجای کون)، مثل شپ ــــ س ۴: اس کے بعد ج میں ایک
شعر زاید ــــ س ۵: ج مثل شپ ــــ س ۶: ج: سرشتہ و عدل و زجودت وجود
زہی صورت و معنی عدل و جود ــــ س ۷: ج: آفتاب (بجای از طناب) اور یہی

درست ہے۔ آ میں یہ شعر علامت شک کے ساتھ درج ہے' ــــس ۸ ج میں اس کے بعد ایک زاید شعرــــس ۹ ج : تشنیر (بجای تقریر) اور یہی درست ہے اور غالباً شپ میں بھی یہی لفظ مسخ ہوا ہے'ــــس ۱۱ ج : سخن (بجای کہن)' اس کے بعد ج میں دو زاید شعر'ــــس ۱۳ : ج : کمین (بجای کہن)' بارگاہ (بجای بادشاہ)ــــتو (بجای او)ــــس ۱۴ : ج : حالم (مثل شپ)ــــس ۱۶ : ج : بندۂ (بجای بندہ صد)ــــــــ دوسرے مصراع کے آخر میں علامت استفہام لکھو'

ساقی نامہ وحشی (میخانہ ص ۱۵۵)

بانکی پور میں کلیات وحشی کا ایک عمدہ نسخہ ہے اس میں ساقی نامہ بھی ہے[1]۔ متن مطبوعہ کا مقابلہ اس سے کیا گیا۔ دونوں میں بہت سی مطابقت ہے' اس نسخہ اور آ کا تعلق قریبی ہے' بہت سے مواضع اختلاف ایسے ہیں کہ ان میں آ میں پہلے کچھ اور لکھا تھا' جو بظاہر مطابق وَ کے تھا' پھر اس کو چھیل کر کچھ اور بنایا ہے' ذیل کے اختلافات قابل ذکر معلوم ہوئے (اختصار کے لیے بانکی پور والے نسخہ کو ہم علامت وَ سے ظاہر کریں گے)

ص ۱۵۵ س ۴ : وَ : زرکاست (بجای زرکانست)ــــس ۵' خورشید وکم وبیش حرارت ــــ فزاست و فزودست'ــــس ۹' وَ بدر آیم (یعنی آییم) اور یہی درست ہے' آ میں بھی یہی تھا مگر مطبوعہ متن میں غلط درج ہوا'ــــ وَ : عدم سود وجود ست (یہی درست ہے)ــــس ۱۲' وَ : بنوائی (غالباً تصحیف بنوائی) رہ ما....ما جاہ دانیم الخ ــــس ۱۴' وَ : بے حوصلہ نغمہ ــــس ۱۵' وَ : آن نغمہ

---

[1] دیکھو فہرست بانکی پور ج ۲ صہ ۴۵' یہ نسخہ ۱۰۵۰ھ میں لکھا گیا (وحشی ۹۹۱ھ میں فوت ہوا)

ص ۱۴ ۱۵ س ۵: وَ: جیب (بجای جیلت) اور یہی درست ہے۔۔۔۔س ۷: وَ: بکاکش
۔۔۔س ۷: وَ: صور۔۔۔س ۸: وَ: نفیدہ۔۔۔س ۹: وَ: ازمست وزمستوز ۔۔۔
س ۱۵: وَ: کام (متن وَ کر مطبوعہ متن میں گام ہونا چاہیئے ۔۔۔س ۱۶: وَ: راہ بسویش (بجای روح بپرواز؛ گر مطبوعہ متن بہتر ہے)۔۔۔س ۱۷: وَ: یہ حال (یہی درست معلوم ہوتا ہے)

ص ۷ ۱۵ س ۱۲: وَ: کہ بغلط نشناسند،۔۔۔س ۱۳: وَ: مجست (بجای دیدست) وَ میں غالباً پہلے مجست لکھا تھا، اس کو چھیل کر دیدست بنایا ہے

ص ۸ ۱۵ س ۱: وَ: فراغست (بجاے فراغت)۔۔۔س ۴ کے بعد ذیل کا شعر وَ اور تَ دونوں میں ہے مگر بجنسہ مطبوعہ متن میں درج نہیں ہوا: غلطیدہ چو ما پیش بتے مست بہ پیے۔ ہر گوشہ ہزاران و ینالودہ دلان را

س ۸: وَ: بر کرم (بجائی درکرم)۔۔۔س ۱۰: وَ: صلیب است و نمودار بجای خیالیست نمودار؛ وَ میں خیالیست کی بجای پہلے کچھ اور لکھا تھا، پھر اس کو چھیل کر یہ لفظ بنایا ہے، عجب نہیں کہ پہلے صلیب است ہی لکھا ہو۔۔۔س ۱۳: گو بادہ چاہیئے
س ۱۷: ازپے تعظیم۔۔۔تسبیح، بتش بجائے تسبیح ملک، وَ میں پہلے "تسبیح پیش" لکھ کر "پیش" کو کاٹ دیا ہے اور اوپر ملک بنایا ہے۔۔۔س ۱۰: وَ متن
۔۔۔س ۱۹: وَ: صدق و مجت، اس بیت کے بعد وَ میں ایک شعر ہے جو تَ میں نہیں ہے معلوم کہ بر دل چہ در لطف کشاید آن عشق کہ بر خویش بہ مسمار ببندم

ص ۱۵۹ س ۱: وَ: کہ .... گوش (یعنی ان دونوں لفظوں کے درمیان بیاض ہے)
۔۔۔س ۵: اس کے بعد وَ میں ہے:

برتن درمش خرقر سالوس اتران (کذا ناقصا)

آرم بدر صومعہ صد حلقہ زنار

۔۔۔س ۶: وَ: بیت الصنم (کذا)، ہست، وَ میں یہاں بھی پہلے کچھ اور لکھ کر

اس کو چھیلا ہے اور اس کی جگہ واو بنایا ہے'۔۔۔۔س ۷: ق: بجز (بجاے مگر)۔۔۔۔
س ۸: ق: ہمان بجائے ہمہ' ق میں ہمان کو یوں لکھا ہے: ہمان یعنی ن کو کاٹ دیا
ہے۔۔۔۔س ۱۲: می نشنیدم (بجای بی نشنیدم)۔۔۔۔س ۱۷' نه سر حلقه (بجای د
سر حلقه) اور غالباً یہی درست ہے'

ص ۱۶۰ س ۷: ق: گیر (بجای گردد) یہ لفظ بہتر معلوم ہوتا ہے۔۔۔۔نه بیست (بجای بود)۔۔۔۔
س ۱۰: ق: نه از اہل زمانه۔۔۔۔کو مطرب و سازی که بگویم به ترانه (اور یہی درست ہے'
ق میں ہے: کو مطرب سازی که بگویم بترانه)۔۔۔۔س ۱۱: ق: از تازه کنم ساز (بجای
از باده بسازم)۔۔۔۔س ۱۲ ق: و نه دانه (بجای نه دانه)۔۔۔۔س ۱۳: ق: جهان (بجای
زمان)۔۔۔۔س ۱۴: پسند لکھو'

ص ۱۶۱ س ۵: گو چاہیے (بجای گو)۔۔۔۔س ۹: یہ شعر ق میں نہیں ہے'۔۔۔۔س ۱۱: ق: موزی
وچه سوز بیست که در عقد کس آمد' مگر مطبوعہ متن درست ہے۔۔۔۔س ۱۹: ق: بصفاتست
(بجای بصفایت) که کرد است چو الخ

ص ۱۶۴ س ۱: ق: فکر کنی راه۔۔۔۔س ۲: اس کے بعد ق میں یہ بیت ہے:

کو میر شبش گیر و بزن سخت و بر زخت　　　مستی که شبانست ازان جا بدر آید

ذکر... خواجہ حسین ثنائی (میخانہ ص ۱۶۲)

حواشی ص ۱۰۱ پر لکھا گیا تھا کہ ملا عبد النبی نے ثنائی کے بعض حالات دیباچہ
دیوان ثنائی سے لیے ہیں، بانکی پور میں ایک نسخہ دیوان[1] ثنائی کا ہے جس سے اس خیال

---

[1] اس نسخہ کا نمبر ۸۸۴ ہے دیکھو فہرست بانکی پور ج ۲ ص ۱۸۶، نسخہ پر تاریخ درج نہیں بظاہر ستر ھویں صدی کی تحریر ہے

کی تصدیق ہوتی ہے۔ سوء اتفاق سے بانکی پور والے نسخہ کے دیباچہ کے چند اوراق ضائع ہوگئے ہیں، متن کے ص ۱۶۲ و ۱۶۳ س ۱۲ تک کا مواد اس نسخہ میں نہیں ہے، مگر سفینۂ خوشگو میں موجود ہے۔ مواد جو نسخہ بانکی پور میں ہے اس کا مقابلہ متن سے کرنے پر معلوم ہوتا ہے کہ اصل کی طول طویل عبارت کے مطالب کو مُلّا عبدالنبی نے مختصر الفاظ میں ادا کیا ہے بعض فوائد اس دیباچہ سے لے کر ہم درج ذیل کرتے ہیں۔

ص ۱۶۳ س ۱۴: بحکومت مشہد مقدس مفتخر گردانید، دیباچہ دیوان میں ہے: ایالت و دارائی مشہد مقدسہ...... با توابع و لواحق و مضافات و منسوبات از دیوان اعلیٰ بشاہزادہ ...... مفوض شد،

س ۱۸ بعد: ساقی نامہ خود را الخ دیباچہ دیوان میں ہے: ساقی نامہ...... برسم رہ آورد حضرت شاہزادگی گذرانیدہ بزیور قبول حضرتش مزین و محلی گردیدہ چنین بخاطر فاتر رسید کہ تقریبات قصاید و غزل و رباعی و قطعہ و مثنوی را از روی واقعہ بہر تاریخی کہ منظوم شدہ در مقدمات آن مسطور سازد تا معلوم ہمگنان شود کہ باعث کدام چہ بودہ و کہ بودہ و تاریخ نیز ظاہر گردد و از جملہ سبب[1] انشاء این قصیدہ کہ بعد ازین مرقوم خواہد شد آنست کہ بتاریخ ۹۹۹ھ[2] کہ آوازۂ ظلم و عدوان قزاق خان و گروہ بے شکوہ تکلو کہ بباد غرور و پندار کہ بکاخ دماغ ایشان بالا رفتہ بود اظہار عصیان و طغیان نمودہ دم استقلال مے زدند بسمع اقدس اعلیٰ رسید، بے تحاشا از حواشی یک جہتان جمعی نامدار را بسرداری حضرت سیادت...... پناہ وکالت و حشمت دستگاہی معصوم بیگ صفوی

---

[1] بجز اس واقعہ کے اور کسی نظم کا "شان نزول" ثنائی نے دیباچہ میں دیا ہے نہ دیوان میں کہیں اور شاید وہ اپنا ارادہ پورا نہ کر سکا یا دیوان نقل کرنے والوں نے ان عبارات کو غیر ضروری سمجھ کر حذف کر دیا۔ بہر حال یہ تقریبات کسی نسخہ میں نظر نہیں آئیں [2] یہ تاریخ غلط ہے

(را) بدفع و رفع و استیصال بنیان اعمار آن فئهٔ باغیه مامور فرمود و در حین نهضت عساکر..... بصوب طاغیان (بر) باغی در جلکۂ نیشا پور نزولِ اجلال نمودند و شاہزادہ عالم ...... ابوالفتح سلطان ابراہیم میرزا تغمد اللہ بغفرانہ...... بجہت کنکاج و بعضے امور بتما سرداری کل لشکر و عزل و نصب ہرکس از امرار سرحد کہ از درگاہ جہان پناہ برای درایت آن شاہزادہ منوط و مرتبط فرمودہ بودند بدان منزل شریف تقدم ارزانی داشتند مجلس عالی منعقد شدہ بعد از فراغ آن را (کذا) دران اثنا سخنان بعضے از شعراے فضلای بلاغت انتما درمیان آمد و داعی را بہ تتبع این قصیدہ کہ مطلع او انیست مولانا لسانی سہ می رسم از گرد راہ الخ

(و) در نظر ایشان سہل الممتنع مے نمودہ التزام نمودند و حضرت شاہزادگی خداوندی چون حالات کمینہ بنظر ایشان واضح و ہویدا بود بانشاء آن امر فرمودند بندہ مطیع حسب الحکم مطاع لازم الاتباع رہ، تتبع پرداختہ و باندک فرصتے مرتب ساختہ بسمع شریف ہمگنان رسانیدہ شد و مقرون باستحسان گردیدہ حضرت شاہزادگی بزبان الہام بیان منصب ہمزبانی مجلس خاص شفقت فرمودہ روز بروز عنایات بے نہایات ایشان نسبت باین کمینہ متضاعف و متزاید می شد بمرتبہ کہ میان عالیان اظہر من الشمس است بنا بران در تفصیل اجمال شروع نمے رود و بہ تقریبات قصاید و غزلیات و رباعیات و مقطعات چہ بطریق التزام و چہ از روی اختراع مشتمل بہ مدایح و سوانح حالات آن مکارم صفات وغیرہ پرداختہ و در سلک نظم کشیدہ'

اس کے بعد شاعر نے رسمی طور پر امید ظاہر کی ہے کہ کوئی غلطی ہوگئی ہو تو اس کو معاف کیا جائے اور اس پر دیباچہ ختم کردیا ہے'

ملہ اصل میں مرتعط ہے،

ساقی نامہ خواجہ حسین ثنائی (میخانہ ص ۱۶۶)[1]

دیوان ثنائی کے جس نسخہ کا ذکر اوپر ہوا اس میں ساقی نامہ بھی ہے، مقابلہ سے معلوم ہوا کہ مطبوعہ متن اس سے بہتر ہے، بانکی پور والے نسخہ کا قریباً نصف آخر کسی دوسرے شخص نے بعد میں مکمل کیا ہے، دونوں حصوں کا خط ملتا ہے اور دونوں کا زمانہ بھی قریب ہی معلوم ہوتا ہے، پہلے حصے کی جدول سنہری ہے، دوسرے حصہ میں صرف سرخ و سیاہ خط ہے، میری رائے میں نصف آخر نصف اول سے کم معتبر ہے، ساقی نامہ دوسرے حصے میں ہے،

ضروری اختلافات درج ذیل ہیں، ایک آدھ شعر جو نسخہ بانکی پور میں بڑھا گھٹا دیا گیا ہے عموماً اس کو ضبط نہیں کیا گیا۔ بانکی پور والے نسخہ کو اختصار کے لیے علامت ث سے ظاہر کیا گیا ہے،

ص ۱۶۶ س ۱۴ : ثؔ : سم (بجای صنم) اور یہی درست معلوم ہوتا ہے، — س ۱۷ : ثؔ : صفایش (بجای ہوایش) — س ۱۸ : ثؔ : زہد و زاہد

ص ۱۶۷ س ۲ : اس کے بعد ثؔ میں ہے :

ہمہ رستہ از فکر سود و زیان چو ہمت بیالودہ دامن بدان

— س ۷ : ثؔ : درو چشمہ و جام و مہر سپہر — س ۱۴ : ثؔ : گفت و گو — س ۱۷ : ثؔ : درو در مصاف (بجای ز درد و ز صاف)، گر مطبوعہ متن صحیح ہے — س ۱۹ : ثؔ : آئینہ (بجای اندیشہ)

ص ۱۶۸ س ۱ : ثؔ : دلخواہ (بجائے دادخواہ) اور یہی درست ہے، آ میں بھی داد کو دو

[1] از ورق ۵۶ تا ورق ۱۲۵

بنایا ہوا ہے ــــ س ۴: تؔ میں اس بیت کے بعد س ۱۶ کو لایا ہے اور دونوں
کو یوں مخلوط کیا ہے: دگر دیده شوید ازان روی خواب ؛ ببیند وگر زان محال (کذا) حجاب
دگر سرش (شپرش پڑھو) نیز بیند بخواب ؛ شبیخون برد بر سر آفتاب

ص ۱۶۹ س ۷، تؔ: بہ گردش (بجای برصف) ــــ س ۱۹: تؔ: زمانی (بجای زبان را)
اور یہی درست معلوم ہوتا ہے تو یوں ہے: زمان را

ص ۱۷۰ س ۱۱: تؔ: رود سهم ز... دگر ــــ س ۱۹، تؔ: بارگاه (بجای عرصه گاه)
س ۲۰، تؔ: جشمت (بجای حشمت)

ص ۱۷۱ س ۵: تؔ: خشمت (مثل متن) ــــ س ۷: تؔ: در آید زبان شیشه را در سخن
(اور یہی درست ہے) ــــ س ۱۷: تؔ: ببزم، کریں

ص ۱۷۲ س ۱، تؔ: جرخ (بہرحال اوج کی اضافت محو کرو) ــــ س ۵، تؔ: از انعام
ــــ ناسپاس (مثل متن) ــــ س ۹، تؔ: میں ہر دو مصراع میں تقدیم تاخیر ہے ــــ س ۱۰
تؔ: آوارہ سازکی (آوردۂ عالمی کی بجائے تو یوں ہے: آوارہ سالمی) ــــ س ۱۳، تؔ:
طمع (مثل متن) ــــ چو ز اندیشه نان دل امتلا (یہ متن سے بہتر ہے) ــــ س ۱۸، تؔ:
بیانت..... کشند میل (یہی درست معلوم ہوتا ہے) ــــ س ۲۰، تؔ: مکرار فروش
(ظاہرا بکر از فروش جو مطبوعہ متن سے بہتر ہے)

ص ۱۷۳ س ۳، تؔ: حملہ (بجای جنگ) ــــ س ۸، تؔ: در عنان چون نظر ــــ ۱۰، تؔ:
میں یہ بیت نہیں ــــ س ۱۵، تؔ: بخواہش (بجای ز خواہش) مگر مطبوعہ متن بہتر ہے
ــــ س ۱۸، تؔ: نیکفندہ (اور یہی درست ہے)

ص ۱۷۴ س ۸، تؔ این عروس ــــ س ۱۴، تؔ: خرد (بجای خودت) ــــ برو (بجای یاد)
ــــ س ۱۷: تؔ ازین (بجای ازان)

گذشتہ صفحات میں ساقی نامہ وحشی کے متن کا مقابلہ کلیات وحشی کے نسخہ بانکی پور کے ساتھ کیا گیا تھا، اب انڈیا آفس کے نسخہ ۱۵۰۴ء (فہرست مخطوطات فارسی مولفہ ایتھے ۱۴۴۳ء) کے ورق ۹۹ بعد کا عکس حاصل کرکے جن پر وحشی کا "ترجیع ساقی نامہ" درج ہے، متن کا دوبارہ مقابلہ کیا گیا ہے، اور بعض کار آمد نتائج پیش کیے جاتے ہیں۔ نسخہ مذکورہ کلیات وحشی کا ہے، اور ۱۰۹۱ھ میں وحشی کی وفات سے پورے ایک سو سال (ہجری) کے بعد تحریر ہوا، ساقی نامہ کا عنوان اس میں "ترجیع ساقی نامہ" ہے، اس نسخہ کو اختصار کے لیے علامت (ق) سے ظاہر کیا گیا ہے۔

ص ۱۵۵ س ۴، ق: زرکانیست، مصراع ثانی مثل متن — س ۵، ق: خورشید کم د بیش حرارت، کان زر از دو سحر فرار سنت قرو دست — س ۹ ق: عدم و سود — س ۱۱ ق: ستیم (بجای مستیم) یہاں اور ٹیپ کے بیت میں باقی ہر جگہ — س ۱۲ ق: بنوائی رہ ما بیخبران زن — تا جامہ الخ — س ۱۴ ق: خنجر کن — س ۱۵ ق: آن نغمہ (بجائے این نغمہ)

ص ۱۵۶ س ۵ ق: رجیب بجای جیلت مثل و — س ۶، ق بخاکش (مثل و) — س ۷، ق مثل متن — س ۸ و ۹ ق: مثل و — س ۱۲ ف: دود (بجای شود) — س ۱۳ ق: در میخانہ (بجای می و میخانہ) — س ۱۴: از راہ پڑھو — س ۱۶، ق: پرود روح بسویش (بجای برو روح پپروانہ) — س ۱۷ ق: پر حال (مثل و)

ص ۱۵۷ س ۱۲ ق: بغلیطہ نشناسند و دگر — س ۱۳ ق: می جست (مثل و) — س ۱۴ ق: بازان کم آزار نظر بستہ میدند — س ۱۶ ق: در میکدہ (بجای می و میکدہ)

ص ۱۵۸ س ۱: ق از خود فراغت (بجای از جام فراغت) — س ۴، ق: می (د) میخوارہ دیہ ہم این را دہم آن (اور یہی درست ہے) — س ۴ کے بعد وہی شعر ہے جو و سے ص ۰۴۴ پر نقل ہوا، مگر ق میں بت بجای بتے ہے — س ۸: ق: مثل

متن)—— س ۱۰، ق : آنجا کہ صلیب است نمودار سردار—— س ۱۷ ق : دہیم) باقی بیت مثل
د)—— س ۱۹، ق : صدق و محبت (مثل د)—— اس کے بعد جو شعر د سے نقل ہوا تھا
ق میں بھی ہے)

ص ۱۵۹ س ۱، ق : خوش آید کہ دود بہ سرو بر گوش —— بہ بنیم (اسی طرح درست کر لو)
—— س ۴—۱۱، یہ بند ق میں نہیں ہے —— س ۱۲، ق میکدہ بجای مدرسہ دگر غلط
ہے)—— س ۱۴ ق : نکتہ کہ حل گشتہ ورد سحر نستہ (یعنی ہیچ نبستہ)—— س ۱۶
ق : ننوشتند—— س ۱۷ ق : زسر حلقہ (مثل د)—— س ۱۸ ق : با رطل گران
(بجای با دُرد کشان)

ص ۱۶۰ س ۲ ق : تا غیر برد (اور یہی درست ہے)—— س ۴ ق : مائیم و ہمیں (اور یہ درست
ہے)—— س ۶ ق : زانجا...... بہ مسمی س ۷، بیت مثل د مگر ازین بادہ —— س ۱۰
ق : نہ زبان شکوہ ...... بگویم ... س ۱۱ ق : خواہم سر آوازہ کنم تازہ دریں دم ٭ کارند
بہ بازار و بآواز چغانہ)—— س ۱۴ ق : و نہ دانہ)—— س ۱۵ ق : چہ کردم (بجای کہ کردم)
—— س ۱۹ ق : بشوئید (بجای بشوبید)

ص ۱۶۱ س ۱ و ۲ : ق میں ان ابیات میں تقدیم و تاخیر ہے —— س ۵ ق : باز کنم چشم
و بہ بنیم)—— س ۹ ق میں مثل متن —— س ۱۰ ق : خاکی بکف آرم مگر از جای خم او
—— س ۱۱ در ق مثل متن)—— س ۱۷ ق : می ساقی (بجای می و ساقی)—— س ۱۹
ق : بسفا بست ، لطفیست کہ کردست چو در جام نہ در آید (یہ ق اور د سے بہتر ہے)

ص ۱۶۲ س ۲ کے بعد جو بیت د سے نقل ہوا تھا ق میں اس سے بہتر ہے ، اس طرح : گو
میر شبش گیرد بزن سخت و ببر رخت ، مستی کہ شبانگاہ از انجا بدر آید)

ساقی نامہ نوعی (میخانہ ص ۲۰۲)

نوعی کے مشہور ساقی نامہ کا مقابلہ طباعت میخانہ کے وقت بجز میخانہ کے دونسخوں اور

سفینۂ خوشگو کے اور کسی نسخہ سے نہ ہوسکا، لیکن تکمیل طباعت کے بعد دیوان نوعی کے دو نسخوں اور کلکتہ والے جنگ میں ساقی نامہ کا متن مل گیا، اور ان سے مقابلہ کرکے نتائج پیش کیے جاتے ہیں، دیوان کے ان دو نسخوں میں سے ایک تو بانکی پور میں ہے اور فہرست مخطوطات بانکی پور (ج ۲ ص ۱۰) میں اس کا نمبر ۲۷۲ ہے، یہ نسخہ ۱۱۹۱ھ میں تحریر ہوا (نوعی بقول صاحب میخانہ ۱۰۱۹ھ میں فوت ہوا) دیوان کا دوسرا نسخہ جس کا ذکر ہوا کتابخانہ انڈیا آفس میں ہے، اس کتابخانے میں اس نسخہ کا نمبر ۲۷۵۱ ہے (دیکھو فہرست ایتھے ص ۱۴۸۵) اس دیوان کے ص ۹۸ ب بعد پر ساقی نامہ دیا ہے، سوء اتفاق سے اس نسخہ میں تاریخ کتابت درج نہیں ہے، اس لیے اس کا زمانہ متعین نہیں کیا جاسکتا، ہم میخانہ کے ص ۲۸۲ (حاشیہ ۱) پر لکھ چکے ہیں کہ صاحب میخانہ نے ساقی نامہ نوعی کے فقط ۲۶۹ بیت دیئے ہیں، نسخہ بانکی پور میں ان ابیات کی تعداد ۳۳۷ ہے، انڈیا آفس کے نسخہ میں ۳۳۳، کلکتہ والے جنگ کے ابیات کی تعداد ضبط نہیں ہوسکی، لیکن ابیات کی کمی بیشی کا ذکر حسب موقع ہم نے کردیا ہے،

علامات: نسخہ انڈیا آفس کو ہم نے آن سے ظاہر کیا ہے، کلکتہ کے نسخہ کو کن سے اور بانکی پور کے نسخہ کو بن سے،

ص ۲۰۲ س ۱۷، صرف آن میں: ننگ (بجای رنگ) —— س ۱۸: آن مثل متن —— کن: شیشۂ می،

ص ۲۰۳ س ۱: صرف آن میں: جہان (بجای مستان) —— س ۲: کن میں نہیں ہے —— س ۳: آن کن: کل کردہ (بجای خور کردہ) اصل[1] میں کل کردہ لکھ کر بغیر کل کو کاٹنے کے اس کے ایک طرف خور لکھ دیا ہے، —— س ۴: آن و بن: افشاگر رہی درست

---

[1] اصل سے مراد میخانہ کا وہ نسخہ ہے جو میرے پاس ہے،

ہے، کٓ: مثل متن۔ــــس ۶ : مصراع اول میں نکہت بنا لو۔ــــ نٓ، اٰنٓ، کٓ: زمد لحن (بجای ز الحان)۔ــــس ۷ : تٓ، اٰنٓ، کٓ : لفس (بجای قفس)، کٓ: مجلست، رٓ و اٰنٓ مثل متن)۔ــــس ۹ : کٓ: کہ از پردہ (بجای چو از پردہ)۔ــــس ۱۰ ہر سہ نسخ : مبدع، اصل میں کسی لفظ کو مٹا کر متبع بنایا ہے، پہلے غالباً مبدع ہی لکھا تھا۔ــــ اٰنٓ: نگرفتہ بجای نگرفت)۔ــــس ۱۳ صرف کٓ : نکتہ راز (بجای نکہت راز)۔ــــس ۱۴ ہر سہ نسخہ: اسرار این الخ۔ــــس ۱۵ اٰنٓ میں یہ بیت نہیں ہے، کٓ میں پہلے مصرعہ میں بردہ اند اور دوسرا مصرعہ ندارد، تٓ میں پہلا مصرعہ مثل متن، دوسرے میں، بیرونی، بجای ہستی نہ دل، آ میں دوسرا مصرعہ چھیل کر اُس طرح بنایا ہے جس طرح متن میں درج ہوا ــــس ۱۷ صرف کٓ : درون (بجای درد)۔ــــس ۱۸، ہمسایگی لکھو (بجای ہمپایگی)۔ــــ س ۲۰ کٓ و اٰنٓ : ہمان بر (مثل متن)۔ــــ ہر سہ نسخ : چوبین (بجای خونین)

ص ۲۰۴ س ۱، تٓ و اٰنٓ : وحی (بجای ہرچہ)، کٓ : وجہ (کہ مصحف ہے)۔ اصل میں ایک لفظ چھیل کر ہرچہ بنایا ہے، غالباً وحی کو سوءِ ادب کی وجہ سے بدلا ہے ــــس ۲ : صرف کٓ : محرم (بجای گلشن)۔ــــس ۷ : متن کی طرح تٓ اور اٰنٓ میں بھی است لکھا ہے، آ میں است لکھ کر اس کو اسب بنایا ہے ــــ اٰنٓ کاغذی، تٓ : کاغذ بال ــــس ۹ صرف تٓ : چمن زاد: ــــس ۱۰، آنٓ : دلست اینکہ فیضش ز آہن سرشت ــــس ۱۱، ہر سہ نسخ : طرف (بجای طرفہ)ــــ صرف تٓ : ازو آسمان (بجای درو آسمان)ــــس ۱۴، صرف تٓ : خواہی ازو (بجای خواہی درو)ــــس ۱۶، صرف کٓ : از خویش (بجای از غیر)ــــس ۱۹، تٓ، اٰنٓ: مسطر (بجای مصدر)، کٓ : مظہر ــــس ۲۰، درین پڑھو (بجای وزین)ــــ صرف آنٓ: درین ذرہ (بجای کہ ہر ذرہ)۔

ص ۲۰۵ س ۵ : خورشید کی اضافت کاٹ دو ــــس ۹، آنٓ : نمیش سخن (اور یہی درست ہے)، اس کے بعد لکھو ــــ زبان چون گلست و سخن بوی او ــــ چمن پشت آیینہ روی او، یہ

شعر سہو اتفاق سے درج ہونے سے رہ گیا ہے)۔۔۔۔س ۱۰ ںؔ : نعل واژون زنست زنست در مصراع ثانی)، اںؔ : نعل واردن زنست (زنست در مصراع ثانی کہ تصحیف زنست) کںؔ : قفل واردن زنست (مصراع ثانی : کہ بر عقل بیرون شبیخون زنست) ۔۔۔۔س ۱۲، ن : نہ او مجمر دل بود، اںؔ : سر از مجمر دل دمد، کںؔ : نہ از مجمر دل دمد (عوض متن میں مجمر بنالو)، ہر سہ نسخ : دمد (بجای بود در مصراع ثانی)۔۔۔۔س ۱۳، ہر سہ نسخ : غبار (بجای عنان اور یہی درست ہے)۔۔۔کںؔ فقط : ہمسایہ۔۔۔۔س ۱۵ ںؔ، کںؔ : آشنا ساز، اںؔ : آشنا را بہ۔۔۔س ۱۶ اںؔ : بزمم (بجای عرم). کںؔ : جانم۔۔۔فقط کںؔ : دشمن (بجای خانہ) ۔۔۔س ۱۷ اںؔ، کںؔ : یاد (بجای باد)۔۔۔۔س ۱۸ : آب گل (یعنی آبِ گُل مثل متن)۔۔۔۔س ۱۹ ںؔ و کںؔ : حریر (بجای مطیر) اور یہی درست معلوم ہوتا ہے، اںؔ : نہ نہ پردہ بیرون چو آب از حریر۔۔۔س ۲۰، ںؔ : تار خشک (بجای خار چنگ) اںؔ : تار مشک، ہر سہ نسخ : دمانیدہ (بجای دمایند)، ںؔ خار خشک (بجای تار چنگ) کںؔ : تار خشک، اںؔ : خار خشک،

ص ۲۰۶ س ۵۔۔۔ہر سہ نسخ : نادیدہ (بجای نابردہ)۔۔۔اس بیت کے بعد ان میں ترتیب اشعار اصل سے مختلف ہے، یعنی اس طرح : ۱۱، اس کے بعد یہ شعر ہے :

لبِ ما کہ سرچشمۂ بے نم است   چو چشمان یعقوب در ماتم است

پھر ۶ تا ۹، پھر ۱۲، کںؔ میں بھی یہی ترتیب ہے مگر س ۱۲ سے ص ۲۰۹ س ۳ تک کے ابیات اس میں نہیں بظاہر کںؔ کا ایک ورق ضائع ہوگیا ہے۔۔۔۔س ۸، ہر سہ نسخ : داغ بے مرہمست ۔۔۔۔س ۱۰ اںؔ : آتش (اور یہی درست ہے)۔۔۔۔اںؔ، کںؔ : پرِ جبرئیل۔۔۔۔س ۱۶ اںؔ : ای (بجای آن)، ںؔ، اںؔ : غمی (بجای لبی)۔۔۔۔س ۱۹ اںؔ : کف (بجای کفی؛ اصل میں کفی کو چھیل کر کف بنایا ہے۔۔۔۔س ۱۹ اںؔ : سرودی (بجای سجودی) مگر غلط ہے،

ص ۲۰۷ س ۱ : اںؔ : تذروش (بجای تذروی)، اںؔ و ںؔ : ایاغ بہشت (بجای ز باغ بہشت، مصرع ثانی اںؔ میں ںؔ سے بہتر ہے۔۔۔۔س ۲، ںؔ : بہار گل، اںؔ : بہاری گل (دوسرے

مصرع میں سحابی چمن الخ)، بہار گل درست معلوم ہوتا ہے — س ۴: شعلہ کو شعلہ بنالو — س ۸ ڈن: ای ابر (بجای آن ابر) — س ۱۰: سینہ لکھو (بجای شیشہ) — ڈن: روبم (بجای روزم) — س ۱۲ ڈن: چہ اغبست در روز الخ (بجای چراغست و در روز الخ — س ۱۳، ڈن مثل تن — س ۱۵ ڈن: خون اورا بریود (بجای خون غم را بنوشد) — س ۱۶ ڈن: ای (بجای آن) — گل (بجای دل) — س ۱۸: ڈن: نالہ (بجای نغمہ)، اصل میں نالہ لکھ کر حاشیہ میں اس کا بدل نغمہ لکھا ہے — س ۱۹، ن د آن: این خندہ، اور یہی درست ہے،

ص ۲۰۸ س ۳ ڈن کی طرح گل بادہ بنالو اور مصرع ثانی میں وزین، اس کے بعد: ن میں بیت (رازان گل الخ)، مگر ون میں یہ بیت نہیں ہے — س ۹ ون: چو زرد او از خاک، ت: چو زرزاد از خاک (ڈن میں فشرد بجای فسرد) — س ۱۲، فقط ت صبا (بجای چمن) — س ۱۳ بفضل لکھو — ت: دزدم (بجای بندم)، ڈن: مردم — س ۱۴، فقط ڈن: نشناسد — س ۱۵ تا ۱۹: ت اور ڈن میں ان ابیات کی ترتیب یوں ہے: ۱۵، ۱۷، ۱۸، ۱۶، ۱۹ — س ۱۶ ڈن، ون: با (بجای تا) — س ۱۶: ت، ڈن: آلودہ (بجای آغشتہ)، بچشم (مثل تن) — س ۱۹، ڈن: نفس (بجای قفس)

ص ۲۰۹ س ۱: ت، ڈن: خراش نفس (بجای خروش نفس) — س ۲ ت، ون: خونین — س ۳ ہر سہ نسخ: بہ خود — س ۴: فقط ڈن: ز گلدستہ دستار دہقان نکار — فقط ت: خون درکنار — س ۶ فقط ت: بدین چشم، اس کے بعد ت میں ۱۷ شعر، ڈن میں ۱۵ شعر ہیں، جو مجخانہ میں نہیں ہیں — اور دونوں میں ان کے بعد وہ بیت ہیں جو ص ۲۱۰ س ۱۰ و ۱۱ میں درج ہیں پھر وہ بیت ہیں جو ص ۲۰۹ س ۷ بعد پر دیئے ہیں — س ۸، ڈن فقط: شدہ پیکرم — س ۱۲: ت دڈن: قدم شد کمان از جفای زمان، کن مثل تن — ہر سہ نسخ: چلہ آن کمان (بجای چلہ شد بے گمان — س ۱۳، کن فقط: کوی در کوی کشد (بجای سوی ہر کوی کشد) — س ۱۴،

ہر سہ نسخ: ببالین نیابد ـــ س ۱۶: ہر سہ نسخ: نظر (بجای جگر) اور یہ بہتر معلوم ہوتا ہے
ـــ س ۱۷: نؔ و لؔن: خار (بجای خواب)، کنؔ میں دوسرا مصرعہ یوں ہے: ز من
خواب را دل بعد زرس و بیم ـــ س ۱۹، نؔ، لنؔ: گرد (بجای سبق)، کنؔ مثل تن،
ـــ س ۲۰، لنؔ: حسرت افزای، نؔ: حیرت افزای، کنؔ: خواب افزای ـــ کن
رنگ امشب (بجای رنگ دہشت)، ن و لن مثل تن،

ص ۲۱۰ س ۱: لن، کن: چہل صبح، ن: چل روز ـــ س ۲: یہ شعر ان میں نہیں ـــ س ۴،
فقط کن: چمن تا بہ (بجای چمن مایہ) ـــ س ۶: نؔ، لنؔ: کہ شد باغت از ترکتاز خزان
(اور یہی بنالو)، کنؔ: کہ شد باغت از برگ ریزی خزان ـــ س ۸، ہر سہ نسخ: درکف ـــ
س ۹: لنؔ، کن: ذرہ (بجای اندو) اور یہی درست ہے ـــ س ۱۰ تا ۱۲ ـــ س ۱۰ و ۱۱
نؔ اور لنؔ میں ص ۲۰۹ س ۶ اور ۷ کے درمیان آتی ہیں ـــ س ۱۰، ن مثل تن ـــ
س ۱۱ کنؔ: ظالم، لنؔ مثل تن ـــ س ۱۲، نؔ: نہ بہر منست (بجای سیہ ابس است
ـــ س ۱۳ لنؔ: ماہ آمادہ چنگ (بجای آہ آمادہ جنگ) ـــ فقط کنؔ: شیشہ (بجای
سینہ) ـــ س ۱۴ لن مثل تن، نؔ و کنؔ: ضحاک جمشید آتش الخ) ـــ س ۱۵، کن، ن:
ہامان (بجای بہمن)، لنؔ: ہامون ـــ س ۱۶، قطرہ بلا اضافت پڑھو اور سبیل لکھو (بجای
سیل) ـــ کنؔ: موسیٰ (بجای فرعون) ـــ س ۱۷ و ۱۹، لنؔ: چنگ، س ۱۸ ـــ فقط نؔ:
ما (بجای من) ـــ ہر سہ نسخ: کہ زخم مرا تیغ تو الخ ـــ س ۱۹، ہر سہ نسخ: دلفی زمی
(بجای دق می)، اور یہی درست ہے،

ص ۲۱۱ س ۱، لنؔ: کنسیم در ہر دو جا ـــ ۲، فقط نؔ: شبیز بن منش ـــ س ۳، ن:
جنگ بے کینہ، (بجای جنگ با صلحم)، لن: نیک بے کینہ، کنؔ: جنگ بے صلحم (صرف
کنؔ میں پہلا مصرعہ یوں ہے: کہ بے بادہ آن بادہ بے صلح و جنگ) ـــ س ۵،
نؔ، لنؔ: کہ دارد بصافش برات، اصل نسخہ میں برصافش کی جگہ پہلے کچھ اور لکھا تھا،

